
رسائلِ عطاریہ حصہ اوّل

# نماز کے احکام (حنفی)




شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علّامہ مولانا ابوبلال

محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ



وُضو کا طریقہ 2
وُضو اور سائنس 66
غُسل کا طریقہ 98
فیضانِ اذان 138
نماز کا طریقہ 172
مُسافِر کی نماز 298
قضا نمازوں کا طریقہ 322
نمازِ جنازہ کا طریقہ 370
فیضانِ جُمعہ 396
نمازِ عید کا طریقہ 436
مدنی وصیّت نامہ 454
فاتحہ کا طریقہ 472



مکتبۃ المدینہ
(دعوتِ اسلامی)
SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

**اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام**

**ترجمہ**: اے اللّٰه عَزَّوَجَلَّ ہم پر عِلم و حکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رَحمت نازِل فرما! اے عَظمت اور بزرگی والے!

(مُستطرَف ج ۱ ص ۴۰ دار الفکر بیروت)

طالب غم مدینہ بقیع و مغفرت
۱۳ شوال المکرم ۱۴۲۸ھ

(اوّل آخر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے)

# قِیامت کے روز حسرت

فرمانِ مصطَفٰے صلّی اللّٰه تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم: سب سے زیادہ حسرت قِیامت کے دن اُس کو ہوگی جسے دُنیا میں عِلم حاصل کرنے کا موقع ملا مگر اُس نے حاصل نہ کیا اور اس شَخْص کو ہوگی جس نے عِلم حاصل کیا اور دوسروں نے تو اس سے سُن کر نَفْع اُٹھایا لیکن اس نے نہ اُٹھایا (یعنی اس عِلم پر عمل نہ کیا)۔

(تاریخ دمشق لابن عساکر ج ۵۱ ص ۱۳۸ دار الفکر بیروت)

## کتاب کے خریدار متوجّہ ہوں

کتاب کی طباعت میں نُمایاں خرابی ہو یا صَفْحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رُجوع فرمائیے۔


# نماز کے اَحکام (حنفی)

## رسائلِ عطاریہ (حصہ اوّل)

**اس مجموعہ میں پندرہویں صدی کی عظیم علمی و رُوحانی شخصیت شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادِری رَضَوی** دامت برکاتہم العالیہ کے درجِ ذیل **12** رسائل ہیں۔


**اگر آپ از اوّل تا آخر مکمل پڑھ لیں گے تو اِن شَآءَ اللّٰہ عزوجل آپ کی بے شمار غلطیاں خود بخود آپ کے سامنے آجائیں گی، معلومات میں اضافہ بھی ہوگا اور** اِن شَآءَ اللّٰہ عزوجل **علم حاصل کرنے کا ثواب بھی ہاتھ آئے گا۔**



































# نماز کے احکام (حنفی)

## (رسائل عطاریہ حصہ اوّل)

اگر آپ از اوّل تا آخر کُل پڑھ لیں گے تو اِن شآءَ اللہ عزوجل آپ کی بے شمار غلطیاں خود بخود آپ کے سامنے آجائیں گی۔ معلومات میں اضافہ بھی ہوگا۔ اور علم حاصل کرنے کا ثواب بھی ہاتھ آئے گا۔ اِن شآءَ اللہ عزوجل۔ اس مجموعہ میں شیخ طریقت، امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے درج ذیل (۱۲) رسائل ہیں۔


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | وضو کا طریقہ | ﴿صفحہ ۱ تا ٦٤﴾ |
| ۲۔ | وضو اور سائنس | ﴿صفحہ ٦٥ تا ۹٦﴾ |
| ۳۔ | غسل کا طریقہ | ﴿صفحہ ۹۷ تا ۱۳٦﴾ |
| ٤۔ | فیضان اذان | ﴿صفحہ ۱۳۷ تا ۱۷۰﴾ |
| ٥۔ | نماز کا طریقہ | ﴿صفحہ ۱۷۱ تا ۲۹٦﴾ |
| ٦۔ | مسافر کی نماز | ﴿صفحہ ۲۹۷ تا ۳۲۰﴾ |
| ۷۔ | قضاء نمازوں کا طریقہ | ﴿صفحہ ۳۲۱ تا ۳٦۸﴾ |
| ۸۔ | نماز جنازہ کا طریقہ | ﴿صفحہ ۳٦۹ تا ۳۹٤﴾ |
| ۹۔ | فیضان جمعہ | ﴿صفحہ ۳۹٥ تا ٤۳٤﴾ |
| ۱۰۔ | نماز عید کا طریقہ | ﴿صفحہ ٤۳٥ تا ٤٥۲﴾ |
| ۱۱۔ | مدنی وصیت نامہ | ﴿صفحہ ٤٥۳ تا ٤۷۰﴾ |
| ۱۲۔ | فاتحہ کا طریقہ | ﴿صفحہ ٤۷۱ تا ٥۰۰﴾ |

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ


نام کتاب : **نماز کے احکام** (حنفی)

مؤلف : شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا
**ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ

پہلی اشاعت : 2004ء

تاریخِ اشاعت : جمادی الاخریٰ ۱۴۳۰ھ، جون 2009ء، تعداد: 21000 (اکیس ہزار)

تاریخِ اشاعت : محرم الحرام ۱۴۳۱ھ، جنوری 2010ء، تعداد: 61000 (اکسٹھ ہزار)

تاریخِ اشاعت : محرم الحرام ۱۴۳۲ھ، جنوری 2011ء، تعداد: 28000 (اٹھائیس ہزار)

تاریخِ اشاعت : شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ، جولائی 2011ء، تعداد: 25000 (پچیس ہزار)

تاریخِ اشاعت : صفر المظفر ۱۴۳۳ھ، جنوری 2012ء، تعداد: 70000 (ستر ہزار)

تاریخِ اشاعت : جمادی الاخریٰ ۱۴۳۴ھ، اپریل 2013ء، تعداد: 30000 (تیس ہزار)

تاریخِ اشاعت : ذوالقعدہ ۱۴۳۴ھ، ستمبر 2013ء، تعداد: 30000 (تیس ہزار)

تاریخِ اشاعت : جمادی الاخریٰ ۱۴۳۵ھ، اپریل 2014ء، تعداد: 30000 (تیس ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ، فیضانِ مدینہ، بابُ المدینہ کراچی۔



**مَدَنی التجاء: کسی اور کو یہ کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔**

## فہرس


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| **وضو کا طریقہ** | |
| عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کا عشقِ رسول | ۲ |
| گناہ جھڑنے کی حکایت | ٤ |
| باوضو سونے کی فضیلت | ٦ |
| باوضو مرنے والا شہید ہے | ٦ |
| مصیبتوں سے حفاظت کا نسخہ | ۷ |
| باوضو رہنے کے سات فضائل | ۷ |
| دُگنا ثواب | ۸ |
| وضو کا طریقہ (حنفی) | ۸ |
| جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں | ۱۳ |
| وضو کے بعد سورۂ قدر پڑھنے کے فضائل | ١٤ |
| نظر کبھی کمزور نہ ہو | ١٤ |
| وضو کے چار فرائض | ١٤ |
| دھونے کی تعریف | ۱۵ |
| وضو کی 12 سنّتیں | ۱۵ |
| وضو کے 26 مستحبات | ۱٦ |
| وضو کے 15 مکروہات | ۲۰ |
| مستعمل پانی کا اہم مسئلہ | ۲۱ |
| پان کھانے والے متوجہ ہوں | ۲۲ |
| زخم وغیرہ سے خون نکلنے کے ۵ احکام | ۲٦ |
| انجکشن لگانے سے وضو ٹوٹ گیا یا نہیں؟ | ۲۷ |
| دُکھتی آنکھ کے آنسو | ۲۸ |
| چھالا اور پھڑیا | ۲۹ |
| قے سے کب وضو ٹوٹتا ہے | ۳۰ |
| ہنسنے کے احکام | ۳۰ |
| کیا ستر دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ | ۳۱ |
| غسل کا وضو کافی ہے | ۳۲ |
| تھوک میں خون | ۳۲ |
| دودھ پیتے بچے کا پیشاب اور قے | ۳۳ |
| وضو میں شک آنے کے ۱۵ احکام | ۳۳ |
| کُتّا چھو جائے تو! | ۳٤ |
| سونے سے وضو ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا بیان | ۳۵ |
| مساجد کے وضو خانے | ۳۸ |
| گھر میں وضو خانہ بنوایئے | ۳۸ |
| وضو خانہ بنوانے کا طریقہ | ۳۹ |
| وضو خانے کے ۱۰ مدنی پھول | ٤۰ |
| جن کا وضو نہ رہتا ہو ان کیلئے ٦ احکام | ٤۳ |
| سات متفرقات | ٤۷ |
| وضو میں پانی کا اسراف | ٤۸ |
| جاری نہر پر بھی اسراف | ٤۸ |
| اعلیٰحضرت کا فتویٰ | ٤۹ |
| مفتی احمد یار خان کی تفسیر | ۵۰ |
| اسراف شیطانی کام ہے | ۵۱ |
| عملی طور پر وضو سیکھئے | ۵۳ |
| مسجد اور مدرسے کے پانی کا اسراف | ۵٤ |
| اسراف سے بچنے کی ۷ تدابیر | ۵٦ |
| اسراف سے بچنے کے لئے ۳ مدنی پھول | ٦۰ |
| **وضو اور سائنس** | |
| وضو کی حکمت کے سبب قبولِ اسلام | ٦۷ |
| مغربی جرمنی کا سیمینار | ٦۸ |
| وضو اور ہائی بلڈ پریشر | ٦۹ |
| وضو اور فالج | ٦۹ |
| مسواک کا قدر دان | ۷۰ |
| قوّتِ حافظہ کیلئے | ۷۲ |
| مسواک کے بارے میں تین احادیثِ مبارکہ | ۷۲ |
| منہ کے چھالے کا علاج | ۷۳ |
| ٹوتھ برش کے نقصانات | ۷۳ |
| کیا آپ کو مسواک کرنا آتا ہے؟ | ۷٤ |
| ٤ مدنی پھول | ۷۵ |
| ہاتھ دھونے کی حکمتیں | ۷۷ |
| کُلّی کرنے کی حکمتیں | ۷۸ |
| ناک میں پانی ڈالنے کی حکمتیں | ۷۹ |
| چہرہ دھونے کی حکمتیں | ۸۰ |
| اندھاپن سے تحفّظ | ۸۲ |
| کُہنیاں دھونے کی حکمتیں | ۸۳ |
| مسح کی حکمتیں | ۸٤ |
| پاگلوں کا ڈاکٹر | ۸٤ |
| پاؤں دھونے کی حکمتیں | ۸٦ |
| وضو کا بچا ہوا پانی | ۸۷ |
| انسان چاند پر | ۸۷ |
| نور کا کھلونا | ۸۹ |
| معجزۂ شقُّ القمر | ۹۱ |
| صرف اللہ عزوجل کیلئے | ۹۳ |
| باطنی وضو | ۹٤ |
| سنّت سائنسی تحقیق کی محتاج نہیں | ۹۵ |
| **غسل کا طریقہ** | |
| دُرود شریف کی فضیلت | ۹۸ |
| انوکھی سزا | ۹۸ |
| غسل کا طریقہ (حنفی) | ۱۰۰ |
| غسل کے تین فرائض | ۱۰۱ |
| (۱) کُلّی کرنا | ۱۰۲ |
| (۲) ناک میں پانی چڑھانا | ۱۰۳ |
| (۳) تمام ظاہری بدن پر پانی بہانا | ۱۰٤ |
| مرد و عورت دونوں کیلئے غسل کی 21 احتیاطیں | ۱۰٤ |
| مستورات کیلئے 6 احتیاطیں | ۱۰٦ |
| زخم کی پٹی | ۱۰٦ |
| غسل فرض ہونے کے 5 اسباب | ۱۰۷ |
| نفاس کی ضروری وضاحت | ۱۰۸ |
| 5 ضروری احکام | ۱۰۹ |

# فہرس


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مُشت زنی کا عذاب | ١١١ |
| بہتے پانی میں غسل کا طریقہ | ١١٢ |
| فوارہ جاری پانی کے حکم میں ہے | ١١٣ |
| فوارے کی احتیاطیں | ١١٣ |
| W.C. کا رُخ درست کیجئے | ١١٤ |
| کب کب غسل کرنا سنّت ہے | ١١٥ |
| کب کب غسل کرنا مستحب ہے | ١١٥ |
| ایک غسل میں مختلف نیتیں | ١١٦ |
| بارش میں غسل | ١١٦ |
| تنگ لباس والے کی طرف نظر کرنا کیسا؟ | ١١٧ |
| ننگے نہاتے وقت خوب احتیاط | ١١٧ |
| غسل سے نزلہ ہو جاتا ہو تو؟ | ١١٨ |
| بالٹی سے نہاتے وقت احتیاط | ١١٨ |
| بال کی گرہ | ١١٩ |
| قرآن پاک پڑھنے لکھنے کے 10 آداب | ١١٩ |
| بے وضو دینی کتابیں چھونا | ١٢٢ |
| ناپاکی کی حالت میں دُرود شریف پڑھنا | ١٢٣ |
| اُنگلی میں INK کی تہ جمی ہوئی ہو تو؟ | ١٢٣ |
| بچہ کب بالغ ہوتا ہے | ١٢٤ |
| کتابیں رکھنے کی ترتیب | ١٢٤ |
| اَوراق میں پُڑیا باندھنا | ١٢٥ |
| مُصلّے پر کعبۃ اللہ شریف کی تصویر | ١٢٥ |
| وسوسوں کا ایک سبب | ١٢٦ |
| تیمم کے فرائض | ١٢٦ |
| تیمم کی 10 سنّتیں | ١٢٧ |
| تیمم کا طریقہ (حنفی) | ١٢٨ |
| تیمم کے 25 مدنی پھول | ١٢٩ |
| مدنی مشورہ | ١٣٥ |
| **فیضان اذان** | |
| قبر میں کیڑے نہیں پڑیں گے | ١٣٩ |
| موتی کے گنبد | ١٣٩ |
| گزشتہ گناہ مُعاف | ١٤٠ |
| مچھلیاں بھی استغفار کرتی ہیں | ١٤٠ |
| اذان کے جواب کی فضیلت | ١٤١ |
| 3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں کمایئے | ١٤١ |
| اذان کا جواب دینے والا جنّتی ہوگیا | ١٤٣ |
| اذان و اقامت کے جواب کا طریقہ | ١٤٤ |
| اذان کے 14 مدنی پھول | ١٤٧ |
| اذان کے 9 مدنی پھول | ١٥١ |
| اقامت کے 7 مدنی پھول | ١٥٣ |
| اذان دینے کے 11 مُستحب مواقع | ١٥٥ |
| مسجد میں اذان دینا خلاف سنّت ہے | ١٥٥ |
| سو شہیدوں کا ثواب کمایئے | ١٥٧ |
| اذان | ١٦٤ |
| اذان کی دعاء | ١٦٥ |
| ایمان مفصل / ایمان مجمل | ١٦٦ |
| شش ٦ کلمے | ١٦٧ |
| **نماز کا طریقہ** | |
| دُرود شریف کی فضیلت | ١٧٢ |
| قیامت کا سب سے پہلا سوال | ١٧٤ |
| نمازی کیلئے نور | ١٧٤ |
| کس کا کس کے ساتھ حشر ہوگا! | ١٧٥ |
| شدید زخمی حالت میں نماز | ١٧٦ |
| نماز پر نور یا تاریکی کے اسباب | ١٧٦ |
| بُرے خاتمے کا ایک سبب | ١٧٨ |
| نماز کا چور | ١٧٩ |
| چوری کی دو قسمیں | ١٧٩ |
| نماز کا طریقہ (حنفی) | ١٨١ |
| اسلامی بہنوں کی نماز میں چند جگہ فرق | ١٩١ |
| دونوں متوجہ ہوں! | ١٩٢ |
| نماز کی 6 شرائط | ١٩٣ |
| تین اوقاتِ مکروہہ | ١٩٧ |
| دورانِ نماز مکروہ وقت داخل ہو جائے تو | ١٩٨ |
| نماز کے 7 فرائض | ٢٠١ |
| حُروف کی صحیح ادائیگی ضروری ہے | ٢٠٩ |
| خبردار! خبردار! خبردار! | ٢١٠ |
| مدرسۃ المدینہ | ٢١١ |
| کارپیٹ کے نقصانات | ٢١٥ |
| ناپاک کارپیٹ پاک کرنے کا طریقہ | ٢١٥ |
| نماز کے تقریباً 30 واجبات | ٢١٧ |
| نماز کی تقریباً 96 سنّتیں | ١٢١ |
| تکبیر تحریمہ کی سنّتیں | ٢٢١ |
| قیام کی سنّتیں | ٢٢٢ |
| رُکوع کی سنّتیں | ٢٢٤ |
| قَومہ کی سنّتیں | ٢٢٥ |
| سجدے کی سنّتیں | ٢٢٦ |
| جلسہ کی سنّتیں | ٢٢٧ |
| دوسری رکعت کیلئے اٹھنے کی سنّتیں | ٢٢٨ |
| قعدہ کی سنّتیں | ٢٢٨ |
| سلام پھیرنے کی سنّتیں | ٢٣٠ |
| سلام پھیرنے کے بعد سنّتیں | ٢٣١ |
| سُنّتِ بعدیہ کی سنّتیں | ٢٣٢ |
| سنّتوں کا ایک اہم مسئلہ | ٢٣٣ |
| اسلامی بہنوں کیلئے دس سنّتیں | ٢٣٤ |
| نماز کے تقریباً 14 مستحبات | ٢٣٥ |
| عمر بن عبد العزیز کا عمل | ٢٣٧ |
| گرد آلود پیشانی کی فضیلت | ٢٣٧ |
| نماز توڑنے والی 29 باتیں | ٢٣٩ |
| نماز میں رونا | ٢٤٠ |
| نماز میں کھانسنا | ٢٤٠ |
| دورانِ نماز دیکھ کر پڑھنا | ٢٤١ |
| عملِ کثیر کی تعریف | ٢٤٢ |
| دورانِ نماز لباس پہننا | ٢٤٣ |
| نماز میں کچھ نگلنا | ٢٤٣ |
| دورانِ نماز قبلہ سے انحراف | ٢٤٤ |
| نماز میں سانپ مارنا | ٢٤٥ |

# فہرس


| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| نماز میں کھجانا | ۲۴۵ |
| اللہ اکبر کہنے میں غلطیاں | ۲۴۶ |
| نماز کے 33 مکروہاتِ تحریمہ | ۲۴۷ |
| کندھوں پر چادر لٹکانا | ۲۴۷ |
| طبعی حاجت کی شدت | ۲۴۸ |
| نماز میں کنکریاں ہٹانا | ۲۴۹ |
| اُنگلیاں چٹخانا | ۲۴۹ |
| کمر پر ہاتھ رکھنا | ۲۵۱ |
| آسمان کی طرف دیکھنا | ۲۵۲ |
| نمازی کی طرف دیکھنا | ۲۵۳ |
| گدھے جیسا منہ | ۲۵۶ |
| نماز اور تصاویر | ۲۵۸ |
| نماز کے 32 مکروہات تنزیہہ | ۲۵۹ |
| ہاف آستین میں نماز پڑھنا کیسا؟ | ۲۶۳ |
| ظہر کے آخری دو نفل کے بھی کیا کہنے | ۲۶۴ |
| امامت کا بیان | ۲۶۵ |
| اِقتِداء کی 13 شرائط | ۲۶۶ |
| اقامت کے بعد امام صاحب اعلان کریں | ۲۶۷ |
| جماعت کا بیان | ۲۶۷ |
| ترکِ جماعت کے 20 اَعذار | ۲۶۸ |
| کُفر پر خاتمے کا خوف | ۲۶۹ |
| نمازِ وتر کے 9 مدنی پھول | ۲۷۳ |
| دعائے قنوت | ۲۷۴ |
| سجدۂ سہو کا بیان | ۲۷۶ |
| نہایت اہم مسئلہ | ۲۷۸ |
| حکایت | ۲۷۹ |
| سجدۂ سہو کا طریقہ | ۲۸۰ |
| سجدۂ سہو کرنا بھول جائے تو۔۔ | ۲۸۱ |
| سجدۂ تلاوت اور شیطان کی شامت | ۲۸۱ |
| ان شاء اللہ عزوجل ہر مُراد پوری ہو | ۲۸۲ |
| سجدۂ تلاوت کے 8 مدنی پھول | ۲۸۲ |
| خبردار! ہوشیار! | ۲۸۴ |
| سجدۂ تلاوت کا طریقہ | ۲۸۵ |
| سجدۂ شکر کا بیان | ۲۸۵ |
| نمازی کے آگے سے گزرنا سخت گناہ ہے | ۲۸۶ |
| نمازی کے آگے سے گزرنے کے بارے میں 15 احکام | ۲۸۷ |
| صاحبِ مزار کی انفرادی کوشش! | ۲۹۲ |
| ماں چارپائی سے اُٹھ کھڑی ہوئی! | ۲۹۴ |
| **مسافر کی نماز** | |
| دُرُود شریف کی فضیلت | ۲۹۸ |
| شَرعی سفر کی مَسافت | ۳۰۱ |
| مُسافر کب ہوگا؟ | ۳۰۱ |
| آبادی ختم ہونے کا مطلب | ۳۰۲ |
| فِنائے شہر کی تعریف | ۳۰۲ |
| مُسافر بننے کیلئے شرط | ۳۰۳ |
| وطن کی قسمیں | ۳۰۳ |
| وطنِ اقامت باطل ہونے کی صورتیں | ۳۰۴ |
| سفر کے دو راستے | ۳۰۴ |
| مسافر کب تک مسافر ہے | ۳۰۵ |
| سفر ناجائز ہو تو؟ | ۳۰۵ |
| سیٹھ اور نوکر کا اکٹھا سفر | ۳۰۶ |
| کام ہوگیا تو چلا جاؤں گا! | ۳۰۷ |
| عورت کے سفر کا مسئلہ | ۳۰۷ |
| عورت کا سُسرال اور مَیکا | ۳۰۸ |
| عَرب ملک میں ویزا پر رہنے والوں کا مسئلہ | ۳۰۸ |
| زائرِ مدینہ کیلئے ضروری مسئلہ | ۳۱۰ |
| عمرے کے ویزہ پر حج کیلئے رُکنا کیسا؟ | ۳۱۱ |
| قصر واجب ہے | ۳۱۲ |
| قصر کے بدلے چار کی نیت باندھ لی تو۔۔۔؟ | ۳۱۳ |
| مسافر امام اور مُقیم مقتدی | ۳۱۴ |
| مقیم مُقتدی اور بقیہ دو رکعتیں | ۳۱۴ |
| کیا مسافر کو سنّتیں معاف ہیں؟ | ۳۱۵ |
| نماز کے چار حُروف کی نسبت سے چلتی گاڑی میں نفل کے 4 مدنی پھول | ۳۱۵ |
| مسافر تیسری رکعت کیلئے کھڑا ہوجائے تو۔۔۔۔۔؟ | ۳۱۷ |
| سفر میں قضا نمازیں | ۳۱۸ |
| حفظ بھلادینے کا عذاب | ۳۱۹ |
| **قضا نمازوں کا طریقہ** | |
| دُرُود شریف کی فضیلت | ۳۲۲ |
| قضا کرنے والوں کی خرابی | ۳۲۳ |
| سر کُچلنے کی سزا | ۳۲۴ |
| قبر میں آگ کے شعلے | ۳۲۵ |
| اگر نماز پڑھنا بھول جائے تو | ۳۲۶ |
| مجبوری میں ادا کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ | ۳۲۷ |
| رات کے آخری حصہ میں سونا | ۳۲۸ |
| رات دیر تک جاگنا | ۳۲۹ |
| ادا قضا اور واجب الاعادہ کی تعریف | ۳۳۰ |
| توبہ کے تین رُکن ہیں | ۳۳۱ |
| سوتے کو نماز کیلئے جگانا واجب ہے | ۳۳۲ |
| فجر کا وقت ہوگیا اُٹھو! | ۳۳۲ |
| حقوقِ عامہ کے احساس کی حکایت | ۳۳۴ |
| جلد سے جلد قضا کرلیجئے | ۳۳۵ |
| چُھپ کر قضاء کیجئے | ۳۳۶ |
| جُمعۃ الوداع میں قضائے عمری | ۳۳۶ |
| عُمر بھر کی قضا کا حساب | ۳۳۷ |
| قضا کرنے میں ترتیب | ۳۳۸ |
| قضائے عمری کا طریقہ (حنفی) | ۳۳۸ |
| نمازِ قصر کی قضا | ۳۳۹ |
| زمانۂ ارتداد کی نمازیں | ۳۴۰ |
| بچہ کی پیدائش کے وقت نماز | ۳۴۰ |
| عمر بھر کی نمازیں دوبارہ پڑھنا | ۳۴۱ |

# فہرست


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| قضا کا لفظ کہنا بھول گیا تو؟ | ٣٤٢ |
| نوافل کی جگہ قضائے عُمری پڑھے | ٣٤٢ |
| فجر وعصر کے بعد نوافل نہیں پڑھ سکتے | ٣٤٢ |
| ظہر کی چار سنّتیں رہ جائیں کیا کرے؟ | ٣٤٣ |
| فجر کی سنّتیں رہ جائیں تو کیا کرے؟ | ٣٤٣ |
| کیا مغرب کا وقت تھوڑا سا ہوتا ہے؟ | ٣٤٤ |
| تراویح کی قضاء کا کیا حکم ہے | ٣٤٥ |
| نماز کا فدیہ | ٣٤٥ |
| مرحومہ کے فدیہ کا ایک مسئلہ | ٣٤٧ |
| 100 کوڑوں کا حیلہ | ٣٤٨ |
| کان چھیدنے کا رواج کب سے ہوا؟ | ٣٤٩ |
| گائے کے گوشت کا تحفہ | ٣٥٠ |
| زکوٰۃ کا شرعی حیلہ | ٣٥١ |
| 100 افراد کو برابر ثواب ملے | ٣٥١ |
| فقیر کی تعریف | ٣٥٣ |
| مسکین کی تعریف | ٣٥٣ |
| زکوٰۃ کے حیلے کے بارے میں سوال وجواب | ٣٥٥ |


## نماز جنازہ کا طریقہ


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دُرُود شریف کی فضیلت | ٣٧١ |
| ولی کے جنازہ میں شرکت کی برکت | ٣٧٢ |
| عقیدت مندوں کی بھی مغفرت | ٣٧٢ |
| کفن چور | ٣٧٤ |
| مُرکائے جنازہ کی بخشش | ٣٧٥ |
| قبر میں پہلا تحفہ | ٣٧٦ |
| جنّتی کا جنازہ | ٣٧٧ |
| جنازہ کا ساتھ دینے کا ثواب | ٣٧٧ |
| اُحد پہاڑ جتنا ثواب | ٣٧٨ |
| نماز جنازہ باعثِ عبرت ہے | ٣٧٨ |
| میّت کو نہلانے وغیرہ کی فضیلت | ٣٨٩ |
| جنازہ دیکھ کر کہئے | ٣٨٠ |
| نماز جنازہ فرضِ کفایہ ہے | ٣٨٠ |
| نماز جنازہ میں دو رکن اور تین سنّتیں ہیں | ٣٨١ |
| نماز جنازہ کا طریقہ (حنفی) | ٣٨١ |
| بالغ مرد وعورت کے جنازہ کی دُعاء | ٣٨٣ |
| نابالغ لڑکے کی دعا | ٣٨٤ |
| نابالغ لڑکی کی دعا | ٣٨٤ |
| جوتے پر کھڑے ہو کر جنازہ پڑھنا | ٣٨٥ |
| غائبانہ نماز جنازہ | ٣٨٥ |
| چند جنازوں کی اکٹھی نماز کا طریقہ | ٣٨٦ |
| جنازہ میں کتنی صَفیں ہوں | ٣٨٦ |
| جنازہ کی پوری جماعت نہ ملے تو؟ | ٣٨٧ |
| پاگل یا خودکشی والے کا جنازہ | ٣٨٧ |
| مُردہ بچّے کے احکام | ٣٨٨ |
| جنازہ کو کندھا دینے کا ثواب | ٣٨٨ |
| جنازہ کو کندھا دینے کا طریقہ | ٣٨٩ |
| بچے کا جنازہ اُٹھانے کا طریقہ | ٣٨٩ |
| نماز جنازہ کے بعد واپسی کے مسائل | ٣٩٠ |
| کیا شوہر بیوی کے جنازہ کو کندھا دے سکتا ہے؟ | ٣٩٠ |
| کافر کا جنازہ | ٣٩١ |
| نکاح ٹوٹ گیا! | ٣٩١ |
| کُفّار کی عیادت مت کرو | ٣٩٣ |


## فیضان جُمعہ


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جُمعہ کو دُرُود شریف پڑھنے کی فضیلت | ٣٩٦ |
| آقا نے پہلا جُمعہ کب ادا فرمایا؟ | ٣٩٩ |
| جُمعہ کے معنیٰ | ٤٠٠ |
| سرکار نے کُل کتنے جُمعے ادا فرمائے؟ | ٤٠١ |
| دل پر مہر | ٤٠١ |
| جُمعہ کے عمامہ کی فضیلت | ٤٠٢ |
| شِفا داخل ہوتی ہے | ٤٠٢ |
| دس دن تک بلاؤں سے حفاظت | ٤٠٣ |
| رزق میں تنگی کا سبب | ٤٠٣ |
| فرشتے خوش نصیبوں کے نام لکھتے ہیں | ٤٠٤ |
| پہلی صدی میں جمعہ کا جذبہ | ٤٠٥ |
| غریبوں کا حج | ٤٠٦ |
| جُمعہ کیلئے جلدی نکلنا حج ہے | ٤٠٧ |
| حج وعمرہ کا ثواب | ٤٠٧ |
| سب دنوں کا سردار | ٤٠٨ |
| دُعاء قبول ہوتی ہے | ٤٠٩ |
| عصر ومغرب کے درمیان ڈھونڈو | ٤١٠ |
| صاحِبِ بہارِ شریعت کا ارشاد | ٤١٠ |
| قبولیت کی گھڑی کون سی؟ | ٤١١ |
| ہر جُمعہ کو ایک کروڑ44 لاکھ جہنم سے آزاد | ٤١٢ |
| عذاب قبر سے محفوظ | ٤١٣ |
| جُمعہ تا جُمعہ گناہوں کی معافی | ٤١٣ |
| 200 سال کی عبادت کا ثواب | ٤١٤ |
| مرحوم والدین کو ہر جُمعہ اعمال پیش ہوتے ہیں | ٤١٥ |
| جُمعہ کے پانچ خصوصی اعمال | ٤١٥ |
| جنّت واجب ہوگئی | ٤١٦ |
| صرف جُمعہ کا روزہ نہ رکھے | ٤١٧ |
| دس ہزار برس کے روزوں کا ثواب | ٤١٧ |
| جُمعہ کو ماں باپ کی قبر پر حاضری کا ثواب | ٤١٨ |
| قبرِ والدین پر یاسین شریف پڑھنے کی فضیلت | ٤١٨ |
| تین ہزار مغفرتیں | ٤١٨ |
| روحیں جمع ہوتی ہیں | ٤١٩ |
| سورۃُ الکھف کی فضیلت | ٤٢٠ |
| دونوں جمعہ کے درمیان نور | ٤٢٠ |
| کعبہ تک نور | ٤٢١ |
| سورۂ حٰم الدُّخان کی فضیلت | ٤٢١ |
| ستّر ہزار فرشتوں کا اِستغفار | ٤٢٢ |
| سارے گناہ معاف | ٤٢٢ |
| نماز جمعہ کے بعد | ٤٢٣ |

## فہرس


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| مجلس علم میں شرکت | ٤٢٤ | عید کی اُدھوری جماعت ملی تو؟ | ٤٤٢ | روزی میں بے برکتی کی وجہ | ٤٧٤ |
| جمعہ فرض ہونے کی ١١ شرائط | ٤٢٥ | عید کی جماعت نہ ملی تو کیا کرے؟ | ٤٤٣ | جمعہ کو زیارت قبر کی فضیلت | ٤٧٤ |
| جمعہ کی سنتیں | ٤٢٦ | عید کے خطبے کے احکام | ٤٤٣ | کفن پھٹ گئے | ٤٧٥ |
| غسل جمعہ کا وقت | ٤٢٦ | عید کی 20 سنتیں اور آداب | ٤٤٤ | دعاؤں کی برکت | ٤٧٥ |
| غسل جمعہ سنت غیر مؤکدہ | ٤٢٧ | بقر عید کا ایک مُستَحَب | ٤٤٦ | ایصال ثواب کا انتظار | ٤٧٦ |
| خطبہ میں قریب رہنے کی فضیلت | ٤٢٧ | تکبیر تشریق کے 8 مدنی پھول | ٤٤٧ | دعائے مغفرت کی فضیلت | ٤٧٦ |
| چپ چاپ خطبہ کتنا فرض ہے | ٤٢٨ | **مدنی وصیت نامہ** | | اربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ | ٤٧٧ |
| خطبہ سننے والا درود شریف نہیں پڑھ سکتا | ٤٢٩ | مدینہ منورہ سے 40 چالیس وصیتیں | ٤٥٤ | نورانی لباس | ٤٧٨ |
| پہلی اذان ہوتے ہی کاروبار بھی ناجائز | ٤٣٠ | وصیت باعث مغفرت | ٤٦٥ | نورانی طباق | ٤٧٨ |
| خطبہ کے ٧ مدنی پھول | ٤٣١ | طریقہ تجہیز و تکفین | ٤٦٥ | مُردوں کی تعداد کے برابر اجر | ٤٧٩ |
| جمعہ کی امامت کا اہم مسئلہ | ٤٣٣ | مرد کا مسنون کفن | ٤٦٥ | سورہ اخلاص کا ثواب | ٤٨٠ |
| **نماز عید کا طریقہ** | | عورت کا مسنون کفن | ٤٦٥ | اُم سعد رضی اللہ عنہا کے لئے کنواں | ٤٨٠ |
| درود شریف کی فضیلت | ٤٣٦ | کفن کی تفصیل | ٤٦٥ | ایصال ثواب کے ١٧ مدنی پھول | ٤٨٢ |
| دل زندہ رہے گا | ٤٣٧ | غسل میت کا طریقہ | ٤٦٦ | ایصال ثواب کا طریقہ | ٤٨٦ |
| جنت واجب ہو جاتی ہے | ٤٣٧ | مرد کو کفن پہنانے کا طریقہ | ٤٦٧ | ایصال ثواب کا مروجہ طریقہ | ٤٨٦ |
| نماز عید کیلئے جانے سے قبل کی سنت | ٤٣٨ | عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ | ٤٦٧ | اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ کا فاتحہ کا طریقہ | ٤٩١ |
| نماز عید کیلئے آنے جانے کی سنت | ٤٣٨ | بعد نماز جنازہ تدفین | ٤٦٨ | ایصال ثواب کے لیے دعا کا طریقہ | ٤٩٢ |
| نماز عید کا طریقہ | ٤٣٩ | **فاتحہ کا طریقہ** | | مزار پر حاضری کا طریقہ | ٤٩٦ |
| نماز عید کس پر واجب ہے؟ | ٤٤٠ | مقبول حج کا ثواب | ٤٧٢ | | |
| عید کا خطبہ سنت ہے | ٤٤١ | دس حج کا ثواب | ٤٧٣ | | |
| نماز عید کا وقت | ٤٤١ | والدین کی طرف سے خیرات | ٤٧٣ | | |

# سب سے افضل عمل

سرکارِ نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے محوِ گفتگو تھے کہ وحی آئی "یہ شخص جو آپ کے ساتھ بات کر رہا ہے اس کی عمر صرف ایک ساعت اور باقی رہ گئی ہے۔" وہ عصر کا وقت تھا کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس صحابی رضی اللہ عنہ کو اِس بات سے آگاہ فرمایا تو وہ بیقرار ہو گئے اور عرض کیا، یا رسُولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ایسا عمل بتائیے جو اِس وقت میرے لیے زیادہ مُناسب ہو، سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اِشْتَغِلْ بِالتَّعَلُّم یعنی علم حاصِل کرنے میں مشغول ہو جاؤ۔ تو وہ علم حاصِل کرنے میں مشغول ہو گئے اور مغرب سے قبل انتقال فرما گئے۔ راوی کا کہنا ہے کہ اگر علم سے افضل کوئی اور چیز ہوتی تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت میں اُسی کے کرنے کا حکم فرماتے۔

(تفسیرِ کبیر)

# وُضو کا طریقہ




گُناہ جھڑنے کی حکایت 4
مصیبتوں سے حفاظت کا نسخہ 7
نظر کبھی کمزور نہ ہو 14
پان کھانے والے متوجہ ہوں 22
انجکشن لگانے سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟ 27
کیا سِتر دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ 31

وضو میں شک آنے کے 5 احکام
سونے سے وضو ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا بیان
وضو خانہ بنوانے کا طریقہ
جن کا وضو نہ رہتا ہو ان کیلئے 6 احکام
عملی طور پر وضو سیکھئے
اِسراف سے بچنے کے لئے 14 مَدَنی پھول


وَرَق اُلٹئے۔۔

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ

بقیع

# وضو کا طریقہ (حنفی)

## اس رسالے میں۔۔۔۔

گناہ جھڑنے کی حکایت

نظر کبھی کمزور نہ ہو

انجکشن لگانے سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟

مصیبتوں سے حفاظت کا نسخہ

پان کھانے والے متوجہ ہوں

ورق الٹئے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# وضو کا طریقہ (حنفی)

یہ رِسالہ اوّل تا آخِر پورا پڑھئے ،قَوی اِمکان ہے
کہ آپکی کئی غَلَطیاں آپکے سامنے آجائیں ۔

## دُرُود شریف کی فضیلت

سرکارِ دو عالَم ،نورِ مُجَسَّم ،شاہِ بنی آدم ،رسولِ مُحتَشَم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا فرمانِ معظَّم ہے ،جس نے دن اور رات میں میری طرف شوق ومحبت کی وجہ سے تین تین مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ وہ اُس کے اُس دن اور اُس رات کے گناہ بخش دے۔ (الترغیب والترھیب ج ۲ ص ۳۲۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## عُثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عشقِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

حضرتِ سیِّدُنا عُثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بار ایک مقام پر پَہُنچ کر

**فرمانِ مصطفٰے** ۱ : (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

پانی منگوایا اور وُضو کیا پھر یکایک مُسکرانے اور رُفقاء سے فرمانے لگے' جانتے ہو میں کیوں مسکرایا؟ پھر اِس سُوال کا خود ہی جواب دیتے ہوئے فرمایا' ایک بار سرکارِ نامدار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وَسلّم نے اسی جگہ پر وُضو فرمایا تھا اور بعدِ فراغت مسکرائے تھے اور صَحابہَ کرام علیہم الرضوان سے فرمایا تھا' جانتے ہو میں کیوں مسکرایا؟ صَحابہَ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی "وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم" یعنی اللہ اور اس کا رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وَسلّم بہتر جانتے ہیں۔ میٹھے مصطفٰے صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وَسلّم نے فرمایا، "جب آدمی وُضو کرتا ہے تو ہاتھ دھونے سے ہاتھوں کے اور چہرہ دھونے سے چہرے کے اور سر کا مَسْح کرنے سے سر کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ جھڑ جاتے ہیں"۔ ۱

وُضو کر کے خَنداں ہوئے شاہِ عثماں رضی اللہ تعالٰی عنہ
کہا، کیوں تَبَسُّم بھلا کر رہا ہوں؟
جوابِ سُوالِ مخالِف دیا پھر
کسی کی ادا کو ادا کر رہا ہوں



۱ مُنْخصا مسند امام احمد ج۱ص ۱۳۰ رقم الحدیث ۴۱۵ دار الفکر بیروت۔

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صلَّی اللہ تعالیٰ علیٰ محمّد

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے؟ صَحابۂ کرام علیہم الرضوان سرکارِ خیرُ الانام صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ہر ہر ادا اور ہر ہر **سنّت** کو دیوانہ وار اپناتے تھے۔ نیز اس روایت سے **گناہ دھونے کا نسخہ** بھی معلوم ہوگیا۔ الحمدُللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وُضو میں کُلّی کرنے سے منہ کے، ناک میں پانی ڈال کر صاف کرنے سے ناک کے، چہرہ دھونے سے پلکوں سَمیت سارے چہرے کے، ہاتھ دھونے سے ہاتھ کیساتھ ساتھ ناخُنوں کے نیچے کے، سَر (اور کانوں) کا مسح کرنے سے سر کے ساتھ ساتھ کانوں کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے ساتھ ساتھ پاؤں کے ناخُنوں کے نیچے کے گناہ بھی جَھڑ جاتے ہیں۔

# گناہ جھڑنے کی حکایت

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ وُضو کرنے والے کے گناہ جھڑتے ہیں، اِس ضِمن میں ایک ایمان افروز حکایت نقل کرتے ہوئے **حضرتِ علاّمہ عبدالوہّاب شعرانی** قدِّس سرّہُ النورانی فرماتے ہیں: **ایک مرتبہ سیِّدُنا امامِ اعظم ابوحنیفہ** رضی اللہ تعالیٰ عنہ **جامع مسجِدِ کوفہ** کے وُضو خانہ میں **تشریف**

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

لے گئے تو ایک نوجوان کو وُضو بناتے ہوئے دیکھا، اس سے وضو (میں استعمال شدہ پانی) کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اے بیٹے! ماں باپ کی نافرمانی سے توبہ کر لے۔ اُس نے فوراً عرض کی، ''میں نے توبہ کی''۔ ایک اور شخص کے وُضو (میں استعمال ہونے والے پانی) کے قطرے ٹپکتے دیکھے، آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس شخص سے ارشاد فرمایا، ''اے میرے بھائی تو زنا سے توبہ کر لے''۔ اس نے عرض کی ''میں نے توبہ کی''۔ ایک اور شخص کے وُضو کے قطرات ٹپکتے دیکھے تو اسے فرمایا ''شراب نوشی اور گانے باجے سننے سے توبہ کر لے۔ اس نے عرض کی، ''میں نے توبہ کی''۔ سیّدُنا امامِ اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کشف کے باعِث چُونکہ لوگوں کے عُیُوب ظاہر ہو جاتے تھے لھذا آپ نے بارگاہِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ میں اِس کشف کے خَتم ہو جانے کی دعا مانگی، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دعا قبول فرمائی جس سے آپ کو وُضو کرنے والوں کے گناہ جھڑتے نظر آنا بند ہو گئے۔ [1]

صلوا علی الحبیب! صلی اللہ تعالیٰ علیٰ محمد

[1] المیزان الکبری جلد اوّل ص ۱۳۰ دار الکتب العلمیہ بیروت

**فرمانِ مصطفےٰ** : (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

# سارا بدن پاک ہوگیا!

**دو حدیثوں کا خُلاصہ ہے،** "جس نے بسم اللہ کہہ کر وُضو کیا اس کا سر سے پاؤں تک سارا جسم پاک ہوگیا۔ اور جس نے بغیر **بسم اللّٰہ** کہے وُضو کیا اُس کا اُتنا ہی بدن پاک ہوگا جتنے پر پانی گزرا۔" [1]

# باوُضو سونے کی فضیلت

**حدیثِ پاک** میں ہے کہ "باوُضو سونے والا روزہ رکھ کر عبادت کرنے والے کی طرح ہے"۔ [2]

# باوضو مرنے والا شہید ہے

**مدینے** کے تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے حضرتِ سَیِّدُ نا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا، "بیٹا! اگر تم ہمیشہ باوُضو رہنے کی اِستِطاعت رکھو تو ایسا ہی کرو کیونکہ مَلَکُ الموت جس بندے کی روح حالتِ وُضو میں قبض کرتا ہے اُس کیلئے شہادت لکھ دی جاتی ہے۔" [3]

---

مدینہ

[1] سنن دارقطنی ج ۱ ص ۱۵۸۔۱۵۹ حدیث ۲۲۸۔۲۲۹ [2] کنز العمال ج ۹ ص ۱۲۳ حدیث ۲۵۹۹۴ [3] کنز العمال ج ۹ حدیث ۲۶۰۶۰ دار الکتب العلمیۃ بیروت۔

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

میرے آقا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، "ہمیشہ باوُضو رہنا مُستَحَب ہے۔" [1]

## مُصیبتوں سے حفاظت کا نسخہ

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرتِ سیِّدُنا موسیٰ کلیم اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلوٰۃُ وَالسَّلام سے فرمایا، "اے موسیٰ! اگر بے وُضو ہونے کی صورت میں تجھے کوئی مصیبت پہنچے تو خود اپنے آپ کو ملامت کرنا۔" [2]

"ہمیشہ باوُضو رہنا اسلام کی سنّت ہے۔" [3]

## "احمد رضا" کے سات حُروف کی نسبت سے ہر وقت باوُضو رہنے کے سات فضائل

میرے آقا امامِ اہلسنّت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، بعض عارِفین (رَحِمَہُمُ اللّٰہُ المُبین) نے فرمایا، جو ہمیشہ باوُضو رہے اللہ تعالٰی اُس کو

مــــــــــــدینہ

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۷۰۲ رضا فاؤنڈیشن لاہور [2] اَیضاً [3] اَیضاً

سات فضیلتوں سے مُشرّف فرمائے:۔

(۱) ملائکہ اس کی صُحبت میں رَغبت کریں (۲) قلم اُس کی نیکیاں لکھتا رہے (۳) اُس کے اَعضاء تسبیح کریں (٤) اُس سے تکبیرِ اُولیٰ فوت نہ ہو (۵) جب سوئے اللہ تعالیٰ کچھ فرشتے بھیجے کہ جن وانس کے شر سے اُس کی حِفاظت کریں (٦) سکراتِ موت اس پر آسان ہو (۷) جب تک باؤضو ہو امانِ الٰہی میں رہے۔ [1]

# دُگنا ثواب

**یقیناً** سردی، تھکن یا نزلہ زُکام، دردِ سر اور بیماری میں وُضو کرنا دشوار ہوتا ہے مگر پھر بھی کوئی ایسے وقت وُضو کرے جبکہ وُضو کرنا دشوار ہو تو اس کو بحکمِ حدیث دُگنا ثواب ملے گا۔ [2]

# وُضو کا طریقہ (حنفی)

**کعبۃُ اللہ** شریف کی طرف منہ کرکے اُونچی جگہ بیٹھنا مستحب ہے۔



[1] اَیضاً ص ۷۰۲ تا ۷۰۳ [2] مُلخصاً المعجم الاوسط ج٤ ص١٠٦ حدیث ٥٣٦٦ دارالکتب العلمیہ بیروت

فرمانِ مصطفٰی: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

وُضو کیلئے **نیّت** کرنا سنّت ہے، نیّت دل کے اِرادے کو کہتے ہیں، دل میں نیّت ہوتے ہوئے زَبان سے بھی کہہ لینا افضل ہے لہٰذا زَبان سے اِس طرح نیّت کیجئے کہ میں حُکمِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ بجالانے اور پاکی حاصِل کرنے کیلئے وُضو کر رہا ہوں۔ بسمِ اللہ کہہ لیجئے کہ یہ بھی سنّت ہے۔ بلکہ بسمِ اللہِ وَالحمدُ لِلّٰہ کہہ لیجئے کہ جب تک باوُضو رہیں گے فِرِشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ اب **دونوں ہاتھ** تین تین بار پہنچوں تک دھویئے، (نل بند کرکے) دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کا خِلال بھی کیجئے۔ کم از کم تین تین بار دائیں بائیں اُوپر نیچے کے دانتوں میں **مسواک** کیجئے اور ہر بار مسواک کو دھو لیجئے۔ حُجَّۃُ الْاِسلام امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، ''مسواک کرتے وُقت نماز میں قراٰنِ مجید کی قِراءَت اور ذکرُ اللہ عَزَّوَجَلَّ کیلئے مُنہ پاک کرنے کی نیّت کرنی چاہئے۔[۱] اب سیدھے ہاتھ کے تین چُلّو پانی سے (ہر بار نل بند کرکے) اِس طرح **تین کُلّیاں** کیجئے کہ ہر بار مُنہ

مدینہ

[۱] اِحیاء العلوم ج ۱ ص ۱۸۲ دار الصادر، بیروت

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

کے ہر پرزے پر پانی بہ جائے اگر روزہ نہ ہو تو **غرغرہ** بھی کر لیجئے۔ پھر سیدھے ہی ہاتھ کے ۳ تین چُلّو (اب ہر بار آدھا چُلّو پانی کافی ہے) سے (ہر بار نل بند کر کے) ۳ **تین بار ناک** میں نرم گوشت تک پانی چڑھایئے اور اگر روزہ نہ ہو تو ناک کی جڑ تک پانی پہنچایئے، اب (نل بند کر کے) اُلٹے ہاتھ سے ناک صاف کر لیجئے اور چھوٹی اُنگلی ناک کے سُوراخوں میں ڈالئے۔ ۳ **تین بار سارا چہرہ** اِس طرح دھویئے کہ جہاں سے عادَتاً سر کے بال اُگنا شُروع ہوتے ہیں وہاں سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہر جگہ پانی بہ جائے۔ اگر **داڑھی** ہے اور اِحْرام باندھے ہوئے نہیں ہیں تو (نل بند کرنے کے بعد) اِسطرح **خِلال** کیجئے کہ اُنگلیوں کو گلے کی طرف سے داخِل کر کے سامنے کی طرف نکالئے۔ پھر پہلے **سیدھا ہاتھ** اُنگلیوں کے سرے سے دھونا شروع کر کے کہنیوں سمیت ۳ تین بار دھویئے۔ اِسی طرح پھر **اُلٹا ہاتھ** دھو لیجئے۔ ۲ دونوں ہاتھ آدھے بازو تک

دھونا مستحب ہے۔ **اکثر لوگ چُلّو میں پانی لیکر پہنچے سے تین بار چھوڑ دیتے ہیں کہ کُہنی تک بہتا چلا جاتا ہے اس طرح کرنے سے کُہنی اور کلائی کی کروٹوں پر پانی نہ پہنچنے کا اندیشہ ہے لہٰذا بیان کردہ طریقے پر ہاتھ دھوئیے۔ اب چُلّو بھر کر کُہنی تک پانی بہانے کی حاجت نہیں بلکہ** (بغیر اجازتِ صحیحہ ایسا کرنا) **یہ پانی کا اِسراف ہے۔** اب (نل بند کر کے) **سر کا مَسح**[۸۸] اِس طرح کیجئے کہ دونوں اَنگوٹھوں اور کلمے کی اُنگلیوں کو چھوڑ کر دونوں ہاتھ کی تین تین اُنگلیوں کے سِرے ایک دوسرے سے مِلا لیجئے اور پیشانی کے بال یا کھال پر رکھ کر کھینچتے ہوئے گُدّی تک اِس طرح لے جائیے کہ ہتھیلیاں سَر سے جُدا رہیں، پھر گُدّی سے ہتھیلیاں کھینچتے ہوئے پیشانی تک لے آئیے، کلمے کی اُنگلیاں اور اَنگوٹھے اِس دَوران سَر پر بالکل مَس نہیں ہونے چاہئیں، پھر کلمے کی اُنگلیوں سے کانوں کی اندرونی سَطح کا اور اَنگوٹھوں سے کانوں کی باہَری سَطح کا مَسح کیجئے

اور چھنگلیاں (یعنی چھوٹی انگلیاں) کانوں کے سُوراخوں میں داخل کیجئے اور اُنگلیوں کی پُشت سے گردن کے پچھلے حصے کا مَسْح کیجئے، بعض لوگ گلے کا اور دُھلے ہوئے ہاتھوں کی کہنیوں اور کلائیوں کا مَسْح کرتے ہیں یہ سنّت نہیں ہے۔ **سر کا مَسْح کرنے سے قبل ٹُونٹی اچھی طرح بند کرنے کی عادت بنا لیجئے** بلا وجہ نل کُھلا چھوڑ دینا یا اَدھورا بند کرنا کہ پانی ٹپکتا رہے گُناہ ہے۔ اب **پہلے سیدھا پھر اُلٹا پاؤں** ہر بار اُنگلیوں سے شُروع کر کے ٹخنوں کے اوپر تک بلکہ مُسْتَحَب ہے کہ آدھی پِنڈلی تک تین تین بار دھو لیجئے۔ دونوں پاؤں کی اُنگلیوں کا خِلال کرنا سنّت ہے۔ (خِلال کے دَوران نل بند رکھئے) اِس کا مُسْتَحَب طریقہ یہ ہے کہ اُلٹے ہاتھ کی چھنگلیا سے سیدھے پاؤں کی چھنگلیا کا خِلال شُروع کر کے اَنگوٹھے پر خَتْم کیجئے اور اُلٹے ہی ہاتھ کی چھنگلیا سے اُلٹے پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کر کے چھنگلیا پر خَتْم کر لیجئے۔ (عامۂ کُتُب)

حُجَّۃُ الاسلام امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، ''ہر عُضْو

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم رسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

دھوتے وقت یہ امید کرتا رہے کہ میرے اِس عُضْو کے گناہ نکل رہے ہیں۔ [1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰهُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

## وضو کے بعد یہ دعاء بھی پڑھ لیجئے (اوّل وآخِر دُرود شریف)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔ [2]

ترجمہ: اے اللہ عزوجل! مجھے کثرت سے توبہ کرنے والوں میں بنا دے اور مجھے پاکیزہ رہنے والوں میں شامل کردے۔

## جنّت کے آٹھوں دروازے کُھل جاتے ہیں

حدیثِ پاک میں ہے، "جس نے اچھی طرح وُضو کیا اور کلِمہ شہادت پڑھا اُس کے لئے **جنّت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں** جس سے چاہے اندر داخل ہو۔ [3]

---

مدینہ

[1] مُلَخَّصاً احیاء العلوم مترجم ج۱ ص ۳٤٦ [2] جامع ترمذی ج۱ ص۹
[3] مُلَخَّص از صحیح مسلم ج۱ ص۱۲۲

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

## وُضو کے بعد سورۂ قَدر پڑھنے کے فضائل

حدیثِ مبارَک میں ہے، ''جو وُضو کے بعد ایک مرتبہ سُورۂ قدر پڑھے تو وہ صِدّیقین میں سے ہے اور جو دو مرتبہ پڑھے تو شُہداء میں شمار کیا جائے اور جو تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ میدانِ مَحشر میں اسے اپنے انبیاء کے ساتھ رکھے گا''۔ [1]

## نظر کبھی کمزور نہ ہو

جو وُضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھکر سورۂ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰـہُ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔ [2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## لفظ، ''اَللہ'' کے چار حُروف کی نسبت سے وُضو کے چار فرائض

(۱) چہرہ دھونا (۲) کہنیوں سَمیت دونوں ہاتھ دھونا (۳) چوتھائی سر کا

[1] کنز العُمّال ج۹ ص ۱۳۲ حدیث ۲۶۰۸۵ دار الکتب العلمیة بیروت [2] مسائل القرآن ص ۲۹۱

مَسح کرنا (٤) ٹخنوں سَمیت دونوں پاؤں دھونا۔[1]

## دھونے کی تعریف

**کسی** عُضو (عُض ۔ وْ) کو دھونے کے یہ معنیٰ ہیں کہ اس عُضْوْ کے ہر حصّہ پر کم از کم دو قطرے پانی بہ جائے۔ صِرف بھیگ جانے یا پانی کو تیل کی طرح چُپَڑ لینے یا ایک قطرہ بہ جانے کو دھونا نہیں کہیں گے نہ اِس طرح وُضُو یا غسل ادا ہو گا۔[2]

## "کرم یا ربَّ العٰلمین" کے چودہ حُروف کی نسبت سے وُضو کی 14 سنّتیں

"وُضُو کا طریقہ" (حنفی) میں بعض سنّتوں اور مُستحبّات کا بیان ہو چکا ہے اس کی مزید وَضاحت مُلاحَظہ فرمایئے۔ **(1)** نِیّت کرنا **(2)** بِسمِ اللہ پڑھنا۔ اگر وُضو سے قبل بسمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہ کہہ لیں تو جب تک باوُضُو رہیں گے فِرِشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔[3] **(3)** دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین بار دھونا

مـــــــــــــــــــدینہ

[1] فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۳ [2] مَراقِی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی ص ۵۷ فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۲۱۸ رضا فاؤنڈیشن [3] مجمع الزوائد ج ۱ ص ۵۱۳ حدیث ۱۱۱۲ دار الفکر بیروت

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

﴿4﴾ تین بار مسواک کرنا ﴿5﴾ تین چُلّو سے تین بار کُلّی کرنا ﴿6﴾ روزہ نہ ہو تو غرغرہ کرنا ﴿7﴾ تین چُلّو سے تین بار ناک میں پانی چڑھانا ﴿8﴾ داڑھی ہو تو (اِحرام میں نہ ہونے کی صورت میں) اِس کا خِلال کرنا ﴿9﴾ ہاتھ اور پاؤں کی اُنگلیوں کا خِلال کرنا ﴿10﴾ پورے سر کا ایک ہی بار مَسح کرنا ﴿11﴾ کانوں کا مَسح کرنا ﴿12﴾ فرائض میں ترتیب قائم رکھنا (یعنی فرض اعضاء میں پہلے منہ پھر ہاتھ کُہنیوں سَمیت دھونا پھر سر کا مَسح کرنا اور پھر پاؤں دھونا) اور ﴿13﴾ پے در پے وُضو کرنا یعنی ایک عُضو سوکھنے نہ پائے کہ دوسرا عُضو دھو لینا۔[1]

## "یارسول اللہ ترے در کی فضاؤں کو سلام" کے اُنتیس حُروف کی نسبت سے وُضو کے 29 مُستَحَبّات

﴿1﴾ قبلہ رُو ﴿2﴾ اونچی جگہ ﴿3﴾ بیٹھنا ﴿4﴾ پانی بہاتے وقت اَعضاء پر ہاتھ پھیرنا ﴿5﴾ اطمینان سے وُضو کرنا ﴿6﴾ اَعضائے وُضو پر پہلے

[1] الدرالمختار معہ رَدُّالمحتار ج ۱ ص ۲۳۵ ۔ فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ٦

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

پانی چُپڑ لینا خُصوصاً سردیوں میں ﴿7﴾ وُضو کرنے میں بِغیر ضَرورت کسی سے مدد نہ لینا ﴿8﴾ سیدھے ہاتھ سے کُلّی کرنا ﴿9﴾ سیدھے ہاتھ سے ناک میں پانی چڑھانا ﴿10﴾ اُلٹے ہاتھ سے ناک صاف کرنا ﴿11﴾ اُلٹے ہاتھ کی چُھنگلیا ناک میں ڈالنا ﴿12﴾ اُنگلیوں کی پُشت سے گردن کا مَسح کرنا ﴿13﴾ کانوں کا مَسح کرتے وقت بھیگی ہوئی چُھنگلیاں کانوں کے سُوراخوں میں داخِل کرنا ﴿14﴾ انگوٹھی کو حرکت دینا جب کہ ڈِھیلی ہو اور یہ یقین ہو کہ اِس کے نیچے پانی بہ گیا ہے اگر سخت ہو تو حرکت دیکر انگوٹھی کے نیچے پانی بہانا فرض ہے۔[1] ﴿15﴾ مَعذورِ شَرعی (اس کے تفصیلی اَحکام اِسی رسالے کے صفحہ 42 تا 45 پر مُلاحَظہ فرمالیجئے) نہ ہو تو نَماز کا وقت شُروع ہونے سے پہلے ہی وُضو کر لینا ﴿16﴾ جو کامِل طور پر وُضو کرتا ہے یعنی جس کی کوئی جگہ پانی بہنے سے نہ رَہ جاتی ہو اُس کا گوشوں (یعنی ناک کی طرف آنکھوں کے کونے) ٹخنوں، اَیڑیوں، تلووں،

مدینہ

[1] خُلاصة الفتاوىٰ ج ١ ص ٢٣

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

کونچوں (ایڑیوں کے اوپر موٹے پٹھے) گھائیوں (اُنگلیوں کے درمیان والی جگہ)، اور کُہنیوں کا خُصوصیّت کے ساتھ خیال رکھنا اور بے خیالی کرنے والوں کے لئے تو فَرض ہے کہ ان جگہوں کا خاص خیال رکھیں کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ یہ جگہیں خُشک رَہ جاتی ہیں اور یہ بے خیالی ہی کا نتیجہ ہے ایسی بے خیالی حرام ہے اور خیال رکھنا فرض۔ ۱؎ ﴿17﴾ وُضو کا لوٹا اُلٹی طرف رکھئے اگر طشت یا پتیلی وغیرہ سے وُضو کریں تو سیدھی جانب رکھئے ﴿18﴾ چہرہ دھوتے وقت پیشانی پر اس طرح پھیلا کر پانی ڈالنا کہ اُوپر کا کچھ حصّہ بھی دُھل جائے ﴿19﴾ چہرے اور ﴿20﴾ ہاتھ پاؤں کی روشنی وسیع کرنا یعنی جتنی جگہ پانی بہانا فرض ہے اس کے اطراف میں کچھ بڑھانا مَثَلاً ہاتھ کُہنی سے اوپر آدھے بازو تک اور پاؤں ٹخنوں سے اوپر آدھی پنڈلی تک دھونا ﴿21﴾ دونوں ہاتھوں سے مُنہ دھونا ﴿22﴾ ہاتھ پاؤں دھونے میں اُنگلیوں سے شُروع کرنا ﴿23﴾ ہر عُضْو دھونے کے بعد اس پر

مــــدیـــنـــه

۱؎ بہارِ شریعت حصہ۲ ص۱۹ مدینۃ المرشد بریلی شریف

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرودِ پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بدبخت ہو گیا۔

ہاتھ پھیر کر بُوندیں ٹپکا دینا تا کہ بدن یا کپڑے پر نہ ٹپکیں خُصُوصاً جبکہ مسجد میں جانا ہو کہ فرشِ مسجد پر وُضو کے پانی کے قطرے گرانا مکروہِ تحریمی ہے۔[۱] ﴿24﴾ ہر عُضْو کے دھوتے وقت اور مَسح کرتے وقت نیّتِ وُضو کا حاضِر رہنا ﴿25﴾ ابتِداء میں بِسْمِ اللّٰہ کے ساتھ ساتھ دُرُود شریف اور کلمۂ شہادت پڑھ لینا ﴿26﴾ اَعضائے وُضو بِلا ضَرورت نہ پُونچھیں اگر پونچھنا ہو تب بھی بِلا ضَرورت بِالکل خُشک نہ کریں کچھ تَری باقی رکھیں کہ بروزِ قِیامت نیکیوں کے پلڑے میں رکھی جائے گی ﴿27﴾ وُضو کے بعد ہاتھ نہ جَھٹکیں کہ شیطان کا پنکھا ہے۔[۲] ﴿28﴾ بعدِ وُضو میانی (یعنی پاجامہ کا وہ حصّہ جو پیشاب گاہ کے قریب ہوتا ہے) پر پانی چِھڑ کنا۔[۳] (پانی چِھڑکتے وقت میانی کو کُرتے کے دامن میں چھپائے رکھنا مناسب ہے نیز وُضو کرتے وقت بھی بلکہ ہر وقت میانی کو کُرتے کے دامن یا چادر وغیرہ کے ذَریعہ چھپائے رکھنا حیا کے قریب ہے) ﴿29﴾

مدینہ

[۱] خُلاصہ از البحر الرائق ج ۲ ص ۵۳۰۔ بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ۲۰ مدینۃ المرشد بریلی شریف [۲] کنزُ العُمّال ج۹ ص۱۳۶ حدیث ۲۶۱۳۳ بیروت [۳] کنزُ العُمّال ج۹ ص۱۳۴ حدیث ۲۶۱۰۱ بیروت

اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رَکعت نَفل ادا کرنا جسے تَحِیَّۃُ الوُضُو کہتے ہیں۔[1]

## "با وُضو رَہنا ثواب ہے" کے پندرہ حُروف کی نسبت سے وُضو کے 15 مکروہات

(۱) وُضو کیلئے ناپاک جگہ پر بیٹھنا (۲) ناپاک جگہ وُضو کا پانی گرانا (۳) اَعضائے وُضو سے لوٹے وغیرہ میں قطرے ٹپکانا (منہ دھوتے وقت بھرے ہوئے چلّو میں عُموماً چہرے سے پانی کے قطرے گرتے ہیں اس کا خیال رکھئے) (٤) قِبلہ کی طرف تھوک یا بلغم ڈالنا یا کُلّی کرنا (۵) زِیادَہ پانی خَرچ کرنا (حضرتِ صدرُ الشَّریعہ علّامہ مولٰینا مفتی امجد علی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ "بہارِ شریعت" حصّہ دُوم صَفحہ نمبر ۲۳ مدینۃ المرشد بریلی شریف میں فرماتے ہیں: ناک میں پانی ڈالتے وقت آدھا چُلّو کافی ہے تواب پورا چُلّو لینا اِسراف ہے) (٦) اتنا کم پانی خرچ کرنا کہ سنّت ادا نہ ہو (بہر حال نُونٹی نہ اتنی زِیادہ کھولیں کہ پانی حاجت سے زیادہ گرے نہ اتنی کم کھولیں کہ سنت بھی ادا نہ ہو بلکہ مُتَوَسِّط ہو)۔ (۷) منہ پر پانی مارنا (۸) مُنہ پر پانی ڈالتے وقت پھونکنا (۹) ایک ہاتھ

مدینہ

[1] الدر المختار معہ رد المحتار ج ۱ ص ۲٦٦

**فرمانِ مصطفےٰ**: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

سے منہ دھونا کہ رَوافِض اور ہندوؤں کا شِعار ہے (۱۰) گلے کا مَسح کرنا (۱۱) اُلٹے ہاتھ سے کُلّی کرنا یا ناک میں پانی چڑھانا (۱۲) سیدھے ہاتھ سے ناک صاف کرنا (۱۳) تین جدید پانیوں سے تین بار سر کا مَسح کرنا (۱٤) دھوپ کے گرم پانی سے وُضو کرنا (۱۵) ہونٹ یا آنکھیں زور سے بند کرنا اور اگر کچھ سُوکھا رہ گیا تو وُضو ہی نہ ہوگا۔ وُضو کی ہر سنّت کا تَرک مکروہ ہے اِسی طرح ہر مکروہ کا تَرک سنّت۔[1]

## مُستَعمَل پانی کا اَہَم مسئلہ

اگر بے وُضو شَخص کا ہاتھ یا اُنگلی کا پَورا یا ناخُن یا بدن کا کوئی ٹکڑا جو وُضو میں دھویا جاتا ہو جان بوجھ کر یا بھول کر دَہ دَردَہ (یعنی سَو ہاتھ / پچّیس گز / دو سو پچّیس فُٹ، [2]) سے کم پانی (مَثَلاً پانی سے بھری ہوئی بالٹی یا لوٹے وغیرہ) میں پڑ جائے تو پانی مُستَعمَل (یعنی استِعمال شُدہ) ہو گیا اور اب وُضو اور غُسل کے لائق نہ رہا۔ اِسی طرح جس پر غُسل فرض ہو اُس کے جسم کا کوئی بے دُھلا ہوا حصّہ پانی سے چُھو جائے تو وہ

---

[1] بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۲۲ مدینۃ المرشِد بریلی شریف [2] فتاویٰ مُصطفَوِیہ ص ۱۳۹ شبیر برادرز لاہور

پانی وُضواور غُسل کے کام کا نہ رہا۔ہاں اگر دُھلا ہاتھ یا دُھلے ہوئے بدن کا کوئی حصّہ پڑجائے تو حرج نہیں۔[1] (مُسْتَعْمَل پانی اور وُضو و غسل کے تفصیلی اَحکام سیکھنے کیلئے بہارِ شریعت حصّہ ۲ کا مُطالعہ فرمائیے)

## پان کھانے والے مُتَوَجِّہ ہوں

میرے آقا اعلیٰحضرت ،اِمامِ اَہلسنّت، ولیِٔ نِعمت،عظیمُ البَرَکت، عظیمُ المَرتبت،پروانۂ شَمعِ رِسالت ،مُجَدِّدِ دِین و مِلَّت، حامیِٔ سنّت ، ماحیِٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت ، پیرِ طریقت،باعِثِ خَیْر وبَرَکت، حضرتِ علّامہ مولیٰنا الحاج الحافِظ القاری الشّاہ امام اَحْمد رَضا خان عَلَیہِ رَحْمۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں، پانوں کے کثرت سے عادی خُصُوصاً جبکہ دانتوں میں فضا (گیپ) ہو تجرِبہ سے جانتے ہیں چھالیہ کے باریک رَیزے اور پان کے بُہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اِس طرح منہ کے اَطراف و اَکناف میں جا گیر ہوتے ہیں (یعنی

مدینہ

[1] بہارِ شریعت حصہ۲ ص۴۸

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

منہ کے کونوں اور دانتوں کے کھانچوں میں گھس جاتے ہیں) کہ تین[۳] بلکہ کبھی دس[۱۰] بارہ[۱۲] کُلّیاں بھی اُن کے تَصْفِیۂ تام (یعنی مکمّل صفائی) کوکافی نہیں ہوتیں، نہ خِلال اُنہیں نکال سکتا ہے نہ مسواک، سِوا کُلّیوں کے کہ پانی مَنافِذ (یعنی سُوراخوں) میں داخِل ہوتا اور جُنبشیں دینے (یعنی ہلانے) سے جمے ہوئے باریک ذرّوں کو بَتَدرِیج چُھڑا چُھڑا کرلاتا ہے، اِس کی بھی کوئی تَحدِید (حد بندی) نہیں ہوسکتی اور یہ کامِل تَصْفِیہ (یعنی مکمّل صفائی) بھی بہُت مُؤَکِّد (یعنی اِس کی سخت تاکید) ہے مُتَعَدَّد احادیث میں اِرشاد ہوا ہے کہ جب بندہ نَماز کوکھڑا ہوتا ہے فِرِشتہ اُس کے منہ پر اپنا منہ رکھتا ہے یہ جو پڑھتا ہے اِس کے منہ سے نکل کر فِرِشتے کے منہ میں جاتا ہے اُس وقت اگر کھانے کی کوئی شے اُس کے دانتوں میں ہوتی ہے ملائکہ کو اُس سے ایسی سَخْت ایذا ہوتی ہے کہ اور شے سے نہیں ہوتی۔

**حُضُور** اکرم، نورِ مجسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ **مُحتَشَم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے فرمایا، جب تم میں سے کوئی رات کو نَماز کیلئے کھڑا ہو تو چاہئے، کہ مِسواک

کرلے کیونکہ جب وہ اپنی نَماز میں قِراءَت (قِرَا۔ءَت) کرتا ہے تو فِرِشتہ اپنا منہ اِس کے منہ پر رکھ لیتا ہے اور جو چیز اِس کے منہ سے نکلتی ہے وہ فِرِشتہ کے منہ میں داخِل ہوجاتی ہے۔[1] اور طَبَرانی نے کَبِیر میں حضرتِ سیِّدُنا ابوایُّوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ [2]دونوں فِرِشتوں پر اِس سے زِیادہ کوئی چیز گِراں نہیں کہ وُہ اپنے ساتھی کو نَماز پڑھتا دیکھیں اور اس کے دانتوں میں کھانے کے رَیزے پھنسے ہوں۔ [2]

## تصوُّف کا عظیم مَدَنی نسخہ

حُـجَّةُ الاسلام امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، ''وُضو سے فراغت کے بعد جب آپ نَماز کی طرف مُتَوجِّہ ہوں اُس وقت یہ تصوُّر کیجئے کہ جن ظاہِری اَعضاء پر لوگوں کی نظر پڑتی ہے وہ تو بظاہِر طاہِر (یعنی پاک) ہوچکے مگر

مـــــــدیـــــنہ

[1] کنزُ العُمّال ج ۹ ص ۳۱۹ [2] مُعجم الکبیر ج ٤ ص ۱۷۷۔ فتاوٰی رضویہ ج اوّل ص ٦٢٤ تا ٦٢٥ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاھور۔

دل کو پاک کئے بِغیر بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں مُناجات کرنا حیا کے خِلاف ہے کیوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ دلوں کو بھی دیکھنے والا ہے۔ مزید فرماتے ہیں، ظاہری وُضو کر لینے والے کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ دل کی طہارت (یعنی صفائی) توبہ کرنے اور گناہوں کو چھوڑنے اور عمدہ اَخلاق اپنانے سے ہوتی ہے۔ جو شخص دل کو گناہوں کی آلُودگیوں سے پاک نہیں کرتا فَقَط ظاہری طہارت (یعنی صفائی) اور زَیب و زینت پر اِکتِفاء کرتا ہے اُس کی مثال اُس شخص کی سی ہے جو بادشاہ کو مَدعو کرتا ہے اور اپنے گھر بار کو باہَر سے خوب چمکاتا ہے اور رنگ وروغن کرتا ہے مگر مکان کے اندرونی حصّے کی صفائی پر کوئی توجُّہ نہیں دیتا۔ چُنانچہ جب بادشاہ اُس کے مکان کے اندر آکر گندگیاں دیکھے گا تو وہ ناراض ہوگا یا راضی، یہ ہر ذی شُعُور خود سمجھ سکتا ہے۔[1]

---

[1] مُلَخّص از: احیاء العلوم جلد اوّل صفحہ ۱۸۵ مطبوعہ دار صادر بیروت

# ''صَبْر کر'' کے پانچ حُرُوف کی نسبت سے زَخْم وغیرہ سے خون نکلنے کے ۵ اَحکام

(۱) خون، پِیپ یا زَرْد پانی کہیں سے نکل کر بہا اور اسکے بہنے میں ایسی جگہ پہنچنے کی صَلاحِیت تھی جس جگہ کا وُضو یا غُسل میں دھونا فرض ہے تو وُضو جاتا رہا۔ [1] (۲) خون اگر چمکا یا اُبھرا اور بہا نہیں جیسے سُوئی کی نوک یا چاقو کا کَنارہ لگ جاتا ہے اور خون اُبھر یا چمک جاتا ہے یا خِلال کیا یا مِسواک کی یا اُنگلی سے دانت مانجھے یا دانت سے کوئی چیز مَثَلاً سیب وغیرہ کاٹا اس پر خون کا اثر ظاہر ہوا یا ناک میں اُنگلی ڈالی اِس پر خون کی سُرخی آگئی مگر وہ خون بہنے کے قابل نہ تھا وُضو نہیں ٹوٹا۔ [2] (۳) اگر بَہا مگر بہ کر ایسی جگہ نہیں آیا جس کا غُسل یا وُضو میں دھونا فرض ہو مَثَلاً آنکھ میں دانہ تھا اور ٹوٹ کر اندر ہی پھیل گیا باہَر نہیں نکلا یا پیپ یا خون کان کے

مدینہ

[1] الدرالمختار معہ ردالمحتار ج۱ ص۲۸۶ [2] مُلَخَّص ازفتاوی رضویہ ج۱ ص ۲۸۰ رضا فاؤنڈیشن لاہور

**فرمانِ مصطفٰے** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

سُوراخوں کے اندر ہی رہا باہَر نہ نکلا تو ان صورَتوں میں وُضو نہ ٹوٹا[1] (٤) زَخْم بے شک بڑا ہے رُطُوبت چمک رہی ہے مگر جب تک بہے گی نہیں وُضو نہیں ٹوٹے گا۔[2] (۵) زخم کا خون بار بار پُونچھتے رہے کہ بہنے کی نَوبت نہ آئی تو غور کر لیجئے کہ اگر اتنا خون پُونچھ لیا ہے کہ اگر نہ پُونچھتے تو بہ جاتا تو وُضو ٹوٹ گیا نہیں تو نہیں۔[3]

## انجکشن لگانے سے وُضو ٹوٹے گا یا نہیں ؟

(۱) گوشت میں انجکشن لگانے میں صِرْف اِسی صورت میں وُضو ٹوٹے گا جب کہ بہنے کی مقدار میں خون نکلے (۲) جب کہ نَس کا انجکشن لگا کر پہلے اوپر کی طرف خون کھینچتے ہیں جو کہ بہنے کی مقدار میں ہوتا ہے لھٰذا وُضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۳) اِسی طرح گلوکوز وغیرہ کی ڈرِپ نَس میں لگوانے سے وُضو ٹوٹ جائیگا کیوں کہ بہنے کی مِقدار میں خون نکل کر نلکی میں آجاتا ہے۔ ہاں اگر بِالْفرض بہنے کی مقدار

مدینہ

[1] مُلَخّص از فتاویٰ رضویہ ج۱ ص ۲۸۰ رضا فاؤنڈیشن لاہور [2] ایضاً [3] ایضاً

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

میں خون نلکی میں نہ آئے تو وُضو نہیں ٹوٹے گا (٤) سِرِنج کے ذَرِیعے ٹیسٹ کرنے کے لئے خون نکالنے سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ یہ بہنے کی مقدار میں ہوتا ہے اسی لئے یہ خون پیشاب کی طرح ناپاک بھی ہوتا ہے اِس خون سے بھری ہوئی شیشی جیب میں رکھ کر نماز نہ پڑھے۔

## دُکھتی آنکھ کے آنسو

(۱) آنکھ کی بیماری کے سبب جو آنسو بہا وہ ناپاک ہے اور وُضو بھی توڑ دیگا۔[۱] افسوس اکثر لوگ اِس مسئلہ (مَس۔ءَ۔لَہ) سے ناواقِف ہوتے ہیں اور دُکھتی آنکھ سے بوجہِ مرض بہنے والے آنسو کو اور آنسوؤں کی مانند سمجھ کر آستین یا کُرتے کے دامن وغیرہ سے پُونچھ کر کپڑے ناپاک کر ڈالتے ہیں۔ (۲) نابینا کی آنکھ سے جو رُطوبت بوجہِ مرض نکلتی ہے وہ ناپاک ہے اور اس سے وُضو بھی ٹوٹ جاتا ہے [۲] (۳) جو رُطوبت انسانی بدن سے نکلے اور وُضو نہ توڑے وہ ناپاک

---

[۱] الدرالمختار معه ردالمحتار ج۱ ص ٥٥٤ [۲] الدرالمختار معه ردالمحتار ج۱ ص ٥٥٤

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہے۔

نہیں۔[1] مَثَلاً خون یا پیپ بہہ کر نہ نکلے یا تھوڑی قے کہ منہ بھر نہ ہو پاک ہے۔

## چھالا اور پھڑیا

(۱) چھالا نوچ ڈالا اگر اس کا پانی بہ گیا تو وُضو ٹوٹ گیا ورنہ نہیں۔[2]
(۲) پُھڑیا بِالکل اچھی ہو گئی اس کی مُردہ کھال باقی ہے جس میں اوپر منہ اور اندر خَلا ہے اگر اس میں پانی بھر گیا اور دبا کر نکالا تو نہ وُضو جائے نہ وہ پانی ناپاک ہے[3] ہاں اگر اُس کے اندر کچھ تَری خون وغیرہ کی باقی ہے تو وُضو بھی جاتا رہے گا اور وہ پانی بھی ناپاک ہے۔[4] (۳) خارِش یا پُھڑیوں میں اگر بہنے والی رُطوبت نہ ہو صِرف چِپک ہو اور کپڑا اس سے بار بار چھو کر چاہے کتنا ہی سَن جائے پاک ہے۔[5]
(٤) ناک صاف کی اس میں سے جَما ہوا خون نکلا وُضو نہ ٹوٹا، اَنْسب (یعنی زِیادہ مناسِب) یہ ہے کہ وُضو کرے۔[6]

---

مدینہ

[1] ماخوذ از فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج۱ ص ۲۸۰ [2] فتح القدیر ج۱ ص ۳٤
[3] خلاصۃ الفتاویٰ ج۱ ص۱۷ [4] فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج۱ ص۳۵٦ رضا فاؤنڈیشن [5] ماخوذ از فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج۱ ص ۲۸۰ [6] ایضاً ص ۲۸۱

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

# قے سے کب وُضو ٹوٹتا ہے

منہ بھر قے کھانے، پانی یا صَفرا (یعنی پیلے رنگ کا کڑوا پانی) کی وُضو توڑ دیتی ہے۔ جو قے تکلُّف کے بِغیر نہ روکی جا سکے اسے منہ بھر کہتے ہیں۔ منہ بھر قے پیشاب کی طرح ناپاک ہوتی ہے اسکے چھینٹوں سے اپنے کپڑے اور بدن کو بچانا ضَروری ہے۔[1]

# ہنسنے کے اَحکام

(۱) رُکوع و سُجُود والی نَماز میں بالِغ نے قَہقَہہ لگا دیا یعنی اتنی آواز سے ہنسا کہ آس پاس والوں نے سنا تو وُضو بھی گیا اور نَماز بھی گئی، اگر اتنی آواز سے ہنسا کہ صِرف خود سنا تو نَماز گئی وُضو باقی ہے، مُسکرانے سے نہ نماز جائے گی نہ وُضو۔[2] مُسکرانے میں آواز بِالکل نہیں ہوتی صرف دانت ظاہِر ہوتے ہیں۔ (۲) بالِغ نے نَمازِ جنازہ میں قَہقَہہ لگایا تو نَماز ٹوٹ گئی وُضو باقی ہے۔[3] نَماز کے علاوہ

مدینہ

[1] الدر المختار مع ردالمحتار ج ۱ ص ۲۸۹ [2] مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۹۱ [3] ایضاً

قہقہہ لگانے سے وُضو نہیں جاتا مگر دوبارہ کرلینا مُستحب ہے۔ [1] ہمارے میٹھے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وَسلّم نے کبھی بھی قہقہہ نہیں لگایا لہٰذا ہمیں بھی کوشش کرنی چاہیے کہ یہ سنّت بھی زندہ ہو اور ہم زور زور سے نہ ہنسیں۔ **فرمانِ مصطفےٰ** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم: اَلتَّبَسُّمُ مِنَ اللّٰہِ تعالیٰ وَ الْقَھْقَھَۃُ مِنَ الشَّیطٰن۔ یعنی مُسکرانا اللہ عزّوجلّ کی طرف سے ہے اور قہقہہ شیطان کی طرف سے ہے۔ [2]

## کیا سِتْر دیکھنے سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے؟

عوام میں مشہور ہے کہ گھٹنا یا سِتْر کھلنے یا اپنا یا پرایا سِتْر دیکھنے سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے یہ بالکل غلط ہے۔ [3] ہاں وُضو کے آداب سے ہے کہ ناف سے لے کر دونوں گھٹنوں سَمیت سب سِتْر چھپا ہو بلکہ اِستنجاء کے بعد فوراً ہی چُھپا لینا چاہیے۔ [4] کہ بغیر ضرورت سِتْر کھلا رکھنا منع اور دوسروں کے سامنے سِتْر کھولنا حرام ہے۔

---

[1] مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوى ص ۸٤ [2] المعجم الصغير للطبرانى من اسمه محمد جز۲، ص ٤ ۱ ۰ دارالكتب العلميه بيروت [3] ماخوذ ازفتاوىٰ رضويه ج ۱ ص ۳۵۲ رضا فاؤنڈیشن [4] غنية المستملى ص ۳۰

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

## غسل کا وُضو کافی ہے

غسل کے لیے جو وُضو کیا تھا وُہی کافی ہے خواہ بَرَہْنہ (بَ۔رَہْ۔نَہ) نہائیں۔ اب غسل کے بعد دوبارہ وُضو کرنا ضَروری نہیں بلکہ اگر وُضو نہ بھی کیا ہو تو غسل کر لینے سے اَعضائے وُضو پر بھی پانی بہ جاتا ہے لہٰذا وُضو بھی ہو گیا، کپڑے تبدیل کرنے سے بھی وُضو نہیں جاتا۔

## تھوک میں خون

(۱) مُنہ سے خون نکلا اگر تھوک پر غالِب ہے تو وُضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں، غَلَبہ کی شَناخت یہ ہے کہ اگر تھوک کا رنگ سُرخ ہو جائے تو خون غالِب سمجھا جائے گا اور وُضو ٹوٹ جائیگا یہ سُرخ تھوک ناپاک بھی ہے۔ اگر تھوک زَرد ہو تو خون پر تھوک غالِب مانا جائے گا لہٰذا نہ وُضو ٹوٹے گا نہ یہ زَرد تھوک ناپاک۔ [1]

(۲) مُنہ سے اتنا خون نکلا کہ تھوک سُرخ ہو گیا اور لوٹے یا گلاس سے منہ لگا کر کُلّی



[1] الدرالمختار معہ ردالمحتار ج ۱ ص ۲۹۱

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

کے لئے پانی لیا تو لوٹا گلاس اور کُل پانی نَجِس ہو گیا لہٰذا ایسے موقع پر چُلّو میں پانی لے کر اِحتیاط سے کُلّی کیجئے اور یہ بھی احتیاط فرمایئے کہ چھینٹے اُڑ کر آپکے کپڑوں وغیرہ پر نہ پڑیں۔

## دودھ پیتے بچّے کا پیشاب اور قے

(۱) ایک دن کے دودھ پیتے بچے کا پیشاب بھی اسی طرح ناپاک ہے جس طرح عام لوگوں کا۔ [۱] (۲) دودھ پیتے بچّے نے دودھ ڈال دیا اور وہ مُنہ بھر ہے تو (یہ بھی پیشاب ہی کی طرح) ناپاک ہے ہاں اگر یہ دودھ مِعدہ تک نہیں پہنچا صرف سینے تک پُہُنچ کر پلٹ آیا تو پاک ہے۔ [۲]

## وُضو میں شک آنے کے ۵ اَحکام

(۱) اگر دَورانِ وُضو کسی عُضْو کے دھونے میں شک واقِع ہو اور اگر یہ



[۱] الدرالمختار معه ردالمحتار ج ۱ ص ۵۷٤

[۲] بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۲۹ مدینۃ الرشد بریلی شریف

زندگی کا پہلا واقعہ ہے تو اِس کو دھو لیجئے اور اگر اکثر شک پڑا کرتا ہے تو اس کی طرف توجُّہ نہ دیجئے۔ اگر اِسی طرح بعدِ وُضو بھی شک پڑے تو اِس کا کچھ خیال مت کیجئے۔ [1] **(۲)** آپ باوُضو تھے اب شک آنے لگا کہ پتا نہیں وُضو ہے یا نہیں، ایسی صورت میں آپ باوُضو ہیں کیونکہ صِرف شک سے وُضو نہیں ٹوٹتا۔ [2] **(۳)** وَسوَسے کی صورت میں اِحتیاطاً وُضو کرنا اِحتیاط نہیں اِتّباعِ شیطان ہے۔ **(٤)** یقیناً آپ اُس وقت تک باوُضو ہیں جب تک وُضو ٹوٹنے کا ایسا یقین نہ ہو جائے کہ قسم کھا سکیں۔ **(۵)** یہ یاد ہے کہ کوئی عُضْو دھونے سے رَہ گیا ہے مگر یہ یاد نہیں کون سا عُضْو تھا تو بایاں (یعنی اُلٹا) پاؤں دھو لیجئے۔ [3]

## کُتّا چُھو جائے تو!

**کُتّا** جسم سے چُھو جانے سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے چاہے کُتّے کا

---

[1] الدر المختار معه ردالمحتار ج۱ ص۳۰۹ [2] الدر المختار معه ردالمحتار ج۱ ص۳۰۹
[3] الدُّر المختار معه ردالمحتار ج۱ ص۳۰۹

وجسم تر ہو۔[1] ہاں کتے کا لُعاب ناپاک ہے۔[2]

## سونے سے وُضو ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا بیان

نیند سے وُضو ٹوٹنے کی دو شَرطیں ہیں:۔(۱) دونوں سُرِین اچھی طرح جمے ہوئے نہ ہوں۔(۲) ایسی حالت پر سویا جو غافِل ہو کر سونے میں رُکاوٹ نہ ہو۔ جب دونوں شَرطیں جمع ہوں یعنی سُرِین بھی اچھی طرح جمے ہوئے نہ ہوں نیز ایسی حالت میں سویا ہو جو غافِل ہو کر سونے میں رُکاوٹ نہ ہو تو ایسی نیند وُضو کو توڑ دیتی ہے۔ اگر ایک شَرط پائی جائے اور دوسری نہ پائی جائے تو وُضو نہیں ٹوٹے گا۔

سونے کے وہ دس انداز جن سے وُضو نہیں ٹوٹتا:۔(۱) اس طرح بیٹھنا کہ دونوں سُرِین زمین پر ہوں اور دونوں پاؤں ایک طرف پھیلائے ہوں۔ کُرسی، رَیل، اور بس کی سیٹ پر بیٹھنے کا بھی یہی حکم ہے (۲) اس طرح بیٹھنا کہ دونوں سُرِین

مدینہ

[1] ماخوذ از فتاویٰ رضویہ ج٤ ص٤٥٢ رضا فاؤنڈیشن لاہور
[2] الدرالمختار معہ ردالمحتار ج۱ ص٤٢٥

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

زمین پر ہوں اور پنڈلیوں کو دونوں ہاتھوں کے حلقے میں لے لے خواہ ہاتھ زمین وغیرہ پر یا سر گھٹنوں پر رکھ لے (۳) چار زانُو یعنی پالتی (چوکڑی) مار کر بیٹھے خواہ زمین یا تخت یا چارپائی وغیرہ پر ہو (٤) دوزانُو سیدھا بیٹھا ہو (۵) گھوڑے یا خَچَّر وغیرہ پر زِین رکھ کر سُوار ہو (٦) ننگی پیٹھ پر سُوار ہو مگر جانور چڑھائی پر چڑھ رہا ہو یا راستہ ہَموار ہو (۷) تکیہ سے ٹیک لگا کر اس طرح بیٹھا ہو کہ سُرین جمے ہوئے ہوں اگرچہ تکیہ ہٹانے سے یہ گر پڑے (۸) کھڑا ہو (۹) رُکوع کی حالت میں ہو (۱۰) سنّت کے مطابق جس طرح مرد سجدہ کرتا ہے اِس طرح سجدہ کرے کہ پیٹ رانوں اور بازو پہلوؤں سے جُدا ہوں۔ مذکورہ صورتیں نَماز میں واقِع ہوں یا علاوہ نَماز وُضو نہیں ٹوٹے گا اور نَماز بھی فاسِد نہ ہوگی اگرچہ قصداً سوئے، البتّہ جو رُکن بِالکل سوتے ہوئے ادا کیا اس کا اِعادہ (یعنی دوبارہ ادا کرنا) ضَروری ہے اور جاگتے ہوئے شروع کیا پھر نیند آگئی تو جو حصّہ جاگتے ادا کیا وہ ادا ہو گیا بقیّہ ادا کرنا ہوگا۔

سونے کے وہ دس انداز جن سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے:۔ (۱) اُکڑُوں یعنی

پاؤں کے تلووں کے بَل اِس طرح بیٹھا ہو کہ دونوں گھٹنے کھڑے رہیں (۲) چِت یعنی پیٹھ کے بَل لیٹا ہو (۳) پَٹ یعنی پیٹ کے بَل لیٹا ہو (٤) دائیں یا بائیں کروٹ لیٹا ہو۔ (۵) ایک کُہنی پر ٹیک لگا کر سو جائے (٦) بیٹھ کر اِس طرح سویا کہ ایک کروٹ جُھکا ہو جس کی وجہ سے ایک یا دونوں سُرِین اُٹھے ہوئے ہوں (۷) ننگی پیٹھ پر سُوار ہو اور جانور پستی کی جانب اُتر رہا ہو (۸) پیٹ رانوں پر رکھ کر دوزانو اِس طرح بیٹھے سویا کہ دونوں سُرِین جَمے نہ رہیں (۹) چارزانُو یعنی چوکڑی مار کر اِس طرح بیٹھے کہ سر رانوں یا پِنڈلیوں پر رکھا ہو (۱۰) جس طرح عورت سَجدہ کرتی ہے اِس طرح سَجدہ کے انداز پر سویا کہ پیٹ رانوں اور بازو پہلوؤں سے ملے ہوئے ہوں یا کلائیاں بچھی ہوئی ہوں۔ مذکورہ صورتیں نماز میں واقع ہوں یا نماز کے علاوہ وُضو ٹوٹ جائے گا۔ پھر اگر ان صورتوں میں قَصْداً سویا تو نماز فاسِد ہوگئی اور بِلا قَصْد سویا تو وُضو ٹوٹ جائے گا مگر نماز باقی ہے۔ بعدِ وُضو (مخصوص شرائط کے ساتھ) بقیہ نَماز اسی جگہ سے پڑھ سکتا ہے جہاں نیند آئی تھی۔ شرائط نہ معلوم ہوں تو نئے سرے سے پڑھ لے۔[1]

مـــــــدینه

[1] ماخوذ از فتاوىٰ رضویہ شریف تخریج شدہ ج ۱ ص ۳٦۵ تا ۳٦٦ رضا فاؤنڈیشن

# مساجِد کے وُضو خانے

**مِسواک** کرنے سے بعض اَوقات دانتوں میں خون آجاتا ہے اور تھوک بھی سُرخ ہونے کی وجہ سے ناپاک ہوجاتا ہے مگر افسوس کہ احتیاط نہیں کی جاتی۔ مساجد کے وُضو خانے بھی اکثر کم گہرے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے سُرخ تھوک والی کُلّی کے چھینٹے کپڑوں یا بدن پر پڑتے ہیں، نیز گھر کے حمام کے پُختہ فرش پر وُضو کرتے وقت اِس سے بھی زِیادہ چھینٹے پڑتے ہیں۔

# گھر میں وُضو خانہ بنوایئے

**آج کل** بَیسن (ہاتھ دھونے کی کونڈی) پر کھڑے وُضو کرنے کا رَواج ہے جو کہ خِلافِ مُستَحَب ہے۔ افسوس! لوگ آسائشوں بھری بڑی بڑی کوٹھیاں تو بناتے ہیں مگر اِس میں وُضو خانہ نہیں بنواتے! سُنّتوں کا دَرد رکھنے والے اسلامی بھائیوں کی خدمت میں مَدَنی اِلتجا ہے کہ ہوسکے تو اپنے مَکان میں کم از کم ایک ٹُونٹی کا وُضو خانہ ضَرور بنوایئے۔ اِس میں یہ احتیاط ضَرور رکھئے کہ

ٹونٹی کی دھار براہِ راست فرش پر گرنے کے بجائے ڈھلوان پر گرے ورنہ دانتوں میں خون وغیرہ آنے کی صورت میں وُہی چھینٹے اُڑنے کا مسئلہ رہے گا اگر آپ محتاط وضو خانہ بنوانا چاہتے ہیں تو اِسی رسالے کے پیچھے دیئے ہوئے نقشے سے رہنمائی حاصل کیجئے۔ ڈبلیوسی (.W.C) میں پانی سے استنجا کرنے کی صورت میں عُموماً دونوں پاؤں کے ٹخنوں کی طرف چھینٹے آتے ہیں لٰہذا فراغت کے بعد احتیاطاً پاؤں کے یہ حصّے دھولینے چاہئیں۔

## وُضو خانہ بنوانے کا طریقہ

**گھریلو** وُضو خانہ کی کُل مَساحت یعنی لمبائی چوڑائی چالیس اِنچ، اُونچائی زمین سے 16 اِنچ، اس کے اوپر مزید نو انچ اونچی نشست گاہ جس کا عرض ساڑھے دس انچ اور لمبائی ایک سِرے سے دوسرے سِرے تک یعنی زینہ کی مانند، اِس نشست گاہ اور سامنے کی دیوار کا درمیانی فاصلہ 26 انچ، آگے کی طرف اس طرح ڈھلوان (slope) بنوایئے کہ نالی ساڑھے تین انچ سے زِیادہ نہ ہو،

پاؤں رکھنے کی جگہ قدم کی لمبائی کی مقدار سے معمولی زِیادہ مَثَلاً کُل ساڑھے گیارہ انچ ہو، دُونوں قدموں کے درمیانی حِصّے میں مزید اندر کی طرف ساڑھے چار انچ ($4\frac{1}{2}$) کا کھانچہ ڈھلوان کی صورت میں زمین تک اِس طرح لے جایئے کہ نالی ساڑھے تین انچ ($3\frac{1}{2}$) سے بڑی نہ ہونے پائے۔ پوری ڈھلوان میں کہیں بھی اُبھار نہ رکھا جائے۔ **L** (ایل) ساخت کا مکسچر نَل نالی کی زمین سے 32 انچ اوپر ہو، اِس پانی کی دھار کھانچے والی ڈھلوان (slope) پر پڑے گی اور آپکے لئے دانتوں کے خون وغیرہ نَجاست سے بچنا اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آسان ہوجائے گا۔ معمولی ترمیم کر کے مساجِد میں بھی اِسی ترکیب سے وُضو خانہ بنوایا جاسکتا ہے۔

## "یا رَسُولَ اللہ" کے دَسْ حُرُوف کی نِسبت سے وُضو خانے کے 10 مَدَنی پھول

(۱) **ممکن** ہو تو اِسی رِسالے کے پیچھے دیئے ہوئے وُضو خانہ کے نقشے سے رہنمائی حاصِل کر کے اپنے گھر میں وُضو خانہ بنوایئے۔

٢ **معمار** کے دلائل سُنے بغیر دیئے ہوئے نقشے کے مطابق بنے ہوئے گھریلو وُضو خانے کے بالائی (یعنی پاؤں رکھنے والے) فَرش کی ڈھلوان (slope) دو ۲ اِنچ رکھئے۔

٣ **اگر** ایک سے زِیادہ نَل لگوانے ہوں تو دو ۲ نلوں کے درمیان 25 اِنچ کا فاصِلہ رکھئے۔

٤ **وُضو خانے** کی ٹونٹی میں حسبِ ضَرورت پلاسٹک کی نپل لگا لیجئے۔

٥ **اگر** پائپ دیوار کے باہَر سے لگوائیں تو حسبِ ضَرورت نَشِست گاہ ایک یا دو ۲ اِنچ مزید دُور کر لیجئے۔

٦ **بہتر** یہ ہے کہ کچّا کام کروا کر ایک آدھ بار اس پر بیٹھ کر یا وُضو کر کے اچھی طرح دیکھ لینے کے بعد پُختہ کروایئے۔

٧ **وُضو خانے** یا حمام وغیرہ کے فَرش پر ٹائلز لگوانے ہوں تو کُھردرے (Slip Resistance Tiles) لگوایئے تا کہ پھسلنے کا خطرہ کم ہو جائے۔

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر دُرودِ پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

مدنی پھول ١ **بہتر** یہی ہے کہ وُضو خانے پر چار خانے دار ٹائلز (CHECK TILES) لگوائیے تا کہ پھسلنے کا امکان ہی نہ رہے۔

مدنی پھول ٢ **اگر** چار خانے دار ٹائلز نہ مل سکیں تو پاؤں رکھنے کی جگہ کا سِرا اور اس کے بعد والی ڈھلان کم از کم دو دو انچ پتھریلی اور خوب کُھردری اور گول بنوائیے تا کہ ضَرورتاً پاؤں رگڑ کر میل چُھڑوایا جاسکے۔

مدنی پھول ٣ **باورچی** خانہ، غسل خانہ، بیتُ الخَلاء کا فَرش، کُھلا صحن، چھت، مسجِد کا وُضو خانہ اور جہاں جہاں پانی بہانے کی ضَرورت پڑتی ہے ان مقامات کے فرش کی ڈھلوان (slope) جو معمار بتائے اُس سے بلا جھجک ڈیڑھ گنا (مَثَلاً وہ ٢ دو انچ کہے تو آپ ٣ تین انچ) رکھوائیے۔ معمار تو یہی کہے گا کہ آپ فکر مت کیجئے ایک قطرہ بھی پانی نہیں رُکے گا اگر آپ اِس کی باتوں میں آگئے تو ہوسکتا ہے ڈھلوان برابر نہ بنے لٰہذا اُس کی بات پر اعتماد نہیں کریں گے تو اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا فائدہ آپ خود ہی دیکھ لیں گے کیوں کہ

مُشاہَدہ یہی ہے کہ اکثر فَرش وغیرہ پر جگہ جگہ پانی کھڑا رہ جاتا ہے۔

## جن کا وُضو نہ رَہتا ہو ان کیلئے 6 اَحکام

(۱) **قطرہ** آنے، پیچھے سے رِیح خارِج ہونے، زَخْم بہنے، دُکھتی آنکھ سے بوجہِ مرض آنسو بہنے، کان، ناف، پِستان سے پانی نکلنے، پھوڑے یا ناسُور سے رُطوبت بہنے اور دَسْت آنے سے وُضُو ٹوٹ جاتا ہے اگر کسی کو اس طرح کا مرض مسلسل جاری رہے اور شُروع سے آخِر تک پورا ایک وَقْت گزر گیا کہ وُضو کے ساتھ نَمازِ فرض ادا نہ کر سکا وہ شَرْعاً **معذور** ہے۔ ایک وُضو سے اُس وقت میں جتنی نمازیں چاہے پڑھے۔ اسکا وُضو اس مرض سے نہیں ٹوٹے گا۔[۱]

(۲) **فَرْض** نَماز کا وَقْت جاتے ہی معذور کا وُضو جاتا رَہتا ہے اور یہ حُکْم اس صورت میں ہوگا جب معذور کا عُذْر دورانِ وُضو یا بعدِ وُضو ظاہر ہوا گر

مدینہ

[۱] مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص۱۴۹

ایسا نہ ہو اور دوسرا کوئی حَدَث بھی لاحِق نہ ہو تو فرض نَماز کا وقت جانے سے وُضو نہیں ٹوٹے گا۔ ۱ فرض نَماز کا وقْت جانے سے معذور کا وُضُو ٹوٹ جاتا ہے جیسے کسی نے عَصْر کے وقت وُضُو کیا تھا تو سورج غُروب ہوتے ہی وُضو جاتا رہا اور اگر کسی نے آفتاب نکلنے کے بعد وُضو کیا تو جب تک ظُہر کا وقت خَتم نہ ہو وُضو نہ جائے گا کہ ابھی تک کسی فرض نَماز کا وقت نہیں گیا۔ ۲

**مسئلہ ۳** جب عُذْر ثابِت ہو گیا تو جب تک نَماز کے ایک پُورے وقت میں ایک بار بھی وہ چیز پائی جائے مَعذور ہی رہے گا۔ مَثَلاً کسی کو سارا وقت قَطرہ آتا رہا اور اتنی مُہلَت ہی نہ ملی کہ وُضو کر کے فرض ادا کر لے تو معذور ہو گیا۔ اب دوسرے اَوقات میں اتنا موقع مل جاتا ہے کہ وُضو کر کے نَماز پڑھ لے مگر ایک آدھ دَفْعہ قطرہ آجاتا ہے تو اب بھی معذور ہے۔

مدینہ

۱ مُلَخَّصاً الدر المختار معه ردالمحتار ج ۱ ص ٥٥٦ ۲ الهداية معه فتح القدير ج ۱ ص ١٦٠

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

ہاں اگر پورا ایک وقت ایسا گزر گیا کہ ایک بار بھی قطرہ نہ آیا تو مَعذور نہ رہا پھر جب کبھی پہلی حالت آئی (یعنی سارا وقت مسلسل مرض ہوا) تو پھر مَعذور ہو گیا۔ [1]

مسئلہ ٤ معذور کا وُضو اس چیز سے نہیں جاتا جس کے سبب معذور ہے ہاں اگر دوسری کوئی چیز وُضو توڑنے والی پائی گئی تو وُضو جاتا رہا مَثَلاً جس کو رِیح خارِج ہونے کا مرض ہے قطرہ نکلنے سے اُس کا وُضو ٹوٹ جائے گا۔ اور جس کو قطرہ کا مرض ہے اس کا رِیح خارِج ہونے سے وُضو جاتا رہے گا۔

مسئلہ ٥ معذور نے کسی حَدَث (یعنی وُضُو توڑنے والے عمل) کے بعد وُضو کیا اور وُضُو کرتے وقت وہ چیز نہیں ہے جس کے سبب معذور ہے پھر وُضو کے بعد وہ عُذْر والی چیز پائی گئی تو وُضُو ٹوٹ گیا (یہ حکم اِس صورت میں ہو گا جب معذور نے اپنے عُذْر کے بجائے کسی دوسرے سبب کی وجہ سے وُضو کیا ہوا گر اپنے

---

[1] فتاویٰ عالمگیری ج ١ ص ٤١

عُذر کی وجہ سے وُضو کیا تو بعد وُضو عُذر پائے جانے کی صورت میں وُضو نہ ٹوٹے گا) مثلاً جس کو قطرہ آتا تھا اس کی رِیح خارِج ہوئی اور اُس نے وُضو کیا اور وُضو کرتے وقت قطرہ بند تھا اور وُضو کرنے کے بعد قطرہ آیا تو وُضو ٹوٹ گیا۔ ہاں اگر وُضو کے درمیان قطرہ جاری تھا تو نہ گیا۔ [1]

مسئلہ معذور کو ایسا عُذر ہو کہ جس کے سبب کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں تو اگر ایک دِرہَم سے زیادہ ناپاک ہو گئے اور جانتا ہے کہ اتنا موقع ہے کہ اسے دھو کر پاک کپڑوں سے نَماز پڑھ لوں گا تو پاک کر کے نَماز پڑھنا فَرض ہے اور اگر جانتا ہے کہ نَماز پڑھتے پڑھتے پھر اتنا ہی ناپاک ہو جائے گا تو اب دھونا ضَروری نہیں۔ اِسی سے پڑھے اگرچِہ مُصلّٰی بھی آلُودہ ہو جائے تب بھی اس کی نَماز ہو جائے گی۔ [2]

(معذور کے وُضو کے تفصیلی مسائل بہارِ شریعت حصّہ ۲ سے معلوم کر لیجئے)

---

[1] الدر المختار معہ ردالمحتار ج ١ ص ٥٥٧ [2] الدر المختار معہ ردالمحتار ج ١ ص ٥٥٦ فتاوٰی رضویہ ج ٤ ص ٣٧٥ رضا فاؤنڈیشن لاهور۔

# سات مُتَفَرِّقات

(۱) پیشاب، پاخانہ، وَدی، مَذی، مَنی، کیڑا یا پتھری مرد یا عورت کے آگے یا پیچھے سے نکلیں تو وُضو جاتا رہیگا۔[1] (۲) مرد یا عورت کے پیچھے سے معمولی سی ہوا بھی خارِج ہوئی وُضو ٹوٹ گیا۔[2] مرد یا عورت کے آگے سے ہوا خارِج ہوئی وُضو نہیں ٹوٹے گا۔[3] (۳) بے ہوش ہوجانے سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے۔[4] (٤) بعض لوگ کہتے ہیں کہ خِنزیر کا نام لینے سے وُضُو ٹوٹ جاتا ہے یہ غَلَط ہے۔ (۵) دَورانِ وُضو اگر رِیح خارِج ہو یا کسی سبب سے وضو ٹوٹ جائے تو نئے سِرے سے وُضو کرلیجئے پہلے دُھلے ہوئے اَعْضاء بے دُھلے ہوگئے۔[5] (٦) قرآنِ پاک یا اس کی کسی آیت کو یا کسی بھی زَبان میں قرانِ پاک کا ترجَمہ ہو اسکو بے وُضو چُھونا حرام ہے۔[6] (۷) آیت کو بے چُھوئے دیکھ کر یا زَبانی بے وُضو پڑھنے میں حَرَج نہیں۔

---

[1] الدر المختار معہ ردالمحتار ج ۱ ص ۲۸٦ [2] اَیضاً [3] الدر المختار معہ ردالمحتار ج ۱ ص ۲۸٦ [4] فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۲ [5] ماخوذ از: فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۲۵۵ رضا فاؤنڈیشن [6] فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۳۸ ۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہو گیا۔

یـارَبَّ الـمصطفٰے عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم ہمیں اِسراف سے بچتے ہوئے شَرْعی وُضو کے ساتھ ہر وقت باوُضو رہنا نصیب فرما۔ اٰمین بِجاہِ النّبیِّ الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

## وُضو میں پانی کا اِسراف

آج کل اکثر لوگ وُضو میں تیز نل کھول کر بے تحاشہ پانی بہاتے ہیں۔ حتّٰی کہ بعض تو وُضو خانے پر آتے ہی پہلے نل کھولتے ہیں اس کے بعد آستین چڑھاتے ہیں اُتنی دیر تک مَعاذَ اللہ عَزَّوَجَلَّ پانی ضائع ہوتا رہتا ہے، اِسی طرح مَسح کے دَوران اکثریت نل کھلا چھوڑ دیتی ہے! ہم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈر کر اِسراف سے بچنا چاہئے، قِیامت کے روز ذرّہ ذرّہ اور قطرہ قطرہ کا حساب ہوگا۔ اِسراف کی مَذَمَّت میں چار احادیثِ مبارَکہ سنئے اور خوفِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ سے لرزیئے۔

## (۱) جاری نَہَر پر بھی اِسراف

اللہ کے پیارے رسول، رسولِ مقبول، سیِّدہ آمِنہ کے گلشن کے مہکتے

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُودِ پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہو گیا۔

پھول عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرتِ سیِّدُنا سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر گزرے تو وہ وُضو کر رہے تھے۔ ارشاد فرمایا، یہ اِسراف کیسا؟ عَرض کی، کیا وُضو میں بھی اِسراف ہے؟ فرمایا، "ہاں اگرچہ تم جاری نَہر پر ہو"۔ [1]

## اعلیحضرت کا فتویٰ

میرے آقا اعلیٰحضرت، امامِ اہلسنّت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اِس حدیث کے تَحت فرماتے ہیں، حدیث نے نَہرِ جاری میں بھی اِسراف ثابت فرمایا اور اِسراف شَرع میں مذموم ہی ہو کر آیا ہے۔ آیۂ کریمہ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ (ترجَمۂ کنز الایمان: بے شک بے جا خَرچنے والے اسے پسند نہیں۔ پ ٨ الانعام ١٤١) مُطلَق ہے تو یہ اِسراف بھی مذموم و ممنوع ہی ہوگا **بلکہ خود اِسراف فی الْوُضو میں صِیغۂ نَہْی وارِد اور نَہْیِ حقیقۃً مُفیدِ تَحْرِیم۔** (یعنی وُضو میں اِسراف کی نَہی (مُمانَعت) کا حکم آیا ہے اور حقیقت میں مُمانَعت کا حکم حرام ہونے کو فائدہ دیتا ہے۔) [2]

مدینہ

[1] ابنِ ماجہ، حدیث ٤٢٥، ج ١ ص ٢٥٤ دار المعرفہ بیروت [2] فتاویٰ رضویہ شریف تخریج شدہ ج اول ص ٧٣١

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# مفتی احمد یار خان کی تفسیر

**مُفَسِّرِ** شہیر حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ المنّان **اعلیٰحضرت** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے فتوےٰ میں پیش کردہ سُورۃُ الْاَنعام کی آیتِ کریمہ نمبر ۱۴۱ کے تحت **بے جا خَرْچ** (یعنی اِسراف) کی تفصیل بیان کرتے ہوئے رَقَم طراز ہیں، ''ناجائز جگہ پر خرچ کرنا بھی بے جا خَرْچ ہے اور سارا مال خَیرات کر کے بال بچّوں کو فقیر بنا دینا بھی بے جا خَرْچ ہے، ضَرورت سے زِیادہ خَرْچ بھی بے جا خَرْچ ہے اِسی لئے اَعْضائے وُضو کو (بِلا اجازتِ شَرْعی) چار بار دھونا اِسراف مانا گیا ہے۔''[1]

# (۲) اسراف نہ کر

**حضرتِ** سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں، اللہ کے محبوب، دانائے غُیُوب، **مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب** عزّوجلّ وصلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے ایک شَخْص کو وُضو کرتے دیکھا فرمایا، ''اِسراف نہ کر اِسراف نہ کر۔''[2]

مدینہ

[1] نورُالعرفان ص ۲۳۲ [2] ابنِ ماجہ، حدیث ۴۳۴ ج ۱ ص ۲۵۴ دار المعرفہ بیروت

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) : جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

## (۳) اِسراف شیطانی کام ہے

حضرت سیِّدُ نا اَنَس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رِوایت ہے، وُضُو میں بہُت سا پانی بہانے میں کچھ خیر (بھلائی) نہیں اور وہ کام شیطان کی طرف سے ہے۔[1]

## (٤) جنّت کا سفید مَحَل مانگنا کیسا؟

حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ ابنِ مُغَفَّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے کو اِس طرح دعا مانگتے سنا کہ الٰہی عزوجل ! میں تجھ سے جنّت کا داہنی طرف والا سفید مَحَل مانگتا ہوں۔ تو فرمایا کہ اے میرے بچّے ! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے جنّت مانگو اور دوزخ سے اُس کی پناہ مانگو۔ میں نے رسولُ اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کو فرماتے سنا کہ اِس اُمّت میں وہ قوم ہو گی جو وُضُو اور دُعا میں حد سے تجاوُز کیا کرے گی۔[2]

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو ! مفسّرِ شہیر حضرتِ مفتی

مدینہ

[1] کنزُ العمّال رقم الحدیث ۲۶۲۵۵ ج ۹ ص ۱٤٤ [2] ابو داوٗد حدیث ۹۶ ج ۱ ص ٦٨ دار احیاء التراث العربی۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم): جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

احمد یار خان علیہ رحمۃ المنّان اِس حدیثِ پاک کے تَحت فرماتے ہیں، ''دعا میں تجاوُز (یعنی حد سے بڑھنا) تو یہ ہے کہ ایسی بات کا تعیُّن کیا جائے جس کی ضَرورت نہیں جیسے ان کے صاحبزادہ نے کیا۔ فِردَوس (جو کہ سب سے اعلیٰ جنّت ہے اُس کا) مانگنا بہتر ہے کہ اِس میں شخصی تعیُّن نہیں نوعی تقرُّر ہے اِس کا حکم دیا گیا ہے وُضو میں حد سے بڑھنا ۲ طرح سے ہوسکتا ہے (۳ تین بار دھونے کے بجائے) تعداد میں زِیادَتی اور عُضْو کی حد میں زِیادَتی جیسے پاؤں گُھٹنے تک دھونا اور ہاتھ بغل تک کہ یہ ۲ دونوں باتیں ممنوع ہیں۔ [1]

## بُرا کیا ظُلم کیا

ایک اَعْرابی نے خدمتِ اقدس حُضور سیِّدِ عالَم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں حاضِر ہوکر وُضو کے بارے میں پوچھا، حُضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اُنہیں وُضو کر کے دِکھایا جس میں ہر عُضْو ۳ تین ۳ تین بار دھویا پھر فرمایا، وُضو اِس

[1] مراٰۃ ج اول ص ۲۳۹

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

طرح ہے، تو جو اِس سے زائد کرے یا کم کرے اُس نے بُرا کیا اور ظلم کیا۔ ۱

## عملی طور پر وُضو سیکھئے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اِس حدیثِ پاک سے معلوم ہوا کہ سکھانے کیلئے خود عملی طور پر وُضو کر کے دوسرے کو دِکھانا سنّت سے ثابت ہے۔ مُبلّغین کو چاہئے کہ اِس پر عمل کرتے ہوئے بِغیر اِسراف کے صِرْف حسبِ ضَرورت پانی بہا کر تین تین بار اَعضاء دھو کر وُضو کر کے اسلامی بھائیوں کو دِکھائیں۔ ہرگز بلا حاجتِ شَرْعی کوئی عُضْو چار بار نہ دُھلے اِس کا خیال رکھا جائے، پھر جو بخوشی اپنی اِصْلاح کروانا چاہے وہ بھی وُضو کر کے مبلّغ کو دِکھائے اور اپنی غَلَطیاں دُور کروائے۔ دعوتِ اسلامی کے **سنّتوں کی تربیت** کے مَدَنی قافِلوں میں **عاشِقانِ رسول** کی صُحبت میں یہ مَدَنی کام اَحسن طریقے پر ہو سکتا ہے۔ دُرُست وُضو کرنا ضَرور ضَرور سیکھ لیجئے۔ صِرْف ایک



۱ نسائی ج ۱ ص ۸۸ دار الجیل بیروت

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

آدھ بار **وضو کا طریقہ** پڑھ لینے سے صحیح معنوں میں وُضو کرنا آجائے یہ بہُت مشکِل ہے۔ بار بار مَشق کرنی ہوگی۔

## مسجد اور مَدرَسے کے پانی کا اِسراف

**مسجِد** و مَدرَسہ وغیرہ کے وُضوخانہ میں جو پانی ہوتا ہے وہ ''وَقف'' کے حکم میں ہوتا ہے۔ اِس کے اور اپنے گھر کے پانی کے اَحکام میں فَرق ہوتا ہے۔ جو لوگ مسجِد کے وُضوخانے پر بے دردی کے ساتھ پانی بہاتے ہیں بلکہ وُضو میں بِلا ضَرورت فَقَط غَفلت یا جَہالت کے سبب تین۳ سے زائد مرتبہ اَعْضاء دھوتے ہیں وہ اِس مُبارَک فتویٰ پر خوب غور فرمالیں، خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ سے لرزیں اور آئندہ کیلئے توبہ کرلیں۔ چُنانچِہ میرے آقا اعلیٰحضرت ،اِمامِ اَہلسنّت، ولیِ نِعمت، عظیمُ البَرَکت، عظیمُ المَرتَبت، پروانۂِ شمعِ رِسالت ،مُجَدِّدِ دین ومِلَّت، حامیِ سنّت ، ماحِیِ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت ، پیرِ طریقت، باعِثِ خَیر وبَرَکت،

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

حضرتِ علّامہ مولینا الحاج الحافِظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان علیہ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں، ''اگر وَقْف پانی سے وُضو کیا تو زِیادہ خرچ کرنا بِالاِتِّفاق حرام ہے کیوں کہ اِس میں زیادہ خرچ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی اور مدارِس کا پانی اِسی قسم کا ہوتا ہے جو کہ صِرف ان ہی لوگوں کیلئے وَقْف ہوتا ہے جو شَرْعی وُضو کرتے ہیں۔'' [1]

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جو اپنے آپ کو اِسراف سے نہیں بچا پاتا اُسے چاہئے کہ مملوکہ (یعنی اپنی مِلکیت کے) مَثَلاً اپنے گھر کے پانی سے وُضو کرے۔ مَعاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ذاتی پانی کے اِسراف کی کُھلی چھوٹ ہے بلکہ گھر میں خوب مَشْق کر کے شَرْعی وُضو سیکھ لے تا کہ مسجد کے پانی کا اِسراف کر کے حرام کا مُرتکب نہ ہو۔

مدینہ

[1] فتاویٰ رضویہ شریف تخریج شدہ ج اوّل ص ٦٥٨ رضا فاؤنڈیشن

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

# "احمد رضا" کے سات حُرُوف کی نسبت سے اعلیٰحضرت کی طرف سے اِسراف سے بچنے کی 7 تدابیر

مدنی پھول ۱: **بعض** لوگ چلّو لینے میں پانی ایسا ڈالتے ہیں کہ اُبل جاتا ہے حالانکہ جو گرا بیکار گیا اس سے اِحتیاط چاہیے۔

مدنی پھول ۲: **ہر** چلّو بھرا ہونا ضروری نہیں بلکہ جس کام کیلئے لیں اُس کا اندازہ رکھیں مَثَلاً ناک میں نَرْم بانسے تک پانی چڑھانے کو پورا چلّو کیا ضرور نصف (یعنی آدھا) بھی کافی ہے بلکہ بھرا چلّو کُلّی کیلئے بھی درکار نہیں۔

مدنی پھول ۳: **لوٹے** کی ٹونٹی مُتَوَسِّط مُعتَدِل چاہیے کہ نہ ایسی تنگ کہ پانی بدیر (یعنی دیر میں) دے نہ فَراخ (یعنی کُشادہ) کہ حاجت سے زِیادہ گرائے، اس کا فَرق یُوں معلوم ہوسکتا ہے کہ کٹوروں میں پانی لے کر وضو کیجئے تو بَہُت خَرچ ہوگا یُونہی فَراخ (یعنی کُشادہ ٹونٹی) سے بہانا زِیادہ خرچ کا باعث

ہے۔ اگر لوٹا ایسا (یعنی کشادہ ٹونٹی والا) ہو تو احتیاط کرے پُوری دھار نہ گرائے بلکہ باریک۔ (نَل کھولنے میں بھی انہیں باتوں کا خیال رکھئے)

**اَعْضاء** دھونے سے پہلے اُن پر بھیگا ہاتھ پھیر لے کہ پانی جلد دوڑتا ہے اور تھوڑا (پانی)، بہُت (پانی) کا کام دیتا ہے خُصُوصاً موسِمِ سرما (یعنی سردیوں) میں اِس کی زِیادہ حاجت ہے کہ اَعْضاء میں خشکی ہوتی ہے اور بہتی دھار بیچ میں جگہ خالی چھوڑ دیتی ہے جیسا کہ مُشاھَدہ (یعنی دیکھی بھالی بات) ہے۔

**کلائیوں** پر بال ہوں تو تَرشوا دیں کہ اُن کا ہونا پانی زِیادہ چاہتا ہے اور مُونڈنے سے سَخْت ہو جاتے ہیں اور تَراشنا مشین سے بہتر کہ خوب صاف کر دیتی ہے اور سب سے اَحْسن و افضل نُورہ (ایک طرح کا بال صفا پاؤڈر) ہے کہ ان اَعْضاء میں یِہی سنّت سے ثابت۔ چُنانچہ

فرمانِ مصطفٰی (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

**اُمُّ المؤمنین** سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا فرماتی ہیں: رسولُ اللہ عَزَّوَجَلَّ و صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم جب نُورہ کا استِعمال فرماتے تو سَترِ مقدّس پر اپنے دستِ مبارَک سے لگاتے اور باقی بدنِ منوّر پر اَزْوَاجِ مُطَہَّرات رضی اللہ تعالٰی عنہن لگادیتیں۔[1] اور ایسا نہ کریں تو دھونے سے پہلے پانی سے خوب بھگولیں کہ سب بال بچھ جائیں ورنہ کھڑے بال کی جَڑ میں پانی گزر گیا اور نوک سے نہ بہا تو وُضو نہ ہوگا۔

**مدنی پھول ۱** **دست و پا** (ہاتھ و پاؤں) پر اگر لوٹے سے دھار ڈالیں تو ناخنوں سے کہنیوں یا (پاؤں کے) گٹّوں کے اوپر تک **عَلَی الْاِتِّصَال** (یعنی مسلسل) اُتاریں کہ ایک بار میں ہر جگہ پر ایک ہی بار گرے پانی جبکہ گر رہا ہے اور ہاتھ کی رَوانی (ہل جل) میں دیر ہوگی تو ایک جگہ پر مکرّر (یعنی بار بار) گرے گا۔ (اور اس طرح اسراف کی صورت پیدا ہوسکتی ہے)

**مدنی پھول ۲** **بعض** لوگ یُوں ہی کرتے ہیں کہ ناخن سے کُہنی تک یا (پاؤں کے) گٹّے

مدینہ

[1] ابنِ ماجه، حديث ۳۷۱۵، ج ٤، ص ۲۲۵ دار المعرفه بيروت

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

تک بہاتے لائے پھر دوبارہ سہ بارہ کیلئے جو ناخن کی طرف لے گئے تو ہاتھ نہ روکا بلکہ دھار جاری رکھی ایسا نہ کریں کہ تثلیث کے عوض (یعنی تین بار کے عوض) پانچ بار ہو جائے گا بلکہ ہر بار کُہنی یا (پاؤں کے) گٹّے تک لاکر دھار روک لیں اور رُکا ہوا ہاتھ ناخنوں تک لے جا کر وہاں سے پھر اجراء (پانی بہانا شروع) کریں کہ سنّت یہی ہے کہ ناخن سے کُہنیوں یا گِٹّوں تک پانی بہے نہ اس کا عکس۔ (یعنی کہنی یا گِٹّے سے ناخنوں کی طرف پانی بہاتے ہوئے لے جانا سنّت نہیں)

**قول** جامع یہ ہے کہ سلیقے سے کام لیں۔ امامِ شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا خوب فرمایا، ”سلیقے سے اُٹھاؤ تو تھوڑا بھی کافی ہو جاتا ہے اور بد سلیقگی پر تو بہت (سا) بھی کفایت نہیں کرتا۔“ [1]

مدینہ

[1] از افادات: فتاویٰ رضویہ شریف تخریج شدہ ج اوّل ص ۷۶۵ تا ۷۷۰ رضا فاؤنڈیشن

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

# ”یا ربّ اِسراف سے بچا“ کے چودہ حُرُوف کی نسبت سے اِسراف سے بچنے کیلئے 14 مَدَنی پھول

﴿۱﴾ **آج** تک جتنا بھی ناجائز اِسراف کیا ہے، اُس سے توبہ کر کے آئندہ بچنے کی بھرپور کوشش شُروع کیجئے۔

﴿۲﴾ **غور و فکر** کیجئے کہ ایسی صورت مُتَعَیَّن ہو جائے کہ وُضو اور غسل بھی سنّت کے مطابِق ہو اور پانی بھی کم سے کم خَرْچ ہو۔ اپنے آپ کو ڈرایئے کہ قِیامت میں ایک ایک ذرّہ اور قطرہ قطرہ کا حساب ہونا ہے۔

﴿۳﴾ **وُضو** کرتے وقت نل اِحْتِیاط سے کھولئے، دَورانِ وُضو مُمکِنہ صورت میں ایک ہاتھ نل کے دستے پر رکھئے اور ضَرورت پوری ہونے پر بار بار نل بند کرتے رہئے۔

﴿۴﴾ **نل** کے مقابلے میں لوٹے سے وُضو کرنے میں پانی کم خَرْچ ہوتا ہے جس کیلئے مُمکِن ہو وہ لوٹے سے وُضو کرے، اگر نل کے بِغیر گزارہ نہیں تو مُمکِنہ صورت میں یہ بھی کیا جا سکتا ہے کہ جن جن اَعْضاء میں آسانی ہو وہ

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

لوٹے سے دھولے۔نل سے وُضو کرنا جائز ہے،بس کسی طرح بھی اِسراف سے بچنے کی صورت نکالنی چاہئے۔

٥ مِسواک، کُلّی، غَرغَرہ، ناک کی صَفائی، داڑھی اور ہاتھ پاؤں کی اُنگلیوں کا خِلال اور مَسْح کرتے وقت ایک بھی قطرہ نہ ٹپکتا ہو یوں اچھی طرح نل بند کرنے کی عادت بنایئے۔

٦ بالخُصُوص سردیوں میں وُضو یا غسل کرنے نیز برتن اور کپڑے وغیرہ دھونے کیلئے گَرْم پانی کے حُصول کی خاطر پائپ میں جَمْع شُدہ ٹھنڈا پانی یوں ہی بہا دینے کے بجائے کسی برتن میں پہلے نکال لینے کی ترکیب بنایئے۔

٧ ہاتھ یا منہ دھونے کیلئے صابون کا جھاگ بنانے میں بھی پانی احتیاط سے خَرْچ کیجئے۔ مَثَلاً ہاتھ دھونے کیلئے چلّو میں پانی کے تھوڑے قطرے ڈال کر صابون لیکر جھاگ بنایا جا سکتا ہے اگر پہلے سے صابون ہاتھ میں لیکر پانی ڈالیں گے تو پانی زِیادہ خَرْچ ہو سکتا ہے۔

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

**استعمال** کے بعد ایسی صابون دانی میں صابون رکھئے جس میں پانی بالکل نہ ہو، جان بوجھ کر پانی میں رکھ دینے سے صابون گُھل کر ضائع ہوگا۔ ہاتھ دھونے کے بیسن کے کناروں پر بھی صابون نہ رکھا جائے کہ پانی کی وجہ سے جلدی گُھل جاتا ہے۔

**پی چکنے** کے بعد گلاس میں بچا ہوا پھینک دینے کے بجائے دوسرے کو پلا دیجئے یا کسی اور استعمال میں لے لیجئے۔

**پھل**، کپڑے، برتن اور فرش بلکہ چائے کا کپ یا ایک چمچ بھی دھوتے وقت اِس قدر زِیادہ غیر ضَروری پانی بہانے کا آج کل رَواج ہے کہ حَسّاس اور دل جلے آدمی سے دیکھا نہیں جاتا!!!! اے کاش!

دل میں اُتر جائے مری بات

**اکثر** گھروں میں خوامخواہ دن رات بتّیاں جلتی اور پنکھے چلتے رہتے ہیں، ضَرورت پوری ہوجانے کے بعد بتّیاں اور پنکھے وغیرہ بند کردینے کی

عادت بنایئے ،ہم سبھی کو حسابِ آخرت سے ڈرنا اور ہر معاملے میں اِسراف سے بچتے رہنا چاہئے۔

12 استنجاء خانہ میں لوٹا استعمال کیجئے کہ فوارے سے طہارت کرنے میں پانی بھی زیادہ خرچ ہوتا ہے اور پاؤں بھی اکثر آلودہ ہوجاتے ہیں۔ ہر ایک کو چاہئے کہ ہر بار پیشاب کرنے کے بعد ایک لوٹا پانی لیکر .W.C کے کناروں پر تھوڑا سا بہائے پھر قدرے اوپر سے (مگر چھینٹوں سے بچتے ہوئے) بڑے سوراخ میں ڈال دیا کرے ان شاء اللہ عزوجل بدبو اور جراثیم کی افزائش میں کمی ہوگی۔ "فلش ٹینک" سے صفائی میں پانی بہت زیادہ صَرف ہوتا ہے۔

13 نل سے قطرے ٹپکتے رہتے ہوں تو فوراً اِس کا حل نکالئے ورنہ پانی ضائع ہوتا رہے گا۔ بسا اوقات مساجد و مدارس کے نل ٹپکتے رَہتے ہیں مگر کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا اِنتظامیہ کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنی آخرت کی

بہتری کیلئے فوراً کوئی ترکیب کرنی چاہئے۔

کھانا کھانے، چائے یا کوئی مشروب پینے، پھل کاٹنے وغیرہ مُعاملات میں خوب احتیاط فرمایئے تاکہ ہر دانہ، ہر غذائی ذرّہ اور ہر قطرہ استعمال ہوجائے۔

یاربِّ مصطفےٰ عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم ہمیں اسراف سے بچتے ہوئے شرعی وضو کے ساتھ ہر وقت باوضو رہنا نصیب فرما۔

اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

**یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے**

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کر کے ثواب کمایئے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذریعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے۔

صَلُّوا عَلَی الحَبیب ! صَلَّی اللّٰہ تَعالیٰ عَلیٰ مُحَمَّد

# وُضو اور سَائنس




وضو کی حکمت کے سبب قبولِ اسلام 67
وضو اور ہائی بلڈ پریشر 69
قوتِ حافظہ کیلئے 72
منہ کے چھالے کا علاج 73
ٹوتھ برش کے نقصانات 73
ہاتھ دھونے کی حکمتیں 77
اندھاپن سے تحفظ 82
پاگلوں کا ڈاکٹر 84
انسان چاند پر 87
نور کا کھلونا 89
باطنی وضو 94
سنت سائنسی تحقیق کی محتاج نہیں 95


وَرق الٹیے۔۔

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

بقیع

# وُضواور سائنس (تخریج شدہ)

اس رسالے میں ملاحظہ فرمائیے۔

وُضواور ہائی بلڈ پریشر

قوت حافظہ کیلئے

منہ کے چھالے

ٹوتھ برش کے نقصانات

اندھاپن سے تحفُّظ

باطنی وُضو

ورق الٹیے ----

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# وضو اور سائنس[1]

**صرف 32 صفحات پرمبنی یہ بیان مکمّل پڑھ لیجئے اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ وُضُو کے بارے میں حیرت انگیز معلومات سے مالا مال ہوں گے**

اللہ کے محبوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے، ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر آپس میں مَحَبَّت رکھنے والے جب باہم ملیں اور مُصافَحہ کریں اور نبی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر دُرُود پاک پڑھیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے دونوں کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔'' (مُسند ابی یعلی ج۳ ص۹۵ حدیث ۲۹۵۱ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلٰی محمّد

---

[1] یہ بیان امیر اہلسنّت (دامت برکاتہم العالیہ) نے تبلیغ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، دعوتِ اسلامی کے طلباء کے دوروزہ اجتماع (محرم الحرام ۱۴۲۱ھ) نواب شاہ پاکستان میں فرمایا۔ ضروری ترمیم کے ساتھ تحریراً حاضرِ خدمت ہے۔ ۔عبید الرضا ابن عطار

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

# وُضو کی حکمت کے سبب قبولِ اسلام

**ایک** صاحب کا بیان ہے، میں نے بیلجیئم میں یونیورسٹی کے ایک طالبِ عِلم کو اِسلام کی دعوت دی۔ اُس نے سُوال کیا، وُضُو میں کیا کیا سائنسی حِکمتیں ہیں؟ میں لاجواب ہوگیا۔ اُس کو ایک عالِم کے پاس لے گیا لیکن اُن کو بھی اِس کی معلومات نہ تھیں۔ یہاں تک کہ سائنسی معلومت رکھنے والے ایک شخص نے اُس کو وُضو کی کافی خوبیاں بتائیں مگر گردن کے مَسْح کی حکمت بتانے سے وہ بھی قاصر رہا۔ وہ چلا گیا۔ کچھ عَرصے کے بعد آیا اور کہنے لگا، ہمارے پروفیسر نے دَورانِ لیکچر بتایا، **"اگر گردن کی پُشت اور اَطراف پر روزانہ پانی کے چند قطرے لگادیئے جائیں تو رِیڑھ کی ہڈّی اور حرام مَغز کی خرابی سے پیدا ہونے والے اَمراض سے تَحَفُّظ حاصل ہوجاتا ہے"**۔ یہ سن کر وُضو میں گردن کے مَسْح کی حکمت میری سمجھ میں آ گئی لہٰذا میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں اور وہ مسلمان ہوگیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

# مغرِبی جرمنی کا سیمینار

**مغرِبی** ممالِک میں مایوسی یعنی(DEPRESSION) کا مرض ترقّی پر ہے، دِماغ فَیل ہورہے ہیں، پاگل خانوں کی تعداد میں اِضافہ ہوتا جارہا ہے۔ نفسیاتی اَمراض کے ماہِرین کے یہاں مریضوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ مغرِبی جرمنی کے ڈِپلومہ ہولڈر ایک پاکستانی فِزیوتھراپسٹ کا کہنا ہے، مغرِبی جرمنی میں ایک سَیمینار ہوا جس کا مَوضُوع تھا ''مایوسی (DEPRESSION) کا علاج اَدوِیات کے علاوہ اور کن کن طریقوں سے ممکن ہے۔'' ایک ڈاکٹر نے اپنے مَقالے میں یہ حیرت اَنگیز انکِشاف کیا کہ ''میں نے ڈِپریشن کے چند مریضوں کے روزانہ پانچ بار مُنہ دُھلائے کچھ عرصے بعد ان کی بیماری کم ہوگئی۔ پھر ایسے ہی مریضوں کے دوسرے گروپ کے روزانہ پانچ بار ہاتھ، منہ اور پاؤں دُھلوائے تو مرض میں بُہت اِفاقہ ہوگیا۔ یِہی ڈاکٹر اپنے مَقالے کے آخِر میں اِعتراف کرتا ہے، **مسلمانوں**

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالٰی اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

میں مایوسی کا مرض کم پایا جاتا ہے کیوں کہ وہ دن میں کئی مرتبہ ہاتھ، مُنہ اور پاؤں دھوتے (یعنی وُضو کرتے) ہیں۔"

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صَلَّى اللّٰهُ تعالٰى عَلٰى محمّد

## وُضو اور ھائی بلڈپریشر

**ایک** ہارٹ اِسپیشلسٹ کا بڑے وُثوق کے ساتھ کہنا ہے، ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو وُضُو کرواؤ پھر اس کا بلڈ پریشر چیک کرو لازِماً کم ہوگا۔ ایک مسلمان ماہِر نفسیات ڈاکٹر کا قول ہے" **نفسیاتی اَمراض کا بہترین عِلاج وُضو ہے۔**" مغرِبی ماہِرین نفسیاتی مریضوں کو وُضو کی طرح روزانہ کئی بار بدن پر پانی لگواتے ہیں۔

## وُضُو اور فالِج

**وُضو** میں جو ترتیب وار اَعضاء دھوئے جاتے ہیں یہ بھی حِکمت سے خالی نہیں۔ پہلے ہاتھوں کو پانی میں ڈالنے سے جسم کا اَعصابی نِظام مُطَّلَع ہو جاتا

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

ہے اور پھر آہستہ آہستہ چہرے اور دِماغ کی رگوں کی طرف اِسکے اثرات پہنچتے ہیں۔ وُضُو میں پہلے ہاتھ دھونے پھر کُلّی کرنے پھر ناک میں پانی ڈالنے پھر چہرہ اور دیگر اَعضاء دھونے کی ترتیب **فالج** کی روک تھام کیلئے مفید ہے۔ اگر چہرہ دھونے اور مَسح کرنے سے آغاز کیا جائے تو بدن کئی بیماریوں میں مُبتَلا ہوسکتا ہے!

## مسواک کا قَدردان

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!** وُضو میں مُتَعَدَّد سُنّتیں ہیں اور ہر سنّت مَخزنِ حکمت ہے۔ مِسواک ہی کو لے لیجئے! بچّہ بچّہ جانتا ہے کہ وُضُو میں مِسواک کرنا سنّت ہے اور اِس سنّت کی بَرَکتوں کا کیا کہنا! ایک بیوپاری کا کہنا ہے، "سوئیزرلینڈ میں ایک نومسلم سے میری ملاقات ہوئی، اس کو میں نے تُحفۃً مِسواک پیش کی، اُس نے خوش ہوکر اسے لیا اور چوم کر آنکھوں سے لگایا اور ایکدم اُس کی آنکھوں سے آنسو چھلک پڑے، اُس نے جیب سے ایک رومال

نکلا اس کی تہ کھولی تو اس میں سے تقریباً دو اِنچ کا چھوٹا سا **مسواک** کا ٹکڑا برآمد ہوا۔ کہنے لگا میری اِسلام آوری کے وقت مسلمانوں نے مجھے یہ تُحفہ دیا تھا۔ میں بَہُت سنبھال سنبھال کر اِس کو اِستعمال کر رہا تھا یہ خَتْم ہونے کو تھا لہٰذا مجھے تشویش تھی کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے کرم فرمایا اور آپ نے مجھے مسواک عنایت فرمادی۔ پھر اُس نے بتایا کہ ایک عرصے سے میں دانتوں اور مَسُوڑھوں کی تکلیف سے دوچار تھا۔ ہمارے یہاں کے ڈینٹِسٹ سے ان کا علاج بن نہیں پڑ رہا تھا۔ میں نے اِس **مسواک** کا اِستعمال شروع کیا تھوڑے ہی دِنوں میں مجھے اِفاقہ ہوگیا۔ میں ڈاکٹر کے پاس گیا تو وہ حیران رہ گیا اور پوچھنے لگا، میری دوا سے اِتنی جلدی تمہارا مرض دُور نہیں ہوسکتا، سوچو کوئی اور وجہ ہوگی۔ میں نے جب ذِہن پر زور دیا تو خیال آیا کہ میں مسلمان ہوچکا ہوں اور یہ ساری بَرَکت **مسواک** ہی کی ہے۔ جب میں نے ڈاکٹر کو **مسواک** دکھائی تو وہ حیرت سے دیکھتا ہی رَہ گیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلٰی محمّد

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

# قُوّتِ حافظہ کیلئے

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!** مِسواک میں بیشمار دینی و دُنیوی فوائد ہیں۔ اس میں مُتعدَّد کیمیاوی اَجزاء ہیں جو دانتوں کو ہر طرح کی بیماری سے بچاتے ہیں۔

حاشِیَۃُ الطَّحطاوِی میں ہے:

**"مِسواک سے قوّتِ حافِظہ بڑھتی، دردِ سر دُور ہوتا اور سَر کی رگوں کو سکون ملتا ہے، اِس سے بلغم دُور، نظر تیز، مِعدہ دُرُست اور کھانا ہَضْم ہوتا ہے، عَقْل بڑھتی، بچّوں کی پیدائش میں اِضافہ ہوتا، بُڑھاپا دیر میں آتا اور پیٹھ مضبوط ہوتی ہے۔"** (ملخصًا حاشِیۃُ الطَّحْطاوِی ص ۶۸)

## مِسواک کے بارے میں تین احادیثِ مبارکہ

(۱) جب سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم اپنے مبارَک گھر میں داخِل ہوتے تو سب سے پہلے مِسواک کرتے"۔ (صحیح مسلم شریف ج۱ ص۱۲۸ افغانستان)

**فرمانِ مصطفٰے** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

(۲) جب سرکارِ نامدار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم نیند سے بیدار ہوتے تو مِسواک کرتے۔(ابوداؤد ج۱ ص۳٦ حدیث ۵۷ دارِ احیاء التراث العربی) (۳) تم مِسواک کو لازِم پکڑلو کہ یہ مُنہ کو پاک کرنے والی اور ربّ تعالیٰ کو راضی کرنے والی ہے۔

(مُسند امام احمد ج۲ ص٤۳۸ حدیث ۵۸٦۹ دارالفکر بیروت)

## مُنہ کے چھالے کا عِلاج

**اَطِبّاء** کا کہنا ہے، ''بعض اَوقات گرمی اور مِعدہ کی تیز ابیَّت سے مُنہ میں چھالے پڑجاتے ہیں اور اِس مرض سے خاص قسم کے جراثیم منہ میں پھیل جاتے ہیں۔اِس کیلئے منہ میں تازہ مِسواک ملیں اور اس کے لُعاب کو کچھ دیر تک منہ کے اندر پھراتے رہیں۔اس طرح کئی مریض ٹھیک ہوچکے ہیں۔''

## ٹوتھ برش کے نقصانات

**ماہرین** کی تحقیق کے مطابق ''80 فیصد امراض مِعدہ اور دانتوں کی خرابی سے پیدا ہوتے ہیں۔''عُموماً دانتوں کی صَفائی کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

مَسُوڑھوں میں طرح طرح کے جراثیم پرورِش پاتے پھر معدے میں جاتے اور طرح طرح کے اَمراض کا سبب بنتے ہیں۔ یاد رہے! ''ٹُوتھ برش'' مِسواک کا نِعْمُ البَدَل نہیں۔ بلکہ ماہرین نے اِعتِراف کیا ہے:۔ (۱) جب برش کو ایک بار اِستِعمال کر لیا جاتا ہے تو اُس میں جراثیم کی تہ جم جاتی ہے پانی سے دُھلنے پر بھی وہ جراثیم نہیں جاتے بلکہ وَہیں نَشوونُما پاتے رَہتے ہیں۔ (۲) برش کے باعِث دانتوں کی اُوپری قُدرَتی چمکیلی تہ اُتر جاتی ہے (۳) برش کے اِستِعمال سے مَسُوڑھے آہستہ آہستہ اپنی جگہ چھوڑتے جاتے ہیں جس سے دانتوں اور مَسُوڑھوں کے درمیان خَلاء (GAP) پیدا ہو جاتا ہے اور اس میں غذا کے ذرّات پھنستے، سڑتے اور جراثیم اپنا گھر بناتے ہیں اِس سے دیگر بیماریوں کے علاوہ آنکھوں کے طرح طرح کے اَمراض بھی جَنَم لیتے ہیں۔ اِس سے نظر کمزور ہو جاتی ہے بلکہ بعض اوقات آدَمی اندھا ہو جاتا ہے۔

## کیا آپ کو مسواک کرنا آتا ہے؟

**ہوسکتا** ہے آپ کے دل میں یہ خیال آئے کہ میں تو برسوں سے

مِسواک اِستِعمال کرتا ہوں مگر میرے تو دانت اور پیٹ دونوں ہی خراب ہیں! میرے بھولے بھالے اِسلامی بھائی! اس میں مِسواک کا نہیں آپ کا اپنا قُصُور ہے۔ میں (سگِ مدینہ عُفِیَ عَنہُ) اِس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ آج شاید لاکھوں میں سے کوئی ایک آدھ ہی ایسا ہو جو صحیح اُصولوں کے مطابِق مِسواک اِستِعمال کرتا ہو، ہم لوگ اکثر جلدی جلدی دانتوں پر مِسواک مَل کر وُضو کر کے چل پڑتے ہیں۔ یعنی یوں کہئے کہ ہم مِسواک نہیں بلکہ ''رسمِ مِسواک'' ادا کرتے ہیں۔

## ''مسواک کرنا سنّت ھے'' کے ۱۴ حُروف کی نسبت سے مِسواک کے 14 مَدَنی پھول

(۱) مِسواک کی موٹائی چُھنگلیا یعنی چھوٹی اُنگلی کے برابر ہو (۲) مِسواک ایک بالِشت سے زیادہ لمبی نہ ہو ورنہ اُس پر شیطان بیٹھتا ہے (۳) اس کے رَیشے نَرْم ہوں کہ سخت رَیشے دانتوں اور مَسُوڑھوں کے درمیان خَلاء (GAP) کا

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

باعِث بنتے ہیں (٤) مِسواک تازہ ہو تو خوب ورنہ کچھ دیر پانی کے گلاس میں بھگو کر نَرْم کر لیجئے (۵) اِس کے رَیشے روزانہ کاٹتے رہئے کہ رَیشے اُس وقت تک کارآمد رہتے ہیں جب تک ان میں تلخی باقی رہے (٦) دانتوں کی چوڑائی میں مِسواک کیجئے (۷) جب بھی مِسواک کرنا ہو کم از کم تین ۳ بار کیجئے (۸) ہر بار دھو لیجئے (۹) مِسواک سیدھے ہاتھ میں اِس طرح لیجئے کہ چھنگلیا اس کے نیچے اور بیچ کی تین ۳ اُنگلیاں اُوپر اور انگوٹھا سِرے پر ہو (۱۰) پہلے سیدھی طرف کے اوپر کے دانتوں پر پھر اُلٹی طرف کے اوپر کے دانتوں پر پھر سیدھی طرف نیچے پھر اُلٹی طرف نیچے مِسواک کیجئے (۱۱) چت لیٹ کر مِسواک کرنے سے تلّی بڑھ جانے اور (۱۲) مُٹھی باندھ کر کرنے سے بواسیر ہو جانے کا اندیشہ ہے (۱۳) مِسواک وُضو کی سنّتِ قَبلِیَہ ہے البتّہ سنّتِ مُؤَکَّدَہ اُسی وقت ہے جبکہ منہ میں بدبو ہو۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ ج۱ ص ۲۲۳ رضا فاؤنڈیشن) (١٤) مُسْتَعمَل (یعنی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

استعمال شُدہ) مِسواک کے رَیشے نیز جب یہ نا قابلِ اِستِعمال ہو جائے تو پھینک مت دیجئے کہ یہ آلۂ ادائے سنّت ہے، کسی جگہ اِحتیاط سے رکھ دیجئے یا دَفن کر دیجئے یا سَمُندر میں ڈال دیجئے۔

( تفیصلی معلومات کیلئے بہارِ شریعت حصہ ۲ ص 17 تا 18 کا مُطالعہ فرمالیجئے )

## ہاتھ دھونے کی حِکمتیں

**وُضُو** میں سب سے پہلے ہاتھ دھوئے جاتے ہیں اِس کی حکمتیں مُلاحظہ ہوں۔ مُختلِف چیزوں میں ہاتھ ڈالتے رہنے سے ہاتھوں میں مختلف کیمیاوی اَجزاء اور جراثیم لگ جاتے ہیں اگر سارا دن نہ دھوئے جائیں تو جلد ہی ہاتھ ان جلدی اَمراض میں مُبتلا ہو سکتے ہیں:۔(۱) ہاتھوں کے گرمی دانے (۲) جِلدی سوزِش (۳) ایگزیما (٤) **پھپھوندی** کی بیماریاں (٥) جِلد کی رنگت تبدیل ہو جانا وغیرہ۔ جب ہم ہاتھ دھوتے ہیں تو اُنگلیوں کے پَوروں سے شُعائیں

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قِیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

(RAYS) نکل کر ایک ایسا حلقہ بناتی ہیں جس سے ہمارا اندرونی برقی نظام مُتَحرِّک ہو جاتا ہے اور ایک حد تک برقی رَو ہمارے ہاتھوں میں سِمٹ آتی ہے اس سے ہمارے ہاتھوں میں حُسْن پیدا ہو جاتا ہے۔

## کُلّی کرنے کی حِکمتیں

**پہلے** ہاتھ دھولئے جاتے ہیں جس سے وہ جُراثیم سے پاک ہو جاتے ہیں ورنہ یہ کُلّی کے ذَرِیْعے مُنہ میں اور پھر پیٹ میں جا کر مُتَعَدَّد اَمراض کا باعِث بن سکتے ہیں۔ ہوا کے ذَرِیْعے لاتعداد مُہلِک جراثیم نیز غذا کے اَجزاء ہمارے منہ اور دانتوں میں لُعاب کے ساتھ چِپک جاتے ہیں۔ چُنانچہ وُضُو میں مِسواک اور کُلّیوں کے ذَرِیْعے منہ کی بہترین صَفائی ہو جاتی ہے۔ اگر منہ کو صاف نہ کیا جائے تو ان اَمراض کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے:۔ (۱) اَیڈز کہ اس کی اِبتِدائی علامات میں مُنہ کا پکنا بھی شامل ہے (۲) مُنہ کے کناروں کا پھٹنا (۳) منہ اور ہونٹوں کی داد

قوبا (MONILIASIS) (٤) منہ میں پَھپھُوندی کی بیماریاں اور چھالے وغیرہ۔ نیز روزہ نہ ہو تو کُلّی کے ساتھ غَرغرہ کرنا بھی سُنّت ہے۔ **اور پابندی کے ساتھ غَرغرے کرنے والا کوّے (TONSIL) بڑھنے اور گلے کے بُہت سارے اَمراض حتّٰی کہ گلے کے کینسر سے محفوظ رَہتا ہے۔**

## ناک میں پانی ڈالنے کی حِکمتیں

**پھیپھڑوں** کو ایسی ہوا درکار ہوتی ہے جو جَراثیم، دُھوئیں اور گرد وغُبار سے پاک ہو اور اس میں 80 فیصد رطُوبت یعنی تَری ہو اور جس کا دَرَجۂ حرارت نوّے دَرَجہ فارن ہائٹ سے زائد ہو۔ ایسی ہوا فَراہم کرنے کیلئے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں ناک کی نعمت سے نوازا ہے۔ ہوا کو مَرطُوب یعنی نَم بنانے کیلئے ناک روزانہ تقریباً چوتھائی گیلن نَمی پیدا کرتی ہے۔ صَفائی اور دیگر سخت کام نتھنوں کے بال سر اَنجام دیتے ہیں۔ ناک کے اندر ایک خُوردبِین (MICROSCOPIC) جھاڑو ہے۔ اِس جھاڑو میں غیر مَرئی یعنی نظر نہ آنے والے رُوئیں ہوتے ہیں جو ہوا کے

ذَرِیعے داخِل ہونے والے جراثیم کو ہلاک کر دیتے ہیں۔ نیز ان غیر مَرئی رُوؤں کے ذِمّے ایک اور دِفاعی نظام بھی ہے جسے اِنگریزی میں LYSOZUIM کہتے ہیں، ناک اِس کے ذَرِیعے سے آنکھوں کو INFECTION سے محفوظ رکھتی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! وُضو کرنے والا ناک میں پانی چڑھاتا ہے، جس سے جسم کے اس اہم ترین آلے ناک کی صفائی ہو جاتی ہے اور پانی کے اندر کام کرنے والی بَرقی رَو سے ناک کے اندرُونی غیر مَرئی رُوؤں کی کارکردَگی کو تقوِیَت پہنچتی ہے اور مسلمان وُضو کی بَرَکت سے ناک کے بیشمار پیچیدہ اَمراض سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ **دائمی نَزلہ اور ناک کے زَخم کے مریضوں کیلئے ناک کا غُسل** (یعنی وُضو کی طرح ناک میں پانی چڑھانا) **بے حد مفید ہے۔**

## چہرہ دھونے کی حِکمتیں

**آج کل** فَضاؤں میں دھوئیں وغیرہ کی آلُودَگیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ مختلف کیمیاوی مادّے سِیسہ وغیرہ مَیل کُچیل کی شکل میں آنکھوں اور چہرے وغیرہ

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

پر جمتا رَہتا ہے۔ اگر چہرہ نہ دھویا جائے تو چہرے اور آنکھیں کئی اَمراض سے دوچار ہوجائیں ایک یورپین ڈاکٹر نے ایک مقالہ لکھا جس کا نام تھا، آنکھ، پانی، صِحَّت (EYE,WATER, HEALTH) اِس میں اس نے اس بات پر زور دیا کہ ''اپنی آنکھوں کو دن میں کئی بار دھوتے رہو ورنہ تمہیں خطرناک بیماریوں سے دوچار ہونا پڑیگا'' چہرہ دھونے سے مُنہ پر کیل نہیں نکلتے یا کم نکلتے ہیں۔ ماہرِینِ حُسن وصحت اِس بات پر مُتَّفِق ہیں کہ ہر طرح کے CREAM اور LOTION وغیرہ چہرے پر داغ چھوڑتے ہیں۔ چہرے کو خوبصورت بنانے کیلئے چہرے کو کئی بار دھونا لازِمی ہے۔ ''امریکن کونسل فار بیوٹی'' کی سرکردہ ممبر ''بیچر'' نے کیا خوب اِنکشاف کیا ہے کہتی ہے، **''مسلمانوں کو کسی قسم کے کیمیاوی لوشن کی حاجت نہیں وُضُو سے اِنکا چہرہ دُھل کر کئی بیماریوں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔''** محکمۂ ماحولیات کے ماہرین کا کہنا ہے، ''چہرے کی اِلَرجی سے بچنے کیلئے اِس کو بار بار دھونا چاہئے''۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ایسا صِرف وُضُو کے

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم): جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

ذَرِیعے ہی ممکن ہے۔ اَلحَمدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! وُضو میں چِہرہ دھونے سے چِہرے کا مَساج ہو جاتا، خون کا دَوران چِہرے کی طرف رَواں ہو جاتا، مَیل کُچیل بھی اُتر جاتا اور چِہرے کا حُسن دوبالا ہو جاتا ہے۔

## اندھا پن سے تَحَفُّظ

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!** میں آنکھوں کے ایک ایسے مرض کی طرف توجُّہ دلاتا ہوں جس میں آنکھوں کی رُطُوبتِ اَصلِیَّہ یعنی اصلی تری کم یا خَتْم ہو جاتی اور مریض آہِستہ آہِستہ اندھا ہو جاتا ہے۔ طِبّی اُصول کے مُطابِق اگر بَھنووَں کو وقتاً فوقتاً تر کیا جاتا رہے تو اِس خوفناک مَرَض سے تَحَفُّظ حاصِل ہو سکتا ہے۔ اَلحَمدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! وُضو کرنے والا منہ دھوتا ہے اور اِس طرح اس کی بَھنویں تر ہوتی رہتی ہیں۔ جو خوش نصیب اپنے چِہرے پر داڑھی مبارَک سجاتے ہیں وہ سُنیں، ڈاکٹر پروفیسر جارج اَیل کہتا ہے "منہ دھونے سے داڑھی میں اُلجھے ہوئے جراثیم بہ جاتے ہیں۔ جڑ تک پانی پہنچنے سے بالوں کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

خِلال (کی سنّت ادا کرنے کی بَرَکت) سے جُوؤں کا خطرہ دُور ہوتا ہے۔ مزید **داڑھی میں پانی کی تری کے ٹھہراؤ سے گردن کے پٹھوں، تھائی رائیڈ گلینڈ اور گلے کے اَمراض سے حِفاظت ہوتی ہے۔"**

## کُہنیاں دھونے کی حکمتیں

**کُہنی** پر تین۳ بڑی رَگیں ہیں جن کا تعلُّق دِل، جِگر اور دماغ سے ہے اور جسم کا یہ حصّہ عُموماً ڈھکا رہتا ہے اگر اس کو پانی اور ہوا نہ لگے تو مُتَعَدَّد دِماغی اور اَعصابی اَمراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ **وُضو میں کُہنیوں سَمیت ہاتھ دھونے سے دل، جگر اور دِماغ کو تقویت پہنچتی ہے** اور اس طرح اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ ان کے اَمراض سے محفوظ رہیں گے۔ مزید یہ کہ کُہنیوں سَمیت ہاتھ دھونے سے سینے کے اندر ذخیرہ شُدہ رَوشنیوں سے براہِ راست اِنسان کا تعلُّق قائم ہو جاتا ہے اور روشنیوں کا ہُجُوم ایک بہاؤ کی شکل اِختیار کر لیتا ہے۔ اِس عمل سے ہاتھوں کے عَضَلات یعنی کَل پُرزے مزید طاقتور ہو جاتے ہیں۔

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

# مَسْح کی حکمتیں

سر اور گردن کے درمیان ''حَبلُ الوَرِید'' یعنی شہ رگ واقع ہے اس کا تعلُّق رِیڑھ کی ہڈّی اور حرام مَغز اور جسم کے تمام تر جوڑوں سے ہے۔ جب وُضُو کرنے والا گردن کا مَسْح کرتا ہے تو ہاتھوں کے ذَرِیعے برقی رَو نکل کر شہ رگ میں ذَخیرہ ہو جاتی ہے اور رِیڑھ کی ہڈّی سے ہوتی ہوئی جسم کے تمام اَعصابی نظام میں پھیل جاتی ہے اور اس سے اَعصابی نظام کو تُوانائی حاصِل ہوتی ہے۔

# پاگلوں کا ڈاکٹر

**ایک** صاحِب کا بیان ہے ''میں فرانس میں ایک جگہ وُضُو کر رہا تھا۔ ایک شَخْص کھڑا بڑے غور سے مجھے دیکھتا رہا۔ جب میں فارِغ ہوا تو اُس نے مجھ سے پوچھا، آپ کون اور کہاں کے وَطَنی ہیں؟ میں نے جواب دیا، میں پاکستانی مسلمان ہوں۔ پوچھا، پاکستان میں کتنے پاگل خانے ہیں؟ اِس عجیب و غریب سُوال پر میں چونکا مگر میں نے کہہ دیا، دو چار ہوں گے۔ پوچھا، ابھی تم نے کیا کیا؟ میں نے کہا،

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم): جس نے مجھ پر ایک دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

وُضو۔ کہنے لگا، کیا روزانہ کرتے ہو؟ میں نے کہا، ہاں بلکہ پانچ وقت۔ وہ بڑا حیران ہوا اور بولا میں MENTAL HOSPITAL میں سرجن ہوں اور پاگل پن کے اَسباب کی تحقیق میرا مشغلہ ہے میری تحقیق یہ ہے کہ دِماغ سے سارے بدن میں سِگنل جاتے ہیں اور اَعضاء کام کرتے ہیں ہمارا دِماغ ہر وقت FLUID (مائع) کے اندر FLOAT (یعنی تیرتا) کر رہا ہے۔ اِس لئے ہم بھاگ دوڑ کرتے ہیں اور دِماغ کو کچھ نہیں ہوتا اگر وہ کوئی RIGID (سخت) شے ہوتی تو اب تک ٹوٹ چکی ہوتی۔ دِماغ سے چند باریک رگیں (CONDUCTOR) (مُوصِل) بن کر ہمارے گردن کی پُشت سے سارے جسم کو جاتی ہیں۔ اگر بال بُہت بڑھا دیئے جائیں اور گردن کی پُشت کو خشک رکھا جائے تو اِن رگوں یعنی (CONDUCTOR) میں خُشکی پیدا ہو جانے کا خطرہ کھڑا ہو جاتا ہے اور بارہا ایسا بھی ہوتا ہے کہ اِنسان کا دِماغ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور وہ پاگل ہو جاتا ہے لہٰذا میں نے سوچا کہ گردن کی پُشت کو دن میں دو چار بار ضَرور تر کیا جائے ابھی میں نے دیکھا کہ ہاتھ منہ دھونے

کے ساتھ ساتھ گردن کے پیچھے بھی آپ نے کچھ کیا ہے۔ واقعی آپ لوگ پاگل نہیں ہوسکتے''۔ مزید یہ کہ مَسح کرنے سے لُو لگنے اور گردن توڑ بخار سے بھی بچت ہوتی ہے۔

## پاؤں دھونے کی حِکمتیں

**پاؤں** سب سے زیادہ دُھول آلود ہوتے ہیں۔ پہلے پہل INFECTION پاؤں کی اُنگلیوں کے درمیانی حصہ سے شروع ہوتا ہے۔ وُضو میں پاؤں دھونے سے گرد و غُبار اور جَراثیم بہ جاتے ہیں اور بچے کُھچے جراثیم پاؤں کی اُنگلیوں کے خِلال سے نکل جاتے ہیں۔ **لٰہذا وُضو میں سنّت کے مطابق پاؤں دھونے سے نیند کی کمی، دِماغی خشکی، گھبراہٹ اور مایوسی (DEPRESSION) جیسے پریشان کُن اَمراض دُور ہوتے ہیں۔**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلٰی محمَّد

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

# وُضُو کا بچا ہوا پانی

**وُضُو کا بچا ہوا پانی پینے میں شِفاء ہے۔** اِس سلسلے میں ایک مسلمان ڈاکٹر کا کہنا ہے۔ (۱) اِس کا پہلا اثر مَثانے پر پڑتا، پیشاب کی رُکاوٹ دُور ہوتی اور خوب کُھل کر پیشاب آتا ہے۔ (۲) اِس سے ناجائز شَہوت سے خَلاصی حاصِل ہوتی ہے (۳) جگر، مِعدہ اور مَثانے کی گرمی دُور ہوتی ہے۔ فُقَہائے کِرام رَحِمَھُمُ اللہُ السَّلام فرماتے ہیں "کسی برتن یا لوٹے سے وُضُو کیا ہو تو اُس کا بچا ہوا پانی قبلہ رُو کھڑے ہو کر پینا مُسْتَحَب ہے۔ (تبیین الحقائق ج۱ ص٤٤ دارالکتب العلمیة بیروت)

## اِنسان چاند پر

**میٹھے میٹھے** اِسلامی بھائیو! **وُضُو اور سائنس** کا مُؤضُوع چل رہا تھا اور آج کل سائنسی تحقیقات کی طرف لوگوں کا زیادہ رُجْحان (رُجْ۔حان) ہے بلکہ کئی ایسے بھی افراد اِس مُعاشَرے میں پائے جاتے ہیں جو اِنگریز مُحَقِّقِین اور سائنسدانوں سے کافی مَرعوب ہوتے ہیں۔ ایسوں کی خدمت میں عرض ہے کہ

فرمانِ مصطفےٰ : (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام دُرود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

بَہُت سارے حقائق ایسے ہیں جن کی تلاش میں سائنسدان آج سَر ٹکرا رہے ہیں اور میرے میٹھے میٹھے آقا مکّی مَدَنی مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ان کو پہلے ہی بیان فرما چکے ہیں۔ دیکھئے اپنے دعوے کے مطابق سائنسدان اب چاند پر پہنچے ہیں مگر میرے پیارے پیارے آقا مدینے والے مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم آج سے تقریباً ۱۴۵۰ سال پہلے سفرِ معراج میں چاند سے بھی وَراءُ الوَراء (یعنی دُور سے دُور) تشریف لے جا چکے ہیں۔ میرے آقا اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عُرس شریف کے موقع پر دارالعُلوم امجدیہ عالمگیر روڈ بابُ المدینہ کراچی میں مُنعَقِد ہونے والے ایک مُشاعِرہ میں شرکت کا موقع ملا جس میں حدائقِ بخشش شریف سے یہ "مصرعِ طرح" رکھا گیا تھا،

سَر وُہی سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

**حضرت** صدرُ الشّریعہ مُصنّفِ بہارِ شریعت خلیفۂ اعلیٰ حضرت مولانا المفتی محمد امجد علی اعظمی صاحِب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شہزادے مُفسّرِ قرآن حضرتِ

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

علاّمہ عبدُ المصطفیٰ ازہری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اِس مُشاعرہ میں اپنا جو کلام پیش کیا تھا اُس کا ایک شِعر مُلاحظہ ہو۔

کہتے ہیں سطح پہ چاند کی اِنسان گیا
عرشِ اعظم سے وَراء طیبہ کا سلطان (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) گیا

**یعنی** صِرف دعویٰ کیا جارہا کہ اب انسان چاند پر پہُنچ گیا ہے! سچ پوچھو تو چاند بہُت ہی قریب ہے، میرے میٹھے مدینے کے عظمت والے سلطان، شَہَنشاہِ زمین وآسمان، رَحمتِ عالمیان، سردارِ دوجہان صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم معراج کی رات چاند کو پیچھے چھوڑتے ہوئے عرشِ اعظم سے بھی بہُت اُوپر تشریف لے گئے۔

عرش کی عَقل دَنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جانِ مُراد اب کدھر ہائے ترا مکان ہے

# نور کا کِھلونا

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!** رہا چاند جس پر سائنسدان اب پہنچنے کا دعویٰ

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

کررہا ہے وہ چاند تو میرے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کے تابعِ فرمان ہے۔ چُنانچہ اَلْخَصائِصُ الکُبریٰ میں ہے، ''سلطانِ دو جہان صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کے چچا جان حضرتِ سیِّدُنا عبّاس بن عبدُالمُطَّلِب رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں، میں نے بارگاہِ رِسالت میں عرض کی، یارسولَ اللہ عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم! میں نے آپ (کے بچپن شریف میں آپ) میں ایسی بات دیکھی جو آپ کی نُبُوَّت پر دَلالت کرتی تھی اور میرے ایمان لانے کے اَسباب میں سے یہ بھی ایک سبب تھا۔ چُنانچہ، ''میں نے دیکھا کہ آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم گہوارے (یعنی پنگھوڑے) میں لیٹے ہوئے چاند سے باتیں کررہے تھے اور جس طرف آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم اُنگلی سے اِشارہ فرماتے چاند اُسی طرف ہوجاتا تھا۔'' سرکارِ نامدار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم نے فرمایا، ''میں اُس سے باتیں کرتا تھا اور وہ مجھ سے باتیں کرتا تھا اور مجھے رونے سے بہلاتا تھا اور میں اُس کے گرنے کی آواز سنتا تھا جبکہ وہ عرشِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے نیچے سجدے میں گرتا تھا۔''

(الخَصائصُ الکُبریٰ ج۱ ص۹۱ دارالکتب العلمیة بیروت)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

اعلیحضرت (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) فرماتے ہیں ؎

چاند جُھک جاتا جدھر اُنگلی اُٹھاتے مَہد میں کیا ہی چلتا تھا اِشاروں پر کھلونا نور کا

ایک مَحَبَّت والے نے کہا ہے ؎

کھیلتے تھے چاند سے بچپن میں آقا (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اِسلئے یہ سراپا نور تھے وہ تھا کھلونا نور کا

## مُعجِزہ شَقُّ القَمَر

**جب** کُفّارِ مکّہ کو یہ معلوم ہوا کہ جادو کا اثر اَجرامِ فلکی (یعنی چاند سورج سِتارے وغیرہ) پر نہیں ہوتا تو چُونکہ وہ اپنے زُعمِ باطل میں سرکار صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلّم کو مَعاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ جادوگر سمجھتے تھے اِسلئے ایک روز جمع ہو کر آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) کی خدمت میں حاضِر ہوئے اور نِشانِ نُبُوَّت طلب کیا۔ فرمایا، کیا چاہتے ہو؟ کہنے لگے، اگر آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) سچے ہیں تو چاند کے ۲ دو ٹکڑے کر کے دکھایئے۔ فرمایا، آسمان کی طرف دیکھو اور اپنی اُنگلی سے چاند کی طرف اِشارہ فرمایا تو وہ ۲ دو ٹکڑے ہو گیا۔ فرمایا، گواہ رہو!

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

انہوں نے کہا، محمد صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم نے ہماری نظر بندی کر دی ہے۔ اللہ تبارَکَ وَتعالیٰ پارہ **۲۷**، سورۃُ القمر کی پہلی اور دوسری آیت میں اِرشاد فرماتا ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِقۡتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانۡشَقَّ الۡقَمَرُ ﴿۱﴾ وَاِنۡ یَّرَوۡا اٰیَۃً یُّعۡرِضُوۡا وَیَقُوۡلُوۡا سِحۡرٌ مُّسۡتَمِرٌّ ﴿۲﴾ (پ ۲۷ القمر ۱، ۲)

**ترجَمۂ کنزُالایمان:** اللہ کے نام سے شروع جو بُہت مہربان رَحمت والا۔ قریب آئی قیامت اور شق ہو گیا چاند اور اگر دیکھیں کوئی نشانی تو منہ پھیرتے اور کہتے ہیں یہ تو جادو ہے چلا آتا۔

(ماخوذ از تفسیر البحر المحیط ج۸ ص۱۷۱ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

اِشارے سے چاند چیر دیا، چُھپے ہوئے خُور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دن کو عَصر کیا، یہ تاب و تُواں تمہارے لئے

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیۡب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

## صِرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کیلئے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** وُضو کے طِبّی فوائد سُن کر آپ خوش تو ہو گئے ہوں گے مگر عرض کرتا چلوں کہ سارے کا سارا فَنِّ طِبّ ظَنِّیّات پر مَبنی ہے۔ سائنسی تحقیقات بھی حَتمی نہیں ہوتیں، بدلتی رہتی ہیں۔ ہاں اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کے اَحکامات اَٹل ہیں وہ نہیں بدلیں گے۔ہمیں سُنّتوں پر عمل طِبّی فوائد پانے کیلئے نہیں صِرف وصِرف رِضائے اِلٰہی عَزَّوَجَلَّ کی خاطر کرنا چاہئے۔ لہٰذا اِس لئے وُضو کرنا کہ میرا بلڈ پریشر نارمل ہو جائے یا میں تازہ دم ہو جاؤں گا یا ڈائٹنگ کیلئے روزہ رکھنا تاکہ بھوک کے فوائِد حاصل ہوں۔ سفرِ مدینہ اِسلئے کرنا کہ آب وہوا بھی تبدیل ہو جائے گی اور گھر اور کاروباری جَھنجھٹ سے بھی کچھ دن سکون ملے گا۔ یا دینی مُطالَعہ اِس لئے کرنا کہ میرا ٹائم پاس ہو جائے گا۔ اِس طرح کی نیّتوں سے اعمال بجالانے والوں کو ثواب کہاں سے

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

ملے گا؟ اگر ہم عمل اللہ عَزَّوَجَلَّ کو خوش کرنے کیلئے کریں گے تو ثواب بھی ملے گا اور ضِمناً اس کے فوائد بھی حاصل ہو جائیں گے۔ لہٰذا ظاہری اور باطنی آداب کو مَلحُوظ رکھتے ہوئے وُضُو بھی ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کیلئے ہی کرنا چاہئے۔

## باطِنی وُضو

حُجَّۃُ الْاسلام حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی اِحیاءُ الْعُلُوم میں فرماتے ہیں "جب وُضُو سے فارِغ ہو کر نماز کی طرف مُتَوَجِّہ ہو تو غور کرے کہ جسم کے وہ حصّے جن پر لوگوں کی نظر پڑتی ہے ان کی ظاہری پاکیزگی تو حاصل کر لی ہے اب دل جو کہ ربّ تعالیٰ کے دیکھنے کی جگہ ہے اس کو پاک کئے بغیر اللہ تعالیٰ سے مُناجات کرنے میں حَیاء کرنی چاہئے، دل کی طہارت توبہ کرنے اور بُری عادتیں ترک کرنے سے ہوتی ہے اور اچّھے اَخلاق اپنانا زِیادہ بہتر ہے۔ ظاہری پاکی حاصل کر کے باطِنی طہارت سے محروم رہنے والے کی

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پردس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

مثال اُس شَخْص کی سی ہے جس نے بادشاہ کو اپنے یہاں تشریف لانے کی دعوت دی اور اُس کے خیر مقدم کیلئے گھر کے باہَری حصّے پر رنگ و روغن کیا مگر اندرونی حصّے کی صَفائی کی کوئی پرواہ نہ کی اور اسے گندگیوں سے لِتھڑا ہوا چھوڑ دیا تو ایسا شَخْص اِنعام واکرام کا نہیں بلکہ بادشاہ کے غصّے اورناراضگی کا مُستحق ہے"۔

(اِحْیاء العُلُوم ج۱ ص ۱۶۰ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

## سُنّت سائنسی تحقیق کی مُحتاج نہیں

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!** یادرکھئے! میرے آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کی سنّت سائنسی تَحقیق کی محتاج نہیں اور ہمارا مقصود اِتّباعِ سائنس نہیں اِتّباعِ سنّت ہے۔ مجھے کہنے دیجئے کہ جب یُورپِیَن ماہِرین برسہا برس کی عَرَق رَیزی کے بعد نتیجے کا دَریچہ کھولتے ہیں تو انہیں سامنے مُسکراتی نور برساتی سُنّتِ مُصطفوی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم ہی نظر آتی ہے۔ دنیا میں لاکھ سَیر وسیاحت کیجئے، جتنا چاہے

عیش وعشرت کیجئے، مگر آپ کے دل کو حقیقی راحت مُیَسَّر نہیں آئے گی، سُکونِ قَلب صِرف وصرف یادِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں ملے گا۔ دل کا چَین عشقِ سرورِ کونین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم ہی میں حاصل ہوگا۔ دنیا و آخرت کی راحتیں سائنسی آلات T.V. اور V.C.R اور INTER NET کے رُوبرُو نہیں اِتّباعِ سنّت میں ہی نصیب ہوں گی۔ **اگر آپ واقِعی میں دونوں جہاں کی بھلائیاں چاہتے ہیں تو نمازوں اور سنّتوں کو مضبوطی سے تھام لیجئے اور انہیں سیکھنے کیلئے دعوتِ اسلامی کے مَدَنی قافِلوں میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے۔** ہر اِسلامی بھائی نیّت کرے کہ میں زندگی میں کم از کم ایک بار یکمُشت ١٢ ماہ، ہر ١٢ ماہ میں ٣٠ دن اور ہر ماہ ٣ دن سُنّتوں کی تربیَت کے مَدَنی قافلے میں سفر کیا کروں گا۔ اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

# غُسل کا طریقہ




- انوکھی سزا 98
- مستورات کیلئے 6 احتیاطیں 106
- غُسل فرض ہونے کے 5 اسباب 107
- مُشت زَنی کا عذاب 111
- فوارے کے احتیاطیں 113
- W.C کا رخ درست کیجئے 114
- ایک غُسل میں مختلف نیتیں 116
- بارش میں غسل 116
- غُسل سے نزلہ ہو جاتا ہو تو؟ 118
- بچہ کب بالغ ہوتا ہے 124
- کتابیں رکھنے کی ترتیب 124
- تیمم کا طریقہ (حنفی) 128


وَرق الٹئے ---

٧٨٦

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ

بقیع

# غُسل کا طریقہ (حنفی)

## اس رسالے میں۔۔۔۔

مصلے پر کعبۃ اللہ کی تصویر۔۔

انوکھی سزا۔۔۔۔

تیمّم کا طریقہ۔۔۔

بارش میں غسل۔۔

مُشت زنی کا عذاب۔۔

ورق الٹیے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# غسل کا طریقہ (حنفی)

**یہ رِسالہ (40 صَفَحات) مکمّل پڑھ لیجئے، قوی اِمکان ہے کہ کئی غَلَطِیاں آپکے سامنے آجائیں۔**

## دُرُود شریف کی فضیلت

**سرکارِ** مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیضِ گنجینہ، صاحِبِ مُعَطّر پسینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا اِرشادِ رَحمت بُنیاد ہے، ”مجھ پر دُرُودِ پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔“ [1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## انوکھی سزا

**حضرتِ** سیِّدُنا جُنَید بغدادی علیہ رحمۃ اللہ الھادی فرماتے ہیں اِبنُ الکُرَیْبی

[1] مُسندِ ابی یعلیٰ ج۵ ص۴۵۸ رقم الحدیث ۶۳۸۳ دارالکتب العلمیۃ بیروت

**فرمانِ مصطفےٰ** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

علیہ رحمۃ اللہ القوی کہتے ہیں، ایک بار مجھے اِحتِلام ہوگیا۔ میں نے ارادہ کیا اسی وقت غسل کرلوں۔ چُونکہ سخت سردی کی رات تھی نفس نے سُستی کی اور مشورہ دیا، ''ابھی کافی رات باقی ہے اِتنی جلدی بھی کیا ہے! صبح اطمینان سے غسل کرلینا۔'' میں نے فوراً نَفْس کو **انوکھی سزا** دینے کیلئے قسم کھائی کہ اسی وقت کپڑوں سَمیت نہاؤں گا اور نہانے کے بعد کپڑے نچوڑوں گا بھی نہیں اور ان کو اپنے بدن ہی پر خشک کروں گا۔ چُنانچِہ میں نے ایسا ہی کیا واقِعی جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کام میں ڈھیل کرے ایسے سرکش نَفْس کی یہی سزا ہے۔ (کیمیائے سعادت ج۲ ص۸۹۲ کُتُب خانہ علمی ایران)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! ہمارے اَسلاف رَحِمَہُمُ اللہُ تعالٰی اپنے نَفْس کی چالوں کو ناکام بنانے کیلئے کیسی کیسی مصیبتیں جھیلتے تھے۔ اس سے وہ اسلامی بھائی درْس حاصل کریں جو رات کو اِحتِلام ہوجانے کی صورت میں آخِرت کی خوفناک شَرْم کو بُھلا کر مَحْض گھر والوں سے شرما کر یا غُسل کے مُعاملے میں سستی کرکے، نَمازِ فَجْر کی جماعت ضائِع بلکہ مَعاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ نَماز تک قضا کرڈالتے

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

رہیں! جب کبھی غسل فرض ہو جائے تو نماز کا وقت آجانے پر فوراً غسل کرلینا چاہئے حدیثِ پاک میں آتا ہے، ''فرشتے اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر اور کتا اور جُنُب (یعنی جس پر جماع یا اِحتلام یا شہوت کے ساتھ مَنی خارِج ہونے کی وجہ سے غُسل فرض ہو گیا ہو) ہو۔''

(سُنَن ابی داوٗد ج ۱ ص ۳۴)

## غُسل کا طریقہ (حنفی)

بغیر زبان ہلائے دل میں اِس طرح نیّت کیجئے کہ میں پاکی حاصِل کرنے کیلئے غسل کرتا ہوں۔ پہلے دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین تین بار دھوئیے، پھر اِستنجے کی جگہ دھوئیے خواہ نجاست ہو یا نہ ہو، پھر جِسم پر اگر کہیں نَجاست ہو تو اُس کو دُور کیجئے پھر نماز کا سا وُضو کیجئے مگر پاؤں نہ دھوئیے، ہاں اگر چوکی وغیرہ پر غسل کر رہے ہیں تو پاؤں بھی دھو لیجئے، پھر بدن پر تیل کی طرح پانی چُپَڑ لیجئے، خُصوصاً سردیوں میں (اِس دَوران صابن بھی لگا سکتے ہیں) پھر تین بار سیدھے کندھے پر پانی بہائیے، پھر تین بار اُلٹے کندھے پر، پھر سر پر اور تمام بدن پر تین بار، پھر غسل کی

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

جگہ سے الگ ہو جایئے، اگر وُضو کرنے میں پاؤں نہیں دھوئے تھے تو اب دھو لیجئے۔ نہانے میں قبلہ رُخ نہ ہوں، تمام بدن پر ہاتھ پھیر کر مل کر نہایئے۔ ایسی جگہ نہائیں کہ کسی کی نظر نہ پڑے اگر یہ ممکن نہ ہو تو مَرد اپنا سِتر (ناف سے لے کر دونوں گھٹنوں سَمیت) کسی موٹے کپڑے سے چُھپالے، موٹا کپڑا نہ ہو تو حسبِ ضرورت دو یا تین کپڑے لپیٹ لے کیوں کہ باریک کپڑا ہو گا تو پانی سے بدن پر چپک جائے گا اور مَعاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ گُھٹنوں یارانوں وغیرہ کی رنگت ظاہر ہو گی۔ عورت کو تو اور بھی زِیادہ اِحتِیاط کی حاجت ہے۔ دَورانِ غُسل کسی قسم کی گُفتگُو مت کیجئے، کوئی دعا بھی نہ پڑھئے، نہانے کے بعد تولیہ وغیرہ سے بدن پُونچھنے میں حَرَج نہیں۔ نہانے کے بعد فوراً کپڑے پہن لیجئے۔ اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رَکعت نَفل ادا کرنا مُستَحَب ہے۔ (عامۂ کتبِ فقہِ حنفی)

# غُسل کے تین فرائض

(۱) کُلّی کرنا (۲) ناک میں پانی چڑھانا (۳) تمام ظاہر بدن پر پانی بہانا۔

(فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۳)

## (۱) کُلّی کرنا

مُنہ میں تھوڑا سا پانی لے کر پچ کر کے ڈال دینے کا نام کُلّی نہیں بلکہ منہ کے ہر پُرزے، گوشے، ہونٹ سے حَلْق کی جڑ تک ہر جگہ پانی بہ جائے۔ (خُلاصۃُ الفتاوٰی ج۱ ص۲۱)

اِسی طرح داڑھوں کے پیچھے گالوں کی تہ میں، دانتوں کی کِھڑکیوں اور جڑوں اور زَبان کی ہر کروٹ پر بلکہ حَلْق کے کَنارے تک پانی بہے۔ (الدرالمختار معہ ردالمحتار ج۱ ص۲۵۴) روزہ نہ ہو تو غَرغَرہ بھی کر لیجئے کہ سنّت ہے۔ دانتوں میں چھالیہ کے دانے یا بوٹی کے رَیشے وغیرہ ہوں تو ان کو چُھڑانا ضَروری ہے۔ ہاں اگر چُھڑانے میں ضَرر (یعنی نقصان) کا اندیشہ ہو تو مُعاف ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج۱ ص۴۴۱ رضا فاؤنڈیشن لاہور) غُسل سے قبل دانتوں میں رَیشے وغیرہ محسوس نہ ہوئے اور رَہ گئے نَماز بھی پڑھ لی بعد کو معلوم ہونے پر چُھڑا کر پانی بہانا فرض

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درودِ پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

ہے۔ پہلے جو نماز پڑھی تھی وہ ہوگئی۔ (ماخوذ از فتاوٰی رضویہ ج۱ ص۲۰۶ ) جو ہلتا دانت مسالے سے جمایا گیا یا تار سے باندھا گیا اور تار یا مسالے کے نیچے پانی نہ پہنچتا ہو تو مُعاف ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج۲ ص۴۵۳) جس طرح کی ایک کُلّی غسل کیلئے فرض ہے اِسی طرح کی تین۳ کُلّیاں وُضو کیلئے سنّت ہیں۔

## (۲) ناک میں پانی چڑھانا

**جلدی** جلدی ناک کی نوک پر پانی لگا لینے سے کام نہیں چلے گا بلکہ جہاں تک نَرم جگہ ہے یعنی سَخت ہڈّی کے شُروع تک دُھلنا لازِمی ہے۔ (خُلاصۃ الفتاوٰی ج۱ ص۲۱) اور یہ یوں ہوسکے گا کہ پانی کو سُونگھ کر اوپر کھینچئے۔ یہ خیال رکھئے کہ بال برابر بھی جگہ دُھلنے سے نہ رَہ جائے ورنہ غُسل نہ ہوگا۔ ناک کے اندر اگر رِینٹھ سُوکھ گئی ہے تو اس کا چھُڑانا فرض ہے۔ (فتاوٰی عالمگیری ج۱ ص۱۳ ) نیز ناک کے بالوں کا دھونا بھی فرض ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۳٤ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

## (۳) تمام ظاہری بدن پر پانی بہانا

سَر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے تلووں تک جسم کے ہر پُرزے اور ہر ہر رُونگٹے پر پانی بہ جانا ضروری ہے، جسم کی بعض جگہیں ایسی ہیں کہ اگر اِحتِیاط نہ کی تو وہ سُوکھی رَہ جائیں گی اور غسل نہ ہوگا۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۴)

## " صلَّی اللّٰہُ علَیکَ یا رسولَ اللّٰہ " کے اکیس حُروف کی نسبت سے مرد و عورت دونوں کیلئے غسل کی 21 احتیاطیں

(۱) اگر مَرْد کے سر کے بال گُندھے ہوئے ہوں تو انہیں کھول کر جڑ سے نوک تک پانی بہانا فَرْض ہے اور (۲) عورت پر صِرف جڑ تر کرلینا ضروری ہے کھولنا ضَروری نہیں۔ ہاں اگر چوٹی اتنی سخت گُندھی ہوئی ہو کہ بے کھولے جڑیں تر نہ ہوں گی تو کھولنا ضروری ہے (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۳) (۳) اگر کانوں میں بالی یا ناک میں نَتھ کا چھید (سُوراخ) ہو اور وہ بند نہ ہو تو اس میں پانی بہانا فرض ہے۔ وُضو میں صِرف ناک کے نَتھ کے چھید میں اور غسل میں اگر کان اور ناک دونوں میں چھید ہوں تو دونوں میں پانی بہائیں (٤) بھَنووں، مُونچھوں اور داڑھی کے

**فرمانِ مصطفےٰ** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

ہر بال کا جڑ سے نوک تک اور ان کے نیچے کی کھال کا دھونا ضروری ہے (۵) کان کا ہر پُرزہ اور اس کے سُوراخ کا منہ دھوئیں (۶) کانوں کے پیچھے کے بال ہٹا کر پانی بہائیں (۷) ٹھوڑی اور گلے کا جوڑ کہ منہ اُٹھائے بغیر نہ دُھلے گا (۸) ہاتھوں کو اچّھی طرح اُٹھا کر بغلیں دھوئیں (۹) بازو کا ہر پہلو دھوئیں (۱۰) پیٹھ کا ہر ذرّہ دھوئیں (۱۱) پیٹ کی بلٹیں اُٹھا کر دھوئیں (۱۲) ناف میں بھی پانی ڈالیں اگر پانی بہنے میں شک ہو تو ناف میں اُنگلی ڈال کر دھوئیں (۱۳) جسم کا ہر رُونگٹا جڑ سے نوک تک دھوئیں (۱٤) ران اور پیڑو (ناف سے نیچے کے حصّے) کا جوڑ دھوئیں (۱۵) جب بیٹھ کر نہائیں تو ران اور پِنڈلی کے جوڑ پر بھی پانی بہانا یاد رکھیں (۱۶) دونوں سُرِین کے ملنے کی جگہ کا خیال رکھیں، خُصُوصاً جب کھڑے ہو کر نہائیں (۱۷) رانوں کی گولائی اور (۱۸) پِنڈلیوں کی کروٹوں پر پانی بہائیں (۱۹) ذَکَر و اُنثَیَین (فوطوں) کی نچلی سطح جوڑ تک اور (۲۰) اُنثَیَین کے نیچے کی جگہ جڑ تک دھوئیں (۲۱) جس کا خَتنہ نہ ہوا، وہ اگر کھال چڑھ سکتی ہو تو چڑھا کر دھوئے اور کھال کے اندر پانی چڑھائے۔

(مُلَخّص از: بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۳٤)

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# مَستُورات کیلئے 6 اِحتیاطیں

(۱) ڈھلکی ہوئی پستان کو اُٹھا کر پانی بہائیں (۲) پستان اور پیٹ کے جوڑ کی لکیر دھوئیں (۳) فَرجِ خارِج (یعنی عورت کی شَرم گاہ کے باہَر کے حصّے) کا ہر گوشہ ہر ٹکڑا اُوپر نیچے خوب اِحتیاط سے دھوئیں (٤) فَرجِ داخِل (یعنی شرمگاہ کے اندرونی حصّے) میں اُنگلی ڈال کر دھونا فرض نہیں مُستَحَب ہے (۵) اگر حَیض یا نِفاس سے فارِغ ہو کر غُسل کریں تو کسی پُرانے کپڑے سے فَرجِ داخِل کے اندر سے خون کا اثر صاف کر لینا مُستَحَب ہے (بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ۳۵) (٦) اگر نَیل پالِش ناخنوں پر لگی ہوئی ہے تو اس کا بھی چھڑانا فرض ہے ورنہ غُسل نہیں ہوگا، ہاں مہندی کے رنگ میں حرج نہیں۔

# زَخْم کی پٹّی

زَخْم پر پٹّی وغیرہ بندھی ہو اور اسے کھولنے میں نقصان یا حَرَج ہو تو پٹّی پر ہی مَسح کر لینا کافی ہے نیز کسی جگہ مرض یا دُرد کی وجہ سے پانی بہانا نقصان دِہ ہو تو

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

اُس پورے عُضْو پر مَسْح کر لیجئے۔ پٹّی ضَرورت سے زِیادہ جگہ کو گھیرے ہوئے نہیں ہونی چاہئے ورنہ مَسْح کافی نہ ہوگا۔ اگر ضَرورت سے زِیادہ جگہ گھیرے بِغیر پٹّی باندھنا ممکِن نہ ہو مَثَلاً بازو پر زَخْم ہے مگر پٹّی بازوؤں کی گولائی میں باندھی ہے، جس کے سبب بازو کا اچھا حصّہ بھی پٹّی کے اندر چھپا ہوا ہے، تو اگر کھولنا ممکِن ہو تو کھول کر اُس حصّے کو دھونا فرض ہے۔ اگر نا ممکِن ہے یا کھولنا تو ممکِن ہے مگر پھر وَیسی نہ باندھ سکے گا اور یوں زَخْم وغیرہ کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے تو ساری پٹّی پر مَسْح کر لینا کافی ہے۔ بدن کا وہ اچھا حصّہ بھی دھونے سے مُعاف ہو جائیگا۔

(حاشیة الطحطاوی ومراقی الفلاح ص۱٤۳)

# غُسل فَرْض ہونے کے 5 اسباب

(۱) منی کا اپنی جگہ سے شَہوت کے ساتھ جُدا ہو کر عُضْو سے نکلنا (فتاویٰ عالمگیری ج۱ص٤) (۲) اِحْتِلام یعنی سوتے میں منی کا نکل جانا (خلاصة الفتاویٰ ج۱ص۱۳) (۳) شَرْمگاہ میں حَشَفہ (سُپاری) داخِل ہو جانا خواہ شَہوت ہو یا نہ ہو، اِنزال ہو یا نہ ہو،

دونوں پر غُسل فرض ہے (مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی ص٩٧) (٤) حَیض سے فارِغ ہونا (ایضاً ص٩٧) (٥) نِفاس (یعنی بچّہ جَننے پر جوخون آتا ہے اس) سے فارِغ ہونا۔ (تبیین الحقائق ج١ ص١٧)

**اکثر** عورتوں میں یہ مشہور ہے کہ بچّہ جَننے کے بعد عورت چالیس دن تک لازِمی طور پر ناپاک رَہتی ہے یہ بات بِالکل غَلَط ہے۔ برائے کرم! نِفاس کی ضَروری وَضاحت پڑھ لیجئے:۔

## نِفاس کی ضَروری وَضاحت

**بچّہ** پیدا ہونے کے بعد جو خون آتا ہے اُس کو نِفاس کہتے ہیں اسکی زِیادہ سے زِیادہ مدّت چالیس دن ہے یعنی اگر چالیس دن کے بعد بھی بند نہ ہو تو مرض ہے۔ لہٰذا چالیس دن پورے ہوتے ہی غُسل کر لے اور چالیس دن سے پہلے بند ہو جائے خواہ بچّہ کی وِلادت کے بعد ایک مِنَٹ ہی میں بند ہو جائے تو جس وقت بھی بند ہو غسل کر لے اور نَماز و رَوزہ شُروع ہو گئے۔ اگر چالیس دن کے

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

اندر اندر دوبارہ خون آ گیا تو شُروعِ وِلادت سے خَتْمِ خون تک سب دن نِفاس ہی کے شُمار ہوں گے۔ مَثَلاً ولادت کے بعد دو منٹ تک خون آ کر بند ہو گیا اور عورت غُسل کر کے نَماز روزہ وغیرہ کرتی رہی، چالیس دن پورے ہونے میں فَقَط دو مِنَٹ باقی تھے کہ پھر خون آ گیا تو سارا چِلّہ یعنی مکمّل چالیس دن نِفاس کے ٹھہریں گے۔ جو بھی نَمازیں پڑھیں یا روزے رکھّے سب بیکار گئے، یہاں تک کہ اگر اس دَوران فرض وواجِب نَمازیں یا روزے قضا کئے تھے تو وہ بھی پھر سے ادا کرے۔

(ماخوذ از فتاوٰی رضویہ ج ٤ ص ٣٥٤ تا ٣٥٦ رضا فاؤنڈیشن لاھور)

## 5 ضَروری اَحْکام

مسئلہ ۱ منی شَہوت کے ساتھ اپنی جگہ سے جُدا نہ ہوئی بلکہ بوجھ اُٹھانے یا بُلندی سے گرنے یا فُضلہ خارِج کرنے کیلئے زور لگانے کی صورت میں خارِج ہوئی تو غسل فرض نہیں۔ وُضو بہر حال ٹوٹ جائے گا۔

(مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ٩٦)

مسئلہ ۲: اگر منی پتلی پڑ گئی اور پیشاب کے وقت یا ویسے ہی بِلاشَہوت اِس کے قطرے نکل آئے غسل فرض نہ ہوا وُضو ٹوٹ جائیگا۔

(بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۳۸ مکتبۂ رضویہ)

مسئلہ ۳: اگر اِحتِلام ہونا یاد ہے مگر اس کا کوئی اثر کپڑے وغیرہ پر نہیں تو غسل فرض نہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۵)

مسئلہ ۴: نماز میں شَہوت تھی اور منی اُترتی ہوئی معلوم ہوئی مگر باہَر نکلنے سے قبل ہی نماز پوری کرلی اب خارِج ہوئی تو نماز ہوگئی مگر اب غسل فَرض ہوگیا۔

(فتح القدیر ج ۱ ص ٥٤)

مسئلہ ۵: اپنے ہاتھوں سے مادّہ خارِج کرنے سے غسل فرض ہوجاتا ہے۔ یہ گناہ کا کام ہے۔ حدیثِ پاک میں ایسا کرنے والے کو مَلعون کہا گیا ہے۔ (مراقی الفلاح معه حاشیة الطحطاوی ص ۹٦) ایسا کرنے سے مردانہ کمزوری پیدا ہوتی ہے اور بارہا دیکھا گیا ہے کہ بِالآخر آدمی شادی کے لائق نہیں رَہتا۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

# مُشت زَنی کا عذاب

**سرکارِ اعلیٰحضرت**، امامِ اہلسنّت مولٰینا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی خدمت میں عَرض کیا گیا، ایک شخص مُجلُوق (مُشت زنی کرنے والا) ہے وہ اِس فِعل سے نہیں مانتا ہے، ہر چند اس کو سمجھایا ہے، آپ تحریر فرمائیں، اِس کا کیا حَشر ہوگا اور اُس کو کیا دعا پڑھنا چاہئے جس سے اُس کی عادت چھوٹ جائے؟

**ارشادِ اعلیٰحضرت**: وہ گنہگار ہے، عاصی ہے، اِصرار کے سبب مُرتکِب کبیرہ ہے، فاسِق ہے، حشر میں ایسوں کی (یعنی مُشت زَنی کرنے والوں کی) ہَتھیلیاں گابھن (یعنی حامِلہ) اُٹھیں گی جس سے مَجمعِ اعظم میں اُن کی رُسوائی ہوگی اگر توبہ نہ کریں تو، اور اللہ عَزَّوَجَلَّ مُعاف فرماتا ہے جسے چاہے، اور عذاب فرماتا ہے جسے چاہے۔ اُسے چاہئے کہ لاحَول شریف کی کثرت کرے اور جب شیطان اِس حَرکت کی طرف بلائے تو فوراً دل سے مُتَوجّہ بخدا عَزَّوَجَلَّ ہو کر لاحَول پڑھے۔ نمازِ پنجگانہ کی پابندی کرے۔ نمازِ صُبح

کے بعد بِلا ناغہ سُورۂ اِخلاص شریف کاوِرْد رکھے۔ واللہ تعالٰی اعلم [1]

(شَجَرۂ عطاریہ ص ١٦ پر ہے ہر صُبح سورۂ اِخلاص گیارہ بار پڑھے اگر شیطان مع لشکر

کے کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے نہ کرا سکے جب تک کہ یہ خود نہ کرے۔) [2]

## بہتے پانی میں غُسل کا طریقہ

**اگر** بہتے پانی مَثَلاً دریا، یا نَہر میں نہایا تو تھوڑی دیر اس میں رُکنے سے تین بار دھونے، ترتیب اور وُضو یہ سب سُنَّتیں ادا ہو گئیں۔ اس کی بھی ضَرورت نہیں کہ اَعْضاء کو تین بار حَرکت دے۔ اگر تالاب وغیرہ ٹھہرے پانی میں نہایا تو اَعْضاء کو تین بار حَرکت دینے یا جگہ بدلنے سے تَثْلِیث (تَث۔لی۔ث) یعنی تین بار دھونے کی سنّت ادا ہو جائیگی۔ برسات میں (یا نل یا فوارے کے نیچے) کھڑا ہونا بہتے پانی میں کھڑے ہونے کے حُکم میں ہے۔ بہتے پانی میں وُضو کیا تو وُہی تھوڑی

مدینہ

[1] فتاویٰ رضویہ شریف ج ٢٢ ص ٢٤٤ [2] حَلَق کے ہوشرُبا نقصانات کی تفصیلی معلومات کیلئے سگِ مدینہ عفی عنہ کا صرف 18 صفحات کا رسالہ "امرد پسندی کی تباہ کاریاں" پڑھ لیجئے۔

دیر اس میں عُضْو کو رہنے دینا اور ٹھہرے پانی میں حرکت دینا تین۳ بار دھونے کے قائم مقام ہے۔ (الدر المختار معه رد المحتار ج ١ ص ٣٢٠) وُضو اور غسل کی ان تمام صورتوں میں کُلّی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا ہوگا۔

## فَوّارہ جاری پانی کے حُکْم میں ہے

فتاویٰ اہلسنّت (غیر مطبوعہ) میں ہے، فَوّارے (بائل) کے نیچے غسل کرنا جاری پانی میں غسل کرنے کے حکم میں ہے لھٰذا اسکے نیچے غسل کرتے ہوئے وُضو اور غسل کرتے وقْت کی مُدّت تک ٹھہرا تو تَثْلِیْث کی سنّت ادا ہو جائے گی چُنانچہ دُرِّمختار میں ہے، ''اگر جاری پانی، بڑے حوض یا بارِش میں وُضو اور غسل کرنے کے وقت کی مدّت تک ٹھہرا تو اس نے پوری سنّت ادا کی۔ (درمختار مع ردالمحتار ج ١ ص ٢٩١) یاد رہے غسل یا وُضو میں کُلّی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا ہے۔

## فَوّارے کی اِحْتِیاطیں

اگر آپ کے حمّام میں فَوّارہ (SHOWER) ہو تو اسے اچھی طرح دیکھ

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

لیجئے کہ اُس کی طرف مُنہ کر کے ننگے نہانے میں مُنہ یا پیٹھ قبلہ شریف کی طرف تو نہیں ہو رہی۔ اِستنجا خانے میں بھی اِسی طرح اِحتیاط فرمائیے۔ قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ ہونے کا معنٰی یہ ہے کہ 45 دَرَجے کے زاوِیہ کے اندر اندر ہو۔ لہٰذا یہ احتیاط بھی ضروری ہے کہ 45 ڈِگری کے زاویہ کے باہَر ہو۔ اس مسئلے سے اکثر لوگ ناواقِف ہیں۔

## W.C. کا رُخ دُرست کیجئے

**مہربانی** فرما کر اپنے گھر وغیرہ کے ڈبلیو۔ سی (W.C.) اور فوّارے کا رُخ پَرکار یا کسی آلے کے ذَرِیعے معلوم کر کے دیکھ لیجئے اگر غَلَط ہو تو اس کی اِصلاح فرمالیجئے

**زِیادہ احتیاط** اِس میں ہے کہ .W.C قبلہ سے 90 کے دَرَجے پر یعنی نَماز پڑھنے میں سلام پھیرنے کے رُخ کر دیجئے۔ مِعمار عُموماً تعمیراتی سُہولت اور خوبصورتی کا لحاظ کرتے ہیں آدابِ قبلہ کی پرواہ نہیں کرتے۔ مسلمانوں کو مکان کی غیر واجبی بہتری کے

بجائے آخرت کی حقیقی بہتری پر نظر رکھنی چاہیے۔

ع کچھ نیکیاں کمالے جلد آخرت بنالے

بھائی نہیں بھروسہ ہے کوئی زندگی کا

# کب کب غُسل کرنا سنّت ہے

جُمُعہ، عیدُ الفِطْر، بَقَرعید، عَرَفہ کے دن (یعنی 9 ذُوالحجّۃ الحرام) اور اِحْرام باندھتے وَقْت نہانا سُنّت ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۱۶)

# کب کب غسل کرنا مستحب ہے

(۱) وُقوفِ عَرَفات (۲) وُقُوفِ مُزدلِفہ (۳) حاضریٔ حرم (٤) حاضریٔ سرکارِ اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم (۵) طواف (٦) دُخولِ مِنیٰ (۷) جَمروں پر کنکریاں مارنے کیلئے تینوں دن (۸) شبِ بَراءت (۹) شبِ قَدْر (۱۰) عَرَفہ کی رات (۱۱) مجلسِ میلاد شریف (۱۲) دیگر مجالسِ خیر کیلئے (۱۳) مُردہ نہلانے کے بعد

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

(۱٤) مجنون کو جُنُون جانے کے بعد (۱۵) غَشی سے اِفاقہ کے بعد (۱٦) نشہ جاتے رہنے کے بعد (۱۷) گناہ سے توبہ کرنے (۱۸) نئے کپڑے پہننے کیلئے (۱۹) سفر سے آنے والے کیلئے (۲۰) اِستِحاضہ کا خون بند ہونے کے بعد (۲۱) نَمازِ کُسُوف وخُسُوف (۲۲) نَمازِ اِستِسقاء کیلئے (۲۳) خوف وتاریکی اور سخت آندھی کیلئے (۲٤) بدن پر نَجاست لگی اور یہ معلوم نہ ہوا کہ کس جگہ لگی ہے۔

(بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ٤۱)

## ایک غُسل میں مختلِف نیّتیں

**جس** پر چند غُسل ہوں مَثَلاً اِحتِلام بھی ہُوا، عید بھی ہے اور جُمعہ کا دن بھی، تو تینوں کی نِیّت کر کے ایک غُسل کر لیا، سب ادا ہو گئے اور سب کا ثواب ملے گا۔

(الدر المختار معه رد المحتار ج۱ ص ۳٤۱)

## بارِش میں غُسل

**لوگوں** کے سامنے سِتر کھول کر نہانا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۳

**فرمانِ مصطفےٰ**: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

(ص ۲۰۶) بارِش وغیرہ میں بھی نہائیں تو پاجامہ یا شلوار کے اوپر مزید موٹی چادر لپیٹ لیجئے تا کہ پاجامہ پانی سے چپک بھی جائے تو رانوں وغیرہ کی رنگت ظاہر نہ ہو۔

## تنگ لباس والے کی طرف نظر کرنا کیسا؟

**لباس** تنگ ہو یا زور سے ہوا چلی یا بارش یا ساحلِ سمندر یا نَہر وغیرہ میں اگرچہ موٹے کپڑے میں نہائے اور کپڑا اِس طرح چپک جائے کہ سِتْر کے کسی کامِل عُضْو مثلاً ران کی مکمّل گولائی کی ہَیئَت (اُبھار) ظاہر ہو جائے ایسی صورت میں اُس عُضْو (مخصوص) کی طرف دوسرے کا نظر کرنے کی اجازت نہیں۔ یہی حُکم تنگ لباس والے کے سِتْر کے اُبھرے ہوئے عُضْوِ کامِل کی طرف نظر کرنے کا ہے۔

## ننگے نہاتے وقت خوب اِحتیاط

**حمّام** میں تنہا ننگے نہائیں یا ایسا پاجامہ پہن کر نہائیں کہ اس کے چپک جانے سے رانوں وغیرہ کی رنگت ظاہر ہو سکتی ہے تو ایسی صورت میں قبلہ کی طرف

منہ یا پیٹھ مت کیجئے۔

## غسل سے نزلہ ہو جاتا ہو تو؟

زُکام یا آشوبِ چَشْم وغیرہ ہو اور یہ گُمانِ صحیح ہو کہ سر سے نہانے میں مرض بڑھ جائے گا یا دیگر اَمراض پیدا ہو جائیں گے تو کُلّی کیجئے، ناک میں پانی چڑھایئے اور گردن سے نہایئے۔ اور سر کے ہر حِصّے پر بِھیگا ہوا ہاتھ پھیر لیجئے غسل ہو جائے گا۔ بعدِ صِحَّت سر دھو ڈالئے پورا غسل نئے سرے سے کرنا ضَروری نہیں۔

(بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ۳۶ مدینۃُ المرشد بریلی شریف)

## بالٹی سے نہاتے وقت اِحْتِیاط

اگر بالٹی کے ذَرِیعے غُسل کریں تو اِحتیاطاً اُسے تِپائی (STOOL) وغیرہ پر رکھ لیجئے تا کہ بالٹی میں چھینٹیں نہ آئیں۔ نیز غُسل میں استِعمال کرنے کا مگ بھی فرش پر نہ رکھئے۔

## بال کی گِرہ

**بال** میں گِرہ پڑ جائے تو غُسل میں اسے کھول کر پانی بہانا ضروری نہیں۔

(بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۳۶ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## "قرآن مقدّس ھے" کے دَس حُروف کی نسبت سے ناپاکی کی حالت میں قرانِ پاک پڑھنے یا چھونے کے 10 آداب

**مدنی پھول ۱** جس پر غُسل فرض ہو اُس کو مسجِد میں جانا، طَواف کرنا، قرانِ پاک چھونا، بے چھوئے زَبانی پڑھنا، کسی آیت کا لکھنا، آیت کا تعویذ لکھنا (یہ اس صورت میں حرام ہے جس میں **کاغذ کا چھونا پایا جائے، اگر کاغذ کو نہ چھوئے تو لکھنا جائز ہے**) (غیر مطبوعہ، فتاویٰ اہلسنّت) **ایسا تعویذ چھونا**، ایسی انگوٹھی چھونا یا پہننا جس پر آیت یا حُروفِ مُقطَّعات لکھے ہوں حرام ہے۔

(الدر المختار معہ ردالمحتار ج۱ ص ۳۴۳) (موم جامے والے یا پلاسٹک میں

لپیٹ کر کپڑے یا چمڑے وغیرہ میں سلے ہوئے تعویذ کو پہننے یا چھونے میں مُضایَقہ نہیں۔)

مسئلہ ۲: اگر قرانِ پاک جُزدان میں ہو تو بے وُضو یا بے غُسل جُزدان پر ہاتھ لگانے میں حَرَج نہیں۔ (الھِدایۃ معہ فتحُ القدیر ج ۱ ص ۱٤۹)

مسئلہ ۳: اِسی طرح کسی ایسے کپڑے یا رُومال وغیرہ سے قرانِ پاک پکڑنا جائز ہے جو نہ اپنے تابِع ہو نہ قرانِ پاک کے۔ (ماخوذ از ردالمحتار ج ۱ ص ۲٤۸)

مسئلہ ٤: کُرتے کی آستین، دوپٹّے کے آنچل سے یہاں تک کہ چادر کا ایک کونا اس کے کندھے پر ہے تو چادر کے دوسرے کونے سے قرانِ پاک کو چُھونا حرام ہے کہ یہ سب چیزیں اس کے تابِع ہیں۔ (الدرالمختار معہ ردالمحتار ج ۱ ص ۵۳۷، بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ٤۲ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

مسئلہ ۵: قرانِ پاک کی آیت دُعا کی نِیّت سے یا تبرُّک کیلئے مَثَلاً

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم یا ادائے شکر کیلئے الحمدُلِلّٰہ ربِّ العٰلمین یا کسی مسلمان کی موت یا کسی قسم کے نقصان کی خبر پر اِنّا لِلّٰہ وَاِنّآ اِلَیہِ رَاجِعُوْن یا ثَنا کی نیّت سے پوری سورۃُ الفاتِحہ یا آیۃُ الکُرسی یا سورۃُ الحَشر کی آخری تین آیات پڑھیں اور ان سب سُورتوں میں قراٰن پڑھنے کی نیّت نہ ہو تو کوئی حَرَج نہیں۔ (ماخوذ از فتاوىٰ عالمگیری ج۱ ص۳۸)

مسئلہ۱ تینوں قُل بلا لفظِ قُل بہ نیّتِ ثناء پڑھ سکتے ہیں۔ لفظِ قُل کیساتھ ثَناء کی نیّت سے بھی نہیں پڑھ سکتے کیونکہ اِس صورت میں ان کا قراٰن ہونا مُتَعَیَّن ہے، نیّت کو کچھ دَخل نہیں۔ (بہارِ شریعت حِصّہ ۲ ص ٤۳ بریلی شریف)

مسئلہ۲ بے وُضو کو قراٰن شریف یا کسی آیت کا چُھونا حرام ہے۔ بِغیر چُھوئے زَبانی یا دیکھ کر پڑھنے میں مُضایقہ نہیں۔ (ردالمحتار ج۱ ص ۳۵۲، بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ٤۳ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

مسئلہ۳ جس برتن یا کٹورے پر سورۃ یا آیتِ قراٰنی لکھی ہو بے وُضو اور بے غُسل

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُودِ پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

کو اس کا چُھونا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۹)

مسئلہ ۹ **اِس** کا استِعمال سب کیلئے مکروہ ہے۔ ہاں خاص بہ نیّت شِفا اس میں پانی وغیرہ ڈال کر پینے میں حَرَج نہیں۔ (بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۴۳)

مسئلہ ۱۰ **قرانِ** پاک کا ترجَمہ فارسی یا اُردُو یا کسی دوسری زَبان میں ہو اُس کو بھی پڑھنے یا چُھونے میں قُرانِ پاک ہی کا سا حُکم ہے۔

(فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۳۹)

## بے وُضُو دینی کتابیں چُھونا

بے وُضُو یا وہ جس پر غُسل فرض ہو ان کو فِقہ، تفسیر و حدیث کی کتابوں کا چُھونا مَکرُوہِ تنزیہی ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۳۹) اور اگر ان کو کسی کپڑے سے چُھوا اگرچِہ اس کو پہنے یا اوڑھے ہوئے ہو تو مُضایقہ نہیں۔ مگر آیتِ قرانی یا اس کے تَرجَمے پر ان کتابوں میں بھی ہاتھ رکھنا حرام ہے۔

(بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۴۳ مدینۃ الرشد بریلی شریف)

**فرمانِ مصطفٰے:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فِرِشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

بے وُضو اسلامی کتابیں پڑھنے والے بلکہ اخبارات و رسائل چھونے والے بھی اِحتیاط فرمایا کریں کہ عُمُوماً ان میں آیات و تَرجَمے شامل ہوتے ہیں۔

## ناپاکی کی حالت میں دُرُود شریف پڑھنا

مسئلہ ۱ جن پر غُسل فرض ہو اُن کو دُرُود شریف اور دُعائیں پڑھنے میں حَرَج نہیں۔ مگر بہتر یہ ہے کہ وُضو یا کُلّی کر کے پڑھیں۔ (بہارِ شریعت ج ۲ ص ۴۳)

مسئلہ ۲ اذان کا جواب دینا اُنکو جائز ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص۳۸)

## اُنگلی میں INK کی تہ جمی ہوئی ہو تو ؟

پکانے والے کے ناخُن میں آٹا، لکھنے والے کے ناخُن میں سیاہی کا جرم، عام لوگوں کیلئے مَکّھی، مچھر کی بیٹ لگی ہوئی رَہ گئی اور توجُّہ نہ رہی تو غُسل ہو جائیگا۔ (الدر المختار معہ ردالمحتار ج۱ ص۳۱۶) ہاں معلوم ہو جانے کے بعد جُدا کرنا اور اس جگہ کا دھونا ضَروری ہے پہلے جو نَماز پڑھی وہ ہوگئی۔ (جدُّ الممتار ج۱ ص۱۱۱)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

## بچّہ کب بالغ ہوتا ہے

لڑکے کو بارہ (12) سے پندرہ (15) سال کی عُمر کے دَوران اور لڑکی کو نو (9) سے پندرہ (15) سال کی عُمر کے دَوران جب پہلی بار اِحتِلام ہوا بالغ ہو گئے۔ اب ان پر اَحکامِ شریعت کی پابندی عائد ہو گئی۔ لٰہٰذا اِحتِلام کے ذَرِیعے بالغ ہونے کی صورت میں ان پر غسل فرض ہو گیا۔ اور اگر کوئی علامت بُلوغ کی نہ پائی گئی تو دونوں ہجری سِن کے حِساب سے پورے پندرہ (15) سال کی عمر کے جب ہوں گے تو بالغ مانے جائیں گے۔ (اللباب فی شرح الکتاب ج۲ ص۱٦)

## کتابیں رکھنے کی ترتیب

مسئلہ ۱: قرانِ پاک سب کِتابوں کے اوپر رکھئے پھر تفسیر پھر حدیث پھر فِقہ پھر دیگر اسلامی کتابیں۔ (الدرالمختار معه ردالمحتار ج۱ ص ۳۵٤)

مسئلہ ۲: کتاب پر کوئی دوسری چیز یہاں تک کہ قلم بھی مت رکھئے بلکہ جس صندوق میں کتاب ہو اُس پر بھی کوئی چیز نہ رکھئے۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہے۔

## اَوراق میں پُڑیا باندھنا

مسئلہ ۱: مسائِل یا دِینیات کے اَوراق میں پُڑیا باندھنا، جس دسترخوان یا بچھونے پر اَشعار یا کسی بھی زَبان میں عبارات (جیسا کہ کمپنی کا نام وغیرہ) تحریر ہوں انکا استِعمال منع ہے۔

(ماخوذ از: الدرالمختار معه ردالمحتار ج ۱ ص ۳۵۵ ـ ۳۵۶)

مسئلہ ۲: ہر زَبان کے حُروفِ تَہَجّی کا ادب کرنا چاہئے۔ (ردالمحتار ج ۱ ص ۶۰۷)

(مزید تفصیلی معلومات کیلئے فیضانِ سنّت کے باب ’’فیضانِ بسم اللہ‘‘ ص ۱۱۳ سے ص ۱۲۳ تک کامُطالعہ فرمالیجئے۔)

مسئلہ ۳: مُصلّے کے کونے میں عُموماً کمپنی کے نام کی چِٹ سِلائی کی ہوئی ہوتی ہے اس کو نکال دیا کریں۔

## مُصلّے پر کعبۃُ اللہ شریف کی تصویر

ایسے مُصلّے جن پر کعبۃُ اللہ شریف یا گنبدِ خضرا بنا ہوا ہو ان کو نماز میں

استعمال کرنے سے مقدس شبیہ پر پاؤں یا گھٹنا پڑنے کا اِمکان رہتا ہے لہٰذا نماز میں ایسے مُصلّے کا استعمال کرنا مناسِب نہیں۔ (فتاوٰی اہلسنّت)

## وَسوسوں کا ایک سبب

**غُسل** خانے میں پیشاب کرنے سے وَسوَسے پیدا ہوتے ہیں۔ حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن مُغَفَّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم، رءوف رَّحیم علیہ افضل الصلوٰۃِ والتّسلیم نے اِس سے مَنع فرمایا کہ کوئی شخص غسل خانے میں پیشاب کرے اور فرمایا، ''بیشک عُموماً اس سے وَسوَسے پیدا ہوتے ہیں''۔

(جامعِ ترمذی ج۱ ص ۵)

# تَیَمُّم کا بیان

## تَیَمُّم کے فرائض

تَیَمُّم میں تین۳ فرض ہیں (۱) نِیّت (۲) سارے منہ پر ہاتھ پھیرنا،

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

(۳) کُہنیوں سَمیت دونوں ہاتھوں کا مَسْح کرنا۔

(بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ۶۵ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

# "تَیَمُّم سیکھ لو" کے دس حُروف کی نسبت سے تَیَمُّم کی 10 سُنّتیں

(۱) بسم اللہ شریف کہنا (۲) ہاتھوں کو زمین پر مارنا (۳) زمین پر ہاتھ مار کر لَوٹ دینا (یعنی آگے بڑھانا اور پیچھے لانا) (٤) اُنگلیاں کُھلی ہوئی رکھنا (۵) ہاتھوں کو جھاڑ لینا یعنی ایک ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ کو دوسرے ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ پر مارنا مگر یہ اِحتیاط رہے کہ تالی کی آواز پیدا نہ ہو (٦) پہلے مُنہ پھر ہاتھوں کا مَسْح کرنا (۷) دونوں کا مَسْح پے درپے ہونا (۸) پہلے سیدھے پھر اُلٹے ہاتھ کا مَسْح کرنا (۹) داڑھی کا خِلال کرنا (۱۰) اُنگلیوں کا خِلال کرنا جبکہ غُبار پہنچ گیا ہو۔ اگر غُبار نہ پہنچا ہو مَثَلاً پتھر وغیرہ کسی ایسی چیز پر ہاتھ مارا جس پر غُبار نہ ہو تو خِلال فرض ہے خِلال کیلئے

دوبارہ زمین پر ہاتھ مارنا ضَروری نہیں۔

(بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ٦٧ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## تَیَمُّم کا طریقہ (حنفی)

**تَیَمُّم** کی نِیّت کیجئے (نِیّت دل کے ارادے کا نام ہے، زَبان سے بھی کہہ لیں تو بہتر ہے۔ مَثَلًا یوں کہئے بے وُضوئی یا بے غسلی یا دونوں سے پاکی حاصل کرنے اور نَماز جائز ہونے کے لئے تَیَمُّم کرتا ہوں) بسم اللہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں کُشادہ کر کے کسی ایسی پاک چیز پر جو زمین کی قسم (مَثَلًا پتّھر، چُونا، اینٹ، دیوار، مٹّی وغیرہ) سے ہو مار کر لَوٹ لیجئے (یعنی آگے بڑھایئے اور پیچھے لایئے)۔ اور اگر زِیادہ گرد لگ جائے تو جھاڑ لیجئے اور اُس سے سارے مُنہ کا اِس طرح مَسْح کیجئے کہ کوئی حِصّہ رہ نہ جائے اگر بال برابر بھی کوئی جگہ رَہ گئی تو تَیَمُّم نہ ہوگا۔ پھر دوسری بار اسی طرح ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کا ناخُنوں سے لیکر کُہنیوں سَمیت مَسْح کیجئے، اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اُلٹے ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ سیدھے

ہاتھ کی پُشت پر رکھئے اور اُنگلیوں کے سِروں سے کُہنیوں تک لے جایئے اور پھر وہاں سے اُلٹے ہی ہاتھ کی ہتھیلی سے سیدھے ہاتھ کے پیٹ کو مَس کرتے ہوئے گِٹّے تک لایئے اور اُلٹے انگوٹھے کے پَیٹ سے سیدھے انگوٹھے کی پُشت کا مَسْح کیجئے۔ اسی طرح سیدھے ہاتھ سے اُلٹے ہاتھ کا مَسْح کیجئے۔

(فتاویٰ تاتارخانیہ ج ۱ ص ۲۲۷)

**اور** اگر ایک دم پوری ہتھیلی اور اُنگلیوں سے مَسْح کر لیا تب بھی تَیَمُّم ہوگیا چاہے کُہنی سے اُنگلیوں کی طرف لائے یا اُنگلیوں سے کُہنی کی طرف لے گئے مگر سُنَّت کے خِلاف ہوا۔ تَیَمُّم میں سر اور پاؤں کا مَسْح نہیں ہے۔ (عامۂ کُتُبِ فِقہ)

## "میرے اعلیٰحضرت کی پچّیسویں شریف کے پچّیس حُروف کی نسبت سے تَیَمُّم کے 25 مَدَنی پھول

**مدنی پھول ۱** جو چیز آگ سے جل کر راکھ ہوتی ہے نہ پگھلتی ہے نہ نَرْم ہوتی ہے وہ زمین کی جِنْس (یعنی قِسم) سے ہے اِس سے تَیَمُّم جائز ہے۔ رَیتا، چُونا،

سُرمہ، گندھک، پتھّر، زَبَرجد، فیروزہ، عَقیق، وغیرہ جواہر سے تَیَمُّم جائز ہے چاہے ان پر غُبار ہو یا نہ ہو۔ (البحر الرائق ج۱ ص۲۵۶)

مسئلہ۲ پکّی اینٹ، چینی یا مٹّی کے برتن سے تَیَمُّم جائز ہے۔ ہاں اگر ان پر کسی ایسی چیز کا جِرْم (یعنی جسم یا تہ) ہو جو جنسِ زمین سے نہیں مَثَلاً کانچ کا جِرْم ہو تو تَیَمُّم جائز نہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص۲۷)

مسئلہ۳ جس مٹّی، پتھّر وغیرہ سے تَیَمُّم کیا جائے اُس کا پاک ہونا ضَروری ہے یعنی نہ اس پر کسی نَجاست کا اثر ہو نہ یہ ہو کہ صِرْف خشک ہونے سے نَجاست کا اثر جاتا رہا ہو۔ (الدرالمختار معہ ردالمحتار ج۱ ص ۴۳۵) زمین، دیوار اور وہ گَرد جو زمین پر پڑی رہتی ہے اگر ناپاک ہو جائے پھر دھوپ یا ہوا سے سُوکھ جائے اور نَجاست کا اثر خَتْم ہو جائے تو پاک ہے اور اس پر نَماز جائز ہے مگر اس سے تَیَمُّم نہیں ہو سکتا۔

مسئلہ۴ یہ شک کہ کبھی نَجس ہوئی ہو گی فُضول ہے اس کا اِعتبار نہیں۔

مسئلہ ۵ اگر کسی لکڑی، کپڑے، یا دَری وغیرہ پر اتنی گَرد ہے کہ ہاتھ مارنے سے اُنگلیوں کا نشان بن جائے تو اس سے تیمُّم جائز ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص ۲۷)

مسئلہ ۶ چُونا، مٹّی یا اینٹوں کی دیوار خواہ گھر کی ہو یا مسجد کی اس سے تیمُّم جائز ہے۔ مگر اس پر آئل پینٹ، پلاسٹک پینٹ اور میٹ فنش یا وال پیپر وغیرہ کوئی ایسی چیز نہیں ہونی چاہئے جو جنسِ زمین کے علاوہ ہو، دیوار پر ماربل ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۷ جس کا وُضو نہ ہو یا نہانے کی حاجت ہو اور پانی پر قُدرت نہ ہو وہ وُضو اور غسل کی جگہ تیمُّم کرے۔ (فتاویٰ قاضی خان معہ عالمگیری ج۱ ص ۵۳)

مسئلہ ۸ ایسی بیماری کہ وُضو یا غسل سے اس کے بڑھ جانے یا دیر میں اچھا ہونے کا صحیح اندیشہ ہو یا خود اپنا تجرِبہ ہو کہ جب بھی وُضو یا غُسل کیا بیماری بڑھ گئی یا یُوں کہ کوئی مسلمان اچھا قابل طبیب جو ظاہری طور پر فاسِق نہ ہو وہ کہہ دے کہ پانی نقصان کرے گا۔ تو ان صورتوں میں تیمُّم کر سکتے ہیں۔ (الدرالمختار معہ ردالمحتار ج۱ ص ٤٤۱)

مسئلہ ۹ **اگر** سر سے نہانے میں پانی نقصان کرتا ہو تو گلے سے نہائیں اور پورے سر کا مَسْح کریں۔ (بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۶۰ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

مسئلہ ۱۰ **جہاں** چاروں طرف ایک ایک میل تک پانی کا پتا نہ ہو وہاں بھی تَیَمُّم کرسکتے ہیں۔ (الدر المختار معہ ردالمحتار ج۱ ص ۴۴۱)

مسئلہ ۱۱ **اگر** اتنا آبِ زم زم شریف پاس ہے جو وُضو کیلئے کافی ہے تو تَیَمُّم جائز نہیں۔(بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ۶۱ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

مسئلہ ۱۲ **اتنی** سردی ہو کہ نہانے سے مرجانے یا بیمار ہوجانے کا قَوی اندیشہ ہے اور نہانے کے بعد سردی سے بچنے کا کوئی سامان بھی نہ ہو تو تَیَمُّم جائز ہے۔

(فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص ۲۸)

مسئلہ ۱۳ **قیدی** کو قید خانے والے وُضو نہ کرنے دیں تو تَیَمُّم کرکے نَماز پڑھ لے بعد میں اِعادہ کرے اور اگر وہ دشمن یا قید خانے والے نَماز بھی نہ پڑھنے دیں تو اشارے سے پڑھے اور بعد میں اِعادہ کرے۔ (اَیضاً)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہوگیا۔

مسئلہ ۱۴ **اگر** یہ گمان ہے کہ پانی تلاش کرنے میں قافِلہ نظروں سے غائب ہوجائے گا (یا ٹرین چھوٹ جائیگی) تو تیمُّم جائز ہے۔ (اَیضاً)

مسئلہ ۱۵ **مسجد** میں سورہا تھا کہ غسل فرض ہوگیا تو جہاں تھا وَہیں فوراً تیَمُّم کرلے یِہی اَحْوَط (یعنی اِحتیاط کے زِیادہ قریب) ہے۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۴۹۲ رضا فاؤنڈیشن لاہور) پھر باہَر نکل آئے تاخیر کرنا حرام ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۲۸)

مسئلہ ۱۶ **وَقْت** اتنا تنگ ہوگیا کہ وُضو یا غسل کرے گا تو نَماز قضا ہوجائیگی تو تیَمُّم کرکے نَماز پڑھ لے پھر وُضو یا غسل کرکے نَماز کا اِعادہ کرنا لازِم ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۳۰۷)

مسئلہ ۱۷ **عورَت** حیض و نِفاس سے پاک ہوگئی اور پانی پر قادِر نہیں تو تیَمُّم کرے۔

(بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ۶۴ مدینۃُ المرشد بریلی شریف)

مسئلہ ۱۸ **اگر** کوئی ایسی جگہ ہے جہاں نہ پانی ملتا ہے نہ ہی تیَمُّم کیلئے پاک مٹّی تو اسے چاہیے کہ وقتِ نَماز میں نَماز کی سی صورت بنائے یعنی تمام حَرَکاتِ

فرمانِ مصطَفٰے : (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

نَماز بِلا نیّتِ نَماز بجالائے۔ (بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ٦٥) مگر پاک پانی یا مٹّی پر قادر ہونے پر وُضو یا تیمّم کر کے نماز پڑھنی ہوگی۔

مسئلہ ١٩ وُضو اور غُسل دونوں کے تَیَمُّم کا ایک ہی طریقہ ہے۔ (ایضاً ص ٦٥)

مسئلہ ٢٠ جس پر غُسل فرض ہے اس کیلئے یہ ضَروری نہیں کہ وُضو اور غُسل دُونوں کیلئے دُو تَیَمُّم کرے بلکہ دُونوں میں ایک ہی نیّت کرلے دُونوں ہوجائیں گے اور اگر صِرف غُسل یا وُضو کی نیّت کی جب بھی کافی ہے۔

(فتاویٰ قاضی خان معہ عالمگیری ج ۱ ص ٥٣)

مسئلہ ٢١ جن چیزوں سے وُضو ٹوٹ جاتا ہے یا غُسل فَرض ہوجاتا ہے اُن سے تَیَمُّم بھی ٹوٹ جاتا ہے اور پانی پر قادِر ہونے سے بھی تَیَمُّم ٹوٹ جاتا ہے۔ (فتاویٰ تاتارخانیہ ج ۱ ص ۲٤۹ ادارۃ القران)

مسئلہ ٢٢ عورت نے اگر ناک میں پھول وغیرہ پہنے ہوں تو نکال لے ورنہ پھول کی جگہ مَسْح نہیں ہوسکے گا۔ (بہارِ شریعت حصہ ۲ ص ٦٦)

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

مسئلہ ۲۳ **ہونٹوں** کا وہ حِصّہ جو عادَتاً منہ بند ہونے کی حالت میں دکھائی دیتا ہے اِس پر مَسْح ہونا ضَروری ہے اگر منہ پر ہاتھ پھیر تے وقت کسی نے ہونٹوں کو زور سے دبالیا کہ کچھ حِصّہ مَسْح ہونے سے رَہ گیا تو تیَمُّم نہیں ہوگا۔ اِسی طرح زور سے آنکھیں بند کرلیں جب بھی نہ ہوگا۔

(بہارِ شریعت حصّہ ۲ ص ٦٦)

مسئلہ ۲۴ **انگوٹھی**، گھڑی وغیرہ پہنے ہوں تو اُتار کران کے نیچے ہاتھ پھیرنا فرض ہے۔ (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ۱۲۰) اسلامی بہنیں بھی چُوڑیاں وغیرہ ہٹا کراُن کے نیچے مَسْح کریں۔ تیَمُّم کی اِحتیاطیں وُضو سے بڑھ کر ہیں۔

مسئلہ ۲۵ **بیمار** یا بے دست وپا خود تیَمُّم نہیں کرسکتا تو کوئی دوسرا کروادے اِس میں تیَمُّم کروانے والے کی نیّت کا اِعتبار نہیں، جس کو تیَمُّم کروایا جارہا ہے اُس کو نیّت کرنا ہوگا۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۲٦)

**مَدَنی مشورہ**: وُضو کے اَحکام سیکھنے کیلئے میرا رِسالہ ''وُضو کا طریقہ''

**فرمانِ مصطفٰے** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

اور نَماز کے اَحکام سیکھنے کیلئے رِسالہ "نَماز کا طریقہ" کامُطالَعہ مُفید ہے۔

**یاربِّ مصطفٰے!** عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم ہمیں بار بار غُسل کے مسائل پڑھنے، سمجھنے اور دوسروں کو سمجھانے اور سنّتوں کے مطابِق غُسل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ **اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم




طالبِ غمِ مدینہ
وبقیع ومغفِرت




۱۹ رَجَبُ المرجَّب ۱۴۲۶ھ

## یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کرکے ثواب کمائیے۔ گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنائیے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیے۔

صَلُّوا عَلَی الحَبیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# فیضانِ اذان




قبر میں کیڑے نہیں پڑیں گے 139
موتی کے گنبد 139
گزشتہ گناہ معاف 140
مچھلیاں بھی استغفار کرتی ہیں 140
3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں کمایئے 141
اذان کا جواب دینے والا جنتی ہوگیا 143
اذان واقامت کے جواب کا طریقہ 144
اِقامت کے 7 مَدَنی پھول 153
سو شہیدوں کا ثواب کمایئے 157
اذان کی دُعا 165
ایمانِ مُفَصَّل/ایمانِ مُجمَل 166
6 کلمے 167


وَرَق اُلٹیے---

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

بقیع

# فیضانِ اذان

## اس رسالے میں ۔۔۔۔

قبر میں کیڑے نہیں پڑیں گے

ایمان مُفصَّل، ایمان مُجمَل، چھ کلمے

اذان کا جواب دینے کا طریقہ

مچھلیاں استغفار کرتی ہیں

سو شہیدوں کا ثواب کمایئے

3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں کمایئے

اذان کا جواب دینے والا جنّتی ہوگیا

ورق اُلٹیے ۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# فیضانِ اذان

یہ رِسالہ اوّل تا آخِر پورا پڑھئے۔قَوی امکان ہے کہ آپکی کئی غَلَطیاں سامنے آجائیں۔

## دُرُود شریف کی فضیلت

سرکارِ مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صاحبِ مُعَطّر پسینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی علیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا اِرشادِ رحمت بُنیاد ہے، ''جس نے قراٰنِ پاک پڑھا، ربّ تعالیٰ کی حمد کی اور نبی (صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) پر دُرُود شریف پڑھا نیز اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ سے مغفِرت طلب کی تو اُس نے بھلائی کو اپنی جگہ سے تلاش کرلیا''۔[1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد



[1] تفسیر دُرِّ منثور ج۸ ص۶۹۸ بیروت

# ''اذان'' کے چار حُرُوف کی نِسبت سے اذان کے فضائل پر مُشتَمِل 4 رِوایات

## (۱) قَبْر میں کیڑے نہیں پڑیں گے

مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی علیہ وَاٰلہٖ وَسلَّم کا فرمانِ خوشگوار ہے، ''ثواب کی خاطِر اذان دینے والا اُس شہید کی مانند ہے جو خون میں لِتھڑا ہوا ہے اور جب مرے گا، قبر میں اس کے جسم میں کیڑے نہیں پڑیں گے''۔

(اَلتَّرغِیب وَالتَّرہِیب ج ا ص ۱۱۲ دارالکتب العلمیہ بیرورت)

## (۲) موتی کے گُنْبد

رَحمتِ عالَم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی علیہ وَاٰلہٖ وَسلَّم کا فرمانِ معظَّم ہے، میں جنّت میں گیا، اُس میں موتی کے گُنْبد دیکھے اُس کی خاک مُشک کی ہے۔ پوچھا، اے جبرئیل! یہ کس کے واسطے ہیں؟ عَرض کی، آپ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی اُمّت کے مُؤَذِّنوں اور اماموں کیلئے۔

(کنزالعُمّال ج۷ ص ۲۸۷ حدیث ۲۰۸۹۶ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

## (۳) گُزَشتہ گناہ مُعاف

**سلطانِ** مدینہ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کا فرمانِ باقرینہ ہے، جس نے پانچوں نمازوں کی اذان ایمان کی بِنا پر بہ نیّتِ ثواب کہی اس کے جو گناہ پہلے ہوئے ہیں مُعاف ہو جائیں گے اور جو ایمان کی بِنا پر ثواب کیلئے اپنے ساتھیوں کی پانچ نمازوں میں امامت کرے اس کے گناہ جو پہلے ہوئے ہیں مُعاف کر دیئے جائیں گے۔ (کنزالعُمّال ج۷ ص ۲۸۷ حدیث ۲۰۹۰۲ دار الکتب العلمیة بیروت)

## (٤) مچھلیاں بھی اِستِغفار کرتی ہیں

**منقول** ہے، اذان دینے والوں کیلئے ہر ایک چیز مغفِرت کی دعا کرتی ہے یہاں تک کہ دریا میں مچھلیاں بھی۔ مُؤَذِّن جس وقت اذان کہتا ہے فِرِشتے بھی دوہراتے جاتے ہیں اور جب فارِغ ہو جاتا ہے تو فِرِشتے قِیامت تک اُس کیلئے مغفِرت کی دعا کرتے ہیں۔ جو مُؤَذِّنی کی حالت میں مر جاتا ہے اُسے عذابِ قبر نہیں ہوتا اور مُؤَذِّن نَزع کی سختیوں سے بچ جاتا ہے۔ قبر کی سختی

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

اور تنگی سے بھی مامون (یعنی محفوظ) رَہتا ہے۔

(ملخّص از تفسیرِ سورۂ یوسُف لِلغزالی مترجَم ص ۲۱ مرکزالاولیاء لاہور)

# اذان کے جواب کی فضلیت

**مدینے** کے تاجدار صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ایکبار فرمایا، "اے عورَتو! جب تم بِلال کواذان واِقامت کہتے سنوتو جس طرح وہ کہتا ہے تم بھی کہو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہارے لئے ہر کَلِمہ کے بدلے **ایک لاکھ** نیکیاں لکھے گا اور **ایک ہزار** دَرَجات بُلند فرمائے گا اور **ایک ہزار** گناہ مٹائے گا۔" خواتین نے یہ سُن کرعَرض کی، یہ تو عورَتوں کیلئے ہے مردوں کیلئے کیا ہے؟ فرمایا، "مردوں کیلئے دُگنا۔" (کنزالعُمّال ج۷ ص ۲۸۷ حدیث ۲۱۰۰۵ دارالکتب العلمیة بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

# 3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں کمایئے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت پر قربان! اُس نے ہمارے لئے نیکیاں کمانا، اپنے دَرَجات بڑھوانا اور گناہ بخشوانا کس قدر آسان

فرما دیا ہے۔ مگر افسوس! اتنی آسانیوں کے باوُجُود بھی ہم **غفلت** کا شِکار رہتے ہیں۔ پیش کردہ حدیثِ مبارَک میں **جوابِ اذان** کی جو فضیلت بیان ہوئی ہے اُس کی تفصیل مُلاحَظہ فرمایئے۔

**"اَللّٰہُ اَکْبَر اَللّٰہُ اَکْبَر"** یہ ۲ کلمات ہیں اِسطرح پوری اذان میں **۱۵ کلِمات** ہیں۔ اگر کوئی اسلامی بہن ایک اذان کا جواب دے یعنی مُؤَذِّن جو کہتا جائے اسلامی بہن بھی دوہراتی جائے تو اُس کو **۱۵ لاکھ** نیکیاں ملیں گی۔ **۱۵ ہزار** دَرَجات بُلند ہونگے اور **۱۵ ہزار** گناہ مُعاف ہونگے۔ اور اسلامی بھائیوں کیلئے یہ سب دُگنا ہے۔ **فَجْر** کی اذان میں ۲ مرتبہ اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم ہے تو فَجر کی اذان میں **۱۷ کلمات** ہوگئے اور یوں فَجر کی اذان کے جواب میں ۱۷ **لاکھ** نیکیاں، ۱۷ ہزار دَرَجات کی بُلندی اور ۱۷ ہزار گناہوں کی مُعافی ملی اور اسلامی بھائیوں کیلئے دُگنا۔ اِقامت میں ۲ مرتبہ **قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ** بھی ہے یوں اِقامت میں بھی ۱۷ کلِمات ہوئے تو اِقامت کے جواب کا ثواب بھی فَجر کی اذان کے جواب جتنا ہوا۔ **الحاصِل اگر کوئی اسلامی بہن اِہتِمام کیساتھ**

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

روزانہ پانچوں نمازوں کی اذانوں اور پانچوں اِقامتوں کا جواب دینے میں کامیاب ہوجائے تو اُسے روزانہ ایک کروڑ باسٹھ لاکھ نیکیاں ملیں گی، ایک لاکھ باسٹھ ہزار دَرَجات بُلند ہونگے اور ایک لاکھ باسٹھ ہزار گناہ مُعاف ہونگے اور اسلامی بھائی کو دُگنا یعنی 3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں ملیں گی، 3 لاکھ 24 ہزار دَرَجات بُلند ہونگے اور 3 لاکھ 24 ہزار گناہ مُعاف ہونگے۔

## اذان کا جواب دینے والا جنّتی ہوگیا

حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صاحِب جن کا بظاہر کوئی بَہُت بڑا نیک عمل نہ تھا، وہ فوت ہوگئے تو رسولُ اللہ عَزَّوَجَلَّ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے صَحابۂ کرام علیہم الرضوان کی موجودَگی میں فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے جنّت میں داخل کردیا ہے۔ اس پر لوگ مُتَعَجِّب ہوئے کیونکہ بظاہِر ان کا کوئی بڑا عمل نہ تھا۔ چُنانچِہ ایک صَحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُن کے گھر گئے اور ان کی بیوہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ اُن کا کوئی خاص عمل ہمیں بتایئے،

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

تو اُنہوں نے جواب دیا: اور تو کوئی خاص بڑا عمل مجھے معلوم نہیں، صِرف اتنا جانتی ہوں کہ دن ہو یا رات، جب بھی وہ اذان سنتے تو جواب ضَرور دیتے تھے۔

(مُلَخَّص از ابنِ عساکِر ج ۴۰ ص ۴۱۲،۴۱۳ دار الفکر ،بیروت )

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ **کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری مغفِرت ہو۔**

گُنہِ گدا کا حساب کیا وہ اگرچہ لاکھ سے ہیں سِوا

مگر اے عَفُوّ ترے عَفْو کا تو حساب ہے نہ شُمار ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

# اذان و اقامت کے جواب کا طریقہ

**مُؤَذِّن** صاحِب کو چاہئے کہ اَذان کے کلمات ٹھہر ٹھہر کر کہیں۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ دونوں مل کر (بغیر سَکتہ کئے ایک ساتھ پڑھنے کے اعتبار سے) ایک کَلِمہ ہیں دونوں کے بعد سَکتہ کرے (یعنی چُپ ہوجائے) اور سَکتہ کی مقدار یہ ہے کہ جواب دینے والا جواب دے لے، سَکتہ کا ترک مکروہ ہے اور ایسی اذان کا اِعادہ مُسْتَحَب ہے۔ (اَلدُّرُّالْمُخْتَار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتَار ج۲ ص۶۶) جواب دینے والے کو

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

چاہئے کہ جب مُؤَذِّن صاحِب اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَر کہہ کر سَکْتہ کریں یعنی خاموش ہوں اُس وقت اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے۔ اِسی طرح دیگر کلِمات کا جواب دے۔ جب مُؤَذِّن پہلی بار اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ کہے یہ کہے:۔

صَلَّی اللّٰہُ علیکَ یا رَسُوْلَ اللّٰہ ‏ ترجمہ: آپ پر دُرُود ہو یارسول اللہ ﷺ

(ردالمحتار ج۱ ص ۲۹۳ مصطفی البابی مصر)

جب دوبارہ کہے یہ کہے:۔

قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ (ایضاً) ‏ یارسول اللہ! آپ سے میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

اور ہر بار انگوٹھوں کے ناخن آنکھوں سے لگا لے آخر میں کہے۔

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔ (ایضاً) ‏ اے اللہ! عَزَّوَجَلَّ میری سننے اور دیکھنے کی قُوَّت سے مجھے نفع عطا فرما۔

جو ایسا کرے سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم اسے اپنے پیچھے پیچھے جنّت میں لے جائیں گے۔ (اَیضاً)

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے جواب میں (چاروں بار)

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں کہے (یعنی مُؤَذِّن نے جو کہا وہ بھی کہے اور لاحول بھی) بلکہ مزید یہ بھی مِلا لے:۔

مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ ترجَمہ: جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا ہوا، جو نہیں چاہا نہ ہوا۔ (درمختار معہٗ ردالمحتار ج ۲ ص ۸۲، عالمگیری ج ۱ ص ۵۷)

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے جواب میں کہے،

صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ. ترجَمہ: تُو سچا اور نیکوکار ہے اور تُو نے حق کہا ہے۔ (ایضاً ص ۸۳)

**اِقامت** کا جواب **مُسْتَحَب** ہے۔اس کا جواب بھی اسی طرح ہے فرق اتنا ہے کہ قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں کہے،

اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ۔ ترجَمہ: اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کو قائم رکھے جب تک آسمان اور زمین ہیں۔

(عالمگیری ج ۱ ص ۵۷)

# "صَدَقْتَ یا رسولَ اللہ" کے ۱۴ حُرُوف کی نسبت سے اذان کے 14 مَدَنی پھول

مدنی پھول ۱ **پانچوں** فَرض نَمازیں ان میں جُمُعہ بھی شامل ہے جب جماعتِ اُولیٰ کے ساتھ مسجِد میں وَقْت پر ادا کی جائیں تو ان کیلئے اذان سنّتِ مُؤَکَّدہ ہے اور اسکا حکم مِثْلِ واجِب ہے کہ اگر اذان نہ کہی گئی تو وہاں کے تمام لوگ گنہگار ہونگے۔ (درمختار معہ رد المحتار ج۲ ص ۶۰)

مدنی پھول ۲ **اگر** کوئی شَخْص شہر کے اندر گھر میں نَماز پڑھے تو وہاں کی مسجِد کی اذان اس کیلئے کافی ہے مگر اذان کہہ لینا مُسْتَحَب ہے۔ (ایضاً ص ۶۲)

مدنی پھول ۳ **اگر** کوئی شخص شہر کے باہَر یا گاؤں، باغ یا کھیت وغیرہ میں ہے اور وہ جگہ قریب ہے تو گاؤں یا شہر کی اذان کافی ہے پھر بھی اذان کہہ لینا بہتر ہے اور جو قریب نہ ہو تو کافی نہیں۔ قریب کی حد یہ ہے کہ یہاں کی اذان کی آواز وہاں پُہنچتی ہو۔ (عالمگیری ج۱ ص ۵۴)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

**مسافر** نے اذان و اِقامت دونوں نہ کہی یا اِقامت نہ کہی تو مکروہ ہے اور اگر صِرف اِقامت کہہ لی تو کراہت نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ اذان بھی کہہ لے۔ چاہے تنہا ہو یا اس کے دیگر ہمراہی وَہیں موجود ہوں۔

( درمختار معه درمحتار ج۲ ص ۷۸ )

**وقت** شُروع ہونے کے بعد اذان کہئے اگر وقت سے پہلے کہہ دی یا وقت سے پہلے شُروع کی اور دَورانِ اذان وقت آ گیا۔ دونوں صورَتوں میں اذان دوبارہ کہئے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۵٤) **مُؤَذِّن** صاحِبان کو چاہئے کہ وہ نقشہ **نِظامُ الْاَوقات** دیکھتے رہا کریں۔ کہیں کہیں مُؤَذِّن صاحِبان وقت سے پہلے ہی اذان شُروع کر دیتے ہیں۔ امام صاحِبان اور اِنتِظامیہ کی خدمت میں بھی مَدَنی اِلتجا ہے کہ وہ بھی اس مسئلہ (مَس۔ءَ۔لَہ) پر نظر رکھیں۔

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

مدنی پھول ۶ **خواتین** اپنی نَماز ادا پڑھتی ہوں یا قضا اس میں ان کیلئے اذان و اقامت کہنا مکروہ ہے۔ (خُلاصۃ الفتاویٰ ج۱ ص ٤٨)

مدنی پھول ۷ **عورتوں** کو جماعت سے نَماز ادا کرنا ناجائز ہے۔ (البحرالرائق ج۱ ص ٦١٤)

مدنی پھول ۸ **سمجھدار** بچّہ بھی اذان دے سکتا ہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ٥٤)

مدنی پھول ۹ **بے** وُضُو کی اذان صحیح ہے مگر بے وُضُو کا اذان کہنا مکروہ ہے۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ١٩٩/ فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج ٥ ص ٣٧٣)

مدنی پھول ۱۰ **خُنثٰی**، فاسِق اگرچہ عالِم ہی ہو، نشہ والا، پاگل، بے غُسلا اور نا سمجھ بچّے کی اذان مکروہ ہے۔ ان سب کی اذان کا اِعادہ کیا جائے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج۲ ص ٧٥)

مدنی پھول ۱۱ **اگر** مُؤَذِّن ہی امام بھی ہو تو بہتر ہے۔ (اَیضاً ص ٨٨/ عالمگیری ج۱ ص ٥٤)

مسئلہ ۱۲ **مسجد** کے باہَر قِبلہ رُو کھڑے ہو کر، کانوں میں اُنگلیاں ڈال کر بُلند آواز سے اذان کہی جائے مگر طاقت سے زیادہ آواز بُلند کرنا مکروہ ہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ۵۵)

مسئلہ ۱۳ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ سیدھی طرف منہ کر کے کہےاور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح اُلٹی طرف منہ کر کے، اگرچہ اذان نَماز کیلئے نہ ہو مَثَلاً بچّے کے کان میں کہی۔ یہ پھرنا فقط مُنہ کا ہے سارے بدن سے نہ پھرے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ٦٦) **بعض مُؤَذِّنِین ''صلٰوۃ'' اور ''فلاح'' پر پہنچنے پر** نزاکت کے ساتھ دائیں بائیں چہرے کو تھوڑا سا ہلا دیتے ہیں، یہ طریقہ غَلَط ہے۔ دُرُست انداز یہ ہے کہ پہلے اچھی طرح دائیں بائیں چہرہ کرلیا جائے اِس کے بعد لفظ ''حَیَّ'' کہنے کی اِبتِداء ہو۔

مسئلہ ۱۴ **فجر** کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم کہنا **مُستَحَب** ہے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ٦٧) **اگر نہ کہا جب**

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

بھی اذان ہوجائیگی۔ (قانونِ شریعت ص ۷۷)

# "اَذانِ بلالی" کے نوحُروف کی نسبت سے جوابِ اذان کے 9 مَدَنی پھول

مدنیہ ۱ اذانِ نَماز کے علاوہ دیگر اذانوں کا جواب بھی دیا جائے گا مَثَلاً بچّہ پیدا ہوتے وقت کی اذان۔ (رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ۸۲)

مدنیہ ۲ مُقتدیوں کو خُطبے کی اذان کا جواب ہر گز نہ دینا چاہیے یہی اَحْوَط (یعنی احتیاط سے قریب) ہے۔ ہاں اگر یہ جوابِ اذان یا (دو خطبوں کے درمیان) دُعا، اگر دل سے کریں، زَبان سے تَلَفُّظ اَصْلاً نہ ہو تو کوئی حَرَج نہیں۔ اور امام یعنی خطیب اگر زَبان سے بھی جوابِ اذان دے یا دعاء کرے بلاشبہ جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۸ ص ۳۳۰۔۳۰۱)

مدنیہ ۳ اَذان سُننے والے کیلئے اَذان کا جواب دینے کا حُکم ہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ۵۷) جُنُب (یعنی جسے جِماع یا اِحتِلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو) بھی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

اذان کا جواب دے۔ البتّہ حیض و نِفاس والی عورت، خُطبہ سننے والے، نَمازِ جنازہ پڑھنے والے، جِماع میں مشغول یا جو قضائے حاجت میں ہوں اُن پر جواب نہیں۔ (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ۲۰۳)

مدینہ ۴ **جب** اذان ہو تو اُتنی دیر کیلئے سلام و کلام اور جوابِ سلام اور تمام کام مَوقوف کر دیجئے یہاں تک کہ تِلاوت بھی، اذان کو غور سے سنئے اور جواب دیجئے اِقامت میں بھی اِسی طرح کیجئے۔

(دُرِّمُختار مَعَهٗ رَدُّالمُحتار ج۲ ص ۸۶/ عالمگیری ج۱ ص ۵۷)

مدینہ ۵ **اذان** کے دوران چلنا، پھرنا، غذا، برتن کوئی سی چیز اُٹھانا، رکھنا، چھوٹے بچّوں سے کھیلنا، اِشاروں میں گفتگو کرنا وغیرہ سب کچھ موقوف کر دینا ہی مناسب ہے۔

مدینہ ۶ **جو** اَذان کے وَقت باتوں میں مشغول رہے اسکا مَعاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ خاتمہ بُرا ہونے کا خوف ہے (بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۳۶ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

مدینہ ۷ **راستے** پر چل رہا تھا کہ اذان کی آواز آئی تو بہتر یہ ہے کہ اُتنی دیر کھڑا

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

ہوجائے چُپ چاپ سُنے اور جواب دے۔ (عالمگیری ج۱ ص ۵۷)

مدنی پھول ۸ اگر چند اذانیں سُنے تو اس پر پہلی ہی کا جواب ہے اور بہتر یہ ہے کہ سب کا جواب دے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ۸۲)

مدنی پھول ۹ اگر بوقتِ اذان جواب نہ دیا تو اگر زِیادہ دیر نہ گزری ہو تو جواب دے لے۔ (رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ۸۱)

# ''یامصطفےٰ'' کے سات حُروف کی نسبت سے اِقامت کے 7 مَدَنی پھول

مدنی پھول ۱ **اِقامت** مسجِد میں امام کے عَین پیچھے کھڑے ہوکر کہنا بہتر ہے اگر عَین پیچھے موقع نہ ملے تو سیدھی طرف مُناسِب ہے۔

(مُلخّص از: فتاوٰی رضویہ ج۵ ص ۳۷۲)

مدنی پھول ۲ **اِقامت** اذان سے بھی زیادہ تاکیدی سنّت ہے۔

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ۶۸)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

مسئلہ ۳ **اِقامت** کا جواب دینا مُستحب ہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ٥٧)

مسئلہ ٤ **اِقامت** کے کلِمات جلد جلد کہیں اور درمیان میں سَکتہ نہ کریں۔

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج۲ ص ٦٨)

مسئلہ ٥ **اِقامت** میں بھی حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح میں دائیں بائیں مُنہ پھیریں۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج۲ ص ٦٦)

مسئلہ ٦ **اِقامت** اُسی کا حق ہے جس نے اذان کہی ہے اذان دینے والے کی اجازت سے دوسرا کہہ سکتا ہے اگر بغیر اجازت کہی اور مُؤَذِّن (یعنی جس نے اذان دی تھی اُس) کو ناگوار ہو تو مکروہ ہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ٥٤)

مسئلہ ۷ **اِقامت** کے وقت کوئی شَخْص آیا تو اُسے کھڑے ہوکر اِنتِظار کرنا مکروہ ہے بلکہ بیٹھ جائے اِسی طرح جو لوگ مسجد میں موجود ہیں وہ بھی بیٹھے رہیں اور اُس وقت کھڑے ہوں جب مُکَبِّر حَیَّ عَلَی الْفَلَاح

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرودِ پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہوگیا۔

پر پہنچے یہی حکم امام کیلئے ہے۔ (اَیضاً ص ۵۵)

## "میرے غوثِ اعظم" کے گیارہ حُروف کی نسبت سے اذان دینے کے 11 مُستَحَب مواقِع

(۱) بچّے (۲) مغموم (۳) مِرگی والے (٤) غضبناک اور بدمزاج آدَمی اور (۵) بدمزاج جانور کے کان میں (٦) لڑائی کی شدّت کے وقت (۷) آتَش زَدگی (آگ لگنے) کے وقت (۸) مَیِّت دَفْن کرنے کے بعد (۹) جِنّ کی سرکشی کے وقت (یا کسی پر جن سُوار ہو) (۱۰) جنگل میں راستہ بھول جائیں اور کوئی بتانے والا نہ ہو اُس وقْت۔ نیز (۱۱) وَبا کے زمانے میں بھی اذان دینا مُسْتَحَب ہے۔

(دُرِّمُختَار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتَار ج ۲ ص ۵۰)

## مسجِد میں اذان دینا خلافِ سنّت ہے

آج کل اکثر مسجِد کے اندر ہی اذان دینے کا رَواج پڑ گیا ہے جو کہ خلافِ سنّت ہے۔ "عالمگیری" وغیرہ میں ہے اذان خارِجِ مسجِد میں کہی جائے

مسجد میں اذان نہ کہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۵۵) میرے آقا اعلیٰحضرت، اِمامِ اَہلسنّت، ولیٔ نِعمت، عظیمُ البَرَکت، عظیمُ المَرْتَبت، پروانۂِ شمْعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دین ومِلَّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر وبَرَکت، حضرتِ علامہ مولٰینا الحاج الحافِظ القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں "ایکبار بھی ثابت نہیں کہ حُضُورِ اقدس صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وسلَّم نے مسجد کے اندر اذان دلوائی ہو۔ (فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج ۵ ص ۴۱۲) سیِّدی اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مزید فرماتے ہیں، مسجد میں اذان دینی مسجد و دربارِ الٰہی کی گستاخی وبے ادبی ہے۔ (ایضاً ص ۴۱۱) صحنِ مسجد کے نیچے جہاں جُوتے اُتارے جاتے ہیں۔ وہ جگہ خارِجِ مسجد ہوتی ہے وہاں اذان دینا بلا تکلُّف مطابِقِ سنّت ہے۔ (ایضاً ص ۴۰۸) جُمعہ کی اذانِ ثانی جو آج کل (خطبہ سے قبل) مسجد میں خطیب کے مِنْبر کے سامنے مسجد کے اندر دی جاتی ہے یہ بھی خلافِ سنّت ہے، جُمعہ کی اذانِ ثانی بھی

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

مسجِد کے باہَر دی جائے مگر مُؤَذِّن خطیب کے سامنے ہو۔

(فتح القدیر ج۲ص۲۹)

## سو شہیدوں کا ثواب کمائیے

سیِّدی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، اِحیائے سنّت عُلَماء کا تو خاص فرضِ مَنصَبی ہے اور جس مسلمان سے ممکِن ہو اُس کیلئے حُکم عام ہے، ہر شہر کے مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنے شہر یا کم از کم اپنی اپنی مساجِد میں (اذان اور جمعہ کی اذانِ ثانی مسجِد کے باہَر دینے کی)اِس سنّت کو زندہ کریں اور ۱۰۰ سو ۱۰۰ سو شہیدوں کا ثواب لیں۔ (فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج۵ ص ۴۰۳) رسولُ اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَاٰلِہٖ وَسلَّم کا فَرمان ہے، ”جو فسادِ اُمّت کے وقت میری سنّت کو مضبوط تھامے اسے ۱۰۰ سو شہیدوں کا ثواب ملے“۔ اسے ”بَیہقی“ نے زُہد میں روایت کی ہے (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۰) اِس مسئلہ کی تفصیل کیلئے فتاویٰ رضویہ ج۵ ”بابُ الاذانِ وَالاِقامة“ (مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن) کا مُطالعہ فرمائیے۔

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# اذان سے پہلے یہ دُرُودِ پاک پڑھئے

**اَذان** واِقامت سے قبل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھ کردُرُود وسلام کے یہ چار۴ صیغے پڑھ لیجئے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ

**پھر** دُرُود وسلام اوراذان میں فَصْل (یعنی گیپ) کرنے کے لیے یہ اعلان کیجئے، **"اذان کا اِحترام کرتے ہوئے گُفتُگُواورکام کاج روک کراذان کا جواب دیجئے اور ڈھیروں نیکیاں کمایئے"**۔ اِس کے بعد اَذان دیجئے۔ دُرُود وسلام اور اِقامت کے درمیان یہ اِعلان کیجئے **"اِعتِکاف کی نیّت کرلیجئے، مو بائل فون ہوتو**

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

بند کر دیجئے"۔ اذان و اقامت سے قبل تَسْمِیَہ اور دُرُود و سلام کے مخصوص چار صِیغوں کی مَدَنی اِلتجا اِس شوق میں کر رہا ہوں کہ اسطرح میرے لئے بھی کچھ ثوابِ جارِیَہ کا سامان ہو جائے اور فَصْل (یعنی گیپ رکھنے) کا مشورہ فتاویٰ رضویہ کے فیضان سے پیش کیا ہے۔ چُنانچہ ایک اِسْتِفْتاء کے جواب میں امامِ اہلسنّت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، "دُرُود شریف قبلِ اِقامت پڑھنے میں حَرَج نہیں مگر اِقامت سے فَصْل (یعنی فاصِلہ یا علیٰحِدَگی) چاہئے یا دُرُود شریف کی آواز، آوازِ اِقامت سے ایسی جدا (مَثَلاً دُرُود شریف کی آوازِ اِقامت کی بہ نسبت کچھ پَست) ہو کہ امتیاز رہے اور عوام کو دُرُود شریف جُزْءِ اِقامت (یعنی اِقامت کا حصّہ) نہ معلوم ہو"

(فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ ج۵ ص ۳۸۶)

**وَسوَسہ**: سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی علیہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم کی حیاتِ ظاہِری اور دَورِ خُلَفائے راشِدین علیہم الرضوان میں اذان سے پہلے دُرُود شریف نہیں پڑھا جاتا تھا لہٰذا ایسا

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

کرنا بُری بدعت اور گناہ ہے۔ (مَعاذ اللہ عزوجل)

**جوابِ وَسوَسہ:** اگر یہ قاعِدہ تسلیم کر لیا جائے کہ جو کام اُس دَور میں نہیں ہوتا تھا وہ اب کرنا بُری بدعت اور گناہ ہے تو پھر فی زمانہ نِظام درہم برہم ہو جائیگا۔ بے شمار مِثالوں میں سے فَقَط ۲ امثالیں پیش کرتا ہوں کہ یہ کام اُس مُبارَک دور میں نہیں تھے اور اب ان کو سب نے اپنایا ہوا ہے۔ (۱) قرانِ پاک پر نُقطے اور اِعْراب حَجّاج بن یوسُف نے ۹۵ ھ میں لگوائے۔ (۲) اِسی نے خَتْمِ آیات پر علامات کے طور پر نُقطے لگوائے۔ (۳) قرانِ پاک کی چَھپائی (٤) مسجِد کے وَسْط میں امام کے کھڑے رہنے کیلئے طاق نُما محراب پہلے نہ تھی وَلید مَروانی کے دَور میں سیِّدُنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِیجاد کی۔ آج کوئی مسجِد اس سے خالی نہیں۔ (۵) چھ کلمے (٦) علمِ صَرْف ونَحْو (۷) علمِ حدیث اور احادیث کی اَقْسام (۸) درسِ نِظامی (۹) شرِیعت وطریقت کے چار سلسلے (۱۰) زَبان سے

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

نَماز کی نیّت (١١) ہوائی جہاز کے ذَرِیعہ سفرِ حج (١٢) جدید سائنسی ہتھیاروں کے ذَرِیعے جہاد۔ یہ سارے کام اس مبارَک دَور میں نہیں تھے لیکن اب انہیں کوئی گناہ نہیں کہتا تو آخر اذان واقامت سے پہلے میٹھے میٹھے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم پر دُرُود وسلام پڑھنا ہی کیوں بُری بدعت اور گناہ ہو گیا! یاد رکھئے کسی مُعامَلے میں عَدَمِ جواز کی دلیل نہ ہونا خود دلیلِ جواز ہے۔ یقیناً، یقیناً، یقیناً ہر وہ نئی چیز جس کو شَرِیْعت نے مَنْع نہیں کیا وہ بدعتِ حَسَنہ اور مُباح یعنی اچھی بدعت اور جائز ہے اور یہ اَمْرِ مُسَلَّم ہے کہ اذان سے پہلے دُرُود شریف پڑھنے کو کسی بھی حدیث میں مَنْع نہیں کیا گیا لہٰذا مَنْع نہ ہونا خود بخود ''اِجازت'' بن گیا اور اچھی اچھی باتیں اسلام میں ایجاد کرنے کی تو خود مدینے کے تاجْوَر، نبیوں کے سرور، حُضُورِ انور صَلَّی اللہ تعَالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم نے ترغیب ارشاد فرمائی ہے اور مسلم کے باب ''کتابُ العلم'' میں سلطانِ دو جہان صَلَّی اللہ تعَالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم کا یہ فرمانِ اجازت

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

نشان موجود ہے،

| | |
|---|---|
| مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَعَمِلَ بِهَا بَعْدَهٗ كُتِبَ لَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَلَا يَنْقُصُ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَیْءٌ۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۳٤۱) | جس شخص نے مسلمانوں میں کوئی نیک طریقہ جاری کیا اور اسکے بعد اس طریقہ پر عمل کیا گیا تو اس طریقہ پر عمل کرنے والوں کا اَجْر بھی اسکے (یعنی جاری کرنے والے) کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے گا اور عمل کرنے والوں کے اَجْر میں کمی نہیں ہوگی۔ |

مطلب یہ کہ جو اسلام میں اچھا طریقہ جاری کرے وہ بڑے ثواب کا حقدار ہے تو بلاشُبہ جس خوش نصیب نے اذان و اقامت سے قبل دُرُود و سلام کا رَواج ڈالا ہے وہ بھی ثوابِ جارِیَہ کا مُستحق ہے، قِیامت تک جو مسلمان اِس طریقے پر عمل کرتے رہیں گے اُن کو بھی ثواب ملیگا اور جاری کرنے والے کو بھی

ملتا رہے گا اور دونوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

**ہوسکتا** ہے کسی کے ذِہن میں یہ سُوال ہو کہ حدیثِ پاک میں ہے، "کُلُّ بِدعَةٍ ضَلَالَةٌ وَّکُلُّ ضَلَالَةٍ فِی النَّار" یعنی ہر بدعت (نئی بات) گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنّم میں (لے جانے والی) ہے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ٣٠) اِس حدیث شریف کے کیا معنیٰ ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حدیثِ پاک حق ہے۔ یہاں بدعت سے مُراد بدعتِ سیِّئَۃ یعنی بُری بدعت ہے اور یقیناً ہر وہ بدعت بُری ہے جو کسی سنّت کے خِلاف یا سنّت کو مٹانے والی ہو۔ چُنانچہ سیِّدُنا شیخ عبدالحق محدّث دِہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، جو بدعت کہ اُصول اور قواعِدِ سنّت کے مُوافِق اور اُس کے مطابِق قِیاس کی ہوئی ہے (یعنی شَرِیعت وسنّت سے نہیں ٹکراتی) اُس کو **بدعتِ حَسَنہ** کہتے ہیں اور جو اس کے خِلاف ہو وہ بدعت گمراہی کہلاتی ہے۔

(اَشِعَّۃُ اللَّمْعات ج ١ ص ١٢٥)

**فرمانِ مصطفیٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# اذان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا

اللہ سب سے بڑا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود

اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ

نہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی

اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَشْھَدُ اَنَّ

دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں

مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط

کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ نماز پڑھنے کیلئے آؤ۔

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط

نماز پڑھنے کے لئے آؤ۔ نجات پانے کے لئے آؤ۔

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ

نجات پانے کے لئے آؤ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ

اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

سب سے بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالٰی اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

# اذان کی دُعاء

اذان کے بعد مُؤَذِّن و سامِعین دُرُود شریف پڑھ کر یہ دُعا پڑھیں:۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ

اے اللہ عزوجل اِس دعوتِ تامّہ اور صلوٰۃ

الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ

قائمہ کے مالک تو ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ

وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ

اور فضیلت اور بہت بُلند دَرجہ عطا فرما اور اُن کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا

مقامِ محمود میں کھڑا کر جسکا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت

شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ

کے دن اِن کی شفاعت نصیب فرما۔ بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں

الْمِیْعَادَ ط بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

کرتا۔ ہم پر اپنی رحمت فرما اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ |
| اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔ |
| ایمانِ مفصّل: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَ |
| میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور |
| كُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ |
| اسکی کتابوں پر اور اسکے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور |
| وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ |
| بُری تقدیر اللہ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔ |
| ایمانِ مجمل: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ |
| میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں |
| وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌۢ |
| اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اسکے تمام احکام قبول کئے زبان |
| بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌۢ بِالْقَلْبِ ؕ |
| سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے۔ |

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# ۶ شش کلمے

| | |
|---|---|
| اوّل کلمہ طیّب | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم |
| اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں | |
| دُوسرا کلمہ شہادت | اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ |
| میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں | |
| وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا | |
| وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد | |
| عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط صلی اللہ علیہ وسلم | |
| (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ | |
| تیسرا کلمہ تمجید | سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ |
| اللہ پاک ہے اور سب خوبیاں اللہ کے لئے ہیں | |
| وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ | |
| اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت | |
| وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط | |
| اور نیکی کرنے کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے جو سب سے بلند عظمت والا ہے۔ | |
| چوتھا کلمہ توحید | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ |
| اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے | |

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

اس کا کوئی شریک نہیں اُسی کیلئے ہے بادشاہی اور اُسی کے لئے حمد ہے

يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

وُہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اُس کو ہرگز کبھی موت

اَبَدًا اَبَدًا ط ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

نہیں آئے گی۔ بڑے جلال اور بزرگی والا ہے۔

بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ط

اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

| | |
|---|---|
| پانچواں کلمہ استغفار | اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّىْ مِنْ |

میں اللہ سے مُعافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے

كُلِّ ذَنْۢبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا

ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر۔ چُھپ کر کیا یا

اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْۢبِ

ظاہر ہو کر اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اُس گناہ

الَّذِىْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْۢبِ الَّذِىْ لَا

سے جس کو میں جانتا ہوں اور اُس گناہ سے بھی جس کو میں نہیں

اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ

جانتا (اے اللہ) بیشک تو غیبوں کا جاننے والا اور عیبوں کا

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَ

چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے، جو سب سے بلند عظمت والا ہے۔

چھٹا کلمہ ردِّ کفر: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے

اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ

کہ میں کسی شے کو تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر اور

اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَاۤ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَ

بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے

تَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَ

اس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور

الْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِیْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ

غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بےحیائیوں سے

وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ

اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں اسلام لایا اور میں کہتا ہوں،

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# پان گٹکے کی تباہ کاریاں

از شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

افسوس! آج کل پان، گٹکا، خوشبودار سونف سپاری مین پوڑی اور سگریٹ نوشی وغیرہ عام ہے۔ اگر خدا نخواستہ آپ ان میں سے کسی چیز کے عادی ہیں تو ڈاکٹر کے کہنے پر بصد ندامت چھوڑنا پڑ جائے اس سے قبل میٹھے میٹھے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی امت کے ادنیٰ غمخوار سگِ مدینہ عُفی عنہ کی درد بھری درخواست مان کر چھوڑ دیجئے۔

بعض اوقات اسلامی بھائی کو پان گٹکے سے منہ لال کئے ہوئے دیکھکر دل جلتا ہے، اور جب کوئی آکر بتاتا ہے کہ میں نے پان، گٹکا یا سگریٹ کی عادت ترک کر دی ہے تو دل خوش ہوتا ہے۔ امت کی خیر خواہی کے جذبے کے تحت عرض ہے، بکثرت پان، گٹکا وغیرہ کھانے والے کا سب سے پہلے منہ مُتاثِر ہوتا ہے۔ ایک اسلامی بھائی جنہوں نے گٹکا کھا کھا کر منہ لال کیا ہوا تھا اُن سے میں نے (یعنی سگِ مدینہ عُفی عنہ نے) منہ کھولنے کو کہا تو بمشکل تھوڑا سا کھول پائے، زبان باہر نکالنے کی درخواست کی تو صحیح طرح سے نہ نکال سکے۔ پوچھا، منہ میں چھالا ہو گیا ہے؟ بولے، جی ہاں۔ میں نے اُنکو پان بند کر دینے کا مشورہ عرض کیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عزوجل انہوں نے مجھ غریب کی بات مان کر گٹکا کھانے کی عادت ترک کر دی۔ ہر پان یا گٹکا کھانے والا اپنے منہ کا اسی طرح ضرور امتحان کرے۔ کیوں کہ اس کا زیادہ استعمال منہ کے نرم گوشت کو سخت کر دیتا ہے جس کے سبب منہ پورا کھولنا اور زبان ہونٹوں کے باہر نکالنا دشوار ہو جاتا ہے، نیز چونے کا مسلسل استعمال مُنہ کی جلد کو پھاڑ کر چھالا بنا دیتا ہے اور یہی منہ کا السر ہے، ایسے شخص کو چھالیہ، گٹکا، مین پوڑی اور پان وغیرہ سے فوراً جان چھڑا لینی چاہئے ورنہ یہی السر آگے چل کر معاذ اللہ عزوجل کینسر کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔

## پان گٹکا اور پیٹ کا کینسر

یہ بھی غور فرمائیے کہ جو چُونا منہ کے گوشت کو کاٹ سکتا ہے وہ پیٹ کے اندر جا کر نہ جانے کیا کیا تباہی مچاتا ہوگا! چونا آنتوں اور معدے میں بھی بعض اوقات کٹ لگا دیتا ہے۔ فوری طور پر اس کا پتا نہیں چلتا۔ جب اَلسر حد سے زیادہ بڑھ جاتا ہے تب کہیں معلوم ہوتا ہے۔ یہی اُلسر آگے بڑھ کر پیٹ کے کینسر کا بھیانک روپ دھار سکتا ہے۔

## پان یا گٹکا اور گلے کا کینسر

پان یا گٹکا بکثرت کھانے والے کی پہلے پہل آواز میں خرابی پیدا ہوتی اور گلا بیمار ہو جاتا ہے، اگر وہ اس تکلیف کو تنبیہ (NOTICE) تصوُّر کر کے پان یا گٹکا سے باز نہیں آتا تو بڑھتے بڑھتے معاذ اللہ عزوجل گلے کے کینسر (THROAT CENCER) تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے گلے کے کینسر کے مریضوں میں سے 60 فیصد سے لیکر 70 فیصد تعداد پان یا گٹکا کھانے والوں کی ہوتی ہے۔

یا اللہ! عزوجل ہم سب سے ہمیشہ کیلئے راضی ہو اور پان، گٹکے اور تمبا کو نوشی وغیرہ کی تباہ کاریوں سے بچائے۔

اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

# نماز کا طریقہ




- قیامت کا سب سے پہلا سوال 174
- شدید زخمی حالت میں نماز 176
- چور کی دو قسمیں 179
- اسلامی بہنوں کی نماز میں چند جگہ فرق 191
- کارپیٹ کے نقصانات 215
- سنتوں کا ایک اہم مسئلہ 233
- گرد آلود پیشانی کی فضیلت 237
- نماز توڑنے والی 29 باتیں 239
- گدھے جیسا منہ 256
- ہاف آستین میں نماز پڑھنا کیسا؟ 263
- صاحب مزار کی انفرادی کوشش! 292
- ماں چارپائی سے اُٹھ کھڑی ہوئی! 294


ورق اُلٹئے ---

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ

بقیع

# نماز کا طریقہ (حنفی)

## اس رسالے میں۔۔۔۔

شدید زخمی حالت میں۔۔۔

چور کی دو قسمیں۔۔۔

کارپیٹ کے نقصانات۔۔۔

گرد آلود پیشانی کی فضیلت

گدھے جیسا منہ۔۔۔

صاحب مزار کی انفرادی کوشش۔

ماں چارپائی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

ورق اُلٹئے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# نماز کا طریقہ (حنفی)

**شیطان لاکھ روکے! یہ رِسالہ مکمّل پڑھ لیجئے ، ان شآءَ اللّٰہ عزوجل اس کے فوائِد خود ھی دیکھ لیں گے .**

## دُرُود شریف کی فضیلت

**سرکارِ** مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، **فیض گنجینہ** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے نَماز کے بعد حَمد وثناء ودُرُود شریف پڑھنے والے سے فرمایا، ''دعا مانگ قَبول کی جائے گی سُوال کر، دیا جائے گا۔'' (سُنن النُسائی ج۱ ص۱۸۹ باب المدینہ کراچی)

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد**

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** قراٰن وحدیث میں نَماز پڑھنے کے بے شُمار

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

فضائل اور نہ پڑھنے کی سخت سزائیں وارِد ہیں، چُنانچِہ پارہ ۲۸ سورۃُ الْمُنافِقون کی آیت نمبر ۹ میں ارشادِ ربّانی ہے،

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِۚ وَ مَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۝۹

ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! تمہارے مال نہ تمہاری اولاد کوئی چیز تمہیں اللہ عزوجل کے ذِکر سے غافل نہ کرے اور جو ایسا کرے تو وُہی لوگ نقصان میں ہیں۔

حضرتِ سیِّدُنا امام محمد بن احمد ذَہَبی علیہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القوی نَقل کرتے ہیں، مُفَسِّرِین کرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالٰی فرماتے ہیں کہ اِس آیتِ مبارکہ میں اللہ تعالٰی کے ذِکر سے پانچ نمازیں مُراد ہیں، پس جو شَخص اپنے مال یعنی خرید و فَروخت، مَعِیشت و رُوزگار، ساز و سامان اور اَولاد میں مصروف رہے اور وَقت پر نماز نہ پڑھے وہ نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہے۔

(کتابُ الکبائر ص ۲۰ دار مکتبۃ لحیاۃ بیروت)

# قِیامت کا سب سے پہلا سُوال

**سرکارِ** مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ارشادِ حقیقت بُنیاد ہے، ''قِیامت کے دن بندے کے اَعمال میں سب سے پہلے **نَماز** کا سُوال ہو گا۔ اگر وہ دُرُست ہوئی تو اس نے کامیابی پائی اور اگر اس میں کمی ہوئی تو وہ رُسوا ہوا اور اُس نے نقصان اُٹھایا۔''

(کنزُ العُمّال ج ٧ ص ١١٥ حدیث ١٨٨٨٣ دار الکتب العلمیہ بیروت)

# نَمازی کیلئے نور

**سرکارِ** دوعالم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحْتَشَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ارشادِ گرامی ہے، ''جو شخص نَماز کی حفاظت کرے، اس کے لیے نَماز قِیامت کے دن نور، دلیل اور نَجات ہوگی اور جو اس کی حفاظت نہ کرے، اس کے لیے بروزِ قِیامت نہ نور ہوگا اور نہ دلیل اور نہ ہی نَجات۔ اور وہ شخص قِیامت

کے دن فرعون، قارون، ہامان اور اُبَی بن خَلَف کے ساتھ ہوگا۔"

(مَجمعُ الزَّوائد ج ۲ ص ۲۱ حدیث ۱۶۱۱ دارالفکر بیروت)

## کِس کا کِس کے ساتھ حَشْر ہوگا!

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** حضرتِ سیِّدُنا امام محمد بن احمد ذَہَبی علیہ رحمۃ اللہِ القوی نَقْل کرتے ہیں، بعض عُلَمائے کِرام رَحِمَھُمُ اللّٰہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نَماز کے تارِک کو ان چار (فرعون، قارون، ہامان اور اُبَی بِن خَلَف) کے ساتھ اِس لیے اٹھایا جائے گا کہ لوگ عُموماً دولت، حُکومت، وَزارت اور تجارت کی وجہ سے نَماز کو تَرْک کرتے ہیں۔ جو **حُکومت** کی مَشغولیَّت کے سبب نَماز نہیں پڑھے گا اُس کا حَشْر **فرعون** کے ساتھ ہوگا، جو **دولت** کے باعِث نماز تَرْک کریگا تو اُس کا **قارون** کے ساتھ حَشْر ہوگا، اگر تَرْکِ نَماز کا سبب **وَزارت** ہوگی تو فرعون کے وزیر **ہامان** کے ساتھ حَشْر ہوگا اور اگر **تجارت** کی مصروفیت کی وجہ سے نَماز چھوڑے گا تو اس کو

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

مکّۂ مکرَّمہ کے بہُت بڑے کافِر تاجِر اُبَی بِن خَلَف کے ساتھ بروزِ قِیامت اُٹھایا جائے گا۔ (کتابُ الکبائرص ۲۱ دار مکتبۃ لحیاۃ بیروت)

## شدید زَخْمی حالت میں نماز

**جب** حضرتِ سیِّدُنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر قاتِلانہ حَملہ ہوا تو عَرض کی گئی، اے امیرُ الْمُؤمِنین! نَماز (کا وقت ہے) فرمایا، جی ہاں، سنئے! ''جو شَخْص نَماز کو ضائع کرتا ہے اُس کا اسلام میں کوئی حِصّہ نہیں۔'' اور حضرتِ سیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے **شدید زَخْمی** ہونے کے باوُجُود نَماز ادا فرمائی۔ (ایضاً)

## نَماز پَر نُور یا تاریکی کے اَسباب

**حضرتِ** سیِّدُنا عُبادہ بِن صامِت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبیِّ رَحْمت، شَفیعِ اُمّت، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت، تاجدارِ رِسالت صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عالیشان ہے، ''جو شَخْص اچّھی طرح وُضو کرے، پھر نَماز کے لیے کھڑا ہو، اِس کے

**فرمانِ مصطفٰے:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام دُرود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

رُکوع، سُجود اور قِراءَت کو مکمَّل کرے تو نماز کہتی ہے، **اللہ** تعالیٰ تیری حفاظت کرے جس طرح تُو نے میری حفاظت کی۔ پھر اس نماز کو آسمان کی طرف لے جایا جاتا ہے اور اس کے لیے چمک اور نُور ہوتا ہے۔ پس اس کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں حتّٰی کہ اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے اور وہ نماز اُس نمازی کی شَفاعت کرتی ہے۔ اور اگر وہ اس کا رُکوع، سُجود اور قِراءَت مکمَّل نہ کرے تو نماز کہتی ہے، **اللہ** تعالیٰ تجھے چھوڑ دے جس طرح تُو نے مجھے ضائع کیا۔ پھر اس نَماز کو اس طرح آسمان کی طرف لے جایا جاتا ہے کہ اس پر تاریکی چھائی ہوتی ہے اور اس پر آسمان کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں پھر اس کو پُرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر اس نَمازی کے منہ پر مارا جاتا ہے۔

(کنز العُمّال ج ۷ ص ۱۲۹ حدیث ۱۹۰۴۹)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

# بُرے خاتِمے کا ایک سبب

حضرتِ سیِّدُ نا امام بخاری علیہ رحمۃ اللہ الباری فرماتے ہیں، حضرتِ سیِّدُ نا حُذَیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شَخص کو دیکھا جو نَماز پڑھتے ہوئے رُکوع اور سُجود پورے ادا نہیں کرتا تھا۔ تو اُس سے فرمایا، ''تم نے جو نَماز پڑھی اگر اسی نَماز کی حالت میں اِنتقال کر جاؤ تو حضرتِ سیِّدُ نا محمدِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کے طریقہ پر تمہاری موت واقع نہیں ہوگی (صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۱۲) سُنَنِ نَسائی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا، ''تم کب سے اِس طرح نَماز پڑھ رہے ہو؟ اُس نے کہا، چالیس سال سے۔ فرمایا، تم نے چالیس سال سے بالکل نَماز ہی نہیں پڑھی اور اگر اِسی حالت میں تمہیں موت آ گئی تو دینِ محمّدی علیٰ صاحِبِہا الصّلوٰۃُ والسّلام پر نہیں مرو گے۔

(سنن نسائی ج ۲ ص ۵۸ دار الجیل بیروت)

# نَماز کا چور

**حضرت** سیّدُنا ابوقتادہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحِبِ مُعطَّر پسینہ صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا فرمانِ باقرینہ ہے، ''لوگوں میں بدترین چور وہ ہے جو اپنی نَماز میں چوری کرے''، عرض کی گئی، ''یارسولَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وصلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم! نماز کا چور کون ہے؟'' فرمایا، ''(وہ جو نماز کے) رُکوع اور سجدے پورے نہ کرے۔''

(مُسْنَدِ امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالٰی عنہ ج۸ص۳۸٦حدیث ۲۲۷۰۵دارالفکربیروت)

# چور کی دو قسمیں

**مُفسّرِ شہیر** حکیم الاُمّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رَحمۃُ المنّان اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں، معلوم ہوا اماں کے چور سے **نماز کا چور** بدتر ہے کیوں کہ

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

مال کا چور اگر سزا بھی پاتا ہے تو کچھ نہ کچھ نَفْع بھی اُٹھالیتا ہے مگر **نَماز کا چور** سزا پوری پائے گا اِس کے لئے نَفْع کی کوئی صورت نہیں۔ مال کا چور بندے کا حق مارتا ہے جبکہ **نَماز کا چور** اللہ عَزَّوَجَلَّ کا حق، یہ حالت ان کی ہے جو نَماز کو ناقِص پڑھتے ہیں اِس سے وہ لوگ درسِ عبرت حاصِل کریں جو سِرے سے نَماز پڑھتے ہی نہیں۔

(مراۃ ج ۲ ص ۷۸ ضیاء القران پبلی کیشنز)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اوّل تو لوگ نَماز پڑھتے ہی نہیں ہیں اور جو پڑھتے ہیں ان کی اکثرِیَّت سُنَّتیں سیکھنے کے جذبے کی کمی کے باعث آج کل صحیح طریقے سے نَماز پڑھنے سے مَحروم رَہتی ہے۔ یہاں **مُختَصَراً** نَماز پڑھنے کا طریقہ پیش کیا جاتا ہے۔ برائے مدینہ! بُہُت زِیادہ غور سے پڑھئے اور اپنی نَمازوں کی اِصْلاح فرمایئے:۔

# نَماز کا طریقہ (حَنَفی)

**باوُضُو** قبلہ رُو اِس طرح کھڑے ہوں کہ دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار اُنگل کا فاصِلہ رہے اور دونوں ہاتھ کانوں تک لے جایئے کہ اَنگوٹھے کان کی لَو سے چُھو جائیں اور اُنگلیاں نہ ملی ہوئی ہوں نہ خوب کُھلی بلکہ اپنی حالت پر (NORMAL) رکھیں اور ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں نظر سجدہ کی جگہ ہو۔ اب جونَماز پڑھنا ہے اُس کی نیت یعنی دل میں اس کا پکّا ارادہ کیجئے ساتھ ہی زَبان سے بھی کہہ لیجئے کہ زِیادہ اچھا ہے (مَثَلاً نیت کی میں نے آج کی ظُہر کی چار رَکعت فرض نَماز کی، اگر باجماعت پڑھ رہے ہیں تو یہ بھی کہہ لیں پیچھے اس اِمام کے) اب تکبیرِ تَحرِیمہ یعنی اللّٰہُ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ نیچے لایئے اور ناف کے نیچے اس طرح باندھئے کہ سیدھی ہتھیلی کی گدّی اُلٹی کلائی کے سِرے پر اور بیچ کی تین اُنگلیاں اُلٹی کلائی

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

کی پیٹھ پر اور اَنگوٹھا اور چھنگلیا (یعنی چھوٹی انگلی) کلائی کے اَغل بَغَل۔ اب اس طرح ثناء پڑھئے:۔

| | |
|---|---|
| سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ | پاک ہے تو اے اللہ عزوجل اور میں |
| وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ | تیری حمد کرتا ہوں، تیرا نام بَرَکت والا |
| اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ | ہے اور تیری عظمت بُلند ہے اور تیرے |
| وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ | سِوا کوئی معبود نہیں۔ |

## پھر تعوّذ پڑھئے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ — میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔

## پھر تسمیہ پڑھئے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اللہ عزوجل کے نام سے شُروع جو بُہت مہربان رَحمت والا۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم): جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

## پھر مکمَّل سُورَۃُ فاتِحہ پڑھئے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ﴿۱﴾
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ﴿۳﴾
اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ﴿۴﴾
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ﴿۵﴾
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬
غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ
وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۠﴿۷﴾

ترجَمۂ کنز الایمان: سب خوبیاں اللہ عزوجل کو جو مالک سارے جہان والوں کا۔ بہت مِہر بان رَحمت والا، روزِ جزا کا مالِک۔ ہم تُجھی کو پُوجیں اور تُجھی سے مدد چاہیں۔ ہم کو سیدھا راستہ چلا، راستہ اُن کا جن پر تُو نے اِحسان کیا، نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

سُورۂ فاتِحہ ختم کرکے آہستہ سے **اٰمین** کہئے۔ پھر تین آیات یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا کوئی **سُورت** مَثَلاً سورۂ اِخلاص پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ترجمۂ کنز الایمان: اللہ عزوجل کے نام سے شُروع جو بہُت مہربان رَحمت والا۔

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ① اَللّٰہُ الصَّمَدُ ② لَمۡ یَلِدۡ ۙ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ③ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ④

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اُسکی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ اُس کے جوڑ کا کوئی۔

اب **اَللّٰہُ اَکۡبَر** کہتے ہوئے **رُکوع** میں جائیے اور گھٹنوں کو اس طرح ہاتھ سے پکڑیے کہ ہتھیلیاں گھٹنوں پر اور اُنگلیاں اچھی طرح پھیلی ہوئی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

ہوں۔ پیٹھ بچھی ہوئی اور سَر پیٹھ کی سیدھ میں ہو اُونچا نیچا نہ ہو اور نظر قدموں پر ہو۔ کم از کم تین بار رُکوع کی **تسبیح** یعنی **سُبۡحٰنَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ**[1] کہئے۔ پھر **تسمیع** (تَس۔مِیع) یعنی **سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ**[2] کہتے ہوئے بالکل سیدھے کھڑے ہو جائیے، اِس کھڑے ہونے کو **قَومہ** کہتے ہیں۔ اگر آپ **مُنۡفَرِد** ہیں یعنی اکیلے نَماز پڑھ رہے ہیں تو اِس کے بعد کہئے۔ **اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الۡحَمۡدُ**[3] پھر **اَللّٰہُ اَکۡبَرُ** کہتے ہوئے اِس طرح سجدے میں جائیے کہ پہلے گُھٹنے زمین پر رکھئے پھر ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں اِس طرح سر رکھئے کہ پہلے ناک پھر پیشانی **اور یہ خاص خیال رکھئے کہ ناک کی نوک نہیں بلکہ ہڈّی لگے اور پیشانی زمین پر جَم جائے**، نظر ناک پر

---

مدینہ

[1] یعنی پاک ہے میرا عظمت والا پروردگار [2] یعنی اللہ عزوجل نے اُس کی سُن لی جس نے اُس کی تعریف کی
[3] اے اللہ! اے ہمارے مالک! سب خوبیاں تیرے ہی لیے ہیں۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

رہے، بازوؤں کو کروٹوں سے، پیٹ کو رانوں سے اور رانوں کو پنڈلیوں سے جُدا رکھئے۔ (ہاں اگر صَف میں ہوں تو بازو کروٹوں سے لگائے رکھئے) **اور دونوں پاؤں کی دسوں اُنگلیوں کا رُخ اِس طرح قبلہ کی طرف رہے کہ دسوں اُنگلیوں کے پیٹ** (یعنی اُنگلیوں کے تَلوؤں کے اُبھرے ہوئے حصّے) **زمین پر لگے رہیں۔** ہتھیلیاں بچھی رہیں اور اُنگلیاں قبلہ رُو رہیں مگر کلائیاں زمین سے لگی ہوئی مت رکھئے۔ اور اب کم از کم تین بار **سجدے کی تسبیح** یعنی **سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی**[1] پڑھئے پھر سر اس طرح اُٹھائیے کہ پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اُٹھیں۔ پھر سیدھا قدم کھڑا کر کے اُس کی اُنگلیاں قبلہ رُخ کر دیجئے اور اُلٹا قدم بچھا کر اس پر خوب سیدھے بیٹھ جائیے اور ہتھیلیاں بچھا کر رانوں پر گھٹنوں کے پاس



[1] پاک ہے پروردگار سب سے بلند۔

رکھئے کہ دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں قبلہ کی جانب اور اُنگلیوں کے سرے گھٹنوں کے پاس ہوں۔ دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو **جلسہ** کہتے ہیں۔ پھر کم از کم ایک بار سُبْحٰنَ اللہ کہنے کی مقدار ٹھہریئے (اِس وقفہ میں **اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ** یعنی اے اللہ عزوجل میری مغفرت فرما کہہ لینا مُستحب ہے) پھر اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہوئے پہلے سجدے ہی کی طرح **دوسرا سجدہ** کیجئے۔ اب اِسی طرح پہلے سر اُٹھایئے پھر ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ کر پنجوں کے بل کھڑے ہو جایئے۔ اُٹھتے وقت بغیر مجبوری زمین پر ہاتھ سے ٹیک مت لگایئے۔ یہ آپ کی ایک رَکعت پوری ہوئی۔ اب دوسری رکعت میں **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھ کر اَلْحمد اور سورۃ پڑھئے اور پہلے کی طرح **رُکوع** اور **سجدے** کیجئے **دوسرے سجدے** سے سر اُٹھانے کے بعد سیدھا قدم کھڑا کر کے اُلٹا قدم بچھا کر بیٹھ جایئے دو رَکعت

فرمانِ مصطفٰی (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

کے دوسرے سَجدے کے بعد بیٹھنا **قعدہ** کہلاتا ہے اب قعدہ میں

**تَشَہُّد** (تَ۔شَہُ۔ھُد) پڑھئے:

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبٰتُ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ o اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ o

تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ عزوجل ہی کیلئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ عزوجل کی رَحمتیں اور بَرَکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ عزوجل کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں محمد (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) اسکے بندہ اور رسول ہیں۔

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بدبخت ہوگیا۔

جب تَشَہُّد میں لفظِ **لا** کے قریب پہنچیں تو سیدھے ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی اور اَنگوٹھے کا حلقہ بنالیجئے اور چُھنگلیا (یعنی چھوٹی اُنگلی) اور بِنْصَر یعنی اس کے برابر والی اُنگلی کو ہتھیلی سے ملا دیجئے اور (اَشْھَدُ اَنْ کے فوراً بعد) لفظِ **لا** کہتے ہی کلمے کی اُنگلی اٹھائیے مگر اس کو اِدھر اُدھر مت ہلائیے اور لفظِ **اِلَّا** پر گرا دیجئے اور فوراً سب اُنگلیاں سیدھی کر لیجئے۔ اب اگر دُو سے زِیادہ رَکْعَتیں پڑھنی ہیں تو اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہوئے کھڑے ہوجایئے۔ اگر فرض نَماز پڑھ رہے ہیں تو تیسری اور چوتھی رَکْعَت کے قِیام میں **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** اور اَلْحَمْدُ شریف پڑھیے، سُورَت ملانے کی ضَرورت نہیں۔ باقی اَفعال اِسی طرح بجالائیے اور اگر سنّت و نَفْل ہوں تو سورۂ فاتِحہ کے بعد سُورت بھی ملایئے (ہاں اگر امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں تو کسی بھی رَکْعَت کے قِیام میں قراءت نہ کیجئے

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالٰی اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

خاموش کھڑے رہئے) پھر چار رَکعتیں پوری کر کے **قَعدۂ اَخیرہ** میں تَشَہُّد کے بعد **دُرُودِ ابراھیم** علیہ الصلوٰۃ والسلام، پڑھئے:۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ | اے اللہ عزوجل دُرُود بھیج (ہمارے سردار) |
| وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا | **محمّد** پر اور انکی آل پر جس طرح تُو نے |
| صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ | دُرُود بھیجا (سیّدنا) ابراہیم پر اور انکی آل |
| وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ | |
| اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ | پر۔ بیشک تو سَراہا ہوا بُزرگ ہے۔ اے |
| اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى | اللہ! عزوجل بَرَکت نازِل کر ہمارے |
| مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ | سردار پر اور اُنکی آل پر جس طرح تُو نے |
| كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ | بَرَکت نازِل کی (سیّدنا) ابراہیم اور انکی |
| وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ | آل پر بیشک تو سَراہا ہوا بُزرگ ہے۔ |
| حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ | |

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

پھر کوئی سی دُعائے **ماثورہ** پڑھے، مَثَلاً یہ دُعا پڑھ لیجئے:

**اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا** اے اللہ! عزوجل اے ربّ ہمارے

**فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی** ہمیں دُنیا میں بھلائی دے اور

**الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا** ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں

**عَذَابَ النَّارِ** عذابِ دوزخ سے بچا۔

**پھر** نماز ختم کرنے کے لئے پہلے دائیں کندھے کی طرف منہ کرکے **اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہ** کہئے اور اسی طرح بائیں طرف۔ اب نماز ختم ہوئی۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص۲۷۸ ۔غنیۃ المستملی ص ۲۶۱ کراچی)

# اسلامی بہنوں کی نماز میں چند جگہ فرق ہے

**مذکورہ نماز کا طریقہ** امام یا تنہا مرد کا ہے۔ **اسلامی بہنیں** تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھ کندھوں تک اُٹھائیں اور چادر سے باہر نہ نکالیں۔ (الھدایۃ معہ فتح

القدیر ج ۱ ص ۲٤٦)، قِیام میں اُلٹی ہتھیلی سینے پر چھاتی کے نیچے رکھ کر اسکے اُوپر سیدھی ہتھیلی رکھیں۔ رُکوع میں تھوڑا جُھکیں یعنی اتنا کہ گُھٹنوں پر ہاتھ رکھ دیں زَور نہ دیں اور گُھٹنوں کو نہ پکڑیں اور اُنگلیاں ملی ہوئی اور پاؤں جُھکے ہوئے رکھیں مردوں کی طرح خوب سیدھے نہ کریں۔ سَجدہ سِمَٹ کر کریں یعنی بازو کروٹوں سے پیٹ ران سے اور ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دیں، سجدے اور قعدے دونوں میں پاؤں سیدھی طرف نکال دیں۔ قعدے میں اُلٹی سُرین پر بیٹھیں اور سیدھا ہاتھ سیدھی ران کے بیچ میں اور اُلٹا ہاتھ اُلٹی ران کے بیچ میں رکھیں۔ باقی سب طریقہ اُسی طرح ہے۔

(رَدُّالمُحتار ج۲ص۲۵۹،عالمگیری ج۱ص ۷٤ وغیرہ)

## دونوں مُتوَجِّہ ہوں!

**اسلامی** بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے دیئے ہوئے اِس طریقۂ نماز

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پردس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

میں بعض باتیں **فَرض** ہیں کہ اس کے بِغیر نَماز ہوگی ہی نہیں، **بعض واجِب** کہ اس کا جان بوجھ کرچھوڑنا گناہ اورتوبہ کرنا اورنَماز کا پھر سے پڑھنا واجِب اوربھول کرچُھٹنے سے سَجدہ سَہو واجِب اوربعض **سنّتِ مُؤَکَّدہ** ہیں کہ جس کے چھوڑنے کی عادت بنالینا گناہ ہےاوربعض **مُستَحَب** ہیں کہ جس کا کرنا ثواب اورنہ کرنا گناہ نہیں۔ (بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ٦٦ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## ''یااللہ'' کے چھ حُرُوف

## کی نِسبت سے نَماز کی 6شرائط

(۱) **طہارت:** نَمازی کا بدن لباس اورجس جگہ نَماز پڑھ رہاہےاُس جگہ کا ہر قسم کی نجاست سے پاک ہوناضَروری ہے(مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص۲۰۷)

(۲) **سِترِ عورَت:** (۱)مَرد کے لئے ناف کے نیچے سے لے کر گُھٹنوں سمیت بدن کا سارا حصہ چُھپا ہوا ہوناضَروری ہے جبکہ عورت کے لئے ان **پانچ**

**اَعضاء:** مُنہ کی ٹِکلی، دونوں ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں کے تلووں کے علاوہ سارا جِسم چُھپانا لازِمی ہے البتّہ اگر دونوں ہاتھ (گٹّوں تک)، پاؤں (ٹخنوں تک) مکمّل ظاہر ہوں تو ایک مُفْتٰی بِہٖ قول پر نَماز دُرُست ہے (الدرالمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ۹۳) (۲) اگر ایسا باریک کپڑا پہنا جس سے بدن کا وہ حصّہ جس کا نَماز میں چُھپانا فَرض ہے نظر آئے یا جِلد کا رنگ ظاہر ہو نَماز نہ ہوگی۔ (فتاوٰی عالمگیری ج ۱ ص ۵۸) (۳) آج کل باریک کپڑوں کا رَواج بڑھتا جارہا ہے۔ ایسے باریک کپڑے کا پاجامہ پہننا جس سے ران یا سِتْر کا کوئی حصّہ چمکتا ہو عِلاوہ نَماز کے بھی پہننا **حرام** ہے (بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۴۲ مدینۃ المرشد بریلی شریف) (۴) دَبیز (یعنی موٹا) کپڑا جس سے بدن کا رنگ نہ چمکتا ہو مگر بدن سے ایسا چِپکا ہوا ہو کہ دیکھنے سے عُضْو کی ہَیْئَت (ہَے۔ اَت) معلوم ہوتی ہو۔ ایسے کپڑے سے اگرچِہ نَماز ہو جائیگی مگر اُس عُضْو کی طرف دوسروں کو نگاہ کرنا جائز نہیں (رد المحتار ج ۲ ص

۱۰۳) ایسالِباس لوگوں کے سامنے پہننا مَنْع ہےاورعورَتوں کے لئے بدرَجۂ اَولیٰ مُمانَعت۔(بہارِ شریعت حصہ ۳ص ٤٢ مدینة المرشد بریلی شریف )(۵) بعض خواتین مَلمَل وغیرہ کی باریک چادَر نَماز میں اَوڑھتی ہیں جس سے بالوں کی سیاہی چمکتی ہے یا ایسالباس پہنتی ہیں جس سے اَعْضاء کارنگ نظر آتا ہے ایسے لباس میں بھی نَمازنہیں ہوتی۔

(۳) **اِستِقْبالِ قِبلہ** یعنی نَماز میں قِبلہ یعنی کعبہ کی طرف مُنہ کرنا(۱) نَمازی نے بِلاعُذْر جان بوجھ کر **قِبلہ** سے سینہ پھیر دیا اگرچہ فوراً ہی **قبلہ** کی طرف ہو گیا نَماز فاسِد ہوگئی اور اگر بِلا قصد پھر گیا اور بَقَدَرِ تین۳ بار ''سُبْحٰنَ اللّٰہ'' کہنے کے وَقْفہ سے پہلے واپَس **قِبلہ** رُخ ہو گیا تو فاسِد نہ ہوئی(البحرالرائق ج۱ ص٤٩٧) (۲) اگر صِرْف منہ **قِبلہ** سے پھیرا تو واجِب ہے کہ فوراً **قِبلہ** کی طرف منہ کرلے اورنَماز نہ جائے گی مگر بِلاعُذْر ایسا کرنا مکروہِ تَحریمی ہے۔(غنیة المستملی ص ٢٢٢ کراچی)

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

(۳) اگر ایسی جگہ پر ہیں جہاں **قبلہ** کی شناخت کا کوئی ذَرِیعہ نہیں ہے نہ کوئی ایسا مسلمان ہے جس سے پوچھ کر معلوم کیا جاسکے تو **تَحَرِّی** (تَ۔حَرْ۔رِی) کیجئے یعنی سوچئے اور جدھر **قبلہ** ہونا دل پر جمے اُدھر ہی رُخ کرلیجئے آپ کے حق میں وُہی **قبلہ** ہے۔ (الھدایة معه فتح القدیر ج ۱ ص ۲۳۶) (٤) **تَحَرِّی** کرکے نَماز پڑھی بعد میں معلوم ہوا کہ **قبلہ** کی طرف نَماز نہیں پڑھی، نَماز ہوگئی لوٹانے کی حاجت نہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ٦٤) (٥) **ایک شخص تَحَرِّی کرکے** (سوچ کر) **نَماز پڑھ رہا ہو دوسرا اس کی دیکھا دیکھی اُسی سَمت نَماز پڑھے گا تو نہیں ہوگی دوسرے کے لئے بھی تَحَرِّی کرنے کا حُکم ہے۔**

(ردالمحتار ج ۲ ص ١٤٣)

(٤) **وَقْت:** یعنی جو نَماز پڑھنی ہے اُس کا وَقْت ہونا ضَروری ہے۔ مَثَلاً آج کی نَمازِ عَصْر ادا کرنا ہے تو یہ ضَروری ہے کہ عَصْر کا وقْت شُرُوع ہو جائے اگر وقتِ

عصر شُروع ہونے سے پہلے ہی پڑھ لی تو نماز نہ ہوگی۔ (غنیۃ المستملی ص ٢٢٤)

(۱) عُموماً مساجد میں **نِظامُ الْاَوقات** کے نقشے آویزاں ہوتے ہیں ان میں جو مُستَنَد توقیت داں (تَو۔قِیْت۔داں) کے مُرتَّب کردہ اور عُلَمائے اہلسنّت کے مُصَدَّقہ ہوں ان سے نمازوں کے اَوقات معلوم کرنے میں سَہولت رہتی ہے (۲) **اسلامی بہنوں** کے لئے اوّل وقت میں نمازِ فَجر ادا کرنا مُسْتَحَب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے کہ مَردوں کی جماعت کا اِنتِظار کریں جب جماعت ہو چکے پھر پڑھیں۔ (دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج ٢ ص ٣٠)

**تین اَوقاتِ مَکْرُوْھہ:** (۱) طُلُوعِ آفتاب سے لے کر بیس۲۰ مِنَٹ بعد تک (۲) غُروبِ آفتاب سے بیس۲۰ مِنَٹ پہلے (۳) نِصْفُ النَّہار یعنی ضَحْوَہ کُبریٰ سے لے کر زوالِ آفتاب تک۔ ان تینوں۳ اَوقات میں کوئی نماز جائز نہیں نہ فَرض نہ واجِب نہ نَفْل نہ قَضا۔ ہاں اگر اِس دن کی نمازِ عَصْر نہیں پڑھی تھی اور

مَکرُوہ وقت شُروع ہو گیا تو پڑھ لے البتّہ اتنی تاخیر کرنا حَرام ہے۔(دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ٤٠۔بہارِ شریعت حصّہ ۳ ص ۲۳ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## دَورانِ نَماز مکروہ وقت داخِل ہو جائے تو؟

غُروبِ آفتاب سے کم سے کم 20 مِنَٹ قَبل نَمازِ عَصر کا سلام پھر جانا چاہئے جیسا کہ اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان علیہ رَحْمۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں، ''نمازِ عَصر میں جتنی تاخیر ہو افضل ہے جبکہ وقتِ کراہت سے پہلے پہلے خَتم ہو جائے۔'' (فتاوٰی رضویہ شریف جدید ج ٥ ص ١٥٦) پھر اگر اس نے اِحْتیاط کی اور نَماز میں تَطْوِیل کی (یعنی طول دیا) کہ وقتِ کَراہت وَسْطِ نَماز میں آگیا جب بھی اس پر اِعْتِراض نہیں۔'' (فتاوٰی رضویہ شریف جدید ج ٥ ص ١٣٩)

**(٥) نیّت**: نیّت دل کے پکّے ارادے کا نام ہے۔(حاشیۃ الطّحطاوی ص ٢١٥ کراچی) (ا) زَبان سے نیّت کرنا ضَروری نہیں البتّہ دل میں نیّت حاضِر ہوتے ہوئے زَبان سے کہہ لینا بہتر ہے۔(فتاویٰ عالمگیری ج ١ ص ٦٥) عَرَبی میں کہنا بھی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

ضَروری نہیں اردو وغیرہ کسی بھی زَبان میں کہہ سکتے ہیں۔(مُلَخّص از دُرِّ مختار معہ رَدُّالمحتار ج ۲ ص ۱۱۳) (۲)نیّت میں زَبان سے کہنے کااِعْتِبار نہیں یعنی اگر دل میں مَثَلاً ظُہر کی نیّت ہو اور زَبان سے لفظِ عَصر نِکلا تَب بھی ظُہر کی نَماز ہوگئی (درمختار ' ردالمحتار ج ۲ ص ۱۱۲) (۳)نیّت کا ادنیٰ دَرَجہ یہ ہے کہ اگر اُس وقْت کوئی پوچھے کہ کون سی نَماز پڑھتے ہو؟ تو فوراً بتا دے۔ اگر حالت ایسی ہے کہ سوچ کر بتائے گا تو نَماز نہ ہوئی۔(فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۶۵) (٤)فَرض نَماز میں نیّتِ فَرض بھی ضَروری ہے مَثَلاً دل میں یہ نیّت ہو کہ آج کی ظُہر کی فَرض نَماز پڑھتا ہوں۔ (در مختار ' ردالمحتار ج ۲ ص ۱۱٦) (۵)اَصَح (یعنی دُرُست ترین) یہ ہے کہ نَفْل 'سنّت اور تَراویح میں مُطْلَق نَماز کی نیّت کافی ہے مگر اِحْتِیاط یہ ہے کہ تَراویح میں تراویح یا سنّتِ وَقْت کی نیّت کرے اور باقی سنّتوں میں سنّت یا سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ تعَالٰی علیہ وَالہٖ وَسلَّم کی مُتابَعت (یعنی پَیروی) کی نیّت کرے، اِس لئے کہ بَعْض مَشائخ رَحِمَہُمُ اللہُ تعالیٰ ان میں مُطْلَق نَماز کی نیّت کو ناکافی قرار دیتے ہیں۔(منیۃ المصلی معہ غنیۃ

المستملی ص ۲۴۵) **(۶) نمازِ نَفْل میں مُطْلَق نماز کی نیّت کافی ہے اگرچہ نَفْل نیّت میں نہ ہو۔** (درمختار، ردالمحتار ج۲ ص۱۶۶) **(۷) یہ نیّت کہ مُنہ میرا قبلہ شریف کی طرف ہے شَرْط نہیں۔** (ایضاً) **(۸) اِقْتِدا میں مُقتدی کا اِس طرح نیّت کرنا بھی جائز ہے کہ جو نماز امام کی ہے وُہی نماز میری ہے** (عالمگیری ج۱ ص۶۶) **(۹) نمازِ جنازہ کی نیّت یہ ہے، "نماز اللہ** عَزَّوَجَلَّ **کے لئے اور دُعا اِس مَیِّت کیلئے"۔** (در مختار، ردالمحتار ج۲ ص۱۲۶) **(۱۰) واجِب میں واجِب کی نیّت کرنا ضَروری ہے اور اسے مُعَیَّن بھی کیجئے مَثَلاً عیدُ الْفِطْر، عیدُ الاَضْحٰی، نَذْر، نمازِ بعدِ طواف (واجِبُ الطَّواف) یا وہ نَفْل نماز جس کو جان بوجھ کر فاسِد کیا ہو کہ اُس کی قضا بھی واجِب ہو جاتی ہے** (حاشیۃ الطحطاوی ص۲۲۲) **(۱۱) سَجدۂ شُکر اگرچہ نَفْل ہے مگر اس میں بھی نیّت ضَروری ہے مَثَلاً دل میں یہ نیّت ہو کہ میں سَجدۂ شُکر کرتا ہوں۔** (الدر المختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۱۲۰) **(۱۲) سَجدۂ سَہْو میں بھی "صاحِبِ نَہرُ الْفائق" کے نزدیک نیّت ضَروری ہے** (ایضاً) **یعنی اُس وقت دل میں یہ نیّت**

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

ہو کہ میں سجدہ سَہو کرتا ہوں۔

**(٦) تکبیرِ تحریمہ** : یعنی نَماز کو ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہہ کر شُروع کرنا ضَروری ہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ٦٨)

## ''بسمِ اللّٰہ'' کے سات حُروف کی نسبت سے نَماز کے 7 فرائض

(۱) تکبیرِ تحریمہ (۲) قِیام (۳) قِراءَت (٤) رُکُوع (۵) سُجُود (٦) قَعدۂ اَخِیرَہ (۷) خُرُوجِ بِصُنْعِہٖ۔ (غنیۃ المستملی ص۲۵۳ تا ۲۸٦)

**(۱) تکبِیرِ تحرِیمَہ** : دَرحقیقت تکبیرِ تحریمہ (یعنی تکبیرِ اُولیٰ) شرائطِ نَماز میں سے ہے مگر نَماز کے اَفعال سے بِالکل ملی ہوئی ہے اِس لئے اسے نَماز کے فرائض سے بھی شُمار کیا گیا ہے۔ (غنیۃ المستملی ص ۲۵۳) (۱) مُقتدی نے تکبیرِ تحریمہ کا لَفظ ''اللہ'' امام کے ساتھ کہا مگر ''اکبر'' امام سے پہلے خَتم کر لیا تو نَماز نہ ہو

گی۔ (عالمگیری ج۱ص۶۸) (۲) امام کو رُکوع میں پایا اور تکبیرِ تحریمہ کہتا ہوا رُکوع میں گیا یعنی تکبیر اُس وَقت خَتم ہوئی کہ ہاتھ بڑھائے تو گُھٹنے تک پُہُنچ جائے نَماز نہ ہو گی۔ (خلاصۃ الفتاویٰ ج۱ص۸۳) (ایسے موقع پر قاعدے کے مطابق پہلے کھڑے کھڑے تکبیرِ تحریمہ کہہ لیجئے اِس کے بعد اللہُ اکبر کہتے ہوئے رُکوع کیجئے، امام کے ساتھ اگر رُکوع میں معمولی سی بھی شرکت ہوگئی تو رَکْعَت مل گئی اگر آپ کے رُکوع میں داخِل ہونے سے قبل امام کھڑا ہوگیا تو رَکْعَت نہ ملی۔ (۳) جو شَخص تکبیر کے تَلَفُّظ پر قادِر نہ ہو مَثَلاً گونگا ہو یا کسی اور وجہ سے زَبان بند ہوگئی ہو اُس پر تَلَفُّظ لازِم نہیں، دل میں اِرادہ کافی ہے۔ (تبیین الحقائق ج۱ص۱۰۹)

(۴) لَفظِ اللّٰہ کو آللّٰہ یا اکبر کو آکبر یا اکبار کہا نَماز نہ ہوگی بلکہ اگر ان کے معنیٰ فاسِدہ سمجھ کر جان بوجھ کر کہے تو کافِر ہے۔ (درمختار ردالمحتار ج۲ص۱۷۷) نَمازیوں کی تعداد زِیادہ ہونے کی صورت میں

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

پیچھے آواز پہنچانے والے مکبّروں کی اکثریّت عِلْم کی کمی کے باعِث آج کل ''اکبر'' کو ''اکبار'' کہتی سُنائی دیتی ہے۔ اِس طرح ان کی اپنی نَماز بھی ٹُوٹتی اوران کی آواز پر جولوگ اِنتِقالات کرتے یعنی نَماز کی اَرکان ادا کرتے ہیں اُن کی نَماز بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ لہٰذا بغیر سیکھے کبھی مُکَبِّر نہیں بننا چاہیے (۵) پہلی رَکْعت کا رُکوع مل گیا تو **تکبیرِ اُولیٰ** کی فضیلت پا گیا۔

(عالمگیری ج ۱ ص ۶۹)

**(۲) قِیام**: (۱) کمی کی جانب قِیام کی حد یہ ہے کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک نہ پہنچیں اور پورا قِیام یہ ہے کہ سیدھا کھڑا ہو۔ (درمختار، ردالمحتار ج ۲ ص ۱۶۳) (۲) قِیام اتنی دیر تک ہے جتنی دیر تک قِراءَت ہے۔ بقَدَرِ قراءَت فَرْض قِیام بھی فَرْض، بقَدَرِ واجِب واجِب، اور بقَدَرِ سنَّت سنَّت۔ (اَیضاً) (۳) فَرْض، وِتْر، عِیدَین اور سنّتِ فَجْر میں قِیام فَرْض ہے۔ اگر بلا عُذرِ صَحیح کوئی یہ نَمازیں

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

بیٹھ کر ادا کرے گا تو نہ ہوں گی۔(اَیضاً) (٤) کھڑے ہونے سے مَحْض کچھ تکلیف ہونا عُذْر نہیں بلکہ قِیام اُس وقْت ساقِط ہوگا کہ کھڑا نہ ہوسکے یا سَجدہ نہ کرسکے یا کھڑے ہونے یا سجدہ کرنے میں زَخْم بہتا ہے یا کھڑے ہونے میں قَطْرہ آتا ہے یا چوتھائی سِتْر کُھلتا ہے یا قِراءَت سے مجبورِ مَحْض ہوجاتا ہے۔ یوہیں کھڑا ہوسکتا ہے مگر اس سے مَرض میں زِیادَتی ہوتی ہے یا دیر میں اچھا ہوگا یا ناقابلِ برداشْت تکلیف ہوگی تو بیٹھ کر پڑھے۔ (غنیۃ المستمل ص ۲۰۸) (۵) اگر عصا (یا بَیساکھی) خادِم یا دیوار پر ٹیک لگا کر کھڑا ہونا مُمکِن ہے تو فَرْض ہے کہ کھڑا ہو کر پڑھے (غنیۃ المستملی ص ۲۰۸) (٦) اگر صِرْف اِتنا کھڑا ہونا مُمکِن ہے کہ کھڑے کھڑے تکبیرِ تَحْریمہ کہہ لے گا تو فَرْض ہے کہ کھڑا ہو کر اَللّٰہُ اَکْبَر کہہ لے اور اب کھڑا رَہنا ممکن نہیں تو بیٹھ جائے۔ (غنیۃ المستملی ص ۲۵۹)

**خبردار! بعض لوگ معمولی سی تکلیف (یا زَخْم) کی وجہ سے فرض**

نَمازیں بیٹھ کر پڑھتے ہیں وہ اِس حُکمِ شَرْعی پر غور فرمائیں، جتنی نَمازیں قدرتِ قِیام کے باوُجُود بیٹھ کر ادا کی ہوں ان کو لوٹانا فرض ہے۔ اِسی طرح وَیسے ہی کھڑے نہ رَہ سکتے تھے مگر عَصا یا دیوار یا آدَمی کے سہارے کھڑے ہونا مُمکِن تھا مگر بیٹھ کر پڑھتے رہے تو ان کی بھی نَمازیں نہ ہوئیں ان کا لوٹانا فرض ہے۔ (مُلَخَّص از بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ٦٤ مدینۃُ المرشِد بریلی شریف) عورَتوں کیلئے بھی یِہی حُکم ہے یہ بھی بِغیر شَرعی اجازت کے بیٹھ کر نَمازیں نہیں پڑھ سکتیں۔

بعض مساجد میں کُرسیوں کا انتِظام بھی ہوتا ہے بعض بوڑھے وغیرہ ان پر بیٹھ کر فرض نَماز پڑھتے ہیں حالانکہ چل کر آئے ہوتے ہیں، نَماز کے بعد کھڑے کھڑے بات چیت بھی کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگ اگر بِغیر اجازتِ شَرْعی بیٹھ کر نَمازیں پڑھیں گے تو ان کی نَمازیں نہ ہوں گی۔ (۸) کھڑے ہو کر پڑھنے کی

قدرت ہو جب بھی بیٹھ کر نَفْل پڑھ سکتے ہیں مگر کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے کہ حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن عَمْرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مَروی ہے، رَحْمتِ عالَم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحْتَشَم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: بیٹھ کر پڑھنے والے کی نَماز کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نِصْف (یعنی آدھا ثواب) ہے (صحیح مسلم ج۱ ص۲۵۳) البتّہ عُذْر کی وجہ سے بیٹھ کر پڑھے تو ثواب میں کمی نہ ہوگی یہ جو آج کل عام رَواج پڑ گیا ہے کہ نَفْل بیٹھ کر پڑھا کرتے ہیں بظاہِر یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید بیٹھ کر پڑھنے کو افضل سمجھتے ہیں ایسا ہے تو اُن کا خَیال غلَط ہے۔ وِتْر کے بعد جو دو ۲ رَکعَت نَفْل پڑھتے ہیں اُن کا بھی یِہی حُکْم ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے۔ (بہارِ شریعت ج ٤ ص ١٧ مدينة المرشد بريلي شريف)

**(۳) قِراءَت:** (۱) قِراءَت اِس کا نام ہے کہ تمام حُروف مَخارِج سے ادا کئے جائیں کہ ہر حُرف غیر سے صحیح طور پر مُمتاز (نُمایاں) ہو جائے۔ (عالمگیری ج ۱ ص

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

(۲) آہِستہ پڑھنے میں بھی یہ ضَروری ہے کہ خود سن لے۔ (غنیۃ المستملی ص ۲۷۱) (۳) اگر حُرُوف تو صحیح ادا کئے مگر اتنے آہستہ کہ خود نہ سنا اور کوئی رُکاوٹ مَثَلاً شوروغُل یا ثِقلِ سَماعت (یعنی اُونچا سُننے کا مرض) بھی نہیں تو نَماز نہ ہوئی۔ (عالمگیری ج ۱ ص ٦۹) (٤) اگرچِہ خود سننا ضَروری ہے مگر یہ بھی اِحْتِیاط رہے کہ سِرّی (یعنی آہستہ قراءت والی) نَمازوں میں قِراءَت کی آواز دوسروں تک نہ پہنچے، اِسی طرح تَسبیحات وغیرہ میں بھی خیال رکھئے (۵) نَماز کے عِلاوہ بھی جہاں کچھ کہنا یا پڑھنا مقرَّر کیا ہے اِس سے بھی یِہی مراد ہے کہ کم از کم اِتنی آواز ہو کہ خود سن سکے مَثَلاً طَلاق دینے، آزاد کرنے یا جانور ذَبْح کرنے کے لئے اللہ عزوجل کا نام لینے میں اِتنی آواز ضَروری ہے کہ خود سن سکے۔ (اَیضاً) دُرُود شریف وغیرہ اَوراد پڑھتے ہوئے بھی کم از کم اتنی آواز ہونی چاہئے کہ خُود سُن سکے جبھی پڑھنا کہلائے گا۔

(٦) مُطلَقاً ایک آیت پڑھنا فَرض کی دو۲ رَکعتوں میں اور وِتر، سُنَن اور نَوافِل کی ہر

رَکْعَت میں امام و مُنْفَرِد (یعنی تنہا نَماز پڑھنے والے) پر فَرْض ہے۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۲۲۶) (۷) **مُقْتَدی کو نَماز میں قِراءَت جائز نہیں** نہ سورۃُ الْفاتِحَہ نہ آیت۔ نہ **سِرّی** (یعنی آہِستہ قراءَت والی) نَماز میں نہ **جَہْری** (یعنی بُلند آواز سے قِراءَت والی) نَماز میں۔ امام کی قِراءَت مُقتدی کے لئے بھی کافی ہے۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۲۲۷) (۸) فَرض کی کسی رَکْعَت میں قِراءَت نہ کی یا فَقَط ایک میں کی نَماز فاسِد ہوگئی۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۶۹) (۹) فَرضوں میں ٹَھَہر ٹَھَہر کر قِراءَت کرے اور تَراوِیح میں مُتَوَسِّط انداز پر اور رات کے نَوافِل میں جلد پڑھنے کی اجازت ہے مگر ایسا پڑھے کہ سمجھ میں آسکے یعنی کم سے کم مَد کا جو دَرَجہ قارِیوں نے رکھا ہے اُس کو ادا کرے ورنہ حرام ہے، اس لئے کہ تَرتیل سے (یعنی ٹَھَہر ٹَھَہر کر) قرآن پڑھنے کا حُکْم ہے (درمختار ردالمختار ج اوّل ص ۳۶۳) آج کل کے اکثر حُفّاظ اِس طرح پڑھتے ہیں کہ مَد کا ادا ہونا تو بڑی بات

ہے۔ یَعْلَمُونَ تَعْلَمُونَ کے سِوا کسی لفْظ کا پتا نہیں چلتا نہ تَصْحِیحِ حُروف ہوتی بلکہ جلدی میں لفْظ کے لفْظ کھا جاتے ہیں اور اِس پر تفاخُر ہوتا ہے کہ فُلاں اِس قدر جلد پڑھتا ہے! حالانکہ اس طرح قرآنِ مجید پڑھنا حرام اور سَخت حرام ہے۔

(بہارِ شریعت ج ۳ ص ۸۶، ۸۷ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## حُرُوف کی صحیح ادائیگی ضَروری ھے

اکثر لوگ ط ت ، س ص ث ، ا ء ع ، ہ ح ، ض ذ ظ میں کوئی فَرق نہیں کرتے۔ یاد رکھئے! حُروف بدل جانے سے اگر معنیٰ فاسِد ہو گئے تو نَماز نہ ہو گی۔ (بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۱۰۸ مکتبۂ رضویہ) مَثَلًا جس نے سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم میں عَظِیم کو عَزِیم (ظ کے بجائے ز) پڑھ دیا نماز جاتی رہی لہٰذا جس سے "عظیم" صحیح ادا نہ ہو وہ سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْکَرِیْم پڑھے۔

(قانونِ شریعت حصہ اول ص ۱۱۹ فرید بک اسٹال لاہور)

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم): جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

## خبردار! خبردار! خبردار!

جس سے حُروف صحیح ادا نہیں ہوتے اُس کے لئے تھوڑی دیر مَشق کر لینا کافی نہیں بلکہ لازِم ہے کہ انہیں سیکھنے کے لئے رات دن پوری کوشِش کرے اور اگر صَحیح پڑھنے والے کے پیچھے نَماز پڑھ سکتا ہے تو فَرض ہے کہ اس کے پیچھے پڑھے یا وہ آیَتیں پڑھے جس کے حُروف صحیح ادا کر سکتا ہو۔ اور یہ دُونوں صورَتیں نا مُمکِن ہوں تو زَمانۂ کوشِش میں اس کی اپنی نَماز ہو جائے گی۔ آج کل کافی لوگ اس مَرض میں مبتَلا ہیں کہ نہ انہیں قرآن صحیح پڑھنا آتا ہے نہ سیکھنے کی کوشِش کرتے ہیں۔ یاد رکھئے! اس طرح نَمازیں برباد ہوتی ہیں۔

(مُلَخَّص از بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۱۱۶) جس نے رات دن کوشِش کی مگر سیکھنے میں ناکام رہا جیسے بعض لوگوں سے صحیح حُروف ادا ہوتے ہی نہیں اس کے لئے لازِمی

ہے کہ رات دن سیکھنے کی کوشش کرے اور زمانۂ کوشش میں وہ **معذور** ہے اِس کی اپنی نماز ہو جائے گی مگر صحیح پڑھنے والوں کی امامت ہرگز نہیں کرسکتا۔ ہاں جو حُروف اس کے اپنے غلط ہیں وُہی دوسروں کے بھی غلط ہوں تو زمانۂ کوشش میں اُیسوں کی امامت کرسکتا ہے۔ اور اگر کوشش بھی نہیں کرتا تو خود اِس کی نماز ہی نہیں ہوتی تو دوسرے کی اِس کے پیچھے کیا ہوگی!

(ماخوذ از فتاوٰی رضویہ ج٦ ص ٢٥٤ رضا فاؤنڈیشن لاھور)

# مَدْرَسَۃُ الْمدینہ

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** آپ نے قِراءَت کی اَھمِیَّت کا بخوبی اندازہ لگا لیا ہوگا۔ واقعی وہ مسلمان بڑا بدنصیب ہے جو دُرُست قرآن شریف پڑھنا نہیں سیکھتا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عزوجل تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ’’**دعوتِ اسلامی**‘‘ کے بے شُمار مدارِس بنام ’’مَدْرَسَۃُ الْمدینہ‘‘ قائم ہیں اِن میں

مَدَنی مُنّوں اور مَدَنی مُنّیوں کو قراٰنِ پاک حِفْظ و ناظِرہ کی مفت تعلیم دیجاتی ہے ۔نیز بالغان کو عُموماً بعد نمازِ عشاء حُروف کی صحیح ادائیگی کیساتھ ساتھ سنّتوں کی تربیت دی جاتی ہے۔ کاش! تعلیمِ قرآن کی گھر گھر دھوم پڑ جائے۔ کاش! ہر وہ اِسلامی بھائی جو صحیح قرآن شریف پڑھنا جانتا ہے وہ دوسرے اسلامی بھائی کو سکھانا شُروع کردے۔ اسلامی بہنیں بھی یہی کریں یعنی جو دُرست پڑھنا جانتی ہیں وہ دوسری اسلامی بہنوں کو پڑھائیں اور نہ جاننے والیاں ان سے سیکھیں۔ اِن شآءَ اللہ عزَّوجلَّ پھر تو ہر طرف تعلیمِ قرآن کی بہار آجائے گی اور سیکھنے سکھانے والوں کیلئے اِن شآءَ اللہ عزَّوجلَّ ثواب کا اَنبار لگ جائے گا۔

یہی ہے آرزو تعلیمِ قرآں عام ہو جائے
تلاوت شوق سے کرنا ہمارا کام ہو جائے

**(٤) رُکُوع** : اِتنا جُھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گُھٹنے کو پہنچ جائے یہ رُکُوع کا اَدنیٰ

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

دَرَجہ ہے۔ (دُرِمختار ، رَدُّالمحتار ج۲ ص ۱۶۶) اور پورا یہ کہ پیٹھ سیدھی بچھا دے۔

(حاشیۃ الطحطاوی ص ۲۲۹)

سلطانِ مکّۂ مُکرّمہ ، تاجدارِ مدینۂ منوّرہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے ، اللہ عزوجل بندہ کی اُس نماز کی طرف نظر نہیں فرماتا جس میں رُکوع وسُجود کے درمیان پیٹھ سیدھی نہ کرے۔
رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(مسند امام احمد بن حنبل ج۳ ص ۶۱۷ حدیث ۱۰۸۰۳ دار الفکر بیروت)

**(۵) سُجود** : (۱) سلطانِ مکّۂ مُکرّمہ ، تاجدارِ مدینۂ منوّرہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے ، مجھے حُکم ہوا کہ سات ہڈیوں پر سجدہ کروں ، منہ اور دونوں ہاتھ اور دونوں گھٹنے اور دونوں پنجے اور یہ حُکم ہوا کہ کپڑے اور بال نہ سمیٹوں۔ (صحیح مسلم ج۱ ص ۱۹۳) (۲) ہر رَکعت میں دوبار سجدہ فرض ہے۔ (۳) سجدے میں پیشانی جمنا ضروری ہے۔ (دُرِمختار ، رَدُّالمحتار ج۲ ص ۱۶۷)

جمنے کے معنیٰ یہ ہیں کہ زمین کی سختی محسوس ہو اگر کسی نے اس طرح سجدہ کیا کہ پیشانی نہ جمی تو سجدہ نہ ہوگا۔(عالمگیری ج۱ ص ۷۰) (۴) کسی نَرْم چیز مثلاً گھاس (جیسا کہ باغ کی ہریالی) رُوئی یا قالین (CARPET) وغیرہ پر سجدہ کیا تو اگر پیشانی جم گئی یعنی اتنی دَبی کہ اب دبانے سے نہ دبے تو سجدہ ہو جائے گا ورنہ نہیں۔ (تبیین الحقائق ج۱ ص ۱۱۷) (۵) آج کل مساجد میں **کارپیٹ** (CARPET) بچھانے کا رَواج پڑ گیا ہے (بلکہ بعض جگہ تو کارپیٹ کے نیچے مزید فوم بھی بچھا دیتے ہیں) کارپیٹ پر سَجدہ کرتے وقت اِس بات کا خاص خیال رکھنا ہے کہ پیشانی اچھی طرح جَم جائے ورنہ نَماز نہ ہوگی۔ اور ناک کی ہڈی نہ دَبی تو نَماز مکروہِ تحریمی واجبُ الاعادہ ہوگی۔(مُلَخَّص از بہارِ شریعت حصّہ ۳ ص ۷۱) (۶) کمانی دار (یعنی اِسپرنگ والے) گدّے پر پیشانی خوب نہیں جمتی لہٰذا نماز نہ ہوگی۔ (اَیضاً)

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام دُرودِ پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

## کارپیٹ کے نقصانات

**کارپیٹ** سے **ایک** تو سجدے میں دُشواری ہوتی ہے، مزید صحیح معنوں میں اِس کی صَفائی نہیں ہو پاتی لِھٰذا دُھول وغیرہ جَمْع ہوتی اور جَراثیم پرورِش پاتے ہیں، سجدہ میں سانس کے ذرِیعہ جَراثیم، گَرد وغیرہ اندر داخِل ہوجاتے ہیں، کارپیٹ کا رُواں پھیپھڑوں میں جاکر چِپک جانے کی صورت میں مَعاذَاللہ عزوجل **کینسر** کا خطرہ پیدا ہوتا ہے۔ بسا اوقات بچّے کارپیٹ پر قَے یا پیشاب وغیرہ کرڈالتے، بلّیاں گندگی کرتیں، چُوہے اور چھپکلیاں مینگنیاں کرتے ہیں۔ کارپیٹ ناپاک ہوجانے کی صُورت میں عُمُوماً پاک کرنے کی زَحمت بھی نہیں کی جاتی۔ کاش! کارپیٹ بچھانے کا رَواج ہی خَتْم ہوجائے۔

## ناپاک کارپیٹ پاک کرنے کا طریقہ

**کارپیٹ** کا ناپاک حصّہ ایک بار دھوکر لٹکا دیجئے یہاں تک کہ ٹپکنا

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

موقوف ہو جائے پھر دوبارہ دھو کر لٹکائیے حتیّٰ کہ ٹپکنا بند ہو جائے پھر تیسری بار اسی طرح دھو کر لٹکا دیجئے جب ٹپکنا بند ہو جائے گا تو پاک ہو جائے گا۔ چٹائی، جُوتا اور مٹّی کا وہ برتن وغیرہ جس میں پانی جذب ہو جاتا ہو اسی طرح پاک کیجئے۔ اگر ناپاک کارپیٹ یا کپڑا وغیرہ بہتے پانی میں (مثلاً دریا، نہر میں یا ٹونٹی کے نیچے) اتنی دیر تک رکھ چھوڑیں کہ ظنِّ غالب ہو جائے کہ پانی نجاست کو بہا کرلے گیا تب بھی پاک ہو جائے گا۔ کارپیٹ پر بچّہ پیشاب کر دے تو اُس جگہ پر پانی کے چھینٹے مار دینے سے وہ پاک نہیں ہوتا۔ یاد رہے! ایک دن کے بچّے یا بچّی کا پیشاب بھی ناپاک ہوتا ہے۔

(تفصیلی معلومات کیلئے بہارِ شریعت حصّہ ۲ کا مطالَعہ فرمالیجئے۔)

**(٦) قعدۂ اخیرہ:** یعنی نماز کی رَکْعتیں پوری کرنے کے بعد اتنی دیر تک بیٹھنا کہ پوری تشہُّد (یعنی پوری التحیات) رَسُوْلُہٗ تک پڑھ لی جائے فرض ہے (عالمگیری ج ١ ص ٧٠) چار رَکْعت والے فرض میں چوتھی رَکْعت (رَک۔عت)

کے بعد قعدہ نہ کیا تو جب تک پانچویں کا سجدہ نہ کیا ہو بیٹھ جائے اور اگر پانچویں کا سجدہ کرلیا یا فجر میں دوسری پر نہیں بیٹھا تیسری کا سجدہ کرلیا یا مغرب میں تیسری پر نہ بیٹھا اور چوتھی کا سجدہ کرلیا ان سب صورتوں میں فرض باطِل ہو گئے۔ مغرب کے علاوہ اور نمازوں میں ایک رَکعت مزید ملالے۔ (غنیۃ المستملی ص ٢٨٤)

**(۷) خروج بِصُنعِہٖ:** یعنی قعدۂ اَخیرہ کے بعد سلام یا بات چیت وغیرہ کوئی ایسا فِعل قصداً (یعنی اِرادتاً) کرنا جو نماز سے باہر کردے۔ مگر سلام کے علاوہ کوئی فِعل قصداً پایا گیا تو نماز واجبُ الْاِعادہ ہوگی۔ اور اگر بِلا قصد کوئی اِس طرح کا فِعل پایا گیا تو نماز باطِل۔ (غنیۃ المستملی ص٢٨٦)

## "قیامت میں سب سے پہلے نماز کا سُوال ہوگا" کے تیس حُروف کی نسبت سے تقریباً 30 واجبات

(١) تکبیرِ تحریمہ میں لفظ "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہنا (٢) فرضوں کی تیسری اور

**فرمانِ مصطفٰے** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بےشک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

چوتھی رَکْعَت (رَک۔عَت) کے علاوہ باقی تمام نَمازوں کی ہر رَکْعَت میں الحمد شریف پڑھنا، سُورت ملانا یا قرآنِ پاک کی ایک بڑی آیت جو چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا (۳) الحمد شریف کا سورت سے پہلے پڑھنا (٤) الحَمد شریف اور سورت کے درمیان ''اٰمِین'' اور ''بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم'' کے علاوہ کچھ اور نہ پڑھنا (۵) قِراءَت کے فوراً بعد رُکوع کرنا (٦) ایک سجدے کے بعد بِالتَّرتیب دوسرا سجدہ کرنا (۷) تَعْدِیلِ ارکان یعنی رُکوع، سُجُود، قَومہ اور جَلسہ میں کم از کم ایک بار ''سُبْحٰنَ اللّٰہ'' کہنے کی مقدار ٹھہرنا (۸) قَومہ یعنی رُکوع سے سیدھا کھڑا ہونا (بعض لوگ کمر سیدھی نہیں کرتے اس طرح ان کا واجِب چُھوٹ جاتا ہے) (۹) جَلْسہ یعنی دو سجدوں کے دَرمیان سیدھا بیٹھنا (بعض لوگ جلد بازی کی وجہ سے برابر سیدھے بیٹھنے سے پہلے ہی دوسرے سجدے میں چلے جاتے ہیں اس طرح ان کا واجِب ترک ہو جاتا ہے چاہے کتنی ہی جلدی ہو سیدھا بیٹھنا لازِمی ہے ورنہ نماز

مکروہِ تحریمی واجبُ الاعادہ ہوگی) (۱۰) قعدۂ اُولیٰ واجِب ہے اگرچہ نمازِ نَفْل ہو (دراصل دو نَفْل کا ہر قعدہ، "قعدۂ اُخیرہ" ہے اور فرض ہے اگر قعدہ نہ کیا اور بھول کر کھڑا ہوگیا تو جب تک اس رَکْعت کا سجدہ نہ کرلے لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے۔") (بہارِ شریعت حصہ ۴، ص ۷۱ مدینۃ المرشد بریلی شریف) اگر نَفْل کی تیسری رَکْعت کا سجدہ کرلیا تو چار پوری کر کے سجدۂ سہو کرے۔ سجدۂ سہو اس لئے واجِب ہوا کہ اگرچہ نَفْل میں ہر دو رَکْعت کے بعد قعدہ فرض ہے مگر "تیسری یا پانچویں (علی ھذا القیاس) رَکْعت کا سجدہ کرنے کے بعد قعدۂ اُولیٰ فرض کے بجائے واجِب ہوگیا۔ (ملخصاً طحطاوی ص ۴۶۶) (۱۱) فرض، وِتر اور سنّتِ مُؤکّدہ میں تَشَہُّد (یعنی اَلتَّحیّات) کے بعد کچھ نہ بڑھانا (۱۲) دونوں قعدوں میں "تَشَہُّد" مکمّل پڑھنا۔ اگر ایک لفظ بھی چُھوٹا تو واجِب ترک ہو جائے گا اور سجدۂ سَہو واجِب ہوگا (۱۳) فرض، وِتر اور سنّتِ مُؤکّدہ کے قعدۂ اُولیٰ میں تَشَہُّد کے بعد اگر بے خیالی میں "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہہ لیا تو سجدۂ سَہو واجِب ہو گیا اور اگر جان بوجھ کر کہا تو نَماز لوٹانا واجب ہے (درمختار، ردالمحتار ج۲ ص۲۶۹) (۱۴) دونوں طرف سلام پھیرتے وقت لَفْظ ''اَلسَّلامُ'' دونوں بار واجِب ہے۔ لَفْظ ''عَلَیْکُمْ'' واجِب نہیں بلکہ سنّت ہے (۱۵) وِتْر میں تکبیرِ قُنُوت کہنا (۱۶) وِتْر میں دُعائے قُنُوت پڑھنا (۱۷) عِیدَین کی چھ تکبیریں (۱۸) عِیدَین میں دوسری رَکْعَت کی تکبیرِ رُکوع اور اِس تکبیر کیلئے لَفْظِ ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' ہونا (۱۹) ''جَہری نَماز'' مَثَلاً مغرِب وعشاء کی پہلی اور دوسری رَکْعَت اور فجر، جُمعہ، عِیدَین، تَراوِیح اور رَمَضان شریف کے وِتْر کی ہر رَکْعَت میں امام کو جَہر (یعنی اتنی بُلند آواز کہ دوسرے لوگ یعنی وہ کہ صفِ اوّل میں ہیں سُن سکیں) سے قِراءَت کرنا (۲۰) غَیرِ جَہری نَماز (مَثَلاً ظُہر وعَصر) میں آہستہ قِراءَت کرنا (۲۱) ہر فرض و واجِب کا اُس کی جگہ ہونا (۲۲) رُکوع ہر رَکْعَت میں ایک ہی بار کرنا (۲۳) سَجدہ ہر رَکْعَت میں دو ہی بار کرنا (۲۴) دوسری رَکْعَت سے پہلے قَعدہ نہ کرنا (۲۵) چار

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم): جس نے کتاب میں مجھ پر دُرود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

رَکْعَت والی نَماز میں تیسری رَکْعَت پرقعدہ نہ کرنا (۲۶) آیتِ سَجدہ پڑھی ہو تو سَجدۂ تِلاوت کرنا (۲۷) سَجدۂ سَہْو واجِب ہُوا ہوتو سَجدۂ سَہْو کرنا (۲۸) دو فَرض یا دو واجِب یا فَرض وواجِب کے دَرمیان تین تَسبیح کی قَدَر (یعنی تین بار ''سُبْحٰنَ اللّٰہ'' کہنے کی مقدار) وَقْفہ نہ ہونا (۲۹) امام جب قِراءَت کرے خواہ بُلند آواز سے ہو یا آہِستہ آواز سے مُقتدی کا چُپ رَہنا (۳۰) قِراءَت کے سوا تمام واجِبات میں امام کی پَیروی کرنا۔ (درمختار، ردالمحتار ج۲ ص۱۸۱، عالمگیری ج۱ ص۷۱)

# نَماز کی تقریباً 96 سُنّتیں

## تکبیرِ تحریمہ کی سنّتیں

(۱) تکبیرِ تَحرِیمہ کیلئے ہاتھ اُٹھانا (۲) ہاتھوں کی اُنگلیاں اپنے حال پر (Normal) چھوڑنا، یعنی نہ بِالکل ملایئے نہ ان میں تَناؤ پیدا کیجئے (۳) ہتھیلیوں اور اُنگلیوں کا پیٹ قِبلہ رُو ہونا (٤) تکبیر کے وقْت سر نہ جُھکانا (۵) تکبیر شُروع

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

کرنے سے پہلے ہی دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھالینا (۶) تکبیرِ قُنُوت اور (۷) تکبیراتِ عیدَین میں بھی یہی سنّتیں ہیں (درمختار، ردالمحتار ج ۲ ص ۲۰۸) (۸) امام کا بُلند آواز سے اَللّٰہُ اکبر (۹) سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور (۱۰) سلام کہنا (حاجت سے زِیادہ بُلند آواز کرنا مکروہ ہے) (ردالمحتار ج ۲ ص ۲۰۸) (۱۱) تکبیر کے فوراً بعد ہاتھ باندھ لینا سنّت ہے (بعض لوگ تکبیرِ اُولیٰ کے بعد ہاتھ لٹکا دیتے ہیں یا کہنیاں پیچھے کی طرف جُھلانے کے بعد ہاتھ باندھتے ہیں انکا یہ فِعل سنّت سے ہٹ کر ہے) (درمختار، ردالمحتار ج ۲ ص ۲۲۹)

## قِیام کی سنّتیں

(۱۲) مَرد ناف کے نیچے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی اُلٹے ہاتھ کی کلائی کے جوڑ پر، چھنگلیا اور اَنگوٹھا کلائی کے اَغَل بَغَل اور باقی اُنگلیاں ہاتھ کی کلائی کی پُشت پر رکھے (غنیۃ المستملی ص ۲۹۴) (۱۳) پہلے ثَناء (۱۴) پھر تعَوُّذ (

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

(۱۵) پڑھنا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ یعنی (تَ۔عَوْ۔وُذ) پھر تَسْمِیَہ (تَس۔م۔یَہ) یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا

(۱۶) ان تینوں کو ایک دوسرے کے فوراً بعد کہنا (۱۷) ان سب کو آہستہ پڑھنا (درمختار، ردالمحتار ج ۲ ص ۲۱۰) (۱۸) اٰمین کہنا (۱۹) اس کو بھی آہستہ کہنا (۲۰) تکبیرِ اُولیٰ کے فوراً بعد ثناء پڑھنا (ایضا) (نماز میں تَعَوُّذ و تَسْمِیَہ قراءت کے تابع ہیں اور مُقتدی پر قراءت نہیں لہٰذا تَعَوُّذ و تَسْمِیَہ بھی مُقتدی کیلئے سنّت نہیں۔ ہاں جس مقتدی کی کوئی رَکعت فوت ہوگئی ہو وہ اپنی باقی رَکعت ادا کرتے وقت ان دونوں کو پڑھے (الھدایۃ معہ فتح القدیر ج ۱ ص ۲۵۳)

(۲۱) تَعَوُّذ صِرف پہلی رَکعت میں ہے اور (۲۲) تَسْمِیَہ ہر رَکعت کے شُروع میں سنّت ہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۷۴)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

# رُکُوع کی سُنّتیں

(۲۳) رُکُوع کیلئے اَللّٰہُ اکبر کہنا (الهداية معه فتح القدير ج ١ ص ٢٥٧) (٢٤) رُکوع میں تین بار سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم کہنا (۲۵) مَرد کا گھٹنوں کو ہاتھ سے پکڑنا اور (۲۶) اُنگلیاں خُوب کُھلی رکھنا (۲۷) رُکُوع میں ٹانگیں سیدھی رکھنا (بعض لوگ کمان کی طرح ٹیڑھی کرلیتے ہیں یہ مکروہ ہے) (عالمگیری ج ١ ص ٧٤) (۲۸) رُکوع میں پیٹھ اچھی طرح بچھی ہو حتّٰی کہ اگر پانی کا پیالہ پیٹھ پر رکھ دیا جائے تو ٹھہر جائے۔ (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ٢٦٦) (۲۹) رُکوع میں سر اُونچا نیچا نہ ہو پیٹھ کی سیدھ میں ہو۔ ''سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم فرماتے ہیں، اس کی نماز ناکافی ہے (یعنی کامل نہیں) جو رُکُوع وسُجُود میں پیٹھ سیدھی نہیں کرتا'' (السنن الكبرى ج ٢ ص ١٢٦ دار الكتب العلمية بيروت) سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم فرماتے ہیں، ''رُکوع وسُجُود کو پورا کرو کہ خدا عزوجل کی قسم! میں تمھیں اپنے پیچھے سے دیکھتا ہوں'' (

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

مسلم شریف ج۱ص ۱۸۰) **(۳۰)** بہتر یہ ہے کہ اللہُ اکبر کہتا ہوا رُکوع کو جائے یعنی جب رُکوع کیلئے جھکنا شُروع کرے اور ختمِ رُکوع پر تکبیر خَتم کرے (عالمگیری ج۱ ص ۶۹) اِس مَسافت کو پورا کرنے کیلئے اللہ کی **لام** کو بڑھائے اکبر کی **ب** وغیرہ کسی حَرف کو نہ بڑھائے (بہارِ شریعت حصّہ ۳ ص ۷۲ مدینۃ المرشد بریلی شریف) اگر **اٰللہُ** یا **اٰکبر** یا **اکبار** کہا تو نماز فاسِد ہو جائے گی۔

(دُرِّ مختار ،ردالمحتار ج۱ ص ۲۳۲)

# قَومہ کی سُنّتیں

(۳۱) رُکوع سے جب اُٹھیں تو ہاتھ لٹکا دیجئے (۳۲) رُکوع سے اُٹھنے میں امام کیلئے سَمِعَ اللہُ لِمَنْ حَمِدَہ کہنا (۳۳) مقتدی کیلئے اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْد کہنا (۳۴) مُنفَرِد (یعنی تنہا نماز پڑھنے والے) کیلئے دونوں کہنا سنّت ہے رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْد کہنے سے بھی سنّت ادا ہو

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دوسو بار دُرُودِ پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

جاتی ہے مگر ''رَبَّنَا'' کے بعد ''وَ'' ہونا بہتر ہے ''اَللّٰھُمَّ'' ہونا اس سے بہتر، اور [۲] دونوں ہونا اور زِیادہ بہتر ہے۔ یعنی اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کہئے۔ (غنیۃ المستملی ص ۳۱۰) (۳۵) مُنفَرِد (مُن۔ فَ۔ رِد) سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتا ہوا رُکوع سے اُٹھے جب سیدھا کھڑا ہو چکے تو اب اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کہے۔ (عالمگیری ج۱ ص ۷۴)

## سجدے کی سنّتیں

(۳۶) سَجدے میں جانے کیلئے اور (۳۷) سَجدے سے اُٹھنے کیلئے [۳] اَللّٰہُ اَکْبَر کہنا۔ (الھدایہ معہ فتح القدیر ج۱ ص ۲۶۱) (۳۸) سَجدہ میں کم از کم تین بار سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہنا (ایضاً) (۳۹) سَجدے میں ہتھیلیاں زمین پر رکھنا (۴۰) ہاتھوں کی اُنگلیاں ملی ہوئی قبلہ رُخ رکھنا (۴۱) سَجدے میں جائیں تو زمین پر پہلے گھٹنے پھر (۴۲) ہاتھ پھر (۴۳) ناک، پھر (۴۴)

پَیشانی رکھنا (٤٥) جب سَجدے سے اُٹھیں تو اسکا اُلٹ کرنا یعنی (٤٦) پہلے پیشانی، پھر (٤٧) ناک، پھر (٤٨) ہاتھ، پھر (٤٩) گھٹنے اُٹھانا (٥٠) مَرد کیلئے سَجدہ میں سنّت یہ ہے کہ بازو کروَٹوں سے اور (٥١) رانیں پَیٹ سے جدا ہوں (الهداية معه فتح القدير ج١ ص٢٦٦) (٥٢) کلائیاں زمین پر نہ بچھائیے ہاں جب صَف میں ہوں تو بازو کروَٹوں سے جدا نہ رکھئے (ردالمحتار ج٢ ص٢٥٧)

(٥٣) سَجدہ میں دونوں پاؤں کی دسوں اُنگلیوں کا پیٹ اِس طرح زمین پر لگایئے کہ دسوں اُنگلیاں قِبلہ رُخ رہیں۔ (الهداية معه فتح القدير ج١ ص٢٦٧)

## جَلْسَہ کی سنّتیں

(٥٤) دونوں سَجدوں کے بیچ میں بیٹھنا اسے **جلسہ** کہتے ہیں (٥٥) جَلْسہ میں سیدھا قدم کھڑا کر کے اُلٹا قدم بچھا کر اُس پر بیٹھنا (٥٦) سیدھے پاؤں کی اُنگلیاں قِبلہ رُخ کرنا (٥٧) دونوں ہاتھ رانوں پر رکھنا۔

(تبيين الحقائق ج١ ص١١١)

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم) جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

# دُوسری رَکعت کیلئے اُٹھنے کی سنّتیں

(۵۸) جب دُونوں سَجدے کرلیں تو دُوسری رَکعت کیلئے پنجوں کے بل، (۵۹) گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا سنّت ہے۔ ہاں کمزوری یا پاؤں میں تکلیف وغیرہ مجبوری کی وجہ سے زمین پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہونے میں حرج نہیں۔

(ردالمحتار ج۲ ص۲۶۲)

# قَعدہ کی سُنّتیں

(۶۰) مَرد کا دُوسری رَکعت کے سَجدوں سے فارِغ ہو کر بایاں پاؤں بچھا کر (۶۱) دُونوں سُرِین اُس پر رکھ کر بیٹھنا اور (۶۲) سیدھا قدم کھڑا رکھنا (۶۳) سیدھے پاؤں کی اُنگلیاں قِبلہ رُخ کرنا (الھدایۃ معہ فتح القدیر ج۱ ص۷۵)

(۶۴) سیدھا ہاتھ سیدھی ران پر اور (۶۵) اُلٹا ہاتھ اُلٹی ران پر رکھنا (۶۶) اُنگلیاں اپنی حالت پر یعنی (NORMAL) چھوڑنا کہ نہ زِیادہ کُھلی ہوئیں نہ بالکل ملی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

ہوئیں (اَیضاً) (٦٧) اُنگلیوں کے کَنارے گُھٹنوں کے پاس ہونا، گُھٹنے پکڑنا نہ چاہئے (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ص ٢٦٥) (٦٨) اَلتَّحِیّات میں شَہادت پر اِشارہ کرنا۔ اِس کا طریقہ یہ ہے کہ چھنگلیا اور پاس والی کو بند کر لیجئے، اَنگوٹھے اور بیچ والی کا حَلْقہ باندھئے اور (''لَا'' پر کلمہ کی اُنگلی اُٹھایئے اس کو اِدھر اُدھر مت ہلایئے اور ''اِلاَّ'' پر رکھ دیجئے اور سب اُنگلیاں سیدھی کر لیجئے (ردالمحتار ج۲ص ٢٦٦) (٦٩) دُوسرے قَعدہ میں بھی اِسی طرح بیٹھئے جس طرح پہلے میں بیٹھے تھے اور تَشَہُّد بھی پڑھئے (٧٠) تشَہُّد کے بعد دُرُود شریف پڑھئے (الھدایۃ معہ فتح القدیر ج۱ ص ٢٧٤) دُرُودِ ابراہیم پڑھنا افضل ہے (بہارِ شریعت حصہ۳ ص ٨٥) (٧١) نوافِل اور سنّتِ غیر مُؤَکّدہ کے قعدہ اُولیٰ میں بھی تَشَہُّد کے بعد دُرُود شریف پڑھنا سنّت ہے (ردالمحتار ج۲ ص ٢٨٢، غنیۃ المستملی ص ٣٢٢) (٧٢) دُرُود شریف کے بعد دعا پڑھنا (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص ٢٨٣)

# سلام پھیرنے کی سنّتیں

(۷۳) ان اَلفاظ کے ساتھ دو۲ بار سلام پھیرنا:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہ (۷۴) پہلے سیدھی طرف، پھر (۷۵) اُلٹی طرف منہ پھیرنا (۷۶) امام کیلئے دو۲نوں سلام بُلند آواز سے کہنا سنّت ہے مگر دوسرا۲ پہلے کی نسبت کم آواز سے کہے (عالمگیری ج ۱ ص ۷۶) (۷۷) پہلی بار کے سلام میں "سلام" کہتے ہی امام نَماز سے باہَر ہو گیا اگرچہ عَلَیکُم نہ کہا ہو اس وقت اگر کوئی شریکِ جماعت ہو تو اِقتِداء صحیح نہ ہوئی ہاں اگر سلام کے بعد امام نے سَجدۂ سَہو کیا بشرطیکہ اس پر سجدۂ سَہو ہو تو اِقتِداء صحیح ہو گئی (ردالمحتار ج ۱ ص ۳۵۲)

(۷۸) امام داہنے سلام میں خِطاب سے اُن مُقتدیوں کی نیّت کرے جو داہنی طرف ہیں اور بائیں سے بائیں طرف والوں کی مگر عورت کی نیّت نہ کرے اگرچہ شریکِ جماعت ہو نیز دو۲نوں سلاموں میں کِراماً کاتِبِین اور اُن ملائکہ کی نیّت

کرے جن کو اللہ عزوجل نے حفاظت کیلئے مقرّر کیا اور نیّت میں کوئی عَدَد مُعَیَّن نہ کرے (دُرِّ مختار ج۱ص ۳٥٤) (۷۹) مُقتدی بھی ہر طرف کے سلام میں اس طرف والے مُقتدیوں اور ان ملائکہ کی نیّت کرے نیز جس طرف امام ہو اس طرف کے سلام میں امام کی بھی نیت کرے اور اگر امام اُسکے مُحاذی (یعنی ٹھیک سامنے کی سیدھ میں) ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی بھی نیّت کرے اور مُنفَرِد صِرف اُن فِرِشتوں ہی کی نیّت کرے (دُرِّ مختار ج۱ص ۳٥٦) (۸۰) مُقتدی کے تمام اِنتِقالات (یعنی رُکوع سُجُود وغیرہ) امام کے ساتھ ہونا۔

## سلام پھیرنے کے بعد کی سنّتیں

(۸۱) سلام کے بعد امام کیلئے سنّت یہ ہے کہ دائیں یا بائیں طرف رُخ کرلے، دائیں طرف افضل ہے اور مقتدیوں کی طرف رُخ کر کے بھی بیٹھ سکتا ہے جبکہ آخری صَف تک بھی کوئی اس کے سامنے (یعنی اِس کے چہرے کی سیدھ میں)

نَماز نہ پڑھتا ہو (غنیۃ المستملی ص ٣٣٠) (٨٢) مُنفَرِد بغیر رُخ بدلے اگر وہیں دُعا مانگے تو جائز ہے۔ (عالمگیری ج ١ ص ٧٧)

## سنّتِ بَعدِیَّہ کی سنّتیں

(٨٣) جِن فَرضوں کے بعد سُنّتیں ہیں ان میں بعدِ فرض کلام نہ کرنا چاہئے اگرچہ سنّتیں ہو جائیں گی مگر ثواب کم ہوگا اور سنّتوں میں تاخیر بھی مکروہ ہے اِسی طرح بڑے بڑے اَوْراد و وَظائف کی بھی اجازت نہیں (غنیۃ المستملی ص ٣٣١ ردالمحتار ج٢ ص ٣٠٠) (٨٤) (فَرضوں کے بعد) قبلِ سنّت مختَصَر دعاء پر قَناعت چاہئے ورنہ سنّتوں کا ثواب کم ہو جائیگا۔ (بہارِ شریعت حصّہ ٣ ص ٨١ مدینۃ المرشد بریلی شریف) (٨٥) سنّت وفرض کے درمیان کلام کرنے سے اَصَح (یعنی دُرست ترین) یہی ہے کہ سنّت باطِل نہیں ہوتی البتّہ ثواب کم ہو جاتا ہے۔ یہی حکم ہر اُس کام کا ہے جو مُنافیٔ تحرِیمہ ہے (تنویر الابصار معہ ردالمحتار ج٢ ص ٥٥٨)

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

(٨٦) سنّتیں وَہیں نہ پڑھے بلکہ دائیں بائیں، آگے پیچھے ہٹ کر پڑھے یا گھر جا کرادا کیجئے۔ (عالمگیری ج ١ ص ٧٧) (سنّتیں پڑھنے کیلئے گھر جانے کی وجہ سے جو فصل (یعنی فاصِلہ) ہوا اُس میں حرج نہیں۔ جگہ بدلنے یا گھر جانے کیلئے نمازی کے آگے سے گزرنا یا اُس کی طرف اپنا چہرہ کرنا گناہ ہے اگر نکلنے کی جگہ نہ ملے تو وَہیں سنّتیں پڑھ لیجئے)۔

## سنّتوں کا ایک اَہَم مسئلہ

جو اسلامی بھائی سنّتِ قَبلِیہ یا سنّتِ بَعدِیہ پڑھکر آمد ورفت اور بات چیت میں لگ جاتے ہیں وہ سرکارِ اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اِس فتویٰ مبارکہ سے درس حاصل کریں چُنانچہ ایک اِستِفتاء کے جواب میں ارشاد ہے، ''سنّتِ قبلِیہ میں اَولیٰ اوّل وقت ہے بشرطیکہ فرض وسُنّت کے درمیان کلام یا کوئی فعل مُنافیٔ نماز نہ کرے، اور سنّتِ بَعدِیہ میں مُستَحب فرضوں سے اِتّصال ہے مگر یہ کہ مکان پر آکر پڑھے تو فصل (یعنی فاصِلہ) میں حَرَج نہیں، لیکن اجنبی افعال سے

فرمانِ مصطفٰے:(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

فَصْل نہ چاہئے یہ فَصْل (فاصِلہ) سنّتِ قَبلیہ و بعدیہ دونوں کے ثواب کو ساقِط اور اُنہیں طریقۂ مَسْنُونہ سے خارِج کرتا ہے"۔

(فتاویٰ رضویہ جدید ج ۵ ص ۱۳۹ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاھور)

## آگے بیان کردہ 86 سنّتوں میں ضمناً اسلامی بہنوں کیلئے بھی سنّتیں ہیں

## اُن کیلئے "عائشہ صِدیقہ" کے دس حُروف کی نسبت سے 10 سنّتیں

(۱) اسلامی بہن کے لئے تکبیرِ تَحْرِیمہ اور تکبیرِ قُنُوت میں سنّت یہ ہے کہ کندھوں تک ہاتھ اُٹھائے (الھدایۃ معہ فتح القدیر ج ۱ ص ۲۳۶) (۲) قِیام میں عورت اور خُنثٰی (یعنی ہیجڑا) اُلٹے ہاتھ کی ہتھیلی سینے پر چھاتی کے نیچے رکھ کر اُس کی پُشْت پر سیدھی ہتھیلی رکھے (غنیۃ المستملی ص ۲۹٤) (۳) اسلامی بہن کیلئے رُکوع میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنا اور اُنگلیاں کُشادہ نہ کرنا سنّت ہے (الھدایۃ معہ فتح القدیر ج ۱ ص ۲۵۸) (٤) رُکوع میں تھوڑا جُھکے یعنی صِرْف اِتنا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پَہُنچ

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

جائیں پیٹھ سیدھی نہ کرے اور گھٹنوں پر زور نہ دے فَقَط ہاتھ رکھ دے اور ہاتھوں کی اُنگلیاں ملی ہوئی رکھے اور پاؤں جُھکے ہوئے رکھے مَردوں کی طرح خوب سیدھے نہ کردے (عالمگیری ج ۱ ص ٧٤) (۵) سِمَٹ کر سَجدہ کرے یعنی بازو کروٹوں سے (٦) پَیٹ رانوں سے (٧) رانیں پِنڈلیوں سے اور (٨) پِنڈلیاں زمین سے ملادے (٩) دوسری رَکعَت کے سَجدوں سے فارِغ ہو کر دونوں پاؤں سیدھی جانب نکالدے اور (١٠) اُلٹی سُرِین پر بیٹھے (الھدایة معه فتح القدیر ج ۱ ص ٧٥)

## ''صَدَقَ یا رسولَ اللہ'' کے ١٤ حُروف کی نِسبت سے نماز کے تقریباً 14 مُستَحَبّات

(١) نیّت کے اَلفاظ زَبان سے کہہ لینا (تنویرُ الاَبصار معه ردالمحتار ج ۲ ص ١١٣) جبکہ دل میں نیّت حاضِر ہو ورنہ تو نَماز ہوگی ہی نہیں (٢) قِیام میں دونوں پَنجوں کے درمِیان چار اُنگل کا فاصِلہ ہونا (عالمگیری ج ۱ ص ٧٣) (٣) قِیام کی

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

حالت میں سَجدہ کی جگہ، (٤) رُکُوع میں دونوں قدموں کی پُشت پر، (٥) سَجدہ میں ناک کی طرف، (٦) قَعدہ میں گود کی طرف، (٧) پہلے سلام میں سیدھے کندھے کی طرف اور (٨) دوسرے سلام میں اُلٹے کندھے کی طرف نَظَر کرنا (تنویر الابصار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ٢١٤) (٩) مُنفَرِد کو رُکوع اور سَجدوں میں تین بار سے زِیادہ (مگر طاق عدد مثلاً پانچ، سات، نو) تسبیح کہنا (ردالمحتار ج ۲ ص ٢٤٢) (۱۰) "حِلْیہ" وغیرہ میں حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ سے ہے کہ امام کیلئے تسبیحات پانچ بار کہنا مُستَحَب ہے۔ (۱۱) جس کو کھانسی آئے اس کیلئے مُستَحَب ہے کہ جب تک ممکن ہو نہ کھانسے (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۲۷۷) (۱۲) جَماہی آئے تو مُنہ بند کئے رَہئے اور نہ رُکے تو ہونٹ دانت کے نیچے دبایئے۔ اگر اِس طرح بھی نہ رُکے تو قِیام میں سیدھے ہاتھ کی پُشت سے اور غیرِ قِیام میں اُلٹے ہاتھ کی پُشت سے مُنہ ڈھانپ لیجئے۔ جَماہی روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دل

میں خیال کیجئے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو جماہی کبھی نہیں آتی تھی۔ ان شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فوراً رُک جائے گی (مُلَخَّصاً درمختار و ردالمحتار ج ۲ ص ۲۱۵) (۱۳) جب مُکَبِّر **حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ** کہے تو امام و مُقتدی سب کا کھڑا ہو جانا (عالمگیری ج ۱ ص ۵۷ مکتبۂ حقانیہ) (۱٤) سَجدہ زمین پر بِلا حائل ہونا۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۳۷۱)

## عُمر بِن عبدُ الْعَزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل

حُجَّۃُ الْاسلام حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی نَقل فرماتے ہیں، ”حضرتِ سیِّدُنا عُمر بن عبدُ الْعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیشہ زمین ہی پر سَجدہ کرتے یعنی سَجدے کی جگہ مُصَلّٰی وغیرہ نہ بچھاتے“۔ (اِحیاء العُلوم ج ۱ ص ۲۰٤ بیروت)

## گردآلود پیشانی کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا واثِلہ بن اَسْقَع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حُضُور

**فرمانِ مصطفےٰ** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

سراپا نور، شاہِ غَیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا فرمانِ پُرسُرور ہے، ''تم میں سے کوئی شخص جب تک نَماز سے فارِغ نہ ہو جائے اپنی پیشانی (کی مٹی) کو صاف نہ کرے کیونکہ جب تک اُسکی پیشانی پر نَماز کے سَجدے کا نشان رَہتا ہے فِرِشتے اُس کے لیے دُعائے مغفِرت کرتے رَہتے ہیں۔

(مجمعُ الزوائد ج۲ ص ۳۱۱ حدیث ۲۷۶۱ دار الفکر بیروت)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دورانِ نَماز پیشانی سے مِٹّی چُھڑانا بہتر نہیں اور مَعَاذَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **تَکَبُّر** کے طور پر چُھڑانا گناہ ہے۔ اور اگر نہ چھڑانے سے تکلیف ہوتی ہو یا خیال بٹتا ہو تو چھڑانے میں حرج نہیں۔ اگر کسی کو رِیا کاری کا خوف ہو تو اسے چاہئے کہ نَماز کے بعد پیشانی سے مِٹّی صاف کرلے۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

## ''بھائیو نماز کے مُفسدات سیکھنا فرض ہے'' کے اُنتیس حُروف کی نسبت سے نماز توڑنے والی 29 باتیں

(۱) **بات کرنا** (دُرِّ مختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ٤٤٥) (۲) **کسی کو سلام کرنا۔** (۳) **سلام کا جواب دینا** (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۳۲۲) (٤) **چھینک کا جواب دینا** (نماز میں خود کو چھینک آئے تو خاموش رہے) اگر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہہ لیا تب بھی حَرَج نہیں اور اگر اُس وقت حَمْد نہ کی تو فارِغ ہو کر کہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۹۸) (۵) **خوشخبری سُن کر جواباً اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہنا** (عالمگیری ج ۱ ص ۹۹) (٦) **بُری خبر** (یا کسی کی موت کی خبر) **سن کر** اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ **کہنا** (ایضاً) (۷) **اذان کا جواب دینا** (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۰) (۸) **اللہ عزوجل کا نام سن کر جواباً ''جَلَّ جَلَالُہٗ'' کہنا** (غنیۃ المستملی ص ٤۲۰) (۹) **سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ وَاٰلہٖ وَسلَّم کا اسمِ گرامی سن کر جواباً دُرودِ شریف پڑھنا** مثلاً صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ وَاٰلہٖ وَسلَّم کہنا (

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

عالمگیری ج ١ ص ٩٩) (اگر جل جلالہ یا صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم جواب کی نیت سے نہ کہا تو نَماز نہ ٹوٹی)

## نَماز میں رونا

(١٠) دَرد یا مُصیبت کی وجہ سے یہ الفاظ ''آہ''، ''اُوہ''، ''اُف''، ''تُف'' نکل گئے یا آواز سے رونے میں حَرف پیدا ہو گئے نَماز فاسِد ہوگئی۔ اگر رونے میں صِرف آنسو نکلے آواز و حُرُوف نہیں نکلے تو حَرج نہیں۔ (عالمگیری ج ١ ص ١٠١) اگر نَماز میں امام کے پڑھنے کی آواز پر رونے لگا اور ''ارے''، ''نَعَم''، ''ہاں'' زَبان سے جاری ہو گیا تو کوئی حَرج نہیں کہ یہ خُشُوع کے باعث ہے اور اگر امام کی خوش الحانی کے سبب یہ الفاظ کہے تو نَماز ٹُوٹ گئی۔ (درمختار، ردالمحتار ج ٢ ص ٤٥٦)

## نَماز میں کھانسنا

(١١) مریض کی زَبان سے بے اختیار آہ! اُوہ نکلا نَماز نہ ٹوٹی یوں ہی چھینک، جماہی، کھانسی، ڈکار وغیرہ میں جتنے حُرُوف مجبوراً نکلتے ہیں مُعاف ہیں۔(

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

درمختار ج۱ ص ٤١٦) (۱۲) پھونکنے میں اگر آواز نہ پیدا ہو تو وہ سانس کی مثل ہے اور نماز فاسِد نہیں ہوتی مگر قصداً پھونکنا مکروہ ہے اور اگر دو حَرف پیدا ہوں جیسے اُف، تُف تو نماز فاسِد ہوگئی۔ (غنیہ ص ٤٢٧) (۱۳) کھنکارنے میں جب دو حُروف ظاہر ہوں جیسے اَخ تو مُفسِد ہے۔ ہاں اگر عُذر یا صحیح مقصد ہو مثلاً طبیعت کا تقاضا ہو یا آواز صاف کرنے کیلئے ہو یا امام کو لقمہ دینا مقصود ہو یا کوئی آگے سے گزر رہا ہو اس کو مُتوجِّہ کرنا ہو اِن وُجوہات کی بنا پر کھانسنے میں کوئی مُضایقہ نہیں۔

(درمختار، ردالمحتار ج۲ ص ٤٥٥)

## دَورانِ نَماز دیکھ کر پڑھنا

(١٤) مُصْحَف شریف سے یا کسی کاغذ سے یا محراب وغیرہ میں لکھا ہوا دیکھ کر قرآن شریف پڑھنا (ہاں اگر یاد پر پڑھ رہے ہیں اور مُصْحَف شریف یا محراب وغیرہ پر صِرف نظر ہے تو حَرَج نہیں، اگر کسی کاغذ وغیرہ پر آیات لکھی ہیں اسے دیکھا اور سمجھا مگر پڑھا نہیں اس

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پردُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

میں بھی کوئی مُضایَقہ نہیں ) ردالمحتار ج ٢ ص ٤٦٤) (۱۵) اسلامی کتاب یا اسلامی مضمون دَورانِ نَماز جان بوجھ کر دیکھنا اور ارادتاً سمجھنا مکروہ ہے (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۱) دُنیوی مضمون ہو تو زِیادہ کراہیت ہے، لہٰذا نَماز میں اپنے قریب کتابیں یا تحریر والے پیکٹ اور شاپنگ بیگ، موبائل فون یا گھڑی وغیرہ اس طرح رکھئے کہ ان کی لکھائی پر نظر نہ پڑے یا ان پر رومال وغیرہ اُڑھا دیجئے، نیز دورانِ نَماز سُتون وغیرہ پر لگے ہوئے اسٹیکرز، اِشتہار اور فریموں وغیرہ پر نظر ڈالنے سے بھی بچئے۔

## عَمَلِ کثیر کی تعریف

(١٦) عملِ کثیر نَماز کو فاسِد کر دیتا ہے جبکہ نہ نَماز کے اعمال سے ہو نہ ہی اِصلاحِ نَماز کیلئے کیا گیا ہو۔ جس کام کے کرنے والے کو دُور سے دیکھنے سے ایسا لگے کہ یہ نَماز میں نہیں ہے بلکہ اگر گمان بھی غالب ہو کہ نَماز میں نہیں تب بھی **عملِ کثیر** ہے۔ اور اگر دُور سے دیکھنے والے کو شک و شبہ ہے کہ نَماز میں ہے یا

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قِیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

نہیں تو **عملِ قلیل** ہے اور نَماز فاسِد نہ ہوگی۔ (در مختار معه ردالمحتار ج ۲ ص ٤٦٤)

## دَورانِ نَماز لباس پہننا

(۱۷) دَورانِ نَماز کُرتہ یا پاجامہ پہننا یا تہبند باندھنا (ردالمحتار ج ۲ ص ٤٦٥) (۱۸) دَورانِ نَماز سِتر کُھل جانا اور اسی حالت میں کوئی رُکن ادا کرنا یا تین بار سُبحٰنَ اللہ کہنے کی مقدار وَقفہ گزر جانا (در مختار معه ردالمحتار ج ۲ ص ٤٦٧)

## نَماز میں کچھ نِگلنا

(۱۹) معمولی سا بھی کھانا یا پینا مَثَلاً تِل بِغیر چبائے نگل لیا۔ یا قطرہ مُنہ میں گرا اور نگل لیا (غنیة المستملی ص ٤١٨) (۲۰) نَماز شُروع کرنے سے پہلے ہی کوئی چیز دانتوں میں موجود تھی اسے نگل لیا تو اگر وہ چنے کے برابر یا اس سے زیادہ تھی تو نَماز فاسِد ہو گئی اور اگر چنے سے کم تھی تو مکروہ۔ (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ٣٤١) (۲۱) نَماز سے قبل کوئی میٹھی چیز کھائی تھی اب اس کے اَجزا

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

منہ میں باقی نہیں صِرف لُعابِ دَہَن میں کچھ اثر رہ گیا ہے اس کے نگلنے سے نَماز فاسِد نہ ہوگی (خلاصۃ الفتاوی ج ۱ ص ۱۲۷) (۲۲) منہ میں شکر وغیرہ ہو کہ گُھل کر حلْق میں پہنچتی ہے نَماز فاسِد ہوگئی (ایضا) (۲۳) دانتوں سے خون نکلا اگر تھوک غالِب ہے تو نگلنے سے فاسِد نہ ہوگی ورنہ ہوجائیگی (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۲) (غَلَبہ کی علامت یہ ہے کہ اگر حلْق میں مزہ محسوس ہوا تو نَماز فاسِد ہوگئی، نَماز توڑنے میں ذائقے کا اِعتِبار ہے اور وُضو ٹوٹنے میں رنگ کا لہٰذا وُضو اُس وقت ٹوٹتا ہے جب تھوک سُرْخ ہو جائے اور اگر تھوک زَرد ہے تو وُضو باقی ہے)

## دورانِ نماز قِبْلہ سے اِنْحِراف

(۲٤) بِلا عُذْر سینے کو سَمتِ کعبہ سے 45 دَرَجہ یا اس سے زِیادہ پھیرنا مُفسِدِ نَماز ہے، اگر عُذْر سے ہو تو مُفسِد نہیں۔ مَثَلاً حَدَث (یعنی وُضو ٹوٹ جانے) کا گُمان ہوا اور مُنہ پھیرا ہی تھا کہ گُمان کی غَلَطی ظاہِر ہوئی تو اگر مسجِد سے خارِج نہ

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

ہُوا ہو نَماز فاسِد نہ ہوگی۔ (درمختار معہ ردالمحتار ج٢ ص٤٦٨)

# نَماز میں سانپ مارنا

(٢٥) سانپ بچھو کو مارنے سے نَماز نہیں ٹوٹتی جبکہ نہ تین قدم چلنا پڑے نہ تین ضَرب کی حاجت ہو ورنہ فاسِد ہو جائے گی۔ (غنیۃ المستملی ص٤٢٣) سانپ بچھو کو مارنا اُس وقت مُباح ہے جبکہ سامنے سے گزرے اور اِیذا دینے کا خوف ہو، اگر تکلیف پہنچانے کا اندیشہ نہ ہو تو مارنا مکروہ ہے (عالمگیری ج١ ص١٠٣)

(٢٦) پے در پے تین بال اُکھیڑے یا تین جُوئیں مارِیں یا ایک ہی جُوں کو تین بار مارا نَماز جاتی رہی اور اگر پے در پے نہ ہو تو نَماز فاسِد نہ ہوئی مگر مکروہ ہے (اَیضاً)

# نَماز میں کُھجانا

(٢٧) ایک رُکن میں تین بار کُھجانے سے نَماز فاسِد ہو جاتی ہے یعنی یوں کہ کُھجا کر ہاتھ ہٹالیا پھر کُھجایا پھر ہٹالیا یہ دو بار ہوا اگر اب اسی طرح تیسری بار

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

کیا تو نَماز جاتی رہے گی۔ اگر ایک بار ہاتھ رکھ کر چند بار حَرَکت دی تو یہ ایک ہی مرتبہ کُھجانا کہا جائیگا۔ (عالمگیری ج۱ص ۱۰٤،غنیة المستملی ص٤٢٣)

# اَللّٰہُ اکبر کہنے میں غَلَطیاں

(٢٨) تکبیراتِ اِنتِقالات میں اَللّٰـہُ اکبر کے اَلِف کو دراز کیا یعنی آللہ یا آکبر کہا یا "ب" کے بعد اَلِف بڑھایا یعنی "اکبار" کہا تو نَماز فاسِد ہو گئی اور اگر تکبیرِ تَحرِیمہ میں ایسا ہوا تو نَماز شُروع ہی نہ ہوئی (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۱۷۷) اکثر مُکَبِّر (یعنی جماعت میں امام کی تکبیرات پر زور سے تکبیریں کہہ کر آواز پہنچانے والے) یہ غَلَطیاں زِیادہ کرتے ہیں اور یوں اپنی اور دوسروں کی نَمازیں غارَت کرتے ہیں۔ لٰہذا جو ان اَحکام کو اچھی طرح نہ جانتا ہو اُسے مُکَبِّر نہیں بننا چاہئے۔

(٢٩) قِراءَت یا اَذکارِ نَماز میں ایسی غَلَطی جس سے معنٰی فاسِد ہو جائیں نَماز فاسِد ہو جاتی ہے۔ (دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج۲ص٤٧٣)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

## "پکا نمازی بِلا شک جنّتُ الْفِردوس کا حقدار ھے" کے

## بتیس حُروف کی نسبت سے نماز کے 32 مَکرُوھاتِ تَحْریمه

(۱) داڑھی، بدن یا لباس کے ساتھ کھیلنا (عالمگیری ج۱ ص۱۰٤)

(۲) کپڑا سمیٹنا۔ جیسا کہ آج کل بعض لوگ سَجدے میں جاتے وقت پاجامہ وغیرہ آگے یا پیچھے سے اُٹھا لیتے ہیں (غنیة المستملی ص۳۳۷) اگر کپڑا بدن سے چِپک جائے تو ایک ہاتھ سے چُھڑانے میں حَرَج نہیں۔

## کندھوں پر چادر لٹکانا

(۳) سَدَل یعنی کپڑا لٹکانا۔ مَثَلاً سَر یا کندھے پر اِس طرح سے چادر یا رُومال وغیرہ ڈالنا کہ دُونوں کَنارے لٹکتے ہوں ہاں اگر ایک کَنارا دوسرے کندھے پر ڈال دیا اور دُوسرا لٹک رہا ہے تو حَرَج نہیں (درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص۴۸۸) (٤) آج کل بعض لوگ ایک کندھے پر اِس طرح رومال رکھتے ہیں کہ

اس کا ایک سِرا پیٹ پر لٹک رہا ہوتا ہے اور دوسرا پیٹھ پر۔ اِس طرح نَماز پڑھنا مکروہ تَحرِیمی ہے (بہارِ شریعت حصّہ ۳ ص ۱۶۵) (۵) دونوں آستینوں میں سے اگر ایک آستین بھی آدھی کلائی سے زِیادہ چڑھی ہوئی ہو تو نماز مکروہِ تَحرِیمی ہو گی۔

(دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ۴۹۰)

## طَبعی حاجت کی شدّت

(۶) پیشاب، پاخانہ یا رِیح کی شدّت ہونا۔ اگر نَماز شُروع کرنے سے پہلے ہی شدّت ہو تو وقت میں وُسْعت ہونے کی صُورت میں نَماز شُروع کرنا ہی گناہ ہے۔ ہاں اگر ایسا ہے کہ فَراغت اور وُضو کے بعد نَماز کا وقت ختم ہو جائے گا تو نَماز پڑھ لیجئے۔ اور اگر دَورانِ نَماز یہ حالت پیدا ہوئی تو اگر وقت میں گُنجائش ہو تو نماز توڑ دینا واجِب ہے اگر اسی طرح پڑھ لی تو گنہگار ہونگے۔

(ردالمحتار ج ۲ ص ۴۹۲)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# نَماز میں کنکرِیاں ہٹانا

(۷) دَورانِ نَماز کنکرِیاں ہٹانا مکروہِ تحریمی ہے (غنية المستملی ص۳۳۸)

حضرتِ سیِّدُنا جابِر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، میں نے دَورانِ نَماز کنکری چُھونے سے متعلِّق بارگاہِ رسالت میں سُوال کیا، ارشاد ہوا، ''ایک بار۔ اور اگر تُو اِس سے بچے تو سیاہ آنکھ والی سو اُونٹنیوں سے بہتر ہے۔'' (صحیح ابن خُزَیمة، حدیث ۸۹۷، ج۲، ص ۵۲، المکتب الاسلامی بیروت) ہاں اگر سنّت کے مطابِق سَجدہ ادا نہ ہوسکتا ہو تو ایک بار ہٹانے کی اجازت ہے اور اگر بِغیر ہٹائے واجِب ادا نہ ہوتا ہو تو ہٹانا واجب ہے چاہے ایک بار سے زِیادہ کی حاجت پڑے۔

# اُنگلیاں چَٹخانا

(۸) نَماز میں اُنگلیاں چٹخانا۔ (درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص۴۹۳)

خاتم المحقِقین حضرتِ علّامہ ابنِ عابِدین

**فرمانِ مصطفٰے** : (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، ابنِ ماجہ کی رِوایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا، "نماز میں اپنی اُنگلیاں نہ چٹخایا کرو۔" (سنن ابن ماجه ج ۱ ص ٥١٤ حديث ٩٦٥ دارالمعرِفة بيروت) "مُجتبٰی" کے حوالے نَقْل کیا، سلطانِ دوجہان، شَہَنشاہِ کون ومکان، رَحْمتِ عالمیان صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے "اِنتِظارِ نماز کے دَوران اُنگلیاں چَٹخانے سے مَنْع فرمایا۔" مزید ایک رِوایت میں ہے، "نماز کیلئے جاتے ہوئے اُنگلیاں چَٹخانے سے مَنْع فرمایا۔" اِن احادیثِ مبارکہ سے یہ تین اَحکام ثابِت ہوئے (الِف) نماز کے دَوران اور تَوابِعِ نماز میں مَثَلاً نماز کیلئے جاتے ہوئے، نماز کا اِنتِظار کرتے ہوئے اُنگلیاں چٹخانا **مکروہِ تحریمی** ہے (ب) خارِجِ نماز (یعنی تَوابِعِ نماز میں بھی نہ ہو) میں بِغیر حاجت کے اُنگلیاں چٹخانا **مکروہ تنزیہی** ہے (ج) خارِجِ نماز میں کسی حاجت کے سبب مَثَلاً اُنگلیوں کو آرام دینے کیلئے اُنگلیاں چٹخانا **مُباح** (یعنی بِلا کراہت جائز) ہے (درمختار معه ردالمحتار

ج۲ ص۴۰۹ طبعة ملتان) **(۹) تَشبِیک یعنی ایک ہاتھ کی اُنگلیاں دوسرے ہاتھ کی اُنگلیوں میں ڈالنا۔** (غنیة المستملی ص۳۳۸) سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا، "جو مسجِد کے ارادے سے نکلے تو تَشبِیک یعنی ایک ہاتھ کی اُنگلیاں دوسرے ہاتھ کی اُنگلیوں میں نہ ڈالے بے شک وہ نَماز (کے حکم) میں ہے (مسند امام احمد بن حنبل حدیث۱۸۱۲۶ ج ٦ ص ۳۲۰ دارالفکر بیروت) نَماز کیلئے جاتے وقت اور نَماز کے اِنتظار میں بھی یہ دونوں چیزیں مکروہِ تَحریمی ہیں۔

(مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص۳٤٦)

## کمر پر ہاتھ رکھنا

**(۱۰) کمر پر ہاتھ رکھنا** (ایضاً ۳٤۷) نَماز کے علاوہ بھی (بلاعذر) کمر پر (یعنی دونوں پہلوؤں کے وَسط میں) ہاتھ نہیں رکھنا چاہئے (درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص٤۹٤) **اللہ کے محبوب عزوجل و صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم فرماتے ہیں، "کمر پر ہاتھ**

رکھنا جہنّمیوں کی راحت ہے" (السنن الکبریٰ ج۲ ص۴۰۸ حدیث ۳۵۶۶ دارالکتب العلمیۃ بیروت) یعنی یہ یہودیوں کا فِعل ہے کہ وہ جہنّمی ہیں ورنہ جہنّمیوں کیلئے جہنّم میں کیا راحت ہے! (حاشیہ بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۱۱۵ مکتبہ اسلامیہ لاہور)

# آسمان کی طرف دیکھنا

(۱۱) نِگاہ آسمان کی طرف اُٹھانا (البحر الرائق ج۲ ص۳۸) اللہ کے محبوب عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم فرماتے ہیں، "کیا حال ہے اُن لوگوں کا جو نَماز میں آسمان کی طرف آنکھیں اُٹھاتے ہیں اِس سے باز رہیں یا اُن کی آنکھیں اُچک لی جائیں گی۔ (صحیح بخاری ج۲ ص۱۰۳) (۱۲) اِدھر اُدھر مُنہ پھیر کر دیکھنا، چاہے پورا مُنہ پھرایا تھوڑا۔ مُنہ پھیرے بِغیر صِرف آنکھیں پھرا کر اِدھر اُدھر بے ضَرورت دیکھنا مکروہِ تنزِیہی ہے اور نادِراً کسی غرضِ صحیح کے تحت ہو تو حَرَج نہیں (بہارِ شریعت، حصہ ۳ ص ۱۹۴) سرکارِ مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

گنجینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم فرماتے ہیں، ''جو بندہ نماز میں ہے اللہ عزوجل کی رَحمتِ خاصہ اُس کی طرف متوجہ رہتی ہے جب تک اِدھر اُدھر نہ دیکھے، جب اُس نے اپنا منہ پھیرا اُس کی رَحمت بھی پھر جاتی ہے''۔(ابو داؤد ج۱ ص ۳۳٤ حدیث ۹۰۹ داراحیاء التراث العربی بیروت) (۱۳) مَرد کا سجدے میں کلائیاں بچھانا۔ (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص٤۹٦)

## نمازی کی طرف دیکھنا

(١٤) کسی شَخْص کے منہ کے سامنے نَماز پڑھنا۔ دوسرے شَخْص کو بھی نَمازی کی طرف مُنہ کرنا ناجائز و گناہ ہے کوئی پہلے سے چِہرہ کئے ہوئے ہو اور اب کوئی اُس کے چہرے کی طرف رُخ کر کے نَماز شروع کرے تو نَماز شُروع کرنے والا گُنہگار ہوا اور اس نَمازی پر کراہت آئی ورنہ چِہرہ کرنے والے پر گناہ و کراہت ہے (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص٤۹٦) جو لوگ جماعت کا سلام پِھر جانے کے

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

بعد اپنے عَین پیچھے نَماز پڑھنے والے کی طَرَف چہرہ کرکے اُس کو دیکھتے ہیں یا پیچھے جانے کیلئے اُس کی طرف مُنہ کرکے کھڑے ہو جاتے ہیں کہ یہ سلام پھیرے تو نکلوں، یا نَمازی کے ٹھیک سامنے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر اِعْلان کرتے، دَرس دیتے، بیان کرتے ہیں یہ سب توبہ کریں (۱۵) نَماز میں ناک اور مُنہ چُھپانا (عالمگیری ج۱ ص۱۰۶) (۱۶) بِلاضَرورت کھنکار (یعنی بلغم وغیرہ) نکالنا (غنیۃ المستملی ص۳۳۹) (۱۷) قَصْداً جَماہی لینا (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص۳۵۴) (اگر خود بخود آئے تو حَرَج نہیں مگر روکنا مستحب ہے) اللہ کے محبوب عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم فرماتے ہیں، ''جب نَماز میں کسی کو جَماہی آئے تو جہاں تک ہو سکے روکے کہ شیطٰن منہ میں داخِل ہو جاتا ہے۔'' (صحیح مسلم ص۴۱۳) (۱۸) اُلٹا قرآنِ مجید پڑھنا (مَثَلاً پہلی رَکْعَت میں ''تَبَّت'' پڑھی اور دوسری میں ''اِذَا جَآءَ'') (۱۹) کسی واجِب کو تَرْک کرنا (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ۳۴۵) مَثَلاً ''قَومہ'' اور ''جَلسہ'' میں پیٹھ

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

سیدھی ہونے سے پہلے ہی سجدے میں چلا جانا (عالمگیری ج۱ ص۱۰۷) اِس گناہ میں مسلمانوں کی اچھی خاصی تعداد مُلَوَّث نظر آتی ہے، یاد رکھئے ! جتنی بھی نمازیں اِس طرح پڑھی ہوں گی سب کا لوٹانا واجِب ہے (۲۰) ''قِیام'' کے علاوہ کسی اور موقع پر قرآنِ مجید پڑھنا (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۳۵۱) (۲۱) قِراءَت رُکوع میں پہنچ کر ختم کرنا (ایضاً) (۲۲) امام سے پہلے مُقتدی کا رُکوع وسُجود وغیرہ میں چلا جانا یا اِس سے پہلے سر اُٹھانا۔ (ردالمحتار ج۲ ص۵۱۳) حضرتِ سیِّدُنا امام مالِک رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم فرمایا، جو امام سے پہلے سر اُٹھاتا اور جھکا تا ہے اُس کی پیشانی کے بال شیطان کے ہاتھ میں ہیں (مُؤطّا امام مالک حدیث ۲۱۲ ج۱ ص ۱۰۲ دار المعرفۃ بیروت) حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، اللہ کے محبوب عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

فرماتے ہیں، ''کیا جو شَخْص امام سے پہلے سَر اُٹھاتا ہے اِس سے ڈرتا نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کا سر کردے۔ (صحیح مسلم، ج ۱، ص ۱۸۱)

## گدھے جیسا مُنہ

**حضرت** سیِّدُنا امام نَوَوِی علیہ رَحْمۃُ اللہِ الْقَوِی حدیث لینے کیلئے ایک بڑے مَشہور شَخْص کے پاس دِمشق گئے۔ وہ پردہ ڈال کر پڑھاتے تھے، مدّتوں تک اُن کے پاس بہُت کچھ پڑھا مگر اُن کا مُنہ نہ دیکھا، جب زمانہ دراز گُزرا اور اُن مُحدِّث صاحِب نے دیکھا کہ اِن کو (یعنی امام نَوَوی) کو عِلْمِ حدیث کی بہُت خواہش ہے تو ایک روز پردہ ہٹا دیا! دیکھتے کیا ہیں کہ اُن کا **گدھے جیسا مُنہ** ہے!! اُنہوں نے فرمایا، صاحبزادے! دَورانِ جماعت امام پر سَبقَت کرنے سے ڈرو کہ یہ حدیث جب مجھ کو پہنچی میں نے اسے **مُستَبعَد** (یعنی بعض راویوں کی عدَمِ صحّت کے باعِث دُور اَز قیاس) جانا اور میں نے امام پر قَصْداً سَبقَت کی تو میرا مُنہ ایسا ہو گیا جیسا

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

تم دیکھ رہے ہو۔ (بہارِ شریعت حصّہ ۳ ص ۹۵ مدینۃالمرشد بریلی شریف)

(۲۳) دوسرا کپڑا ہونے کے باوُجود صِرْف پاجامہ یا تہبند میں نَماز پڑھنا (۲٤) کسی آنے والے شَناسا کی خاطِر (یعنی آؤ بھگت کیلئے) امام کا نَماز کو طُول دینا (عالمگیری ج۱ ص۱۰۷) اگراس کی نَماز پر اِعانت (مدد) کے لئے ایک دو تسبیح کی قدر طُول دیا تو حَرَج نہیں (ایضا) (۲۵) زمینِ مَغْصُوبَہ (یعنی ایسی زمین جس پر ناجائز قَبضہ کیا ہو) یا (۲٦) پَرایا کھیت جس میں زَراعت موجود ہے (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص۲۵۸، درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص۵۲) یا (۲۷) جُتے ہوئے کھیت میں (اَیضاً) یا (۲۸) قَبر کے سامنے جبکہ قبر اور نَمازی کے بیچ میں کوئی چیز حائل نہ ہو نَماز پڑھنا (عالمگیری ج۱ ص۱۰۷) (۲۹) کُفّار کے عبادت خانوں میں نَماز پڑھنا بلکہ ان میں جانا بھی ممنوع ہے (ردالمحتار ج۲ ص۵۳)

(۳۰) کُرتے وغیرہ کے بٹن کُھلے ہونا جس سے سینہ کُھلا رہے مکروہِ تَحریمی ہے

ہاں اگر نیچے کوئی اور کپڑا ہے جس سے سینہ نہیں کُھلا تو مکروہِ تنزیہی ہے۔

## نَماز اور تصاویر

(۳۱) جاندار کی تَصویر والا لباس پہن کر نَماز پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے نَماز کے علاوہ بھی ایسا کپڑا پہننا جائز نہیں (دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص ۵۰۲) (۳۲) نَمازی کے سر پر یعنی چھت پر یا سَجدے کی جگہ پر یا آگے یا دائیں یا بائیں جاندار کی تصویر آویزاں ہونا مکروہِ تَحریمی ہے اور پیچھے ہونا بھی مکروہ ہے مگر گُزَشتہ صُورتوں سے کم۔ اگر تصویر فَرْش پر ہے اور اس پر سَجدہ نہیں ہوتا تو کَراہت نہیں۔ اگر تصویر غیر جاندار کی ہے جیسے دریا پہاڑ وغیرہ تو اس میں کوئی مُضایَقہ نہیں۔ اِتنی چھوٹی تصویر ہو جسے زمین پر رکھ کر کھڑے ہو کر دیکھیں تو اَعْضاء کی تفصیل نہ دکھائی دے (جیسا کے عُمُوماً طوافِ کعبہ کے منظر کی تصویریں بُہت چھوٹی ہوتی ہیں یہ تصاویر) نَماز کیلئے باعثِ کراہت

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قِیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

نہیں ہیں (غنیۃ المستملی ص ۳۴۷، درمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ۵۰۲) ہاں طواف کی بھیڑ میں ایک بھی چہرہ واضح ہو گیا تو مُمانعت باقی رہے گی۔ چہرہ کے علاوہ مَثَلاً ہاتھ، پاؤں، پیٹھ، چہرے کا پچھلا حصّہ یا ایسا چہرہ جس کی آنکھیں، ناک، ہونٹ وغیرہ سب اَعْضاء مِٹے ہوئے ہوں ایسی تصاویر میں کوئی حَرَج نہیں۔

"یاربّ! تیری پسند کی نماز پڑھنے کی سعادت ملے"

## کے تینتیس حُرُوف کی نسبت سے نَماز کے 33 مکروہاتِ تنزِیْہِہ

(۱) دوسرے کپڑے مُیَسَّر ہونے کے باوُجُود کام کاج کے لباس میں نَماز پڑھنا۔ (غنیۃ المستملی ص ۳۳۷) منہ میں کوئی چیز لئے ہوئے ہونا۔ اگر اس کی وجہ سے قِراءَت ہی نہ ہو سکے یا ایسے اَلْفاظ نکلیں کہ جو قرآن پاک کے نہ ہوں تو نَماز ہی فاسِد ہو جائے گی (درمختار، ردالمحتار) (۲) سُستی سے ننگے سر نَماز پڑھنا (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۶) نَماز میں ٹوپی یا عِمامہ شریف گر پڑا تو اُٹھا لینا افضل ہے

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

جبکہ عملِ کثیر کی حاجت نہ پڑے ورنہ نَماز فاسِد ہو جائے گی ۔اور بار بار اٹھانا پڑے تو چھوڑ دیں اور نہ اٹھانے سے خُشُوع وخُضُوع مقصود ہو تو نہ اُٹھانا افضل ہے۔ (درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص ٤٩١) اگر کوئی ننگے سر نَماز پڑھ رہا ہو یا اُس کی ٹوپی گر پڑی ہو تو اُس کو دوسرا شَخص ٹوپی نہ پہنائے (۳) رُکوع یاسَجدہ میں بلاضَرورت تین بار سے کم تسبیح کہنا (اگر وَقت تنگ ہو یا ٹرین چل پڑنے کے خوف سے ہو تو حرج نہیں۔ اگر مقتدی تین تسبیحات نہ کہنے پایا تھا کہ امام نے سر اٹھالیا تو امام کا ساتھ دے) (٤) نَماز میں پیشانی سے خاک یا گھاس چُھڑانا۔ہاں اگر ان کی وجہ سے نَماز میں دھیان بٹتا ہو تو چُھڑانے میں حَرَج نہیں (عالمگیری ج۱ ص ۱۰٦) (۵) سَجدہ وغیرہ میں اُنگلیاں قبلہ سے پھیر دینا (فتاویٰ قاضی خان معه عالمگیری ج۱ ص ۱۱۹) (٦) مرد کا سجدہ میں ران کو پیٹ سے چِپکا دینا (عالمگیری ج۱ ص ۱۰۹) (۷) نَماز میں ہاتھ یا سر کے اشارے سے سلام کا جواب دینا (درمختار معه ردالمحتار ج۲ ص ٤٩٧) زَبان

سے جواب دینا مُفسِدِ نَماز ہے (مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ٣٢٢ قدیمی کتب خانه) (٨) نَماز میں بلاعُذر چارزانو یعنی چوکڑی مار کر بیٹھنا (غنیه المستملی ص ٣٣٩) (٩) انگڑائی لینا اور (١٠) اِرادَتاً کھانسنا' کھنکارنا (غنیه المستملی ص ٣٤٠) اگر طبیعت چاہتی ہو تو حَرَج نہیں (١١) سَجدے میں جاتے ہوئے گھٹنے سے پہلے بلاعُذر ہاتھ زمین پر رکھنا (عالمگیری ج ١ ص ١٠٧) (١٢) اُٹھتے وقت بلاعُذر ہاتھ سے قبل گھٹنے زمین سے اُٹھانا (غنیه المستملی ص ٣٣٥) (١٣) رُکوع میں سر کو پیٹھ سے اُونچا نیچا کرنا (غنیه المستملی ص ٣٣٨) (١٤) نَماز میں ثنا' تَعَوُّذ' تَسْمِیَہ اور اٰمین زور سے کہنا (عالمگیری ج ١ ص ١٠٧) ۔ (١٥) بِغیر عُذر دیوار وغیرہ پر ٹیک لگانا (ایضاً) (١٦) رُکوع میں گھٹنوں پر اور (١٧) سَجدوں میں زمین پر ہاتھ نہ رکھنا (١٨) دائیں بائیں جُھومنا ۔ اور تَراوُح یعنی کبھی دائیں پاؤں پر اور کبھی بائیں پاؤں پر زور دینا یہ سنّت ہے (بہارِ شریعت حصّہ ٣ ص ٢٠٢) اور سَجدے کیلئے جاتے ہوئے سیدھی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

طرف زور دینا اور اُٹھتے وقت اُلٹی طرف زور دینا مُستحب ہے۔ (ایضاً ص ۱۰۱) (۱۹) نَماز میں آنکھیں بند رکھنا۔ ہاں اگر خُشُوع آتا ہو تو آنکھیں بند رکھنا افضل ہے (درمختار، ردالمحتار ج ۲ ص ۴۹۹) (۲۰) جلتی آگ کے سامنے نَماز پڑھنا۔ شَمع یا چَراغ سامنے ہو تو حَرَج نہیں (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۸) (۲۱) ایسی چیز کے سامنے نَماز پڑھنا جس سے دِھیان بٹے مَثَلاً زِینت اور لَہو ولَعِب وغیرہ (ردلمحتار ج ۱ ص ۴۳۹) (۲۲) نَماز کیلئے دَوڑنا (۲۳) عام راستہ (۲۴) کُوڑا ڈالنے کی جگہ (۲۵) مَذْبَح یعنی جہاں جانور ذَبْح کئے جاتے ہوں وہاں (۲۶) اِصْطَبْل یعنی گھوڑے باندھنے کی جگہ، (۲۷) غُسل خانہ، (۲۸) مَوَیشی خانہ خُصُوصاً جہاں اُونٹ باندھے جاتے ہوں، (۲۹) اِستِنجا خانہ کی چھت اور (۳۰) صَحرا میں بلا سُترہ کے جبکہ آگے سے لوگوں کے گزرنے کا اِمکان ہو۔ ان جگہوں پر نَماز پڑھنا (غنیۃ المستملی ص ۳۳۹) (۳۱) بِغیر عُذر ہاتھ سے مَکّھی مچّھر اُڑانا (فتاویٰ قاضی خان معہ عالمگیری

ج ۱ ص ۱۱۸) (نماز میں جُوں یا مچھّر ایذا دیتے ہوں تو پکڑ کر مار ڈالنے میں کوئی حَرَج نہیں جبکہ عملِ کثیر سے نہ ہو۔ (بہارِ شریعت) **(۳۲)** ہر وہ عملِ قلیل جو نَمازی کیلئے مُفید ہو جائز ہے اور جو مُفید نہ ہو وہ مکرُوہ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۰۹) **(۳۳)** اُلٹا کپڑا پہننا یا اوڑھنا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۷ ص ۳۵۸ تا ۳۶۰۔ فتاوٰی اھلسنّت غیر مطبوعہ)

## ہاف آستین میں نَماز پڑھنا کیسا؟

**آدھی** آستین والا کُرتا یا قَمیص پہن کر نَماز پڑھنا مکروہِ تنزیہی ہے جبکہ اُس کے پاس دوسرے کپڑے موجود ہوں۔ حضرت صَدْرُ الشَّرِیْعَہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں: ''جس کے پاس کپڑے موجود ہوں اور صِرْف نیم آستین (یعنی آدھی آستین) یا بنیان پہن کر نَماز پڑھتا ہے تو کراہتِ تنزیہی ہے اور کپڑے موجود نہیں تو کراہت بھی نہیں'' (فتاوٰی امجدیہ حصہ ۱ ص ۱۹۳ مکتبۂ رضویہ باب المدینہ کراچی) مفتیِ اعظم پاکستان حضرت قبلہ مفتی وقارُ الدین قادِری رضوی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں، ہاف آستین والا کُرتا، قَمیص یا شَرٹ کام کاج کرنے

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

والے لباس میں شامل ہیں (کہ کام کاج والا لباس پہن کر انسان مُعَزَّزین کے سامنے جاتے ہوئے کتراتا ہے) اِس لئے جو ہاف آستین والا کُرتا پہن کر دوسرے لوگوں کے سامنے جانا گوارا نہیں کرتے، ان کی نَماز مکروہِ تنزیہی ہے اور جو لوگ ایسا لباس پہن کر سب کے سامنے جانے میں کوئی بُرائی محسوس نہیں کرتے، ان کی نَماز مکروہ نہیں۔ (وقار الفتاوٰی ج۲ ص۲۴۶)

## ظُہر کے آخِری دو نفل کے بھی کیا کہنے

**ظُہر** کے بعد چار رَکعت پڑھنا مستحَب ہے کہ حدیثِ پاک میں فرمایا جس نے ظُہر سے پہلے چار اور بعد میں چار پر مُحافَظت کی اللہ تعالیٰ اُس پر آگ حرام فرمادے گا۔ (سنن نسائی حدیث ۱۸۱۷ ص ۲۲۰۷ دارالجیل بیروت) علّامہ سیِّد طحطاوی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں کہ سرے سے آگ میں داخِل ہی نہ ہوگا اور اُس کے گناہ مٹادیئے جائیں گے اور اس پر (بندوں کی حق تلفیوں کے) جو مُطالبات ہیں اللہ تعالیٰ

اُس کے فریق کو راضی کردے گا یا یہ مطلب ہے کہ ایسے کاموں کی توفیق دے گا جن پر سزا نہ ہو۔ اور علّامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اُس کیلئے بِشارت یہ ہے کہ سعادت پر اُس کا خاتمہ ہوگا اور دوزخ میں نہ جائے گا۔ (شامی ج ۲ ص ٤٥٢)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** الحمد للہ عزوجل جہاں ظُہر کی دَس رَکعت نَماز پڑھ لیتے ہیں وہاں آخر میں مزید ۲ دو رَکعت نَفل پڑھ کر بارھویں شریف کی نسبت سے ۱۲ رَکعت کرنے میں دیر ہی کتنی لگتی ہے! اِستِقامت کی ساتھ ۲ دو نَفل پڑھنے کی نیّت فرمالیجئے۔ صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# اِمامت کا بیان

مردِ غیرِ مَعذور کے امام کے لئے ۶ چھ شَرطیں ہیں:۔

(۱) صحیحُ الْعقیدہ مسلمان ہونا (۲) بالِغ ہونا (۳) عاقِل ہونا (٤) مَرد ہونا (٥) قِراءَت صحیح ہونا (٦) معذور نہ ہونا۔ (درمختار مع ردالمحتار ج ۲ ص ۲۸٤)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم وعلیہم السلام

# ''یا امامَ الاُنبیا'' کے تیرہ حُروف کی نسبت سے اِقْتِداء کی 13 شرائط

(۱) نیّت (۲) اِقتِداء اور اِس نیّتِ اِقتِداء کا تَحْریمہ کے ساتھ ہونا یا تکبیرِ تحریمہ سے پہلے ہونا بشرطیکہ پہلے ہونے کی صورت میں کوئی اَجنَبی کام نیّت و تَحریمہ میں جُدائی کرنے والا نہ ہو (۳) امام و مُقتدی دونوں کا ایک مکان میں ہونا (٤) دونوں کی نَماز ایک ہو یا امام کی نَماز، نَمازِ مُقتدی کو اپنے ضِمن میں لیے ہو (۵) امام کی نَماز کا مذہبِ مُقتدی پر صحیح ہونا اور (٦) امام و مُقتدی دونوں کا اسے صحیح سمجھنا (۷) شَرائط کی موجودَگی میں عورت کا مُحاذی (برابر) نہ ہونا (۸) مُقتدی کا امام سے مُقدَّم (یعنی آگے) نہ ہونا (۹) امام کے انتِقالات کا عِلْم ہونا (۱۰) امام کا مُقیم یا مسافِر ہونا معلوم ہو (۱۱) اَرکان کی ادائیگی میں شریک ہونا (۱۲) اَرکان کی ادائیگی میں مُقتدی امام کے مِثل ہو یا کم (۱۳) یُونہی شرائط میں مُقتدی کا امام

سے زائد نہ ہونا۔ (ردالمحتار ج۲ ص۲۸٤ تا ۲۸٥)

## اِقامت کے بعد امام صاحِب اعلان کریں:

**اپنی** اَیڑیاں، گردنیں اور کندھے ایک سیدھ میں کر کے صَف سیدھی کر لیجئے۔ دُو آدمیوں کے بیچ میں جگہ چھوڑنا گناہ ہے، کندھے سے کندھا مَس یعنی ٹچ کیا ہوا رکھنا واجِب، صَف سیدھی رکھنا واجِب اور جب تک اگلی صَف کونے تک پوری نہ ہو جائے جان بوجھ کر پیچھے نَماز شروع کر دینا ترکِ واجِب، حرام اور گناہ ہے۔ **15** سال سے چھوٹے نابالغ بچّوں کو صفوں میں کھڑا نہ رکھئے، انہیں کونے میں بھی نہ بھیجئے چھوٹے بچّوں کی صَف سب سے آخِر میں بنائیے۔

(تفصیلی معلومات کیلئے دیکھئے: فتاویٰ رضویہ ج ۷ ص ۲۱۹ تا ۲۲۵ رضا فاؤنڈیشن لاھور)

# جماعت کا بیان

**عاقِل**، بالغ، آزاد اور قادِر پر مسجِد کی جماعتِ اُولیٰ واجِب ہے بِلاعُذر

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

ایک بار بھی چھوڑنے والا گنہگار اور مستحقِ سزا ہے اور کئی بار ترک کرے تو فاسِق مَردُودُ الشَّھادَۃ (یعنی اُس کی گواہی قابلِ قبول نہیں) اور اس کو سخت سزا دی جائے گی اگر پڑوسیوں نے سکوت کیا (یعنی خاموشی اختیار کی) تو وہ بھی گنہگار ہوئے (درمختار و ردالمحتار ج ۲ ص ۲۸۷) بعض فُقَہائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "جو شخص اذان سن کر گھر میں اِقامت کا انتِظار کرتا ہے تو وہ گنہگار ہوگا اور اُس کی شہادت (یعنی گواہی قبول نہیں)" (البحر الرائق ج ۱ ص ۶۰۴،۴۵۱)

## "یا رسولَ اللہ مدینے بلالو" کے بیس حُروف کی نسبت سے ترکِ جماعت کے 20 اَعذار

عزوجل و صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

(۱) مریض، جسے مسجِد تک جانے میں مشقّت ہو (۲) اَپاہج (۳) جس کا پاؤں کٹ گیا ہو (۴) جس پر فالِج گرا ہو (۵) اتنا بوڑھا کہ مسجِد تک جانے سے عاجِز ہو (۶) اندھا اگرچہ اندھے کے لئے کوئی ایسا ہو جو ہاتھ پکڑ کر مسجِد تک پہنچا

دے (۷) سخت بارِش اور (۸) شدید کیچڑ کا حائل ہونا (۹) سخت سردی (۱۰) سخت اندھیرا (۱۱) آندھی (۱۲) مال یا کھانے کے ضائع ہونے کا اندیشہ (۱۳) قَرض خواہ کا خوف ہے اور یہ تنگ دست ہے (۱٤) ظالم کا خوف (۱۵) پاخانہ (۱٦) پیشاب یا (۱۷) رِیح کی حاجتِ شدید ہے (۱۸) کھانا حاضِر ہے اور نفس کو اس کی خواہش ہے (۱۹) قافِلہ چلے جانے کا اَندیشہ ہے (۲۰) مریض کی تیمارداری کہ جماعت کے لئے جانے سے اِس کو تکلیف ہوگی اور گھبرائے گا۔ یہ سب ترکِ جماعت کے لئے عُذر ہیں۔ (درمختار مع ردالمحتار ج ۲ ص ۲۹۲ تا ۲۹۳)

## کُفر پر خاتِمے کا خوف

**اِفطار** پارٹیوں، دعوتوں، نیازوں اور نعت خوانیوں وغیرہ کی وجہ سے فرض نَمازوں کی مسجِد کی جماعتِ اُولیٰ (یعنی پہلی جماعت) تُرک کرنے کی ہرگز

اجازت نہیں، یہاں تک کہ جو لوگ گھر یا ہال یا بنگلہ کے کمپاؤنڈ وغیرہ میں تَراویح کی جماعت قائم کرتے ہیں اور قریب مسجِد موجود ہے تو اُن پر واجِب ہے کہ پہلے فَرْض رَکْعتیں جماعتِ اُولیٰ کیساتھ مسجِد میں ادا کریں۔ جو لوگ بلاعُذرِ شَرْعی باوُجُودِ قدرت فَرْض نَماز مسجِد میں جماعتِ اُولیٰ کے ساتھ ادا نہیں کرتے اُن کو ڈر جانا چاہئے کہ سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ، فَیض گنجینہ، صاحِبِ مُعطّر پسینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے، "جس کو یہ پسند ہو کہ کل اللہ تعالیٰ سے مسلمان ہو کر ملے تو وہ ان پانچ نَمازوں (کی جماعت) پر وَہاں پابندی کرے جہاں اذان دی جاتی ہے کیوں کہ اللہ عزّوجل نے تمہارے نبی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے لئے سُنَنِ ھُدیٰ مَشْرُوع کیں اور یہ (باجماعت) نَمازیں بھی سُنَنِ ھُدیٰ سے ہیں اور اگر تم اپنے نبی کی سنّت چھوڑ دو گے تو گمراہ ہو جاؤ گے۔" (مسلم شریف ج ۱

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود ِپاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہوگیا۔

ص ۲۳۲) اِس حدیثِ مبارَک سے اِشارہ ملتا ہے کہ جماعتِ اُولیٰ کی پابندی کرنے والے کا خاتِمہ بالخَیر ہوگا اور جو بلا شَرْعی مجبوری کے مسجِد کی جماعتِ اُولیٰ تَرک کرتا ہے اُسکے لئے مَعَاذَ اللّٰه عزوجل کُفْر پر خاتِمے کا خوف ہے۔ جولوگ خوامخواہ سُستی کی وجہ سے پوری جماعت حاصِل نہیں کرتے وہ توجُّہ فرمائیں کہ میرے آقا اعلیٰحضرت، امامِ اَہلسنّت مولٰینا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ''بحرُ الرَّائِق'' میں ہے، قنیہ میں ہے، اگر اذان سُن کر دُخولِ مسجِد (یعنی مسجِد میں داخِل ہونے کیلئے) اِقامت کا اِنتِظار کرتا رہا تو گنہگار ہوگا۔'' (فتاوٰی رضویہ ج ۷ ص ۱۰۲، البحر الرائق ج ۱ ص ۶۰۴) فتاوٰی رضویہ شریف کے اُسی صَفْحہ پر ہے، ''جو شَخْص اذان سُن کر گھر میں اقامت کا انتِظار کرتا ہے اُس کی شہادت یعنی گواہی قَبول نہیں۔'' (البحر الرائق ج ۱ ص ۴۵۱) **میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جو اِقامت

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالٰی اُس پر دس رَحمتیں بھیجتا ہے۔

تک مسجِد میں نہیں آجاتا بعض فُقَہائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی کے نزدیک وہ گنہگار اور مردودُ الشَّھادت یعنی گواہی کیلئے نالائق ہے تو جو بلا عُذر گھر میں جماعت قائم کرتا یا بغیر جماعت نَماز پڑھتا یا مَعاذ اللہ عزوجل نَماز ہی نہیں پڑھتا اُس کا کیا حال ہوگا!

**یاربِّ مصطفٰے**! عزوجل وصلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم ہمیں پانچوں نَمازیں مسجِد کی جماعتِ اُولٰی میں پہلی صَف کے اندر تکبیرِ اُولٰی کے ساتھ ادا کرنے کی ہمیشہ سعادت نصیب فرما۔ اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم

میں پانچوں نَمازیں پڑھوں باجماعت
ہو توفیق ایسی عطا یا الٰہی عزوجل

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# ''یارسولِ پاک'' کے نوحروف کی نسبت سے نَمازِ وِتر کے 9 مَدَنی پھول

(۱) نمازِ وِتْر واجِب ہے (البحر الرائق ج۲ ص٦٦) (۲) اگر یہ چُھوٹ جائے تو اس کی قضا لازِم ہے (درمختار ' ردالمحتار ج۲ ص ٥٣٢) (۳) وِتْر کا وقت عشاء کے فرضوں کے بعد سے صبحِ صادِق تک ہے (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ١٧٨) (٤) جو سوکر اُٹھنے پر قادِر ہو اُس کیلئے افضل ہے کہ پچھلی رات میں اُٹھ کر پہلے تَہَجُّد ادا کرے پھر وِتْر (غنیۃ المستملی ص ٤٠٣) (۵) اِس کی تین رَکْعَتیں ہیں (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ٣٧٥) (٦) اِس میں قَعدۂ اُولیٰ واجِب ہے، صِرْف تَشَہُّد پڑھ کر کھڑے ہو جایئے (۷) تیسری رَکْعَت میں قِراءَت کے بعد تکبیرِ قُنوت کہنا واجِب ہے (درمختار مع ردالمحتار ج۲ ص ٥٣٣) (۸) جس طرح تکبیرِ تحریمہ کہتے ہیں اِسی طرح پہلے ہاتھ کانوں تک اُٹھایئے پھر اَللّٰہُ اَکبر کہیے (حاشیۃ الطحطاوی ص ٣٧٦) (۹) پھر ہاتھ باندھ کر دُعائے قُنوت پڑھیے۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

# دُعائے قُنُوت

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ | اے اللہ عزوجل ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے |
| وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ | بَخشِش مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور |
| وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ | تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہُت اچّھی |
| الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ | تعریف کرتے ہیں اور تیرا شُکر کرتے ہیں اور |
| وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ؕ | تیری ناشُکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور |
| اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ | چھوڑتے ہیں اُس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے |
| نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی | اے اللہ عزوجل ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور |
| وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ | تیرے ہی لئے نَماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور |
| وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ | تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کیلئے حاضر |
| عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ؕ | ہوتے ہیں اور تیری رَحمت کے اُمّیدوار ہیں اور |
| | تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب |
| | کافروں کو ملنے والا ہے۔ |

(۱۰) دعائے قُنوت کے بعد دُرُود شریف پڑھنا بہتر ہے (غنیة المستملی ص ۴۰۲)

(۱۱) جو دُعائے قُنوت نہ پڑھ سکیں وہ یہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اے اللہ! اے ہمارے مالک! تو ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

یا یہ پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ اے اللہ میری مغفرت فرمادے۔

(مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ۳۸۵)

(۱۲) اگر دُعائے قُنوت پڑھنا بھول گئے اور رُکوع میں چلے گئے تو واپس نہ لوٹئے بلکہ سجدۂ سہو کر لیجئے (عالمگیری ج۱ ص ۱۱۰) (۱۳) وِتر جماعت سے پڑھی جا رہی ہو (جیسا کہ رَمَضانُ الْمُبارَک میں پڑھتے ہیں) اور مُقتدی قُنوت سے فارِغ نہ ہوا تھا کہ امام رُکوع میں چلا گیا تو مُقتدی بھی رُکوع میں چلا جائے۔

(عالمگیری ج۱ ص ۱۱۰، تبیین الحقائق ج۱ ص ۱۷۱ ملتان)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# سَجْدَۂ سَھْو کا بیان

(۱) واجِباتِ نَماز میں سے اگر کوئی واجِب بُھولے سے رَہ جائے یا فرائض و واجِباتِ نَماز میں بُھولے سے تاخِیر ہو جائے تو سَجدۂ سَہْو واجِب ہے (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۲ ص ۶۵۵) (۲) اگر سَجدۂ سَہْو واجِب ہونے کے باوُجُود نہ کیا تو نَماز لوٹانا واجِب ہے (اَیضاً) (۳) جان بوجھ کر واجِب تَرک کیا تو سَجدۂ سَہْو کافی نہیں بلکہ نَماز دوبارہ لوٹانا واجِب ہے۔ (اَیضاً) (٤) کوئی ایسا واجِب تَرک ہوا جو واجِباتِ نَماز سے نہیں بلکہ اس کا وُجُوب اَمرِ خارِج سے ہو تو سجدۂ سَہْو واجِب نہیں مَثَلاً خلافِ تَرتیب قرآنِ پاک پڑھنا تَرکِ واجِب (اور گناہ) ہے مگر اس کا تعلُّق واجِباتِ نَماز سے نہیں بلکہ واجِباتِ تِلاوَت سے ہے لٰہذا سَجدۂ سَہْو نہیں (البتّہ اس سے توبہ کرے) (اَیضاً)۔ (۵) فَرض تَرک ہو جانے سے نَماز جاتی رَہتی ہے سجدۂ سَہْو سے اِس کی تَلافی نہیں ہو سکتی لٰہذا دوبارہ پڑھے (٦) سُنَّتیں یا مُستَحَبّات

مَثَلاً ثنا، تعوُّذ، تَسمِیہ آمین، تکبیراتِ اِنتِقالات اور تَسبیحات کے ترک سے سجدۂ سَہْو واجِب نہیں ہوتا، نَماز ہوگئی (فتح القدیر ج ۱ ص ۴۳۸) مگر دوبارہ پڑھ لینا مُستَحَب ہے بُھول کر ترک کیا ہو یا جان بوجھ کر (۷) نَماز میں اگرچہ دَس واجِب ترک ہوئے ، سَہْو کے دو ہی سَجدے سب کیلئے کافی ہیں (رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۶۵۵) (۸) تَعدِیلِ اَرکان (مَثَلاً رُکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا یا دو سَجدوں کے درمیان ایک بار سُبحٰن اللہ کہنے کی مِقدار سیدھا بیٹھنا) بھول گئے سجدۂ سَہْو واجِب ہے (عالمگیری ج ۱ ص ۱۲۷) (۹) قُنوت یا تکبیرِ قُنوت بھول گئے سجدۂ سَہْو واجِب ہے (عالمگیری ج ۱ ص ۱۲۸) (۱۰) قِراءَت وغیرہ کسی موقع پر سوچنے میں تین مرتبہ "سُبْحٰنَ اللہ" کہنے کا وَقفہ گزر گیا سجدۂ سَہْو واجِب ہوگیا (رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۶۵۵) (۱۱) سَجدۂ سَہْو کے بعد بھی اَلتَّحِیَّات (اَتْ ۔ تَ ۔ حِی ۔ یَات) پڑھنا واجِب ہے۔ اَلتَّحِیَّات پڑھ کر سلام پھیریئے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں قَعدوں (یعنی سَجدۂ سَہْو سے پہلے اور بعد) میں دُرُود

شریف بھی پڑھے (عالمگیری ج ۱ ص ۱۲۵) **(۱۲)** اِمام سے سَہْو ہوا اور سَجدۂ سَہْو کیا تو مُقتدی پر بھی سَجدہ واجِب ہے ((دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۶۵۸) **(۱۳)** اگر مُقتدی سے بحالتِ اِقتِدا سَہْو واقِع ہوا تو سَجدۂ سَہْو واجِب نہیں (عالمگیری ج ۱ ص ۱۲۸) اور نَماز لوٹانے کی بھی حاجت نہیں۔

# نِہایت اَہَم مسئلہ

**کثیر** اسلامی بھائی ناواقِفیّت کی بِنا پر اپنی نَماز ضائع کر بیٹھتے ہیں لِھٰذا یہ مسئلہ خوب توجُّہ سے پڑھئے **(۱۴) مَسبُوق** (یعنی جو ایک یا کئی رَکعتیں فَوت ہونے کے بعد نَماز میں شامِل ہوا) **کو امام کے ساتھ سلام پھیرنا جائز نہیں اگر قَصْداً پھیریگا تو نَماز جاتی رہے گی اور اگر بھول کر امام کے ساتھ بِلا وَقفہ فوراً سلام پھیرا تو حَرَج نہیں لیکن یہ نادِر صورت ہے** (یعنی ایسا بَہُت ہی کم ہوتا ہے) **اور اگر بھول کر سلام امام کے کچھ بھی بعد پھیرا تو کھڑا ہو**

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

جائے اپنی نماز پوری کر کے سَجدۂ سَہْو کرے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج ۲ ص ۶۵۹) (۱۵) مَسبُوق امام کے ساتھ سَجدۂ سَہْو کرے اگرچِہ اس کے شریک ہونے سے پہلے ہی امام کو سَہْو ہوا ہو اور اگر امام کے ساتھ سَجدۂ سَہْو نہ کیا اور اپنی بَقِیّہ پڑھنے کھڑا ہوگیا تو آخِر میں سَجدۂ سَہْو کرے اور اس مَسبُوق سے اپنی نماز میں بھی سَہْو ہوا تو آخِر کے یِہی سَجدے اس امام والے سَہْو کیلئے بھی کافی ہیں۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۲۸) (۱۶) قعدۂ اُولیٰ میں تَشَہُّد کے بعد اتنا پڑھا "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ" تو سَجدۂ سَہْو واجِب ہے اس کی وجہ یہ نہیں کہ دُرُود شریف پڑھا بلکہ اِس کی وجہ یہ ہے کہ تیسری رَکعت کے قِیام میں تاخیر ہوئی۔ لٰہٰذا اگر اتنی دیر تک خاموش رہا جب بھی سجدۂ سَہْو واجِب ہے۔

## حکایت

حضرت سیِّدُنا امامِ اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں سرکارِ مدینہ،

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللہُ تعَالٰی علیہ وَالہٖ وَسلَّم کا دیدار ہوا سرکارِ نامدار صَلَّی اللہُ تعَالٰی علیہ وَالہٖ وَسلَّم نے اِسْتِفسار فرمایا' دُرُود شریف پڑھنے والے پر تم نے سَجدہ کیوں واجِب بتایا؟ عُرض کی، اِس لئے کہ اِس نے بھول کر (یعنی غفلت سے) پڑھا۔ سرکارِ عالی وقار صَلَّی اللہُ تعَالٰی علیہ وَالہٖ وَسلَّم نے یہ جواب پسند فرمایا۔

(دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۵۷)

(۱۷) کسی قعدہ میں تَشَہُّد سے کچھ رَہ گیا تو سَجدۂ سَہْو واجِب ہے نَماز نَفْل ہو یا فَرض۔ (عالمگیری ج۱ ص۱۲۷)

# سَجدۂ سَہْو کا طریقہ

اَلتَّحِیَّاتُ پڑھ کر بلکہ اَفضل یہ ہے کہ دُرُود شریف بھی پڑھ لیجئے، سیدھی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کیجئے پھر تَشَہُّد، دُرُود شریف اور دُعا پڑھ کر سلام پھیر دیجئے۔ (فتاویٰ قاضی خان معہ عالمگیری ج۱ ص۱۲۱)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

## سجدۂ سہو کرنا بھول جائے تو۔۔۔

سَجدۂ سَہْو کرنا تھا اور بھول کر سلام پھیرا تو جب تک مسجِد سے باہَر نہ ہوا کرلے (دُرِّمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ۵۵۶) میدان میں ہو تو جب تک صَفوں سے مُتَجاوِز نہ ہو یا آگے کو سجدہ کی جگہ سے نہ گزرا کر لے جو چیز مانِعِ بِنا ہے مَثَلاً کلام وغیرہ مُنافیٔ نَماز اگر سلام کے بعد پائی گئی تو اب سجدۂ سَہْو نہیں ہوسکتا۔

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۵۵۶)

## سَجْدۂ تِلاوَت اور شَیطان کی شامَت

اللہ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب عَزَّوَجَلَّ وَ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ جنّت نِشان ہے، جب جب آدمی آیتِ سَجدہ پڑھ کر سَجدہ کرتا ہے، شیطٰن ہٹ جاتا ہے اور رو کر کہتا ہے، ہائے میری بربادی! ابنِ آدم کو سَجدہ کا حکم ہوا اُس نے سَجدہ کیا اُس کیلئے جنّت ہے اور مجھے حُکم ہوا میں نے

اِنکار کیا میرے لئے دوزخ ہے۔ (صحیح مسلم، ج ۱، ص ۶۱)

## اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہر مُراد پوری ہو

**جس** مقصد کیلئے ایک مجلِس میں سَجدہ کی سب (یعنی ۱۴) آیتیں پڑھ کر سَجدے کرے اللہ عزوجل اُس کا مقصد پورا فرمادے گا۔ خواہ ایک ایک آیت پڑھ کر اُس کا سجدہ کرتا جائے یا سب پڑھ کر آخِر میں 14 سَجدے کرلے۔

(غنیہ، درمختار وغیرھما)

## ''قُراٰنِ مَجید'' کے آٹھ حُروف کی نسبت سے سَجْدۂ تِلاوَت کے 8 مَدَنی پھول

(۱) آیتِ سَجدہ پڑھنے یا سُننے سے سَجدہ واجِب ہوجاتا ہے پڑھنے میں یہ شَرط ہے کہ اِتنی آواز میں ہو کہ اگر کوئی عُذر نہ ہو تو خود سُن سکے، سُننے والے کے لئے یہ ضَروری نہیں کہ بالقَصْد سُنی ہو بلا قَصْد سُننے سے بھی سَجدہ واجِب ہوجاتا ہے۔

(عالمگیری ج ۱ ص ۱۳۲)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہو گیا۔

(۲) کسی بھی زَبان میں آیت کا تَرجَمہ پڑھنے اور سننے والے پر سجدہ واجِب ہو گیا، سننے والے نے یہ سمجھا ہو یا نہ سمجھا ہو کہ آیتِ سَجدہ کا تَرجَمہ ہے۔ البتّہ یہ ضَرور ہے کہ اسے نہ معلوم ہو تو بتا دیا گیا ہو کہ یہ آیتِ سَجدہ کا تَرجَمہ تھا اور آیت پڑھی گئی ہو تو اِس کی ضَرورت نہیں کہ سننے والے کو آیتِ سَجدہ ہونا بتایا گیا ہو۔

(عالمگیری ج ۱ ص ۱۳۳)

(۳) **سجدہ** واجِب ہونے کے لئے پوری آیت پڑھنا ضَروری ہے لیکن بعض عُلَمائے مُتَاَخِّرِین (مُ۔تَ۔ءَخ۔خِ۔رِین) رَحِمَہُمُ اللّٰہُ المبین کے نَزدیک وہ لفظ جس میں سجدہ کا مادّہ پایا جاتا ہے اس کے ساتھ قَبل یا بعد کا کوئی لَفظ ملا کر پڑھا تو سجدۂ تِلاوت واجِب ہو جاتا ہے لہٰذا اِحتِیاط یِہی ہے کہ دُونوں صورَتوں میں سجدۂ تلاوت کیا جائے۔

(مُلَخَّصاً فتاوٰی رضویہ ج۸ ص ۲۲۳-۲۳۳ رضا فاؤنڈیشن لاهور)

(٤) **آیتِ** سَجدہ بیرونِ نَماز پڑھی تو فورًا سَجدہ کر لینا واجِب نہیں ہے البتّہ وُضو ہو تو

ہو تو تاخیر مکروہِ تنزیہی ہے۔ (تنویر الابصار مع رَدُّالْمُحتَار ج۲ ص ۵۸۳)

(۵) سجدۂ تلاوت نماز میں فوراً کرنا واجب ہے اگر تاخیر کی یعنی تین آیات سے زِیادہ پڑھ لیا تو گُنہگار ہوگا اور جب تک نماز میں ہے یا سلام پھیرنے کے بعد کوئی نماز کے مُنافی فِعل نہیں کیا تو سجدۂ تلاوت کر کے سجدۂ سَہو بجالائے۔

(دُرِّمُختَار مَعَهٗ رَدُّالْمُحتَار ج۲ ص ۵۸٤)

## خبردار! ھوشیار!

(٦) رَمَضانُ الْمُبارَك میں تراویح یا شبینہ میں اگرچہ شریک نہ ہوں بے شک اپنی ہی الگ نماز پڑھ رہے ہوں آیتِ سَجدہ سُن لینے سے آپ پر بھی سجدۂ تِلاوت واجِب ہو جائے گا۔ کافر یا نابالغ سے آیتِ سَجدہ سُنی تب بھی سَجدۂ تِلاوت واجِب ہو گیا۔ بالغ ہونے کے بعد جتنی بار بھی آیاتِ سجدہ سُن کر ابھی تک سَجدہ نہ کیا ہو اُن کا غلبۂ ظن کے اِعتِبار سے حساب لگا کر اُتنی بار باوُضو سجدۂ تِلاوت کر لیجئے۔

# سَجْدۂ تِلاوت کا طریقہ

**(۷)** کھڑا ہو کر **اَللّٰہُ اَکْبَر** کہتا ہوا سجدہ میں جائے اور کم سے کم تین[۳] بار **سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی** کہے پھر **اَللّٰہُ اَکْبَر** کہتا ہوا کھڑا ہو جائے۔ پہلے، پیچھے دونوں[۲] بار **اَللّٰہُ اَکْبَر** کہنا سنّت ہے اور کھڑے ہو کر سجدہ میں جانا اور سجدہ کے بعد کھڑا ہونا یہ دونوں[۲] قیام مستحب۔

(عالمگیری ج۱ ص ۱۳۵)

**(۸) سَجدۂ تِلاوت** کے لئے **اَللّٰہُ اَکْبَر** کہتے وقت نہ ہاتھ اُٹھانا ہے نہ اس میں **تَشَہُّد** ہے نہ سلام۔ (تنویر الابصار مع ردالمحتار ج ۲ ص ۵۸۰)

# سَجْدۂ شُکر کا بیان

**اولاد** پیدا ہوئی، یا مال پایا یا گُمی ہوئی چیز مل گئی یا مریض نے شِفا پائی یا مُسافِر واپس آیا اَلْغَرَض کسی نعمت کے حُصول پر سَجْدۂ شُکر کرنا مُستَحَب ہے اِس کا

فرمانِ مصطفیٰ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

طریقہ وُہی ہے جو سجدۂ تلاوت کا ہے (عالمگیری ج ۱ ص ۱۳۶) اِسی طرح جب بھی کوئی خوشخبری یا نعمت ملے تو سجدۂ شکر کرنا کارِ ثواب ہے مَثَلًا مدینۂ منوّرہ کا ویزہ لگ گیا، کسی پر **اِنفرادی کوشش** کامیاب ہوئی اور وہ **دعوتِ اسلامی** کے سنّتوں کی تربیت کے **مَدَنی قافلے** میں سفر کیلئے تیار ہو گیا، کسی سُنّی عالمِ باعمل کی زیارت ہوگئی، مُبارک خواب نظر آیا، طالبِ علمِ دین امتحان میں کامیاب ہوا، آفت ٹلی یا کوئی دشمنِ اسلام مرا وغیرہ وغیرہ۔

## نَمازی کے آگے سے گزرنا سخت گناہ ہے

(۱) سرکارِ مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فَیض گنجینہ، صاحِبِ مُعطّر پسینہ، باعِثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللہُ تعَالٰی علیہِ وَاٰلہٖ وَسلَّم نے فرمایا: ”اگر کوئی جانتا کہ اپنے بھائی کے سامنے نَماز میں آڑے ہو کر گزرنے میں کیا ہے تو سَو برس کھڑا رہنا اس ایک قدم چلنے سے بہتر سمجھتا“۔ (سنن ابن ماجہ حدیث ۹۴۶ ج ۱ ص ۵۰۶

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

دارالمعرفة بيروت) (۲) حضرتِ سیِّدُنا امام مالِک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا کَعْبُ الْاَحْبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے: ''نمازی کے آگے سے گزرنے والا اگر جانتا کہ اس پر کیا گناہ ہے تو زمین میں دھنس جانے کو گزرنے سے بہتر جانتا۔'' (مُوطّا امام مالك حديث ۳۷۱ ج۱ص ۱۵٤ دارالمعرفة بيروت) نَماز ی کے آگے سے گزرنے والا بے شک گناہ گار ہے مگر خود نَمازی کی نَماز میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ (مُلخَّصُ فتاوىٰ رضويه ج۷ص ۲۵٤ رضا فاؤنڈيشن لاهور)

## "یارسولِ خُدانظرِ کرم" کے پندَرہ حُروف کی نسبت سے نَمازی کے آگے سے گزرنے کے بارے میں 15 اَحکام

(۱) مَیدان اور بڑی مسجد میں نَمازی کے قدَم سے مَوضَعِ سُجود تک گزرنا ناجائز ہے۔ **مَوضَعِ سُجُود** سے مُراد یہ ہے کہ قِیام کی حالت میں سَجدہ کی جگہ نظر جمائے تو جتنی دُور تک نگاہ پھیلے وہ مَوضَعِ سُجود ہے۔ اس کے

**فرمانِ مصطفےٰ** :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

درمیان سے گزرنا جائز نہیں (تبیین الحقائق ج۱ ص ۱٦٠) **مَوضعِ سُجود کا فاصِلہ** اندازاً قدم سے لے کر تین گز تک ہے (قانون شریعت حصّہ اوّل ص ۱۳۱ فرید بک اسٹال مرکز الاولیاء لاہور) لہٰذا میدان میں نَمازی کے قدم کے تین گز کے بعد سے گزرنے میں حَرَج نہیں (۲) مکان اور چھوٹی مسجِد میں نَمازی کے آگے اگر سُترہ (یعنی آڑ) نہ ہو تو قدم سے دیوارِ قبلہ تک کہیں سے گزرنا جائز نہیں (عالمگیری ج ۱ ص ۱٠٤) (۳) نَمازی کے آگے سُترہ یعنی کوئی آڑ ہو تو اُس سُترہ کے بعد سے گزرنے میں کوئی حَرَج نہیں (اَیضاً) (٤) سُترہ کم از کم ایک ہاتھ (یعنی تقریباً آدھا گز) اُونچا اور انگلی برابر موٹا ہونا چاہئے (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص ۳٦۵) (۵) امام کا سُترہ مقتدی کیلئے بھی سُترہ ہے۔ یعنی امام کے آگے سُترہ ہو تو اگر کوئی مُقتدی کے آگے سے گزر جائے تو گناہ گار نہ ہوگا (رَدُّالمُحتار ج۲ ص ٤٨٤) (٦) دَرَخت آدَمی اور جانور وغیرہ کا بھی سُترہ ہوسکتا ہے (عالمگیری ج۱ ص ۱٠٤) (۷) آدَمی کو اِس حالت میں سُترہ کیا جائے جبکہ اُس کی پیٹھ نَمازی کی طرف ہو (حاشیۃ الطحطاوی ص ۳٦۵)

رَدُّالْمُحتار ج۲ ص۴۹۶) (اگر نَماز پڑھنے والے کے عَین رُخ کی طرف کسی نے مُنہ کیا تو اب کراہت نَمازی پر نہیں اُس مُنہ کرنیوالے پر ہے، لہٰذا امام کے سلام پھیرنے کے بعد مُڑ کر پیچھے دیکھنے میں اِحْتیاط ضَروری ہے کہ آپ کے عَین پیچھے کی جانب اگر کوئی اپنی بَقِیہ نَماز پڑھ رہا ہوگا اور اُسکی طرف آپ اپنا مُنہ کریں گے تو گنہگار ہوں گے (۸) ایک شَخْص نَمازی کے آگے سے گزرنا چاہتا ہے اگر دوسرا شَخْص اُسی کو آڑ بنا کر اس کے چلنے کی رفتار کے عَین مطابق اُس کے ساتھ ہی ساتھ گزر جائے تو پہلا شَخْص گنہگار ہوا اور دوسرے کیلئے یِہی پہلا شَخْص سُترہ بھی بن گیا (رَدُّالْمُحتار ج۲ ص۴۸۳) (۹) نَمازِ باجماعت میں اگلی صَف میں جگہ ہونے کے باوُجود کسی نے پیچھے نَماز شُروع کردی تو آنے والا اُس کی گردن پھلانگتا ہوا جاسکتا ہے کہ اس نے اپنی حُرمت اپنے آپ کھوئی (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۴۸۳) (۱۰) اگر کوئی اِس قَدَر اونچی جگہ پر نَماز پڑھ رہا ہے کہ گُزرنے والے کے اَعْضاء نَمازی کے سامنے نہیں ہوئے تو گُزرنے والا گنہگار نہیں۔ (عالمگیری ج۱ ص۱۰۴)

(۱۱) دو شخص نمازی کے آگے سے گزرنا چاہتے ہیں اِس کا طریقہ یہ ہے کہ ان میں سے ایک نمازی کے سامنے پیٹھ کر کے کھڑا ہو جائے۔ اب اس کو آڑ بنا کر دوسرا گزر جائے۔ پھر دوسرا پہلے کی پیٹھ کے پیچھے نمازی کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو جائے۔ اب پہلا گزر جائے پھر وہ دوسرا جدھر سے آیا تھا اُسی طرف ہٹ جائے (اَیضاً) (۱۲) کوئی نمازی کے آگے سے گزرنا چاہتا ہے تو نمازی کو اجازت ہے کہ وہ اسے گزرنے سے روکے خواہ "سُبْحٰنَ اللہ" کہے یا جہر (یعنی بلند آواز سے) قِراءَت کرے یا ہاتھ یا سر یا آنکھ کے اشارے سے مَنْع کرے۔ اِس سے زِیادہ کی اجازت نہیں۔ مَثَلاً کپڑا پکڑ کر جھٹکنا یا مارنا بلکہ اگر عملِ کثیر ہو گیا تو نماز ہی جاتی رہی (رَدُّالْمُحتار، دُرِّمُختار ج ۲ ص ۴۸۳، مراقی الفلاح معه حاشية الطحطاوی ص ۳۶۷)

(۱۳) تسبیح و اشارہ دونوں کو بِلا ضرورت جُمع کرنا مکروہ ہے (دُرِّمُختار معہٗ رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۴۸۶)

(۱۴) عورت کے سامنے سے گزرے تو عورت تَصْفِیق (تَص۔فِیق) سے مَنْع کرے یعنی سیدھے ہاتھ کی انگلیاں اُلٹے ہاتھ کی پُشْت پر مارے۔ اگر مرد نے تَصْفِیق کی اور عورت

نے تسبیح کہی تو نماز فاسد نہ ہوئی مگر خلافِ سنّت ہوا (اَیضاً) (۱۵) طواف کرنے والے کو دورانِ طواف نمازی کے آگے سے گزرنا جائز ہے۔ (رَدُّالمُحتار ج ۲ ص ۴۸۲)

سیر ہونے کی حالت میں کھانا بَرص پیدا کرتا ہے۔
(قوت القلوب مترجم ج ۲ ص ۵۸۹)

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت
۱۱ شعبان المعظم ۲۶ کے ۱ھ

## یہ رِسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اَعراس اور جُلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کرکے ثواب کمایئے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے۔

صَلُّوا عَلَى الحَبِيب !　صَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلىٰ مُحَمَّد

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

# صاحِبِ مزار کی انفِرادی کوشِش

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** الحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں بُزُرگوں کا بَہُت ادب کیا جاتا ہے، بلکہ سچّی بات یہ ہے کہ اللّٰہ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ کی عنایت سے دعوتِ اسلامی **فیضانِ اَولیاء** ہی کی بدولت چل رہی ہے۔چُنانچہ ایک اسلامی بھائی کا بیان کردہ ایک **صاحِبِ مزار** ولیُّ اللّٰہ علیہ رحمۃ اللّٰہ کی مَدَنی قافِلے کے لئے **انفِرادی کوشِش** کا ایمان افروز واقِعہ اپنے انداز میں پیش کرتا ہوں، الحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **عاشِقانِ رسول** کا ایک مَدَنی قافِلہ **چکوال** (پنجاب پاکستان) سے **مُظَفَّر آباد** اور اَطراف کے دیہاتوں میں سنّتوں کی بہاریں لُٹاتا ہوا ایک مقام ''انوار شریف'' وارِد ہوا، وہاں سے **ہاتھوں ہاتھ** ۴ چار اسلامی بھائی تین ۳ دن کیلئے **مَدَنی قافِلے** میں سفر کیلئے عاشِقانِ رسول کے ساتھ شریک ہوئے، ان چاروں میں ''انوار شریف'' کے صاحِبِ مزار بُزُرگ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کے

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

خانوادے کے ایک فرزند بھی تھے۔ **مَدَنی قافِلہ** نیکی کی دعوت کی دھومیں مچاتا ہوا ''گڑھی دوپٹہ'' پہنچا۔ جب انوار شریف والوں کے تین[3] دن مکمّل ہوگئے تو صاحِبِ مزار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رِشتے دار نے کہا، میں تو واپَس نہیں جاؤں گا کیوں کہ آج رات میں نے اپنے ''حضرت'' رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو خواب میں دیکھا، فرما رہے تھے، ''بیٹا! پلٹ کر گھر نہ جانا مَدَنی قافِلے والوں کے ساتھ مزید آگے سفر جاری رکھو۔'' **صاحِب مزار** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ **کی انفرادی کوشش** کا یہ واقِعہ سُن کر مَدَنی قافِلے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، سب کے حوصلوں کو مدینے کے ۱۲ چاند لگ گئے اور **انوار شریف** سے آئے ہوئے چاروں اسلامی بھائی ہاتھوں ہاتھ مَدَنی قافِلے میں مزید آگے سفر پر چل پڑے۔

اولیائے کرام　ان کا فیضانِ عام　لوٹنے سب چلیں　قافِلے میں چلو

اولیا کا کرم　تم پہ ہو لاجرم　مل کے سب چل پڑیں　قافِلے میں چلو

# ماں چارپائی سے اُٹھ کھڑی ہوئی!

**بابُ المدینہ** کراچی کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خلاصہ ہے، **میری امّی جان** سخت بیماری کے سبب چارپائی سے اُٹھنے تک سے مَعذور تھیں اور ڈاکٹروں نے بھی جواب دیدیا تھا۔ میں سنا کرتا تھا کہ **دعوتِ اسلامی** کے سنّتوں کی تربیّت کے مَدَنی قافِلوں میں **عاشِقانِ رسول** کے ساتھ سفر کرنے سے دعائیں قبول ہوتیں اور بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ چُنانچہ میں نے بھی دل باندھا اور **دعوتِ اسلامی** کے سنّتوں کا نور برساتے عالمی مَدَنی مرکز **فیضانِ مدینہ** کے اندر قائم ''مَدَنی تربیّت گاہ'' میں حاضِر ہوکر تین دن کیلئے **مَدَنی قافِلے** میں سفر کا ارادہ ظاہِر کیا، اسلامی بھائیوں نے نہایت شفقت کے ساتھ ہاتھوں ہاتھ لیا، عاشِقانِ رسول کی مَعِیَّت میں ہمارا **مَدَنی قافِلہ** بابُ الاسلام سندھ

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم): جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

کے **صحرائے مدینہ** کے قریب ایک گوٹھ میں پہنچا، دَورانِ سفر **عاشِقانِ رسول** کی خِدمات میں دعاء کی درخواست کرتے ہوئے میں نے امّی جان کی تشویشناک حالت بیان کی، اِس پر اُنہوں نے امّی جان کیلئے خوب دعائیں کرتے ہوئے مجھے کافی دِلاسہ دیا، امیرِ قافِلہ نے بڑی نرمی کے ساتھ **انفرادی کوشش** کرتے ہوئے مجھے مزید 30 دن کے **مَدَنی قافِلے** میں سفر کیلئے آمادہ کیا، میں نے بھی نیّت کرلی۔ میں نے امّی جان کی صِحّت یابی کیلئے خوب گڑگڑا کر دُعائیں کیں، تین دن کے اِس مَدَنی قافِلے کی **تیسری** رات مجھے ایک روشن چِہرے والے **بُزُرگ** کی زِیارت ہوئی، اُنہوں نے فرمایا، ''اپنی امّی جان کی فِکْر مت کرو اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ صِحّت یاب ہوجائیں گی۔'' تینوں دن کے **مَدَنی قافِلہ** سے فارِغ ہوکر میں نے گھر آکر دروازے پر دستک دی، **دروازہ کُھلا تو میں حیرت**

**سے کھڑے کا کھڑا رہ گیا، کیوں کہ میری وہ بیمار امّی جان جو کہ چارپائی سے اُٹھ تک نہیں سکتی تھیں اُنہوں نے اپنے پاؤں پر چل کر دروازہ کھولا تھا!** میں نے فَرطِ مُسرَّت سے ماں کے قدَم چومے اور مدَنی قافِلے میں دیکھا ہوا خواب سنایا۔ پھر ماں سے اجازت لیکر مزید 30 دن کیلئے **عاشِقانِ رسول** کے ساتھ **مدَنی قافِلے** میں سفر پر روانہ ہو گیا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ماں جو بیمار ہو | قرض کا بار ہو | رنج وغم مت کریں | قافِلے میں چلو |
| ربّ عزوجل کے در پر جُھکیں | التجائیں کریں | بابِ رَحمت کُھلیں | قافِلے میں چلو |
| دل کی کالک دُھلے | مرضِ عصیاں ٹلے | آؤ سب چل پڑیں | قافلے میں چلو |

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

تُوبُوا اِلَی اللّٰہ ! اَستَغفِرُاللّٰہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مُسافر کی نماز




- آبادی ختم ہونے کا مطلب 302
- مسافر بننے کیلئے شرط 303
- مسافر کب تک مسافر ہے 305
- سیٹھ اور نوکر کا اکٹھا سفر 306
- عورت کے سفر کا مسئلہ 307
- عرب ممالک میں ویزا پر رہنے والوں کا مسئلہ 308
- عمرہ کے ویزہ پر حج کیلئے رکنا کیسا؟ 311
- قصر کے بدلے چار کی نیت باندھ لی تو۔۔۔؟ 313
- کیا مسافر کو سنتیں معاف ہیں؟ 315
- چلتی گاڑی میں نفل کے 4 مدنی پھول 315
- سفر میں قضا نمازیں 318
- حفظ بھلا دینے کا عذاب 319


ورق الٹئے ۔۔۔

٧٨٦

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

بقیع

# مسافر کی نماز (حنفی)

اس رسالے میں ۔۔۔۔

عمرہ کے ویزے پر حج کیلئے رکنا کیسا؟

مسافر بننے کیلئے شرط

سیٹھ اور نوکر کا اکٹھا سفر

چلتی گاڑی میں نفل کے 4 مدنی پھول

کیا مسافر کو سنتیں معاف ہیں؟

عرب ممالک میں ویزے پر رہنے والوں کے لئے مسئلہ

ورق الٹیے ۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

برائے کرم! یہ رِسالہ (۲۴ صَفحات) مکمَّل پڑھ لیجئے،
ان شاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ اِس کے فوائد خود ہی دیکھ لیں گے۔

# مسافر کی نماز (حنفی)

## دُرُود شریف کی فضیلت

دو جہاں کے سلطان، سرورِ ذیشان، محبوبِ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰهُ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ مغفرت نشان ہے، جب جُمعرات کا دِن آتا ہے اللّٰه تعالٰی فِرِشتوں کو بھیجتا ہے جن کے پاس چاندی کے کاغذ اور سونے کے قلم ہوتے ہیں وہ لکھتے ہیں، کون **یومِ جمعرات** اور **شبِ جُمعہ** مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھتا ہے۔ (کنز العمال ج۱ ص۲۵۰ حدیث ۲۱۷٤ دار الکتب العلمیہ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی محمّد

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

**اللہ** تبارَكَ وَ تعالیٰ سورۃُ النِّسآء کی آیت نمبر ۱۰۱ میں ارشاد فرماتا ہے:۔

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ إِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾

(پ ۵ النساء ۱۰۱)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر سے پڑھو۔ اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذا دیں گے۔ بے شک کُفّار تمہارے کُھلے دشمن ہیں۔

صدرُ الافاضِل حضرتِ علّامہ مولٰینا سیِّد محمد نعیمُ الدّین مُرادآبادی علیہ رَحْمَۃُ اللہِ الھادی فرماتے ہیں، خوفِ کُفّار قَصر کے لئے شَرط نہیں، حضرتِ سیِّدُنا یعلٰی بن اُمَیَّہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضرتِ سیِّدُنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ سے عَرض کی کہ ہم تو اَمن میں ہیں، پھر ہم کیوں قَصر کرتے ہیں؟ فرمایا، اِس کا مجھے بھی تعجب ہوا تھا تو

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

میں نے سرکارِ مدینۂ منوَّرہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم سے دریافت کیا۔ حُضُورِ اکرم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحتَشَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے لئے یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے صَدَقہ ہے تم اس کا صَدَقہ قبول کرو۔

(صحیح مسلم ج۱ ص ۲۳۱)

اُمّ المُؤمِنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رِوایت فرماتی ہیں، نماز دو رَکعت فَرض کی گئی پھر جب سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے ہجرت فرمائی تو چار فرض کی گئی اور سفر کی نماز اُسی پہلے فرض پر چھوڑی گئی۔

(صحیح بخاری ج۱ ص ۵۶۰)

حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، اللہ کے حبیب، حبیبِ لبیب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے نمازِ سفر کی دو رَکعتیں مقرّر فرمائیں اور یہ پوری ہے کم نہیں یعنی اگرچہ بظاہر دو رَکعتیں کم ہوگئیں مگر ثواب

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

میں دُو ہی چار کے برابر ہیں۔ (سنن ابن ماجه ج ٢ ص ٥٩ حدیث ١١٩٤ دارالمعرفة بیروت)

## شَرعی سفر کی مَسافت

شَرعاً مسافِر وہ شخص ہے جو ساڑھے 57 میل (تقریباً 92 کلو میٹر) کے فاصلے تک جانے کے ارادے سے اپنے مقامِ اِقامت مَثَلاً شہر یا گاؤں سے باہَر ہو گیا۔ (مُلَخَّصاً فتاوٰی رضویہ ج ٨ ص ٢٧٠ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور)

## مُسافِر کب ہوگا؟

مَحض نیّتِ سفر سے مسافِر نہ ہوگا بلکہ مُسافِر کا حکم اُس وَقت ہے کہ بستی کی آبادی سے باہَر ہو جائے شہر میں ہے تو شہر سے، گاؤں میں ہے تو گاؤں سے اور شہر والے کیلئے یہ بھی ضَروری ہے کہ شہر کے آس پاس جو آبادی شہر سے **مُتَّصِل** (مُت۔ تَ۔ صِل) ہے اس سے بھی باہَر آ جائے۔

(دُرِّمُختار، رَدُّالْمُحتار ج ٢ ص ٥٩٩)

# آبادی خَتم ہونے کا مطلب

**آبادی** سے باہَر ہونے سے مُراد یہ ہے کہ جدھر جارہا ہے اُس طرف آبادی خَتم ہو جائے اگرچہ اُس کی مُحاذات میں (یعنی برابر) دوسری طرف خَتم نہ ہوئی ہو۔ (غنية المستملی، ص٥٣٦)

# فِنائے شہر کی تعریف

**فِنائے** شہر سے جو گاؤں **مُتَّصِل** ہے شہر والے کیلئے اُس گاؤں سے باہَر ہو جانا ضَروری نہیں یُونہی شہر کے **مُتَّصِل** باغ ہوں اگرچہ اُن کے نگہبان اور کام کرنے والے ان باغات ہی میں رَہتے ہوں، ان باغوں سے نکل جانا ضَروری نہیں۔ (ردالمحتار ج٢ ص ٥٩٩) **فِنائے** شہر سے باہَر جو جگہ شہر کے کاموں کیلئے ہو مَثَلاً قبرِستان، گھوڑ دوڑ کا میدان، کُوڑا پھینکنے کی جگہ اگر یہ شہر سے **مُتَّصِل** ہوں تو اس سے باہَر ہو جانا ضَروری ہے۔ اور اگر شہر و فنا کے درمیان فاصِلہ ہو تو نہیں۔ (اَیضاً ص٦٠٠)

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

# مُسافِر بننے کیلئے شَرط

سفر کیلئے یہ بھی ضَروری ہے کہ جہاں سے چلا وہاں سے تین دن کی راہ (یعنی تقریباً 92 کلومیٹر) کا ارادہ ہو اور اگر ۲ دو دن کی راہ (یعنی 92 کلومیٹر سے کم) کے ارادہ سے نکلا وہاں پُہنچ کر دوسری جگہ کا ارادہ ہوا کہ وہ بھی تین دن (92 کلومیٹر) سے کم کا راستہ ہے یونہی ساری دنیا گھوم کر آئے مسافر نہیں (غنیہ ،درمختار ج ۲ ص ۲۰۹) یہ بھی شَرط ہے کہ ۳ تین دن کی راہ کے سفر کا مُتَّصِل ارادہ ہو، اگر یوں ارادہ کیا کہ مَثَلاً ۲ دو دن کی راہ پر پَہُنچ کر کچھ کام کرنا ہے وہ کر کے پھر ایک دن کی راہ جاؤں گا تو یہ ۳ تین دن کی راہ کا مُتَّصِل ارادہ نہ ہوا مسافر نہ ہوا۔

(بہارِ شریعت حصہ ٤ ص ٧٧ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

# وَطن کی قِسمیں

وَطن کی ۲ دو قسمیں ہیں (۱) وَطَنِ اصلی: یعنی وہ جگہ جہاں اس کی

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

پیدائش ہوئی ہے یا اس کے گھر کے لوگ وہاں رہتے ہیں یا وہاں سُکُونَت کر لی اور یہ ارادہ ہے کہ یہاں سے نہ جائے گا (۲) وطنِ اِقامت: یعنی وہ جگہ کہ مسافر نے پندَرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا وہاں ارادہ کیا ہو (عالمگیری ج ۱ ص ۱۴۲)

## وطنِ اقامت باطِل ہونے کی صورتیں

وطنِ اِقامت دوسرے وطنِ اِقامت کو باطِل کر دیتا ہے یعنی ایک جگہ پندَرہ دن کے ارادہ سے ٹھہرا پھر دوسری جگہ اتنے ہی دن کے ارادہ سے ٹھہرا تو پہلی جگہ اب وطن نہ رہی۔ دونوں کے درمِیان مَسافتِ سفر ہو یا نہ ہو۔ یُونہی وطنِ اِقامت وطنِ اصلی اور سفر سے باطِل ہو جاتا ہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۴۲)

## سفر کے دو راستے

کسی جگہ جانے کے دو راستے ہیں ایک سے مَسافتِ سفر ہے دوسرے سے نہیں تو جس راستہ سے یہ جائے گا اُس کا اعتبار ہے، نزدیک والے راستے سے گیا

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

تو مسافِر نہیں اور دُور والے سے گیا تو ہے اگرچہ اس راستہ کے اختِیار کرنے میں اس کی کوئی غَرَضِ صحیح نہ ہو۔(عالمگیری ج۱ ص ۱۳۸، درمختار مع ردالمحتار ج ۲ ص ۶۰۳)

## مسافِر کب تک مسافِر ھے

**مُسافِر** اُس وقت تک مسافِر ہے جب تک اپنی بستی میں پہنچ نہ جائے یا آبادی میں پورے 15 دن ٹھہرنے کی نیّت نہ کرلے یہ اُس وقت ہے جب پورے تین۳ دن کی راہ (یعنی تقریباً 92 کلو میٹر) چل چکا ہو اگر تین۳ منزِل (یعنی تقریباً 92 کلو میٹر) پہنچنے سے پیشتر واپسی کا ارادہ کرلیا تو مسافِر نہ رہا اگرچہ جنگل میں ہو۔

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج ۲، ص ۶۰۴)

## سفر ناجائز ھو تو؟

سفر جائز کام کیلئے ہو یا ناجائز کام کیلئے بَہَر حال مسافِر کے اَحکام جاری ہوں گے۔ (عالمگیری ج۱، ص۱۳۹)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# سیٹھ اور نوکر کا اِکٹھا سفر

**ماہانہ** یا سالانہ اِجارہ والا نوکر اگر اپنے سیٹھ کے ساتھ سفر کرے تو سیٹھ کے تابع ہے، فرماں بردار بیٹا والِد کے تابِع ہے اور وہ شاگرد جس کو اُستاد سے کھانا ملتا ہے وہ اُستاد کے تابع ہے یعنی جو نیّت مَتبُوع (یعنی جس کے تابع ہے) کی ہے وُہی تابع کی مانی جائیگی۔ تابع کو چاہئے کہ مَتبُوع (مَت۔بُوع) کو سُوال کرے وہ جو جواب دے اُس کے بمُوجِب عمل کرے۔ اگر اُس نے کچھ بھی جواب نہ دیا تو دیکھے کہ وہ (یعنی متبوع) مُقیم ہے یا مسافِر، اگر مُقیم ہے تو اپنے آپ کو بھی مُقیم سمجھے اور اگر مسافِر ہے تو مسافِر۔ اور یہ بھی معلوم نہیں تو تین [3] دن کی راہ (یعنی تقریباً 92 کلومیٹر) کا سفر طے کرنے کے بعد قَصْر کرے، اس سے پہلے پوری پڑھے اور اگر سُوال نہ کرسکا تو وُہی حکم ہے کہ سُوال کیا اور کچھ جواب نہ ملا۔

(مُلَخَّصاً رَدُّالْمُحتار، ج۲،ص۶۱۶،۶۱۷)

**فرمانِ مصطفٰے** (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالٰی اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہے۔

## کام ہوگیا تو چلا جاؤں گا!

**مسافر** کسی کام کیلئے یا اَحباب کے انتِظار میں دو چار روز یا تیرہ چودہ دن کی نیت سے ٹھہرا، یا یہ ارادہ ہے کہ کام ہو جائے گا تو چلا جائیگا، دونوں صورتوں میں اگر آجکل آج کل کرتے برسوں گزر جائیں جب بھی مسافر ہی ہے، نَماز قصر پڑھے۔ (عالمگیری، ج ۱، ص ۱۳۹)

## عورت کے سفر کا مسئلہ

**عورت** کو بغیر مَحرم کے تین دن ( تقریباً 92 کلومیٹر) یا زِیادہ کی راہ جانا جائز نہیں ۔ نابالغ بچہ یا مَعْتُوہ (یعنی نیم پاگل) کے ساتھ بھی سفر نہیں کرسکتی، ہمراہی میں بالغ مَحرم یا شوہر کا ہونا ضروری ہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱٤۲) عورت، مُراہِق (قریبُ البُلُوغ لڑکا) مَحرم (قابلِ اطمینان) کے ساتھ سفر کرسکتی ہے۔ "مُراہِق بالغ کے حُکم میں ہے۔" (فتاوٰی عالمگیری ج ۱ ص ۲۱۹) مَحرم

کیلئے ضروری ہے کہ سخت فاسِق، بیباک، غیر مامون نہ ہو۔

(بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص ٨٤ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## عورت کا سُسرال و مَیکا

**عورت** بیاہ کر سُسرال گئی اور یہیں رہنے سہنے لگی تو مَیکا (یعنی عورت کے والِدین کا گھر) اِس کیلئے **وطنِ اصلی** نہ رہا یعنی اگر سُسرال تین منزِل (تقریباً 92 کلومیٹر) پر ہے وہاں سے مَیکے آئی اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیّت نہ کی تو قصْر پڑھے اور اگر مَیکے رہنا نہیں چھوڑا بلکہ سُسرال عارِضی طور پر گئی تو مَیکے آتے ہی سفر خَتْم ہو گیا نماز پوری پڑھے۔ (بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص ٨٤ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## عَرَب ممالِک میں ویزا پر رہنے والوں کا مسئلہ

**آج کل** کاروبار وغیرہ کیلئے کئی لوگ بال بچّوں سمیت اپنے ملک سے دوسرے ملک مُنتقِل ہو جاتے ہیں۔ انکے پاس مخصوص مدّت کا VISA ہوتا ہے۔

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

(مَثَلاً عَرَب امارات میں زِیادہ سے زِیادہ تین سال کا رِہائشی ویزا ملتا ہے) یہ ویزا عارِضی ہوتا ہے اور مخصوص رقم ادا کر کے ہر تین سال کے آخر میں اِس کی تجدید کروانی پڑتی ہے۔ **چُونکہ ویزا مَحْدُود مُدّت کیلئے ملتا ہے لٰہٰذا بال بچّے بھی اگرچہ ساتھ ہوں اِس کی امارات میں مُستقِل قِیام کی نیّت بے کار ہے اور اِس طرح خواہ کوئی 100 سال تک یہاں رہے اَمارات اسکا وطنِ اصلی نہیں ہوسکتا۔** یہ جب بھی سفر سے لوٹے گا اور قِیام کرنا چاہے تو اِقامت کی نیّت کرنی ہوگی۔ مَثَلاً **دُبئی** میں رُہتا ہے اور سنّتوں کی تربیت کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی قافلے** میں عاشِقانِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے ساتھ تقریباً 150 کلومیٹر دُور واقع اَمارات کے دارُالخِلافہ **ابوظبی** کا اس نے سنّتوں بھرا سفر اختیار کیا۔ اب دوبارہ **دُبئی** میں آکر اگر اس کو مُقیم ہونا ہے تو 15 دن یا اس سے زائد قِیام کی نیّت کرنی ہوگی ورنہ مسافِر کے اَحکام جاری ہوں گے۔ ہاں اگر ظاہِرِ حال یعنی (UNDER STOOD)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

یہ ہے کہ اب 15 دن یا اس سے زِیادہ عرصہ یہ **دُبئی** میں ہی گزارے گا تو مُقیم ہو گیا۔ اگر اِس کا کاروبار ہی اِس طرح کا ہے کہ مکمّل 15 دن رات یہ **دُبئی** میں نہیں رہتا، وقتاً فوقتاً شَرعی سفر کرتا ہے تو اِس طرح اگرچہ برسوں اپنے بال بچّوں کے پاس **دُبئی** آنا جانا رہے یہ مسافر ہی رہے گا اِس کو نماز قَصر کرنا ہو گی۔ اپنے شہر کے باہَر دُور دُور تک مال سپلائی کرنے والے اور شہر بہ شہر، ملک بہ ملک پھیرے لگانے والے اور ڈرائیور صاحبان وغیرہ ان اَحکام کو ذِہن میں رکھیں۔

## زائرِ مدینہ کیلئے ضروری مسئلہ

**جس** نے اِقامت کی نیّت کی مگر اُس کی حالت بتاتی ہے کہ پندرہ دن نہ ٹھہریگا تو نیّت صحیح نہیں مَثَلاً **حج** کرنے گیا اور **ذِی الحجّۃُ الحرام** کا مہینہ شُروع ہو جانے کے باوُجود پندرہ دن **مکّۂ معظّمہ** میں ٹھہرنے کی نیّت کی تو یہ نیّت بیکار ہے کہ جب حج کا ارادہ کیا ہے تو (15 دن اس کو ملیں گے ہی نہیں کہ) 8 **ذِی الحجّۃُ**

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

الحرام) **مِنیٰ شریف** (اور 9 کو) **عَرَفات شریف** کو ضرور جائیگا پھر اِتنے دنوں تک (یعنی 15 دن مسلسل) **مکّۂ معظّمہ** میں کیونکر ٹھہر سکتا ہے؟ **مِنیٰ شریف** سے واپَس ہوکر نیّت کرے تو **صحیح** ہے (دُرِّمختار، ج۲، ص۷۲۹، عالمگیری، ج۱، ص۱٤۰) جبکہ واقعی 15 یا زِیادہ دن **مکّۂ معظّمہ** میں ٹھہر سکتا ہو، اگر ظنِ غالِب ہو کہ 15 دن کے اندر اندر **مدینۂ منوّرہ** یا وطن کیلئے روانہ ہوجائے گا تو اب بھی مسافِر ہے۔

## عمرہ کے ویزہ پر حج کیلئے رُکنا کیسا ؟

**عُمرہ** کے وِیزے پر جا کر غیر قانونی طور پر **حج** کیلئے رُکنے یا دنیا کے کسی بھی مُلک میں VISA کی مُدّت پوری ہونے کے بعد غیر قانونی رہنے کی جن کی نیّت ہو وہ ویزہ کی مدّت ختم ہوتے وَقت جس شہر یا گاؤں میں مقیم ہوں وہاں جب تک رہیں گے ان کیلئے مقیم ہی کے احکام ہوں گے۔ اگرچہ برسوں پڑے رہیں مُقیم ہی رہیں گے۔ البتّہ ایک بار بھی اگر 92 کلو میٹر یا اس سے زیادہ فاصِلہ کے سفر کے ارادہ سے اُس شہر یا گاؤں سے چلے تو اپنی آبادی سے باہَر نکلتے ہی مسافِر ہو گئے اور اب ان کی اقامت کی نیّت بے کار ہے۔ مَثَلاً کوئی شخص پاکستان سے عُمرہ کے VISA پر **مکّۂ مکرّمہ** زادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تعظِیماً گیا، VISA کی مُدّت ختم ہوتے وقت بھی مکّہ شریف ہی میں مُقیم ہے تو اس پر مُقیم کے اَحکام ہیں۔ اب اگر مَثَلاً وہاں سے **مدینۂ منوّرہ** زادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تعظِیماً آ گیا تو چاہے برسوں غیر قانونی پڑا رہے، مگر مسافِر ہی ہے، یہاں تک کہ اگر دوبارہ **مکّۂ مکرّمہ** زادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تعظِیماً آ جائے پھر بھی مُسافِر رہے گا، اس کو

نَماز قصر ہی ادا کرنی ہوگی۔ ہاں اگر دوبارہ VISA مل گیا تو اقامت کی نیّت کی جا سکتی ہے۔ یاد رہے! جس قانون کی خِلاف ورزی کرنے پر ذلّت، رشوت اور جھوٹ وغیرہ آفات میں پڑنے کا اندیشہ ہو اُس قانون کی خِلاف ورزی جائز نہیں۔ چُنانچہ میرے آقا **اعلیٰ حضرت**، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ امام اَحمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: مُباح (یعنی جائز) صورَتوں میں سے **بعض** (صورتیں) قانونی طور پر جُرم ہوتی ہیں ان میں مُلَوَّث ہونا (یعنی ایسے قانون کی خلاف ورزی کرنا) اپنی ذات کو اذیّت و ذلّت کیلئے پیش کرنا ہے اور وہ **ناجائز** ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج۱۷ ص ۳۷۰) لہٰذا بغیر visa کے دنیا کے کسی بھی مُلک میں رَہنا یا حج کیلئے رُکنا جائز نہیں۔ **غیر قانونی ذرائع سے حج کیلئے رُکنے میں کامیابی حاصل کرنے کو** (مَعاذَ اللہ عَزَّوَجَلَّ) **اللہ و رسول** عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم **کا کرم کہنا سخت بے باکی ہے۔**

## قصر واجِب ھے

**مُسافِر** پر واجِب ہے کہ نَماز میں قَصر (قَص۔رُ) کرے یعنی چار رَکعت والے فرض کو دو پڑھے اِس کے حق میں دو ہی رَکْعَتیں پوری نَماز ہے اور قصداً چار پڑھیں اور دو پر قعدہ کیا تو فرض ادا ہو گئے اور پچھلی دو رَکْعَتیں نَفل ہو گئیں مگر گناہگار و عذابِ نار کا حقدار ہے کہ واجِب ترک کیا لہٰذا توبہ کرے اور دو رَکعت پر قعدہ نہ کیا تو

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

فرض ادا نہ ہوئے اور وہ نماز نَفْل ہوگئی ہاں اگر تیسری رَکْعَت کا سَجدہ کرنے سے پیشتر اِقامت کی نیت کر لی تو فرض باطِل نہ ہوں گے مگر قیام ورُکوع کا اِعادہ کرنا ہوگا اور تیسری کے سَجدہ میں نیت کی تو اب فرض جاتے رہے یونہی اگر پہلی دونوں یا ایک میں قراءت نہ کی نماز فاسِد ہوگئی۔ (عالمگیری ج۱ ص ۱۳۹)

## قَصر کے بدلے چار کی نیت باندھ لی تو ۔۔۔۔؟

**مُسافِر** نے قَصر کے بجائے چار رَکْعَت فَرض کی نیت باندھ لی پھر یاد آنے پر دو پر سلام پھیر دیا تو نماز ہو جائے گی۔ اِسی طرح مُقیم نے چار رَکعت فرض کی جگہ دو رَکعت فرض کی نیت کی اور چار پر سلام پھیرا تو اُس کی بھی نماز ہوگئی۔ فُقَہائے کِرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالٰی فرماتے ہیں، "نیتِ نماز میں تعدادِ رَکعات کی تعیِین (تَع۔ یِیْن) یعنی تقرُّر کرنا ضَروری نہیں کیونکہ یہ ضِمناً حاصِل ہے۔ نیت میں تعداد مُعیَّن کرنے میں خطا نقصان دِہ نہیں۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج ۲ ص ۹۸،۹۷)

## مسافِر امام اور مُقیم مُقتدی

اِقتِدا دُرُست ہونے کیلئے ایک شَرْط یہ بھی ہے کہ امام کا مُقیم یا مسافِر ہونا معلوم ہو خواہ نَماز شُروع کرتے وقت معلوم ہُوا یا بعد میں، لہٰذا امام کو چاہئے کہ شُروع کرتے وقت اپنا مسافِر ہونا ظاہر کر دے اور شُروع میں نہ کہا تو بعدِ نَماز کہہ دے کہ "مُقیم اسلامی بھائی اپنی نَمازیں پوری کرلیں میں مسافر ہوں۔" (درمختار ج۲، ص۶۱۱، ۶۱۲) اور شُروع میں اعلان کر چکا ہے جب بھی بعد میں کہہ دے کہ جو لوگ اُس وَقْت موجود نہ تھے اُنہیں بھی معلوم ہو جائے۔ اگر امام کا مسافِر ہونا ظاہِر تھا تو نَماز کے بعد والا یہ اعلان مُستَحَب ہے۔ (دُرِّمختار، ج۲، ص ۷۳۵-۷۳۶، دار المعرفة بیروت)

## مُقیم مُقتدی اور بَقِیّہ دُو رَکْعَتیں

قَصْر والی نَماز میں مسافِر امام کے سلام پھیرنے کے بعد مُقیم مُقتدی جب اپنی بَقِیّہ نَماز ادا کرے تو فَرض کی تیسری اور چوتھی رَکْعَت میں سورۃُ الْفَاتِحَۃ پڑھنے کے بجائے اندازاً اُتنی دیر چُپ کھڑا رہے۔

(مُلَخَّصاً بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص ٨٢ مدینة المرشد بریلی شریف)

## کیا مسافر کو سُنّتیں مُعاف ہیں؟

**سنّتوں** میں قَصر نہیں بلکہ پوری پڑھی جائینگی، خوف اور رَوارَوی (یعنی گھبراہٹ) کی حالت میں سنّتیں مُعاف ہیں اور اَمْن کی حالت میں پڑھی جائینگی۔

(عالمگیری، ج۱،ص۱۳۹)

## "نَماز" کے چار حُروف کی نِسبت سے چلتی گاڑی میں نَفل پڑھنے کے 4 مَدَنی پھول

(۱) **بَیرونِ شہر** (بیرونِ شہر سے مُراد وہ جگہ ہے جہاں سے مسافر پر قَصر کرنا واجِب ہوتا ہے) سُواری پر (مَثَلاً چلتی کار، بس، ویگن، میں بھی نَفل پڑھ سکتا ہے اور اس صورت میں اِستِقبالِ قِبلہ یعنی قِبلہ رُخ ہونا) شَرْط نہیں بلکہ سُواری (یا گاڑی) جس رُخ کو جارہی ہو اُدھر ہی مُنہ ہو اور اگر اُدھر مُنہ نہ ہو تو نَماز جائز نہیں اور شُروع کرتے وقْت بھی قِبلہ کی طرف مُنہ ہونا شَرْط نہیں بلکہ سُواری (یا گاڑی) جِدھر جارہی ہے اُسی طرف مُنہ ہو اور رُکوع و سُجود اِشارہ سے کرے اور (ضَروری ہے کہ) سَجدہ کا اِشارہ بہ نسبت رُکوع کے

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

پست ہو۔ (یعنی رُکوع کیلئے جس قدر جُھکا، سَجدے کیلئے اُس سے زیادہ جُھکے) (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج۲ ص ۴۸۷) **چلتی ٹرین** وغیرہ ایسی سُواری جس میں جگہ مل سکتی ہے اُس میں قبلہ رُخ ہو کر قاعِدہ کے مطابِق نَوافِل پڑھنے ہوں گے۔

**مسئلہ ۲** **گاؤں** میں رَہنے والا جب گاؤں سے باہَر ہُوا تو سُواری (گاڑی) پر نَفْل پڑھ سکتا ہے۔ (رَدُّالمُحتار ج ۲ ص ۴۸۶)

**مسئلہ ۳** **بیرونِ** شہر سُواری پر نَماز شُروع کی تھی اور پڑھتے پڑھتے شہر میں داخِل ہو گیا تو جب تک گھر نہ پہنچا سُواری پر پوری کر سکتا ہے۔

(دُرِّمُختار ج۲ ص ۴۸۸،۴۸۷)

**مسئلہ ۴** **چلتی** گاڑی میں بِلا عُذرِ شَرْعی فَرْض وسنّتِ فَجْر وتمام واجِبات جیسے وِتْر ونَذْر اور وہ نَفْل جس کو توڑ دیا ہو اور سَجدۂ تِلاوت جبکہ آیتِ سَجْدہ زمین پر تِلاوت کی ہو ادا نہیں کر سکتا اور اگر عُذر کی وجہ سے ہو تو ان سب میں شَرْط یہ ہے کہ اگر ممکِن ہو تو قبلہ رُو کھڑا ہو کر ادا کرے ورنہ جیسے بھی ممکن

ہو۔ (دُرِّ مُختار ج ۲ ص ۴۸۸)

## مسافر تیسری رَکعَت کیلئے کھڑا ہو جائے تو......؟

**اگر** مسافِر قصر والی نَماز کی تیسری رَکعَت شُروع کر دے تو اس کی دو صورتیں ہیں (۱) بقدرِ تَشَہُّد **قَعدۂ** اُخیرہ کر چکا تھا تو جب تک تیسری رَکعَت کا سَجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سَجدۂ سَہْو کر کے سلام پھیر دے اگر نہ لوٹے اور کھڑے کھڑے سلام پھیر دے تو بھی نَماز ہو جائے گی مگر سنّت تَرک ہوئی۔ اگر تیسری رَکعَت کا سجدہ کر لیا تو ایک اور رَکعَت مِلا کر سَجدۂ سَہْو کر کے نَماز مکمّل کرے یہ آخِری دو رَکعتیں نَفل شُمار ہوں گی (۲) قعدۂ اُخیرہ کیے بِغیر کھڑا ہو گیا تھا تو جب تک تیسری رَکعَت کا سَجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سَجدۂ سَہْو کر کے سلام پھیر دے اگر تیسری رَکعَت کا سجدہ کر لیا فَرض باطِل ہو گئے اب ایک اور رَکعَت ملا کر سجدۂ سَہْو کر کے نَماز مکمّل کرے چاروں رَکعتیں نَفل شُمار ہو گی (دو رَکعَت فرض ادا کرنے ابھی ذمّے باقی ہیں۔) (ماخوذ از دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج ۲ ص ۵۵۰)

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# سفر میں قضا نمازیں

**حالتِ اِقامت** میں ہونے والی قضا نمازیں سفر میں بھی پوری پڑھنی ہوں گی اور سفر میں قضا ہونے والی قَصْر والی نمازیں مُقیم ہونے کے بعد بھی قَصْر ہی پڑھی جائیں گی۔

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت
۲۷ رجب المرجب ۱۴۲۶ھ
محمد الیاس قادری

## یہ رِسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اَعراس اور جُلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃُ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کرکے ثواب کمایئے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تُحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے، اَخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے مَحَلّے کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ تعالٰی اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

# حِفْظ بُھلا دینے کا عذاب

**یقیناً** حِفْظِ قُرانِ کریم کارِثواب عظیم ہے، مگر یادر ہے حِفْظ کرنا آسان، مگر عُمر بھر اِس کو یاد رکھنا دشوار ہے۔ حُفّاظ و حافِظات کو چاہئے کہ روزانہ کم از کم ایک پارہ لازِماً تلاوت کرلیا کریں۔ جو حُفّاظ رَمَضانُ الْمبارَک کی آمد سے تھوڑا عرصہ قبل فَقط مُصَلّٰی سنانے کیلئے منزِل پکّی کرتے ہیں اور اِس کے علاوہ مَعَاذَاللّٰہ عزوجل سارا سال غفلت کے سبب کئی آیات بُھلائے رہتے ہیں، وہ بار بار پڑھیں اور خوفِ خُدا عزوجل سے لرزیں۔ نیز جس نے ایک آیت بھی بُھلائی ہے وہ دوبارہ یاد کرلے اور بُھلانے کا جو گناہ ہوا اُس سے سچّی توبہ کرے۔

**حدیث ۱** جو قرانی آیات یاد کرنے کے بعد بُھلا دیگا بروزِ قیامت **اندھا** اُٹھایا جائیگا۔ (ماخَذ: پ ١٦ طٰہٰ ١٢٦،١٢٥)

## فرامینِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم

**حدیث ۲** **میری** اُمّت کے ثواب میرے حُضُور پیش کیے گئے یہاں تک کہ میں نے ان میں وہ تِنکا بھی پایا جسے آدَمی مسجِد سے نکالتا ہے اور میری اُمّت کے گناہ میرے حُضُور پیش کیے گئے میں نے اِس سے **بڑا گناہ** نہ دیکھا کہ کسی آدَمی کو قران کی ایک

سُورت یا ایک آیت یاد ہو پھر وہ اُسے بُھلا دے۔ (جامع ترمذی حدیث ۲۹۱۶)


**۳** جو شخص قرآن پڑھے پھر اسے بُھلا دے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے **کوڑھی** ہو کر ملے۔ (ابو داؤد حدیث ۱۴۷۴)

**۴** **قیامت** کے دن میری اُمّت کو جس **گناہ** کا پورا بدلہ دیا جائے گا وہ یہ ہے کہ اُن میں سے کسی کو قرآن پاک کی کوئی سُورت یاد تھی پھر اُس نے اِسے بُھلا دیا۔

(کنزُالعُمّال حدیث ۲۸۴۶)

**۵** **اعلیٰحضرت**، اِمامِ اَہلسنّت، امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ''اِس سے زِیادہ نادان کون ہے جسے خدا عزوجل ایسی ہمّت بخشے اور وہ اسے اپنے ہاتھ سے کھودے اگر قدر اِس (حفظِ قرانِ پاک) کی جانتا اور جو ثواب اور دَرَجات اِس پر موعود ہیں (یعنی جن کا وعدہ کیا گیا ہے) ان سے واقِف ہوتا تو اسے جان و دل سے زِیادہ عزیز رکھتا۔'' مزید فرماتے ہیں، ''جہاں تک ہو سکے اُس کے پڑھانے اور حِفظ کرانے اور خود یاد رکھنے میں کوشش کرے تاکہ وہ ثواب جو اس پر موعود (یعنی وعدہ کئے گئے) ہیں حاصل ہوں اور بروزِ قیامت **اندھا کوڑھی** اُٹھنے سے نَجات پائے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۳ ص ۶۴۵، ۶۴۷)

# قضا نمازوں کا طریقہ




- قبر میں آگ کے شعلے 325
- توبہ کے تین رُکن ہیں 331
- سوتے کو نماز کیلئے جگانا واجب ہے 332
- حقوقِ عامّہ کے اِحساس کی حکایت 334
- جُمُعَۃُ الوداع میں قضائے عمری 336
- قضائے عمری کا طریقہ (حَنَفی) 338
- بچّہ کی پیدائش کے وقت نماز 340
- کیا مغرب کا وقت تھوڑا سا ہوتا ہے؟ 344
- نماز کا فدیہ 345
- کان چھیدنے کا رَواج کب سے ہوا؟ 349
- زکوٰۃ کا شرعی حیلہ 351
- مِسکین کی تعریف 353


وَرَق اُلٹئے ۔۔۔

٧٨٦

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ

بقیع

# قضا نمازوں کا طریقہ

## اس رسالے میں ۔۔۔۔

☆ قبر میں آگ کے شعلے

☆ توبہ کے تین رُکن ہیں

☆ حُقوقِ عامہ کے احساس کی حکایت

☆ جمعۃ الوداع میں قضائے عمری

☆ قضائے عمری کا طریقہ

☆ نماز کا فدیہ

☆ زکوٰۃ کا شرعی حیلہ

☆ کان چھیدنے کا رواج کب سے پڑا؟

ورق الٹئے ۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شیطان لاکھ روکے یہ رِسالہ (۲۴ صَفحات) مکمّل پڑھ لیجئے، اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس کے فَوائد خود ہی دیکھ لیں گے۔

# قضا نمازوں کا طریقہ (حنفی)

## دُرُود شریف کی فضیلت

دُوجہاں کے سلطان، سرورِ ذیشان، محبوبِ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ مغفرت نِشان ہے، مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا پُلْ صِراط پر نور ہے، جو روزِ جُمعہ مجھ پر **اَسّی** بار دُرُودِ پاک پڑھے اُس کے **اَسّی سال** کے گناہ مُعاف ہوجائیں گے۔ (جامِع صَغیر ص ۳۲۰ حدیث ۵۱۹۱ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درودِ پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

# قضا کرنے والوں کی خرابی

جان بوجھ کر نماز قضا کر ڈالنے والوں کے بارے میں پارہ ۳۰ سورۃُ الماعُون کی آیت نمبر ٤ اور ۵ میں ارشاد ہوتا ہے:

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ﴿٤﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ﴿٥﴾ ترجمۂ کنزالایمان: تو ان نمازیوں کی خرابی ہے جو اپنی نماز سے بھولے بیٹھے ہیں۔

سورۃُ الماعُون کی آیت نمبر ۵ کے بارے میں جب حضرتِ سیّدُنا سعد بن ابی وقّاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہِ رسالت میں اِستفسار کیا تو سرکارِ نامدار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا، (اس سے مُراد وہ لوگ ہیں) جو نماز وَقت گزار کر پڑھیں۔ (سنن الکبریٰ للبیھقی ج۲ ص ٢١٤ دار صادر بیروت)

بیان کردہ آیت نمبر ٤ میں ''وَیل'' کا تذکرہ ہے، صَدرُ الشَّریعہ بَدرُ الطَّریقہ حضرتِ مولٰینا محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں، جہنّم میں ایک ''وَیل'' نامی خوفناک وادی ہے جس کی سختی سے خود جہنّم بھی پناہ مانگتا ہے۔

جان بوجھ کر نَماز قضا کرنے والے اُس کے مستحق ہیں۔

(بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۷ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

حضرتِ امام محمد بن احمد ذَہبی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں، کہا گیا ہے کہ جہنَّم میں ایک وادی ہے جس کا نام ''وَیل'' ہے، اگر اس میں پہاڑ ڈالے جائیں تو وہ بھی اس کی گرمی سے پگھل جائیں اور یہ اُن لوگوں کا ٹھکانہ ہے جو نماز میں سُستی کرتے اور وَقت کے بعد قضاء کر کے پڑھتے ہیں مگر یہ کہ وہ اپنی کوتاہی پر نادِم ہوں اور بارگاہِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ میں توبہ کریں۔ (کتابُ الکبائر ص ۱۹ دار مکتبۃ الحیاۃ، بیروت)

## سر کُچلنے کی سزا

سرکارِ مدینۂ منوّرہ ، سردارِ مکّۂ مکرّمہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے صَحابۂ کرام علیہم الرضوان سے فرمایا، آج رات دو شخص (یعنی جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام) میرے پاس آئے اور مجھے اَرضِ مُقدَّسہ میں لے آئے۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص لیٹا ہے اور اس کے سرہانے ایک شخص پتھر اُٹھائے کھڑا ہے اور

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

پے درپے **پتّھر** سے اُس کا سرکُچل رہا ہے، ہر بار کُچلنے کے بعد سر پھر ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میں نے فِرِشتوں سے کہا، **سُبْحٰنَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ کون ہے؟ انہوں نے عَرْض کی، آگے تشریف لے چلئے (مزید مناظِر دِکھانے کے بعد) فِرِشتوں نے عَرض کی، کہ پہلا شَخْص جو آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے دیکھا یہ وہ تھا جس نے قراٰن یاد کر کے چھوڑ دیا تھا اور **فَرْض** نمازوں کے **وَقْت سو** جانے کا عادی تھا اِس کے ساتھ یہ برتاؤ **قِیامت** تک ہوگا۔ (مُلَخَّص از: صحیح بخاری ج۲ ص۱۰٤۳)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** قراٰنِ پاک کی آیَت یا آیات یاد کرنے کے بعد غفلت سے بُھلا دینے والے اور بِالخُصوص سُستی کے باعِث فَجْر کی نَماز کیلئے نہ اُٹھنے والوں کیلئے مقامِ عبرت ہے۔ اب جان بوجھ کر نَماز قَضا کر دینے والی ایک عورت کے عذابِ قَبر کا دَرْدناک واقِعہ مُلاحَظہ ہو۔ چُنانچِہ

## قَبر میں آگ کے شُعلے

**ایک** شَخْص کی بہن فوت ہوگئی۔ جب اُسے دَفْن کر کے لوٹا تو یاد آیا کہ

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

رقم کی تھیلی قَبْر میں گر گئی ہے چُنانچہ قبرِستان آکر تھیلی نکالنے کیلئے اُس نے اپنی بہن کی قَبْر کھود ڈالی! ایک دل ہلا دینے والا منظر اُس کے سامنے تھا، اُس نے دیکھا کہ بہن کی قَبْر میں **آگ** کے شُعلے بھڑک رہے ہیں! چُنانچہ اُس نے جُوں تُوں قَبْر پر مٹّی ڈالی اور صدمے سے چُور چُور روتا ہوا ماں کے پاس آیا اور پوچھا، پیاری امّی جان! میری بہن کے **اعمال** کیسے تھے؟ وہ بولی بیٹا کیوں پوچھتے ہو؟ عَرْض کی، میں نے اپنی بہن کی قَبْر میں **آگ** کے شُعلے بھڑکتے دیکھے ہیں۔'' یہ سُن کر ماں بھی رونے لگی اور کہا، '' افسوس! تیری بہن **نماز** میں سُستی کیا کرتی تھی اور **نماز** قضا کر کے پڑھا کرتی تھی۔'' (مُکاشَفۃُ القُلُوب ص ۱۸۹ دارالکتب العلمیہ بیروت)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جب **قضا** کرنے والوں کی ایسی ایسی سخت سزائیں ہیں تو جو **بدنصیب** سرے سے **نماز** ہی نہیں پڑھتے ان کا کیا انجام ہو گا!

## اگر نماز پڑھنا بھول جائے تو....؟

**تاجدار**ِ رسالت، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت، پیکرِ جُود و سخاوت، سراپا رَحْمت، محبوبِ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا، جو **نماز** سے سو

فرمانِ مصطفےٰ :(صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

جائے یا **بھول** جائے تو جب یاد آئے پڑھ لے کہ وُہی اُس کا **وَقت** ہے۔

(صحیح مسلم ج ١ ص ٢٤١)

فُقَہائے کِرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالیٰ فرماتے ہیں، **سوتے** میں یا بھولے سے نَماز قضا ہوگئی تو اُس کی قضا پڑھنی **فرض ہے** البتہ قضا کا گناہ اس پر نہیں مگر بیدار ہونے اور یاد آنے پر اگر وَقت مکروہ نہ ہو تو اُسی وقت پڑھ لے **تاخیر** مکروہ ہے

(عالمگیری ج ١ ص ١٢٤)

## مجبوری میں ادا کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

**آنکھ** نہ کُھلنے کی صُورت میں نَمازِ فَجر ''قَضا'' ہو جانے کی صورت میں ''ادا'' کا ثواب ملیگا یا نہیں۔ اِس ضِمن میں میرے **آقا اعلیٰحضرت** ،اِمامِ اَہلسنّت، ولیٔ نِعمت، عظیمُ البَرَکت، عظیمُ المَرْتَبت، پروانۂ شَمعِ رِسالت ،مُجَدِّدِ دین ومِلَّت، حامیٔ سنّت ، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت ، پیرِ طریقت، باعثِ خَیر وبَرَکت، حضرتِ علّامہ مولٰینا الحاج الحافِظ

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فتاوٰی رضویہ ج ۸ ص ۱۶۱ پر فرماتے ہیں، "رہا ادا کا ثواب مِلنا یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے اختیار میں ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

تُوبُوا اِلَی اللّٰہ! اَسْتَغْفِرُاللّٰہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## رات کے آخِری حصّہ میں سونا

نَماز کا وَقت داخِل ہو جانے کے بعد سو گیا پھر وقت نکل گیا اور نَماز قَضا ہو گئی تو قَطْعاً گنہگار ہوا جبکہ جاگنے پر صحیح اعتِماد یا جگانے والا موجود نہ ہو بلکہ فجر میں دُخولِ وَقت سے پہلے بھی سونے کی اجازت نہیں ہو سکتی جبکہ اکثر حصّہ

رات کا جاگنے میں گزرا اور ظنِ غالب ہے کہ اب سو گیا تو وَقت میں آنکھ نہ کھلے گی۔ (بہارِ شریعت حصہ ٤ ص ٤٢ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

# رات دیر تک جاگنا

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** نعت خوانیوں، ذِکر و فکر کی محفِلوں نیز سنّتوں بھرے اجتماعات وغیرہ میں رات دیر تک جاگنے کے بعد سونے کے سبب اگر نمازِ فجر **قضا** ہونے کا اندیشہ ہو تو بہ نیّتِ اعتِکاف مسجد میں قِیام کریں یا وہاں سوئیں جہاں کوئی قابلِ اعتماد اسلامی بھائی جگانے والا موجود ہو۔ یا اِلارم والی گھڑی ہو جس سے آنکھ کُھل جاتی ہو مگر ایک عَدَد گھڑی پر بھروسہ نہ کیا جائے کہ نیند میں ہاتھ لگ جانے سے یا یوں ہی خراب ہو کر بند ہو جانے کا اِمکان رَہتا ہے، دو یا حسبِ ضَرورت زائد گھڑیاں ہوں تو بہتر ہے۔ فُقَہائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ تعالیٰ فرماتے ہیں، **"جب یہ اندیشہ ہو کہ صُبح کی نَماز جاتی رہے گی تو بِلا ضَرورتِ شَرعِیّہ اُسے رات دیر تک جاگنا ممنوع ہے۔"** (رَدُّالمُحتار، ج ٢، ص ٢٧ ملتان)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُودِ پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

# اداء قَضا اور واجِب الْاِعادہ کی تعریف

جس چیز کا بندوں کو حکم ہے اُسے وَقْت میں بجالانے کو **ادا** کہتے ہیں (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۲۷) اور وَقْت خَتْم ہونے کے بعد عمل میں لانا **قضا** ہے (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۳۲) اور اگر اس حُکْم کے بجالانے میں کوئی خرابی پیدا ہو جائے تو اس خرابی کو دُور کرنے کیلئے وہ عمل دوبارہ بجالانا **اِعادہ** کہلاتا ہے (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۲۹) وَقْت کے اندر اندر اگر تحریمہ باندھ لی تو نَماز قضا نہ ہوئی بلکہ ادا ہے (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۲۸) مگر نَمازِ فجر، جُمُعہ اور عیدَین میں وَقْت کے اندر سلام پھیرنا لازِمی ہے ورنہ نَماز نہ ہوگی (بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص۲ ٤ مدینۃُ المرشد بریلی شریف) بِلا عُذْرِ شَرْعی نَماز قَضا کر دینا سخت گناہ ہے، اِس پر فرض ہے کہ اُس کی **قضا** پڑھے اور سچّے دل سے توبہ بھی کرے توبہ یا حجِّ مقبول سے اِن شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تاخیر کا گُناہ مُعاف ہو جائیگا (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۲۶) توبہ اُسی وقت صحیح ہے جبکہ قضا پڑھ لے اس کو ادا کئے بغیر

توبہ کئے جانا توبہ نہیں کہ جو نَماز اس کے ذِمّے تھی اس کو نہ پڑھنا تو اب بھی باقی ہے اور جب گناہ سے باز نہ آیا تو توبہ کہاں ہوئی؟ (درمختار معہ ردالمحتار ج۲ ص۶۲۸)

**حضرتِ سیِّدُنا ابنِ عباس** رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ **تاجدارِ** رسالت، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت، پیکرِ جودوسخاوت، سراپا رَحمت **محبوبِ ربُّ العزّت** عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا، کہ گناہ پر قائم رہ کر توبہ کرنے والا اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ سے ٹھٹّھا (یعنی مذاق) کرنے والے کی طرح ہے۔ (شُعَبُ الایمان حدیث ۷۱۷۸ ج۵ ص۴۳۶ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

## توبہ کے تین رُکن ہیں

**صدرُ الْاَفاضِل** حضرتِ علّامہ **سیِّد محمد نعیمُ الدّین** مُرادآبادی علیہ رحمۃ الھادی فرماتے ہیں، "توبہ کے تین رُکن ہیں: (۱) اِعْتِرافِ جُرم (۲) نَدامت (۳) عَزْمِ تَرْک۔ اگر گناہ قابلِ تلافی ہے تو اُس کی تَلافی بھی لازِم۔ مَثَلاً تارِکِ صلوٰۃ (یعنی نَماز ترک کردینے والے) کی توبہ کیلئے نَمازوں کی **قضا** بھی لازِم ہے۔"

(خزائنُ العرفان ص۱۲ رضا اکیڈمی بمبئی)

# سوتے کو نماز کیلئے جگانا واجِب ہے

**کوئی** سو رہا ہے یا نَماز پڑھنا بھول گیا ہے تو جسے معلوم ہے اُس پر واجِب ہے کہ سوتے کو جگادے اور بھولے ہوئے کو یاد دِلادے (بہارِ شریعت حصہ ٤ ص ٤٣) (ورنہ گنہگار ہوگا) یاد رہے! جگانا یا یاد دلانا اُس وَقت واجِب ہوگا جبکہ ظَنِّ غالِب ہو کہ یہ نَماز پڑھے گا ورنہ واجِب نہیں۔

# فَجْر کا وقت ہو گیا اُٹھو!

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** خوب **صدائے مدینہ** لگایئے یعنی سونے والوں کو نَماز کیلئے جگایئے اور ڈَھیروں نیکیاں کمایئے۔ دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں فَجْر کے لئے مسلمانوں کو جگانا **صدائے مدینہ** لگانا کہلاتا ہے، **صدائے مدینہ** واجِب نہیں، نَمازِ فَجْر کے لئے جگانا کارِ ثواب ہے جو ہر مسلمان کو حسبِ موقع کرنا چاہئے۔ صَدائے مدینہ لگانے میں اِس بات کی احتِیاط ضَروری ہے کہ کسی مسلمان کو ایذاء نہ ہو۔ **حکایت:** ایک اسلامی بھائی نے مجھے (سگِ مدینہ عُفی

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

عنہ کو) بتایا تھا، ہم چند اسلامی بھائی **میگا فون** پر فَجر کے وَقت **صدائے مدینہ** لگاتے ہوئے ایک گلی سے گزرے۔ ایک صاحِب نے ہم کو ٹوکا اور کہا کہ میرا بچّہ رات بھر نہیں سویا ابھی ابھی آنکھ لگی ہے آپ لوگ **میگا فون** بند کر دیجئے۔ ہم کو ان صاحِب پر بڑا غصّہ آیا کہ نہ جانے کیسا مسلمان ہے، ہم نَماز کیلئے جگا رہے ہیں اور یہ اِس نیک کام میں رُکاوٹ ڈال رہا ہے! خیر دوسرے دن ہم پھر **صدائے مدینہ** لگاتے ہوئے اُس طرف جا نکلے تو وُہی صاحِب پہلے سے گلی کے نُکّڑ پر غمزدہ کھڑے تھے اور ہم سے کہنے لگے، آج بھی بچّہ ساری رات نہیں سویا ابھی ابھی آنکھ لگی ہے اِسی لئے میں یہاں کھڑا ہو گیا تا کہ ہماری گلی سے خاموشی سے گزرنے کی آپ حضرات کی خدمات میں درخواست کروں۔ اِس سے معلوم ہوا کہ بِغیر **میگا فون** کے **صدائے مدینہ** لگائی جائے۔ نیز بِغیر **میگا فون** کے بھی اس قَدَر بُلند آوازیں نہ نکالی جائیں جس سے گھروں میں نَماز و تلاوت میں مشغول اسلامی بہنوں، ضعیفوں، مریضوں اور بچّوں کو تشویش ہو یا جو اوّل وقت میں پڑھ

کر سو رہا ہو اُس کی نیند میں خلل پڑے۔ اور اگر کوئی مسلمان اپنے گھر کے پاس **صدائے مدینہ** لگانے سے روکے تو اُس سے ضِد بَحث کرنے کے بجائے اُس سے مُعافی مانگ لی جائے اور اس پر حُسنِ ظن رکھا جائے کہ یقیناً کوئی مسلمان نَماز کیلئے جگانے کا مخالِف نہیں ہوسکتا۔ اس بچارے کی کوئی مجبوری ہوگی۔ اگر بِالفرض وہ بے نَمازی ہو تو بھی آپ اُس پر سختی کرنے کے مجاز نہیں، کسی مناسِب وَقْت پر انتہائی نرمی کا ساتھ انفِرادی کوشش کے ذَرِیعے اُس کو نَماز کیلئے آمادہ کیجئے۔ مساجِد میں بھی اذانِ فَجر وغیرہ کے علاوہ بے موقع نیز مَحَلّوں یا مکانوں کے اندر محافِل میں اسپیکر استِعمال کرنے والوں کو بھی اپنے اپنے گھروں میں عبادت کرنے والوں، مریضوں، شیر خوار بچّوں اور سونے والوں کی ایذاء کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے۔

## حُقُوقِ عامّہ کے اِحساس کی حکایت

**حُقُوقِ** عامّہ کا خیال رکھنا بَہُت ضَروری ہے، ہمارے اَسلاف اس مُعامَلہ میں بے حد مُحتاط ہُوا کرتے تھے چُنانچِہ حُجَّةُ الْاِسلام حضرتِ سیِّدُنا امام

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، حضرتِ سیِّدُنا امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت ایک شخص کئی سال سے حاضِر ہوتا اور عِلم حاصِل کرتا۔ ایک بار جب آیا تو آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اُس سے مُنہ پھیر لیا۔ اُس کے بَاِصرار اِستِفسار پر فرمایا، اپنے مکان کی دیوار کے سڑک والے کونے پر تم نے گارا لگا کر قدِ آدم (یعنی انسانی قد کے برابر) اس کو آگے بڑھا دیا ہے حالانکہ وہ مسلمانوں کی گزرگاہ ہے۔ یعنی میں تم سے کیسے خوش ہوسکتا ہوں کہ تم نے مسلمانوں کا راستہ تنگ کر دیا ہے! (احیاء العلوم ج ۵ ص ۹۶ دار صادر بیروت) یہاں وہ لوگ بھی عبرت حاصِل کریں جو اپنے گھروں کے باہَر چبوترے وغیرہ بنا کر مسلمانوں کا راستہ تنگ کرتے ہیں۔

## جلد سے جلد قضا کر لیجئے

**جس** کے ذِمّہ قضا نمازیں ہوں اُن کا جلد سے جلد پڑھنا واجِب ہے مگر بال بچوں کی پرورِش اور اپنی ضَروریات کی فَراہمی کے سبب تاخیر جائز ہے۔ لہٰذا کاروبار بھی کرتا رہے اور فُرصت کا جو وَقْت ملے اُس میں قضا پڑھتا رہے یہاں تک کہ پوری ہو جائیں۔ (درمختار معہ ردالمحتار ج ۲ ص ۶۴۶)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذِکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

# چُھپ کر قضاء کیجئے

**قضا** نمازیں چُھپ کر پڑھئے لوگوں پر (یا گھر والوں بلکہ قریبی دوست پر بھی) اِس کا اِظہار نہ کیجئے (مَثَلاً یہ مت کہا کیجئے کہ میری آج کی فجر قضاء ہو گئی یا میں قضاءِ عمری کر رہا ہوں وغیرہ) **کہ گناہ کا اِظہار بھی مکروہِ تحریمی و گناہ ہے** (ردالمحتار ج٢ ص٦٥٠) لہٰذا اگر لوگوں کی موجودَگی میں وِتْر قضا کریں تو تکبیرِ قُنُوت کیلئے ہاتھ نہ اُٹھائیں۔

# جُمْعَۃُ الْوَداع میں قضائے عمری

**رَمَضانُ الْمبارَك** کے آخِری **جُمُعہ** میں بعض لوگ باجماعت قَضائے عُمری پڑھتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ عُمر بھر کی قضائیں اِسی ایک نماز سے ادا ہو گئیں یہ باطِل مَحْض ہے۔ (ماخوذ از شَرْحُ الزُّرقانی علی المَواھِبُ اللَّدُنِّیَۃ ج٧ ص١١٠ دارالمعرفۃ بیروت) **مُفَسِّرِ شَہیر حکیمُ الْاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان** علیہ رحمۃ الحنّان فرماتے ہیں، **جُمُعَۃُ الْوَداع** کے ظہر و عَصْر کے درمیان بارہ ١٢ رَکْعَت نَفْل دو ٢ دو ٢ رَکْعت کی

نیت سے پڑھے۔ اور ہر رَکعت میں سورۃُ الفاتِحہ کے بعد ایک بار آیۃُ الکُرسی اور تین[3] بار ''قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد'' اور ایک بار سُورۃُ الفَلَق اور سورۃُ النّاس پڑھے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ جس قدر نمازیں اِس نے قضا کر کے پڑھی ہونگی۔ ان کے قضاء کرنے کا گناہ اِن شاءَ اللّٰہ عزّوجلّ مُعاف ہو جائے گا یہ نہیں کہ قضا نمازیں اس سے مُعاف ہو جائیں گی وہ تو پڑھنے سے ہی ادا ہونگی۔ (اسلامی زندگی ص ١٠٥)

## عُمر بھر کی قضا کا حِساب

جس نے کبھی نمازیں ہی نہ پڑھی ہوں اور اب توفیق ہوئی اور قضائے عُمری پڑھنا چاہتا ہے وہ جب سے بالغ ہوا ہے اُس وَقت سے نمازوں کا حساب لگائے اور تاریخِ بُلُوغ بھی نہیں معلوم تو اِحتیاط اِسی میں ہے کہ عورت نَو[9] سال کی عُمر سے اور مرد بارہ[12] سال کی عُمر سے نمازوں کا حساب لگائے۔

(ماخوذ از فتاویٰ رضویہ ج٨ ص ١٥٤ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے دُرُود شریف نہ پڑھا اُس نے جفا کی۔

# قَضا کرنے میں ترتیب

**قَضائے عُمری** میں یوں بھی کرسکتے ہیں کہ پہلے تمام فجریں ادا کرلیں پھر تمام ظُہر کی نَمازیں اِسی طرح عَصْر مغرِب اور عشاء۔

(فتاویٰ قاضی خاں مع عالمگیری ج۱ ص۱۰۹)

# قَضائے عُمری کا طریقہ (حنفی)

**قَضا** ہر روز کی بیس ۲۰ رَکعتیں ہوتی ہیں۔ دو ۲ فرض فجر کے چار ۴ ظہر، چار ۴ عصر، تین ۳ مغرب، چار ۴ عشاء کے اور تین ۳ وِتر۔ نیت اِس طرح کیجئے، مَثَلاً "**سب سے پہلی فَجر جو مجھ سے قَضا ہوئی اُس کو ادا کرتا ہوں**"۔ ہر نَماز میں اِسی طرح نِیّت کیجئے۔ جس پر بکثرت قضا نمازیں ہیں وہ آسانی کیلئے اگر یُوں بھی ادا کرے تو جائز ہے کہ ہر رُکوع اور ہر سَجدہ میں تین ۳ تین ۳ بار سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم، سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کی جگہ صِرْف ایک ایک بار کہے۔ مگر یہ ہمیشہ اور ہر طرح کی نَماز میں یاد رکھنا چاہئے کہ

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم): جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرودِ پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بدبخت ہو گیا۔

جب رُکوع میں پورا پہنچ جائے اُس وقت سُبْحٰنَ کا ''سین'' شروع کرے اور جب عظیم کا ''میم'' ختم کر چکے اُس وقت رُکوع سے سر اٹھائے۔ اِسی طرح سجدہ میں بھی کرے۔ ایک تخفیف تو یہ ہوئی اور دوسری یہ کہ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رَکعت میں اَلحَمْد شریف کی جگہ فقط ''سُبْحٰنَ اللّٰہِ'' تین بار کہہ کر رُکوع کرلے۔ مگر وِتر کی تینوں رَکعتوں میں اَلحَمْد شریف اور سُورت دونوں ضرور پڑھی جائیں۔ تیسری تخفیف یہ کہ قعدۂ اَخیرہ میں تَشَہُّد یعنی اَلتَّحِیَّات کے بعد دونوں دُرُودوں اور دعا کی جگہ صرف، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ کہہ کر سلام پھیر دے۔ چوتھی تخفیف یہ کہ وِتر کی تیسری رَکعت میں دعائے قُنوت کی جگہ اللّٰہُ اکبر کہہ کر فقط ایک بار یا تین بار رَبِّ اغْفِرْ لِی کہے۔

(مُلَخَّص از فتاوی رضویہ ج۸ ص۱۵۷ رضافاؤنڈیشن لاھور)

## نمازِ قَصْر کی قضاء

اگر حالتِ سفر کی قضا نماز حالتِ اقامت میں پڑھیں گے تو قصر ہی

پڑھیں گے اور حالتِ اِقامت کی قضا نماز سفر میں قضا کریں گے تو پوری پڑھیں گے یعنی قَصْر نہیں کریں گے۔ (ردالمحتار ج۲ ص ۶۵۰)

## زَمانہء اِرْتِداد کی نمازیں

جو شَخص مَعاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ مُرْتَد ہو گیا پھر اسلام لایا تو زمانۂ اِرتِداد کی نمازوں کی قضا نہیں اور مُرتد ہونے سے پہلے زمانۂ اسلام میں جو نمازیں جاتی رہی تھیں اُن کی قضا واجِب ہے۔ ( رَدُّالمُحتار، ج۲ ص۵۳۷ )

## بچّہ کی پیدائش کے وَقْت نَماز

دائی (MIDWIFE) نَماز پڑھے گی تو بچّہ کے مر جانے کا اندیشہ ہے، نَماز قضا کرنے کیلئے یہ عُذْر ہے۔ ( رَدُّالمُحتار، ج۲ ص۵۱۹ ) بچّہ کا سر باہَر آ گیا اور نِفاس سے پیشتر وَقْت خَتْم ہو جائیگا تو اس حالت میں بھی اُس کی ماں پر نَماز پڑھنا فَرْض ہے نہ پڑھے گی تو گنہگار ہو گی۔ ( رَدُّالمُحتار، ج۲ ص ۵۶۵ ) کسی برتن میں بچّہ کا سر رکھ کر جس سے اُس کو نقصان نہ پہنچے نَماز پڑھے مگر اس ترکیب سے

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

پڑھنے میں بھی بچّہ کے مرجانے کا اندیشہ ہو تو تاخیر مُعاف ہے۔ بعدِ نفاس اِس نَماز کی قضا پڑھے۔ (رَدُّالْمُحتار، ج۲ ص۶۱۹ ملتان)

## مریض کو نماز کب مُعاف ہے؟

ایسا مریض کہ اشارہ سے بھی نَماز نہیں پڑھ سکتا اگر یہ حالت پورے چھ ۶ وقت تک رہی تو اِس حالت میں جو نَمازیں فوت ہوئیں اُن کی قضا واجِب نہیں۔

(رَدُّالْمُحتار، ج۲ ص۵۷۰ ملتان)

## عُمر بھر کی نمازیں دوبارہ پڑھنا

جس کی نَمازوں میں نُقصان و کراہت ہو وہ تمام عُمر کی نَمازیں پھیرے تو اچھّی بات ہے اور کوئی خرابی نہ ہو تو نہ چاہئے اور کرے تو فَجر و عَصر کے بعد نہ پڑھے اور تمام رَکعتیں بھری پڑھے اور وِتر میں قُنوت پڑھ کر تیسری کے بعد قعدہ کرکے، پھر ایک اور ملائے کہ چار ۴ ہوجائیں۔ (رَدُّالْمُحتار، ج۱ ص۱۳۸ ملتان)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# قضا کا لفظ کہنا بھول گیا تو؟

**اعلیٰحضرت** امام اہلسنّت مولٰینا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ہمارے عُلَماء تصرِیح فرماتے ہیں، قضا بہ نیّتِ ادا اور ادا بہ نیّتِ قضا دونوں صحیح ہیں۔ (فتاوی رضویہ ج۸ص ۱۶۱ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور)

# نوافل کی جگہ قضائے عُمری پڑھنے

**قضا** نمازیں نوافل سے اہم ہیں یعنی جس وَقت نَفْل پڑھتا ہے اُنہیں چھوڑ کر اُن کے بدلے قضائیں پڑھے کہ بَرِیُّ الذِّمَّہ ہو جائے البتّہ تراویح اور بارہ رکعتیں سُنَّتِ مؤکّدہ کی نہ چھوڑے۔ (رَدُّالمُحتار، ج۱ص ۵۳۶ ملتان)

# فَجْر و عَصْر کے بعد نوافل نہیں پڑھ سکتے

**نمازِ فجر** اور عَصْر کے بعد وہ تمام نوافل ادا کرنے مکروہِ (تحریمی) ہیں جو قصْداً ہوں اگرچہ تَحِیَّۃُ الْمسجد ہوں، اور ہر وہ نماز جو غیر کی وجہ سے لازِم ہو۔ مَثَلاً نَذْر اور طواف کے نوافل اور ہر وہ نماز جس کو شُروع کیا پھر اسے توڑ ڈالا، اگرچہ وہ فجر اور عصر کی سُنّتیں ہی کیوں نہ ہوں۔ (درمختار ج۱ص ۶۱)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

**قضا** کیلئے کوئی وقت مُعَیَّن نہیں عمر میں جب پڑھے گا بَرِیُّ الذِّمَّہ ہو جائیگا۔ مگر طُلُوع وغُرُوب اور زَوال کے وَقت نَماز نہیں پڑھ سکتا کہ ان وقتوں میں نَماز جائز نہیں۔ (عالمگیری، ج۱ ص ۱۳٤ کوئٹہ)

## ظُہر کی چار سنّتیں رَہ جائیں تو کیا کرے؟

**اگر** ظُہر کے فَرض پہلے پڑھ لئے تو دو رَکعت سُنّتِ بعدیہ ادا کرنے کے بعد چار رَکعت سنّتِ قَبلیہ ادا کیجئے چُنانچہ سرکارِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، **ظُہر** کی پہلی چار سنّتیں جو فرض سے پہلے نہ پڑھی ہوں تو بعدِ فرض بلکہ مذہب اَرجح (یعنی پسندیدہ تَرین پر) پر بعد سنّتِ بعدیہ کے پڑھیں بشرطیکہ ہُنُوز وقتِ ظُہر باقی ہو۔ (مُلَخصاًفتاویٰ رضویہ ج۸ ص ۱٤۸ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاھور)

## فَجر کی سُنّتیں رَہ جائیں تو کیا کرے؟

**سنّتیں** پڑھنے سے اگر فجر کی جماعت فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو تو بغیر پڑھے شامل ہو جائے۔ مگر سلام پھیرنے کے بعد پڑھنا جائز نہیں۔ طُلوعِ آفتاب کے کم از کم بیس مِنٹ بعد سے لیکر **ضَحوۂ کُبریٰ** تک پڑھ لے کہ مُستَحَب ہے۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ جدید ج ۷ ص ٤۲٤، بہار شریعت حصہ ٤ ص ۱۲)

# کیا مغرب کا وقت تھوڑا سا ہوتا ہے؟

مغرِب کی نَماز کا وقت غُروبِ آفتاب تا اِبتدائے وَقتِ عشاء ہوتا ہے۔ یہ وقت مقامات اور تاریخ کے اعتبار سے گھٹتا بڑھتا رہتا ہے مَثَلاً بابُ المدینہ کراچی میں نِظامُ الاوقات کے نقشے کے مطابِق مغرِب کا وَقت کم از کم ایک گھنٹہ 18 مِنٹ ہوتا ہے۔۔ فُقَہائے کِرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی فرماتے ہیں،: روزِ اَبر (یعنی جس دن بادَل چھائے ہوں اس) کے سوا مغرِب میں ہمیشہ تَعْجِیل (یعنی جلدی) مُستَحَب ہے اور دو رَکعت سے زائد کی تاخیر مکروہِ تنزیہی اور بغیر عُذر سفر و مرض وغیرہ اتنی تاخیر کی کہ سِتارے گُتھ گئے تو مکروہِ تحریمی۔ (درمختار ج ۱ ص ۲٤٦، عالمگیری ج ۱ ص ٤٨) **سرکارِ اعلیٰحضرت امامِ اہلسنّت مولیٰنا شاہ احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، اِس (یعنی مغرِب) کا وَقتِ مُستَحَب جب تک ہے کہ ستارے خوب ظاہر نہ ہو جائیں، اِتنی دیر کرنی کہ (بڑے بڑے ستاروں کے علاوہ) چھوٹے چھوٹے ستارے بھی چمک آئیں مکروہِ (تحریمی) ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۵ ص ۱۵۳ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

عصر وعشاء سے پہلے جو رَکْعَتیں ہیں وہ سُنّتِ غیر مُؤَکَّدہ ہیں ان کی قضاء نہیں۔

## تَراوِیح کی قَضاء کا کیا حُکْم ہے؟

جب تَراویح فوت ہو جائے تو اُس کی قَضاء نہیں، نہ جماعت سے نہ تنہا اور اگر کوئی قضاء کر بھی لیتا ہے تو یہ جُدا گانہ نَفْل ہو جائیں گے، تَراویح سے ان کا تعلُّق نہ ہو گا۔ (مُلَخَّصاً دُرِّمُختار ج ۱ ص ٦٦١)

## نَماز کا فِدْیہ

### جن کے رِشتے دار فوت ہوئے ہوں وہ اِس مضمون کا ضَرور مطالَعَہ فرمائیں

مَیِّت کی عُمر معلوم کر کے اِس میں سے نَو سال عورت کیلئے اور بارہ سال مَرد کیلئے نابالِغی کے نکال دیجئے۔ باقی جتنے سال بچے ان میں حساب لگائیے کہ کتنی مدّت تک وہ (یعنی مرحوم) بے نَمازی رہا یا بے روزہ رہا، یا کتنی نَمازیں یا روزے اس کے ذِمّہ قضا کے باقی ہیں۔ زِیادہ سے زِیادہ اندازہ لگا لیجئے۔ بلکہ چاہیں تو نابالِغی کی عمر کے بعد بَقِیّہ تمام عُمر کا حساب لگا لیجئے۔ اب فی نَماز ایک ایک صَدَقہ

فِطر خیرات کیجئے۔ ایک صَدَقۂ فِطْر کی مقدار تقریباً دو کلو پچاس گرام گیہوں یا اس کا آٹا یا اس کی رقم ہے۔ اور ایک دن کی چھ نمازیں ہیں پانچ فرض اور ایک وِتْر واجب۔ مَثَلاً دو کلو پچاس گرام گیہوں کی رقم 12 روپے ہو تو ایک دن کی نمازوں کے 72 روپے ہوئے اور 30 دن کے 2160 روپے اور بارہ ماہ کے تقریباً 25920 روپے ہوئے۔ اب کسی میّت پر ۵۰ سال کی نمازیں باقی ہیں تو فِدْیہ ادا کرنے کیلئے 1296000 روپے خیرات کرنے ہوں گے۔ ظاہر ہے ہر شخص اِتنی رقم خیرات کرنے کی اِستِطاعت (طاقت) نہیں رکھتا، اِس کیلئے عُلَمائے کرام رحمھم اللہ تعالی نے شَرْعی حِیلہ ارشاد فرمایا ہے۔ مَثَلاً وہ 30 دن کی تمام نمازوں کی فِدیہ کی نیّت سے 2160 روپے کسی فقیر (فقیر اور مسکین کی تعریف ص نمبر ۳۴ پر مُلاحَظہ فرمایئے) کی مِلک کر دے، یہ 30 دن کی نمازوں کا فِدْیہ ادا ہو گیا۔ اب وہ فقیر یہ رقم دینے والے ہی کو ہِبہ کر دے (یعنی تُحفے میں دیدے) یہ قبضہ کرنے کے بعد پھر فقیر کو 30 دن کی نمازوں کے فِدْیے کی نیّت سے قبضہ میں دے کر اس کا مالِک بنا دے۔ اِس طرح لَوٹ پھیر کرتے رہیں یوں ساری نمازوں کا فِدْیہ ادا ہو جائے گا (ماخوذ از فتاوی بزازیہ معہ عالمگیری ج ٤ ص ٦٩) 30 دن کی رقم کے ذَرِیعے ہی

حِیلہ کرنا شَرط نہیں وہ تو سمجھانے کیلئے مِثال دی ہے۔ اگر بِالفرض 50 سال کے فِدْیوں کی رقم موجود ہو تو ایک ہی بار لَوٹ پھیر کرنے میں کام ہو جائے گا۔ نیز فِطْرہ کی رقم کا حساب بھی گیہوں کے موجودہ بھاؤ سے لگانا ہوگا۔ اِسی طرح فی روزہ بھی ایک صَدَقہ ٔ فِطْر ہے (درمختار معہ ردالمحتار ج ٢ ص ٦٤٤) نَمازوں کا فِدْیہ ادا کرنے کے بعد روزوں کا بھی اِسی طریقے سے فِدْیہ ادا کرسکتے ہیں۔ غریب و امیر سبھی فِدیہ کا حِیلہ کرسکتے ہیں۔ اگر وُرَثا اپنے مرحُومین کیلئے یہ عمل کریں تو یہ مَیِّت کی زبردست امداد ہوگی، اس طرح مرنے والا بھی اِن شاءَ اللّٰہ عزوجل فرض کے بوجھ سے آزاد ہوگا اور وُرَثا بھی اَجر وثواب کے مُستحق ہوں گے۔ **بعض لوگ** مسجِد وغیرہ میں ایک قرآنِ پاک کا نُسخہ دے کر اپنے مَن کو منا لیتے ہیں کہ ہم نے مرحوم کی تمام نَمازوں کا فِدْیہ ادا کردیا یہ ان کی غَلَط فہمی ہے۔

(تفصیل کیلئے دیکھئے فتاوی رضویہ ج ٨ ص ١٦٨ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

## مرحومہ کے فِدْیہ کا ایک مسئلہ

**عورت** کی عادتِ حیض اگر معلوم ہو تو اس قَدَر دن اور نہ معلوم ہو تو ہر

مہینے سے تین^۳ دن نو^۹ برس کی عُمر سے مُستَثنٰی کریں مگر جتنی بار حَمل رہا ہو مدّتِ حَمل کے مہینوں سے ایّامِ حَیض کا اِستِثناء نہ کریں۔ عورت کی عادت دربارۂ نِفاس اگر معلوم ہو تو ہر حَمل کے بعد اُتنے دن مُستَثنٰی کرے اور نہ معلوم ہو تو کچھ نہیں کہ نِفاس کے لئے جانبِ اَقَل (کم سے کم) میں شَرعاً کچھ تقدیر نہیں۔ ممکن ہے کہ ایک ہی مِنَٹ آ کر فوراً پاک ہو جائے۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ ج۸ ص ۱۵٤ رضا فاؤنڈیشن لاهور)

# 100 کوڑوں کا حِیلہ

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** نَماز کے فِدیہ کا حِیلہ میں نے اپنی طرف سے نہیں لکھا۔ حِیلۂ شَرعی کا جواز قرآن و حدیث اور فِقہِ حنفی کی مُعتَبر کُتُب میں موجود ہے۔ چنانچہ حضرتِ سیِّدُنا ایّوب علٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی بیماری کے زمانے میں آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی زَوجۂ محترمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک بار خدمتِ سراپا عظمت میں تاخیر سے حاضِر ہوئیں تو آپ علیہ الصلوۃ السلام نے قسم کھائی کہ "میں تندُرست ہو کر سو^۱۰۰ کوڑے ماروں گا" صِحّتیاب ہونے پر اللہ عزوجل نے انہیں سو^۱۰۰ تیلیوں کی جھاڑو مارنے کا حُکم ارشاد فرمایا۔ چُنانچہ قرآنِ پاک میں ہے:

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ

ترجمۂ کنزالایمان: اور فرمایا کہ اپنے ہاتھ میں ایک جھاڑو لے کر اِس سے مار دے اور قسم نہ توڑ۔ (پارہ ۲۳، ع ۱۳)

''عالمگیری'' میں حیلوں کا ایک مُستقِل باب ہے جس کا نام ''کتابُ الحِیَل'' ہے چُنانچہ ''عالمگیری کتابُ الحِیَل'' میں ہے، ''جو حیلہ کسی کا حق مارنے یا اس میں شُبہ پیدا کرنے یا باطل سے فریب دینے کیلئے کیا جائے وہ مکروہ ہے اور جو حیلہ اس لئے کیا جائے کہ آدمی حرام سے بچ جائے یا حلال کو حاصل کرلے وہ اچھا ہے۔ اس قسم کے حیلوں کے جائز ہونے کی دلیل اللہ عزوجل کا یہ فرمان ہے:

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ

ترجمۂ کنزالایمان: اور فرمایا کہ اپنے ہاتھ میں ایک جھاڑو لیکر اس سے مار دے اور قسم نہ توڑ۔ (پارہ ۲۳، ع ۱۳)

(فتاویٰ عالمگیری ج۶ ص ۳۹۰)

## کان چھیدنے کا رَواج کب سے ہوا؟

حِیلے کے جَواز پر ایک اور دلیل مُلاحَظہ فرمایئے چُنانچہ **حضرت** سیِّدُنا عبداللہ ابنِ عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، کہ ایک بار حضرتِ سیِّدَتُنا سارہ

اور حضرتِ سیِّدَتُنا ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں کچھ چپقلش ہوگئی۔ حضرتِ سیِّدَتُنا سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قسم کھائی کہ مجھے اگر قابو ملا تو میں ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کوئی عُضو کاٹوں گی۔ اللہ عزوجل نے حضرتِ سیِّدُنا جبرئیل علیہ الصلوٰۃ السلام کو حضرت سیِّدُنا ابراھیم خلیلُ اللہ علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں بھیجا کہ ان میں صُلح کروا دیں۔ حضرتِ سیِّدَتُنا سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عَرض کی، ''مَاحِیْلَۃُ یَمِیْنِی'' یعنی میری قسم کا کیا حِیلہ ہوگا؟ تو حضرتِ سیِّدُنا ابراھیم خلیلُ اللہ علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر وَحْی نازِل ہوئی کہ (حضرتِ) سارہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو حُکم دو کہ وہ (حضرتِ) ہاجرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے کان چھید دیں۔ **اُسی وَقْت سے عورَتوں کے کان چھیدنے کا رَواج پڑا۔** (غمز عیون البصائر شرح الاشباہ والنظائر ج۳ ص ۲۹۵ ادارۃ القرآن)

# گائے کے گوشت کا تحفہ

**اُمُّ الْمُؤمِنِین** حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے رِوایت ہے کہ دو جہاں کے سلطان، سرورِ ذیشان، محبوبِ رَحمٰن عزَّوَجلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی خدمت میں گائے کا گوشت حاضِر کیا گیا، کسی نے عَرض کی، یہ گوشت حضرتِ سیِّدَتُنا بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر صَدَقہ ہُوا تھا۔ فرمایا: ھُوَ لَھَا صَدَقَۃٌ وَلَنَا ھَدِیَّۃٌ۔ یعنی یہ بریرہ کے لیے صَدَقہ تھا ہمارے لیے ہدِیّہ ہے۔ (صحیح مسلم ج۱ ص ۳۴۵)

# زکوٰۃ کا شَرْعی حیلہ

اِس حدیثِ پاک سے صاف ظاہر ہے کہ حضرتِ سَیِّدَتُنا بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو کہ صَدَقہ کی حقدار تھیں ان کو بطورِ صَدَقہ مِلا ہوا گائے کا گوشت اگرچہ ان کے حق میں صَدَقہ ہی تھا مگر ان کے قَبضہ کر لینے کے بعد جب بارگاہِ رسالت میں پیش کیا گیا تھا تو اُس کا حُکم بدل گیا تھا اور اب وہ صَدَقہ نہ رہا تھا۔ یوں ہی کوئی مستحق شخص زکوٰۃ اپنے قَبضہ میں لینے کے بعد کسی بھی آدمی کو تحفۃً دے سکتا یا مسجد وغیرہ کیلئے پیش کر سکتا ہے کہ مذکورہ مستحق شخص کا پیش کرنا اب زکوٰۃ نہ رہا، ھَدِیَّہ یا عَطِیَّہ ہوگیا۔ فُقہائے کرام رحمھم اللہ تعالیٰ **زکوٰۃ کا شرعی حیلہ** کرنے کا طریقہ یوں ارشاد فرماتے ہیں، **زکوٰۃ** کی رقم مُردے کی تَجہیز و تکفین یا مسجد کی تعمیر میں صَرف نہیں کر سکتے کہ تَملیکِ فقیر (یعنی فقیر کو مالک کرنا) نہ پائی گئی۔ اگر ان اُمور میں خَرچ کرنا چاہیں تو اِس کا طریقہ یہ ہے کہ **فقیر** کو (زکوٰۃ کی رقم کا) مالِک کر دیں اور وہ (تعمیرِ مسجد وغیرہ میں) صَرف کرے، اِس طرح ثواب دونوں کو ہوگا۔ (ردالمحتار ج۳ ص ۳۴۳)

# 100 افراد کو برابر برابر ثواب ملے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! کفن دَفن بلکہ تعمیرِ مسجد

میں بھی حیلۂ شَرْعی کے ذَرِیعہ زکوٰۃ استعمال کی جاسکتی ہے۔ کیونکہ زکوٰۃ تو فقیر کے حق میں تھی جب فقیر نے قَبضہ کرلیا تو اب وہ مالِک ہو چکا، جو چاہے کرے۔ حیلۂ شَرْعی کی بَرَکت سے دینے والے کی زکوٰۃ بھی ادا ہوگئی اور فقیر بھی مسجد میں دیکر ثواب کا حقدار ہوگیا۔ فقیرِ شَرْعی کو حیلے کا مسئلہ بے شک سمجھا دیا جائے۔ حیلہ کرتے وقت مُمکِن ہوتو زیادہ افراد کے ہاتھ میں رقم پھرانی چاہئے تا کہ سب کو ثواب ملے مَثَلاً حیلہ کے لئے فقیرِ شَرْعی کو ۱۲لاکھ روپے زکوٰۃ دی، قبضہ کے بعد وہ کسی بھی اسلامی بھائی کو تُحفۃً دیدے یہ بھی قبضے میں لیکر کسی اور مالک بنادے، یوں سبھی بہ نیّتِ ثواب ایک دوسرے کو مالِک بناتے رہیں، آخر والا مسجد یا جس کام کے لئے حیلہ کیا تھا اُس کیلئے دیدے تو اِن شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ سبھی کو بارہ بارہ لاکھ روپے صَدَقہ کرنے کا ثواب ملیگا۔ چُنانچہ حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت، تاجدارِ رسالت، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت، پیکرِ جُودوسخاوت، سراپا رَحمت، محبوبِ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا، اگر سو ہاتھوں میں صَدَقہ گزرا تو سب کو ویسا ہی ثواب ملیگا جیسا دینے والے کیلئے ہے اور اس کے اَجر میں کچھ کمی نہ ہوگی۔ (تاریخ بغداد ج۷ ص ۱۳۵ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

## فقیر کی تعریف

**فقیر** وہ ہے کہ (الف) جس کے پاس کچھ نہ کچھ ہو مگر اتنا نہ ہو کہ نِصاب کو پُہنچ جائے (ب) یا نِصاب کی قدر تو ہو مگر اس کی حاجتِ اَصْلِیَّہ (یعنی ضَروریاتِ زندگی) میں مُسْتَغْرَق (گھرا ہوا) ہو۔ مَثَلاً رہنے کا مکان، خانہ داری کا سامان، سُواری کے جانور (یا اسکوٹر یا کار) کاریگروں کے اَوزار، پہننے کے کپڑے، خِدمت کیلئے لونڈی، غلام، عِلْمی شُغُل رکھنے والے کے لیے اسلامی کتابیں جو اس کی ضَرورت سے زائد نہ ہوں (ج) اِسی طرح اگر مَدیُون (یعنی مَقروض) ہے اور دَین (یعنی قرضہ) نکالنے کے بعد نِصاب باقی نہ رہے تو **فقیر** ہے اگرچہ اس کے پاس ایک تو کیا کئی نِصابیں ہوں۔ (ردالمحتار ج۳ ص۳۳۳)

## مسکین کی تعریف

**مِسکین** وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ کھانے اور بدن چُھپانے کیلئے اس کا مُحتاج ہے کہ لوگوں سے سُوال کرے اور اسے سُوال حلال ہے۔ **فَقیر** کو (یعنی جس کے پاس کم از کم ایک دن کا کھانے کیلئے اور پہننے کیلئے موجود ہے) **بِغیر ضَرورت و مجبوری سُوال حرام ہے اور ایسوں کے سُوال پر دینا بھی**

**نا جائز ہے، دینے والا گنہگار ہوگا۔** (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص۱۸۸)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا جو بھکاری کمانے پر قادِر ہونے کے باوُجُود بِلاضَرورت و مجبوری بطورِ پیشہ بھیک مانگتے ہیں گُنہگار ہیں اور ایسوں کے حال سے باخبر ہواُسے ان کو دینا جائز نہیں۔



طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت

ایک چُپ سو سُکھ

## یہ رِسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات ، اجتماعات ، اعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کرکے ثواب کمایئے ، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے ، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے محلّہ کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے۔

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# زکوٰۃ کے حیلے کے بارے میں سُوال وجواب

**س:** زکوٰۃ کا حِیلہ کس طرح کیا جائے؟

**ج:** کسی فقیرِ شَرْعی کو یا اس کے وکیل کو مالِ زکوٰۃ کا مالِک بنا دیا جائے وہ اس مال پر قبضہ کرنے کے بعد کسی بھی کام (مسجد کی تعمیر وغیرہ) میں صَرْف کردے۔ یوں زکوٰۃ ادا ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں ثواب کے بھی حقدار ہوں گے۔ ان شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔

**س:** آپ نے ارشاد فرمایا، ''شَرْعی فقیر یا اس کے وکیل'' یہاں وکیل سے کیا مُراد ہے؟

**ج:** اِس سے مُراد وہ شخص ہے جسے شَرْعی فقیر نے اپنی زکوٰۃ وُصول کرنے کی اجازت دی ہو یا اس نے خود اس سے اجازت لی ہو۔

**س:** تو کیا وکیل بھی مالِ زکوٰۃ پر قبضہ کرنے کے بعد اسے کسی بھی کام میں صَرْف کرنے کا اختیار رکھتا ہے؟

**ج:** نہیں، البتہ اگر اسے فقیر نے اجازت دی ہو یا اس نے خود اجازت لی ہو تو

کر سکتا ہے۔

**س:** فقیرِ شرعی نے وکیل کو اپنی زکوٰۃ کسی بھی کام میں صَرف کرنے کی اجازت دی تھی یا اُس نے خود ہی لی تھی، تو کیا اِس صورت میں بھی شرعی فقیر کو مالِ زکوٰۃ پر قبضہ کرنا ضروری ہوگا؟

**ج:** جی نہیں کیونکہ وکیل کا قبضہ **مُوَکِّل** (یعنی وکیل کرنے والے) کا ہی قبضہ کہلائے گا۔

**س:** چندہ دیتے یا حیلہ میں رقم لوٹاتے وقت دینی یا سماجی کام کیلئے کُلّی اختیارات دینے کے مُحتاط الفاظ بتا دیجئے۔

**ج:** **مثلاً دعوتِ اسلامی کو** چندہ دیتے یا حیلہ میں رقم لوٹاتے وقت دینے والا یہ کہے، ''یہ رقم دعوتِ اسلامی جہاں مناسب سمجھے وہاں نیک و جائز کام میں خَرچ کرے''۔

**س:** شَرعی فقیر اپنے وکیل کو زکوٰۃ لیکر دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں میں صَرف

کرنے کے کُلّی اختیارات کس طرح دے؟

ج : وکیل کو کہنے کے مُحتاط الفاظ یہ ہیں، ''آپ میرے لئے جو بھی زکوٰۃ وُصول کریں اُسے دعوتِ اسلامی (یافُلاں فرد یاادارہ) کو یہ کہہ کو دے دیجئے کہ یہ رقم دعوتِ اسلامی (یافُلاں فرد یاادارہ) جہاں مناسِب سمجھے نیک و جائز کام میں خرچ کرے۔''

**س :** چندہ وُصول کرتے وقت کہنے کے مُحتاط الفاظ بھی بتادیجئے؟

ج : زکوٰۃ ،فطرہ ،صَدَقاتِ واجِبہ میں کُلّی اختیارات لینے کی حاجت نہیں کیوں کہ اس میں کسی بھی مستحق کو مالِک بنانا شَرط ہے لوگ اگرچہ زکوٰۃ وغیرہ بظاہر دعوتِ اسلامی کو دیتے ہیں مگر درحقیقت وہ دعوتِ اسلامی والوں کواپنی زکوٰۃ یا فطرہ کا ''وکیل'' بناتے ہیں ۔لھٰذا دعوتِ اسلامی میں اِس کا شَرعی حیلہ کیا جاتا ہے جس کا طریقہ اور مُحتاط الفاظ بیان کئے گئے ۔صَدَقاتِ واجِبہ کے علاوہ جو چندہ دیا جاتا ہے وہ نفلی صَدَقہ کہلاتا ہے۔چُنانچہ ایسا چندہ نیز قربانی کی کھال

لیتے وقت مُحتاط الفاظ یہ ہیں، ''آپ اجازت دیدیجئے کہ آپ کا چندہ یا کھال بیچ کر اس کی رقم دعوتِ اسلامی جہاں مناسب سمجھے وہاں نیک و جائز کام میں خَرچ کرے۔'' دینے والا ''ہاں'' کہہ دے یا کسی طرح بھی آپ کی بات سے مُتَّفِق ہو جائے تو کافی آسانی ہو جائے گی ورنہ اس کھال سے ملنے والی رقم یا چندہ کو دعوتِ اسلامی کے معروف طریقِ کار کے مطابق ہی خرچ کرنا ہوگا، اگر کسی اور نیک کام میں خرچ کر دیا تو تاوان ادا کرنا ہوگا یعنی جتنی رقم خرچ کی وہ پلّے سے لوٹانی پڑے گی۔ بہتر یہ ہے کہ مذکورہ جُملہ رسید پر لکھ دیا جائے اور جو چندہ یا کھال دے اُس کو پڑھا یا یا پڑھ کر سُنا دیا جائے۔

**س:** تاوان کس طرح ادا کرنا ہوگا؟

**ج:** جس نے کھال یا رقم وغیرہ دی اسے دیدے یا اس کی اجازت سے خرچ کرے۔

**س:** اس طرح تو بہُت مشکل ہو جائیگی کیونکہ چندہ وغیرہ دینے والوں کا تو پتا چلنا اکثر دشوار ہوتا ہے، کوئی آسان حل بتلا دیجئے۔

ج : پتا نہ ہونے کی صورت میں اتنی رقم جو تاوان کی مَدّ میں ادا کی جائے اسے انہیں کاموں میں صَرف کریں جن کے لئے چندہ وغیرہ دینے والوں نے کہا تھا۔ مَثَلاً مسجِد کے لئے چندہ لیا اور اسے مدرَسہ میں خرچ کر دیا تو اب اتنی رقم اپنے پلّے سے مسجِد میں خَرچ کی جائے۔

**س** : اگر کسی نے خاص مدرَسہ کے نام پر چندہ دیا تو کیا وہ دعوتِ اسلامی کے دیگر مَدَنی کاموں میں خرچ کر سکتے ہیں؟

ج : نہیں کر سکتے۔ اگر کیا تو تاوان دینا ہو گا۔ کیوں کہ شَرعی مسئلہ یہ ہے کہ جس مَدّ (یعنی کام) کیلئے چندہ لیا اُسی میں خَرچ کرنا ہو گا۔ حتّٰی کہ اگر بچ گیا تو جس نے دیا اُسی کو لوٹانا ہو گا یا اس کی اجازت سے خَرچ کرنا ہو گا۔

**س** : مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے اگر کسی نے زکوٰۃ یا فطرہ بِغیر حیلۂ شَرعی کے غیرِ مَصرَفِ زکوٰۃ و فطرہ میں خرچ کر ڈالا ہو تو اس کی توبہ کا کیا طریقہ ہے؟

ج : یہاں جہالت عُذر نہیں۔ اِس نے کیوں نہیں سیکھا! اگر بِالفرض کسی نے زکوٰۃ یا

فطرہ کی رقم کو بغیر حیلۂ شرعی غیرِ مصرفِ زکوٰۃ وفطرہ میں خرچ کر ڈالا تو توبہ کیساتھ ساتھ اُس پر تاوان بھی لازم آئیگا۔ مَثَلًا کسی نے دعوتِ اسلامی کو زکوٰۃ دی اور ذمّہ دار نے بغیر حیلہ کئے وہ رقم تعمیرِ مسجد یا مُدرِّس کی تنخواہ یا اسی طرح کے نیک کاموں میں صَرف کر دی تو اُسے پلّے سے مذکورہ طریقۂ کار کے مطابق تاوان ادا کرنا ہوگا اگرچہ وہ رقم لاکھوں بلکہ کروڑوں کی ہو، اِس کیلئے فقط توبہ کافی نہیں۔

**س:** جس نے لاکھوں روپے کی زکوٰۃ بغیر حیلے کے غیرِ مصرف میں صَرف کر دی ہو اور اب مسئلہ معلوم ہوا ہو مگر تاوان دینے کیلئے رقم نہ ہو تو کیا کرے؟

**ج:** اگر یہ اب فقیرِ شرعی ہے تو اُس پر جتنا تاوان ہے اُتنی زکوٰۃ دیکر اُس کو اس کا مالِک بنا دیا جائے اب جن جن کی زکوٰۃ کا اس نے غلط استعمال کر ڈالا تھا مذکورہ طریقۂ کار کے مطابق تاوان ادا کرے۔

**س:** اگر کسی سیِّد نے یہ بھول کی ہو تو کیا کرے کیوں کہ سیِّد سے تو زکوٰۃ کا حیلہ بھی نہیں

کر سکتے؟

ج : اگر کسی سیِّد نے مَثَلاً زید کے ایک لاکھ روپے کی زکوٰۃ غیرِ مَصْرَف میں صَرْف کردی تو اب بطورِ چندہ ملی ہوئی زکوٰۃ کا کسی فقیرِ شَرْعی کو مالِک بنادیا جائے۔ فقیرِ شَرْعی قبضہ میں لینے کے بعد وہ رقم سیِّد صاحِب کی نَذْر کردیں، اب سیِّد صاحِب قبضہ کر لینے کے بعد اُس رقم کو تاوان کے مَدّ میں ادا کریں اور توبہ بھی کریں۔

س : دعوتِ اسلامی بَہُت ہی بڑی تحریک ہے، ہر فرد مسائل سے واقِف نہیں ہوتا، ان مُعاملات کا حل کیا؟

ج : جس پر زکوٰۃ فَرْض ہوئی اُس پر یہ بھی فرض ہے کہ زکوٰۃ کے ضَروری مسائل سیکھے اِسی طرح چندہ لینے والے پر بھی یہ فرض ہے کہ اِس کے ضَروری مسائل سیکھے۔ ہر ذِمّہ دار کو چاہئے کہ جس کو چندہ یا قربانی کی کھالیں وُصول کرنے کی اجازت دیں اُس کی تربیت بھی کریں۔

**س:** کیا حیلہ کرتے وقت شَرعی فقیر کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ واپَس دے دینا، رکھ مت لینا وغیرہ؟

**ج:** نہ کہے۔ بِالفرض ایسا کہہ بھی دیا تب بھی زکوٰۃ کی ادائیگی وحیلہ میں کوئی فَرق نہیں پڑے گا کیونکہ صَدَقات وزکوٰۃ اور تُحفہ دینے میں اِس قسم کے شَرطِیّہ اَلفاظ فاسِد ہیں۔ اعلیٰ حضرت، امام اہلِ سنّت، مُجدِّدِ دین وملّت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فتاویٰ شامی (کتاب الزکاۃ، باب المَصْرَف ج۳ص ۲۹۳ مطبوعہ ملتان) کے حوالے سے فرماتے ہیں، ''ہِبہ اور صَدَقہ شرطِ فاسِد سے فاسِد نہیں ہوتے''۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۰ص ۱۰۸ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور)

**س:** حُضُور اگر حِیلہ کرنے کیلئے شَرعی فقیر کو زکوٰۃ دی جائے اور وہ لے کر رکھ لے تو کیا اب اس سے نیک کاموں کیلئے جَبراً نہیں لے سکتے؟

**ج:** نہیں لے سکتے، کیونکہ اب وہ مالِک ہو چکا اور اسے اپنے مال پر اختیار

حاصل ہے۔ (اَیضاً)

**س:** اِس طرح پھر حیلہ کیسے کروایا جائے؟ اگر کسی فقیرِ شَرْعی نے لاکھوں روپے کی زکوٰۃ رکھ لی تو؟ اس کا کوئی مَدَنی طریقہ ارشاد فرمادیجئے۔

**ج:** اس کا ایک بہترین طریقہ بیان کرتے ہوئے میرے آقا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں، ''اِس کا بے خَلِش طریقہ یہ ہے کہ مَثَلاً مالِ زکوٰۃ سے بیس ۲۰ روپے سیِّد کی نَذْر یا مسجِد میں صَرْف کیا چاہتا ہے کسی فقیرِ عاقِل بالغ مَصْرَفِ زکوٰۃ کو کوئی کپڑا مَثَلاً ٹوپی یا سیر سوا سیر غلّہ دکھائے کہ یہ ہم تمھیں دیتے ہیں مگر مفت نہ دیں گے بیس ۲۰ روپے کو بیچیں گے، یہ روپے تمھیں ہم اپنے پاس سے دیں گے کہ ہمارے مطالب میں واپس کردو، وہ خواہ مخواہ راضی ہوجائے گا، جانے گا کہ مجھے تو یہ چیز یعنی کپڑا یا غلّہ مفت ہی ہاتھ آئے گا، اب بَیعِ شَرْعی کر کے بیس روپے بہ نیتِ زکوٰۃ اسے دے، جب وہ قابِض ہوجائے اپنے مطالبۂ ثَمَن (یعنی اب وہ قیمت

جو خرید و فروخت کے وقت طے ہوئی تھی ، فقیر سے اپنے مُطالَبہ میں ) لے لے ، اوّل تو وہ خود ہی دے دے گا کہ سِرے سے اسے ان روپوں کے اپنے پاس رَہنے کی اُمّید ہی نہ تھی کہ وہ گِرہ سے جاتا سمجھے ، اسے تو صِرف اِس کپڑے یا غَلّے کی اُمّید تھی وہ حاصِل ہے تو انکار نہ کرے گا اور کرے بھی تو یہ جبراً چھین لے کہ وہ اِس قَدَر اس کا مَدْیُون (یعنی مَقروض) ہے اور دائِن (یعنی قرض دینے والا) جب اپنے دَین (قرض) کی جِنْس سے مالِ مَدْیُون پائے تو بِالاتِّفاق بے اس کی رِضامندی کے لے سکتا ہے ، اب یہ روپے لے کر بطورِ خود نَذْرِ سَیِّد یا بِنائے مسجِد میں صَرف کر دے کہ دونوں مُرادیں حاصِل ہیں "۔ (فتاوی رضویہ ج ١٠ ص ١٠٨ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور)

**س :** برائے مہربانی بیان کردہ طریقہ آسان اَلفاظ میں بتا دیجئے :

**ج :** فیضانِ رضا سے عَرض کرنے کی سَعْی کرتا ہوں ، زَیدِ عاقِل و بالِغ جو کہ فقیرِ شَرْعی ہے اس سے ایک لاکھ روپے زکوٰۃ کا حِیلہ کروانا ہے مگر خَدْشہ ہے کہ

یہ رقم رکھ لے گا تو اُس کو مَثَلاً ایک قلم دکھا کر ایک لاکھ روپے میں اُدھار بیچ دیجئے اور وہ قَلَم پر قبضہ کر لے اِس طرح وہ آپ کے ایک لاکھ روپے کا مقروض ہو گیا، اب اُس کو ایک لاکھ روپے زکوٰۃ کا مالِک بنا دیجئے اِس کے بعد اُس سے ایک لاکھ روپے قرضہ کا مطالبہ کیجئے۔ بِالفرض وہ نہ بھی دے تو چِھین کر بھی لے سکتے ہیں۔

**س :** حِیلہ کرنے کیلئے فقیرِ شَرعی نہ ملے تو کیا کسی صاحِبِ نِصاب کو فقیرِ شَرعی بنانے کا بھی کوئی حیلہ ہے؟

**ج :** جی ہاں، بَہُت آسان طریقہ ہے۔ مَثَلاً زید عاقِل و بالِغ کے پاس حاجتِ اَصلِیّہ سے زائد 50000 پاکستانی روپے ہیں اور یوں وہ صاحِبِ نصاب ہے۔ اِس کو اتنا قَرضدار بنا دیجئے کہ وہ صاحِبِ نِصاب نہ رہے مَثَلاً اُس کو ایک عِطْر کی شیشی ایک لاکھ روپے میں بیچ دیجئے وہ شیشی پر قبضہ کر لینے کے بعد فقیرِ شَرعی ہو گیا کیوں کہ اگر وہ اپنے پاس موجود ساری رقم بھی

دے دے تب بھی 50000 کا مقروض رہے گا۔ اب اس کو ایک ساتھ جتنی بھی زکوٰۃ کی رقم مَثَلاً پچاس لاکھ روپے دے دیجئے وہ قبضہ کرنے کے بعد چاہے تو اس میں سے قرضہ بھی ادا کر دے اور بقیّہ رقم بھی کسی کام میں صَرف کرنے کیلئے دیدے۔ یوں بھی ہو سکتا ہے کہ مَثَلاً وہ ساری ہی رقم مسجِد بنانے کیلئے دیدے اور پھر آپ چاہیں تو اُس کا قرضہ مُعاف کر دیجئے بلکہ اُس کے زکوٰۃ کی رقم پر قبضہ کرتے ہی آپ نے اپنا قرضہ مُعاف کر دیا تب بھی حَرَج نہیں۔ یہ یاد رہے کہ قرض کی ادائیگی یا مُعافی کی صورت میں زید مذکور اگرچہ حیلہ کی رقم لوٹا چکا ہو غنی یعنی صاحِبِ نصاب رہے گا۔ کیوں کہ قرض کی ادائیگی یا مُعافی کی صورت میں اس کے پاس حاجتِ اصلیہ سے زائد 50000 روپے پہلے کے موجود ہیں۔ اگر اُس کے ساتھ مزید حیلے کرنے ہوں تو اس کو مقروض ہی رہنے دیجئے یا بار بار مقروض بناتے رہئے۔

**س :** کیا چیک کے ذَرِیعے حِیلہ ہوسکتا ہے؟

**ج :** جی نہیں۔ چیک کے ذَرِیعے زکوٰۃ ادا نہیں ہوسکتی۔

**س :** بینک سے بڑی رقم نکلوانے اور پھر شرعی فقیر کے قبضہ میں دینے پھر اس سے لے کر دوبارہ بینک میں جمع کروانے میں حَرَج ہوتا ہے کوئی آسان حل ارشاد فرمادیجئے۔

**ج :** شرعی فقیر اپنے نام سے بینک میں اتنی رقم کا اِکاؤنٹ کُھلوا لے کہ وہ شرعی فقیر ہی رہے پھر جتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں اسے دینی ہے اسے بتا کر اس کے اکاؤنٹ میں جمع کروادی جائے۔ جب وہ رقم اس کے اکاؤنٹ میں جمع ہوگئی تو زکوٰۃ ادا ہوگئی اب وہ کسی بھی نیک یا جائز کام میں صَرف کرنے کے لئے کسی کو اختیار دیدے۔ اس کی تفصیل پہلے بیان ہوچکی۔

**فرمانِ مصطفےٰ:** صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم ”**جو حق پر ہونے کے باوُجود جھگڑا نہیں کرتا میں اس کے لئے اعلٰی جنّت میں گھر کا ضامن ہوں۔**“

(سُنَن ابی داوٗد ج ٤ ص ١٣٣٢ حدیث ٤٨٠٠)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# بچّے کو مسجِد میں لانے کی حدیث میں ممانعت ہے

سلطانِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نزولِ سکینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا فرمانِ باقرینہ ہے، مسجدوں کو **بچّوں** اور **پاگلوں** اور خرید وفروخت اور جھگڑے اور **آواز بلند کرنے** اور حُدود قائم کرنے اور تلوار کھینچنے سے بچاؤ۔ (ابنِ ماجہ ج ۱ ص ٤١٥، حدیث ٧٥٠)

**ایسا بچّہ جس سے نجاست** (یعنی پیشاب وغیرہ کردینے) **کا خطرہ ہو اور پاگل کو مسجد کے اندر لے جانا حرام ہے اگر نجاست کا خطرہ نہ ہو تو مکروہ۔** جولوگ جوتیاں مسجد کے اندر لے جاتے ہیں ان کو اِس کا خیال رکھنا چاہئے کہ اگر نَجاست لگی ہوتو صاف کرلیں اور جوتا پہنے مسجد میں چلے جانا بے ادبی ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۹۲)

مسجد میں بچّہ یا **پاگل** (یا بے ہوش یا جس پر جن آیا ہوا ہو اس) کو مسجد میں دم کروانے کیلئے بھی لانے کی شریعت میں اجازت نہیں۔ بچّہ کو اچھی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بھی نہیں لاسکتے اگر آپ بچّہ وغیرہ کو مسجد میں لانے کی بھول کرچکے ہیں تو برائے کرم! فوراً توبہ کرکے آئندہ نہ لانے کا عہد کیجئے۔ (جو ایسے وقت پرچہ پڑھے کہ بچّہ اُس کے ساتھ ہے تو درخواست ہے کہ فوراً بچّہ کو مسجد سے باہر لے جائے اور توبہ بھی کرے ہاں فنائے مسجد میں بچّہ کو لاسکتے ہیں جبکہ مسجد کے اندر سے نہ گزرنا پڑے)



١٩ رمضان المبارك ١٤٢٦ھ

# نمازِ جنازہ کا طریقہ




- ولی کے جنازہ میں شرکت کی برکت 371
- قبر میں پہلا تحفہ 376
- جنتی کا جنازہ 377
- اُحد پہاڑ جتنا ثواب 378
- میت کے نہلانے وغیرہ کی فضیلت 379
- بالغ مرد وعورت کے جنازہ کے دُعاء 383
- غائبانہ نمازِ جنازہ 385
- پاگل یا خودکشی والے کا جنازہ 387
- جنازہ کو کندھا دینے کا ثواب 388
- بچہ کا جنازہ اُٹھانے کا طریقہ 389
- کیا شوہر بیوی کے جنازہ کو کندھا دے سکتا ہے؟ 390
- غیر مسلم کا جنازہ 391


ورق الٹئے ---

٧٨٦

قُفل مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللہ

بقیع

# نمازِ جنازہ کا طریقہ (حنفی)

## اس رسالے میں ۔۔۔۔

☆ حکایات ۔۔۔

☆ جنّتی کا جنازہ ۔۔۔

☆ جنازہ کی دعائیں ۔۔۔

☆ غائبانہ نمازِ جنازہ ۔۔۔

☆ خودکشی والے کا جنازہ ۔۔۔

☆ کافری جنازہ ۔۔۔

☆ بچہ کا جنازہ اٹھانے کا طریقہ ۔۔۔

ورق الٹیئے ۔۔۔۔

# مُتوجِّہ ہوں

جنازہ کے انتِظار میں جہاں لوگ جَمْع ہوں وہاں اِس رِسالہ سے دَرْس دیکر خوب ثواب کمایئے۔نیز اپنے مَرحُومین کے ایصالِ ثواب کیلئے ایسے موقع پر جنازہ کے جُلوس میں یا تعزیَّت کیلئے جَمْع ہونے والوں میں یہ رِسالے تقسیم فرمایئے۔

ھدیۃً ملنے کا پتا : مکتبۃ المدینہ ، فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شیطان لاکھ روکے یہ رِسالہ (٢٤ صَفحات) مکمَّل پڑھ لیجئے ، ان شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے فوائد خود ھی دیکھ لیں گے۔

# نمازِ جنازہ کا طریقہ (حنفی)

## دُرُود شریف کی فضیلت

**نبیوں** کے سُلطان ، رَحْمتِ عالَمیان ، سردارِ دو جہان محبوبِ رَحْمٰن عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ بَرَکت نشان ہے، ''جو مجھ پر ایک بار دُرُود شریف پڑھتا ہے اللّٰہ تعالٰی اُس کے لئے **ایک قیراط** اَجْر لکھتا ہے اور قیراط **اُحُد پہاڑ** جتنا ہے۔'' (مُصَنَّف عبد الرزاق ج١ ص٥١ حدیث ١٥٣ دار الکتب العلمیہ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

فرمانِ مصطفےٰ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

# ولی کے جنازہ میں شرکت کی بَرَکت

**ایک** شَخْص حضرتِ سَیِّدُ ناسَرِی سَقَطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے جنازہ میں شریک ہوا۔ رات کو خواب میں حضرت سَیِّدُ ناسَرِی سَقَطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زیارت ہوئی تو پوچھا، **ما فَعَلَ اللّٰہُ بِكَ ؟** یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیامُعامَلہ فرمایا؟ جواب دیا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے میری اور میرے جنازے میں شریک ہوکر نمازِ جنازہ پڑھنے والوں کی **مغفِرت** فرمادی۔ اُس نے عَرض کی، یاسیِّدی! میں نے بھی **آپ** کے جنازے میں شریک ہوکر نمازِ جنازہ پڑھی **تھی**۔ تو **آپ** نے ایک فِہرِس نکالی مگر اُس شَخْص کا نام شامِل نہ تھا، جب **غور** سے دیکھا تو اُس کا نام **حاشِیہ** پر موجود تھا۔ (شَرْحُ الصُّدور ص ۲۷۹ دار الکتاب العربی بیروت)

# عقیدت مندوں کی بھی مغفِرت

**حضرتِ** سَیِّدُ نا بِشرِ حافی علیہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الکافی کو اِنتِقال کے بعد قاسم بن

مُنَبِّہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خواب میں دیکھ کر پوچھا، **مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ ؟** یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیا مُعامَلہ فرمایا؟ جواب دیا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے مجھے بَخْش دیا اور ارشاد فرمایا، اے بِشر! تم کو بلکہ تمھارے **جنازے** میں جو جو شریک ہوئے ان کو بھی میں نے **بَخْش** دیا۔ تو میں نے عَرْض کی، یارَبّ عَزَّوَجَلَّ مجھ سے مَحَبَّت کرنے والوں کو بھی بَخْش دے۔ تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی **رَحْمت** مزید جوش پر آئی، اور فرمایا، **قِیامت تک جو تم سے مَحَبَّت کریں گے اُن سب کو بھی میں نے بَخْش دیا۔** (شَرْحُ الصُّدور ص ۲۷۵ دارلکتاب العربی بیروت)

اعمال نہ دیکھے یہ دیکھا، ہے میرے ولی کے در کا گدا
خالِق عزوجل نے مجھے یوں بَخْش دیا، سُبْحٰنَ اللّٰہ عزوجل سُبْحٰنَ اللّٰہ عزوجل

رحمہم اللہ تعالیٰ

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ والوں سے نسبت باعِثِ سعادت، ان کا ذِکرِ خیر باعِثِ نُزولِ رَحْمت، ان کی صُحبت دو جہاں کیلئے بابَرَکت، ان کے

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

مزارات کی زیارت تریاقِ اَمراضِ مَعصیَت اور ان کی عقیدت ذریعۂ نجاتِ آخِرت ہے۔ الحمدُ للہ عزّوَجلّ ہمیں بھی اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالیٰ سے عقیدت اور ولیِ کامل حضرتِ سیّدُنا بِشرِ حافی علیہ رَحْمۃُ اللہِ الکافی سے مَحَبَّت ہے یااللہ عزوجل! ان کے صَدْقے ہماری بھی مغفِرت فرما۔

امین بجاہِ النَّبیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

بِشرِ حافی علیہ رحمۃ اللہ الکافی سے ہمیں تو پیار ہے
ان شاءَ اللہ عزوجل اپنا بیڑا پار ہے

## کفن چور

ایک عورت کی نمازِ جنازہ میں ایک **کفن چور** بھی شامِل ہو گیا اور قبرِستان ساتھ جا کر اُس نے قَبْر کا پتا محفوظ کرلیا۔ جب رات ہوئی تو اس نے کفن چُرانے کیلئے قبْر کھود ڈالی۔ یکا یک مرحومہ بول اُٹھی، سُبحٰنَ اللہ عزوجل! ایک

مغفور (یعنی بَخشِش کا حقدار) شَخْص مغفورہ (یعنی بخشی ہوئی) عورت کا کفن چُراتا ہے! سُن، اللہ تعالیٰ نے میری بھی **مغفِرت** کردی اور اُن تمام لوگوں کی بھی جنہوں نے میرے جنازے کی **نماز** پڑھی اور تُو بھی اُن میں شریک تھا۔ یہ سُن کر اُس نے فوراً قَبْر پر مِٹّی ڈال دی اور **سچے دل** سے تائِب ہوگیا۔

(شَرْحُ الصُّدورص ۱۰۲ دارلکتاب العربی بیروت)

## شُرَکائے جنازہ کی بخشِش

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! نیک بندوں کی نَمازِ جنازہ میں حاضِری کِس قَدَر سعادتمندی کی بات ہے۔ جب بھی موقَع ملے بلکہ موقع نکال کر مسلمانوں کے جَنازوں میں **شرکت** کرتے رَہنا چاہئے، ہوسکتا ہے کسی نیک بندہ کے جنازے میں **شُمولیّت** ہمارے لئے **سامانِ مغفِرت** بن جائے۔ خدائے رَحْمٰن عزوجل کی **رَحْمت** پر قربان کہ جب وہ کسی مرنے والے کی مغفِرت فرمادیتا ہے

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

تو اُس کے جنازہ کا ساتھ دینے والوں کو بھی **بَخشش** دیتا ہے۔ چُنانچہ حضرتِ سیِّدُ نا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے اِرشادِ فرمایا، "بندۂ موٴمن کو مرنے کے بعد سب سے پہلی جزا یہ دی جائے گی کہ اس کے تمام **شُرکائے جنازہ** کی **بَخشِش** کردی جائیگی۔"

(شُعَب الایمان ج۷ ص۷ حدیث ۹۲۵۸ دار الکتب العلمیہ بیروت)

## قبر میں پہلا تحفہ

**سرکارِ نامدار،** دوعالم کے **مالِک** ومختار شہنشاہِ اَبرار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ مغفِرت نشان ہے، مومن جب **قَبْر** میں داخِل ہوتا ہے تو اس کو سب سے **پہلا تحفہ** یہ دیا جاتا ہے کہ اس کی **نمازِ جنازہ پڑھنے والوں کی مغفِرت** کردی جاتی ہے۔

(کنزالعمال ج ۱۵ ص ۵۹۵)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

# جنّتی کا جنازہ

**میٹھے میٹھے** آقا مَدَنی مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا **فرمانِ عافیت نشان** ہے، جب کوئی **جنّتی شخص** فوت ہو جاتا ہے، تو اللہ عَزَّوَجَلَّ حیا فرماتا ہے کہ ان لوگوں کو عذاب دے جو اس کا جنازہ لیکر چلے اور جو اِس کے پیچھے چلے اور جنہوں نے اِس کی نمازِ جنازہ ادا کی۔ (الفردوس بما نور الخطاب ج ۱ ص ۲۸۲ حدیث ۱۱۰۸)

# جنازہ کا ساتھ دینے کا ثواب

**حضرتِ** سیّدُ نا داؤد عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام بارگاہِ خداوندی عزوجل میں عَرض کرتے ہیں، یا اللہ عزوجل! جس نے مَحض تیری رِضا کے لئے **جنازہ** کا ساتھ دیا، اُس کی جزا کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، جس دن وہ **مرے** گا تو فرِشتے اُس کے جنازے کے ہمراہ چلیں گے اور میں اس کی **مغفِرت** کروں گا۔

(شَرحُ الصُّدور ص ۱۰۱ دارلکتاب العربی بیروت)

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

# اُحُد پہاڑ جتنا ثواب

**حضرتِ** سیّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ سرکارِ مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم نے اِرشادِ فرمایا کہ جو شخص (ایمان کا تقاضا سمجھ کر اور حُصولِ ثواب کی نیّت سے) اپنے گھر سے جنازہ کے ساتھ چلے، نَماز جنازہ پڑھے اور دَفن تک جنازہ کے ساتھ رہے اُس کے لیے دو قیراط ثواب ہے جس میں سے ہر قیراط اُحد (پہاڑ) کے برابر ہے اور جو شخص صِرف جنازہ کی نَماز پڑھ کر واپس آجائے (اور تدفین میں شریک نہ ہو تو) تو اس کے لیے **ایک قیراط** ثواب ہے۔ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۰۷ طبعة افغانستان)

# نمازِ جنازہ باعثِ عبرت ہے

**حضرتِ** سیّدُنا ابو ذرّ غِفاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ارشاد ہے، مجھ سے سرکارِ دوعالم، نورِ مجسّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحتشَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم نے فرمایا

قبروں کی زیارت کروتا کہ آخِرت کی یاد آئے اور مُردہ کو نہلاؤ کہ فانی جسم (یعنی مُردہ جسم) کا چُھونا بہُت بڑی نصیحت ہے اور نمازِ جنازہ پڑھوتا کہ یہ تمہیں غمگین کرے کیوں کہ غمگین انسان اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سائے میں ہوتا ہے اور نیکی کا کام کرتا ہے۔ (المستدرَک لِلحاکم ج۱ ص۷۱۱ حدیث ۱۴۳۵ دار المعرفة بیروت)

## مَیِّت کو نہلانے وغیرہ کی فضیلت

**حضرتِ** مولائے کائنات، سَیِّدُنا علیُّ الْمُرتَضٰی شیرِ خدا کَرَّمَ اللہُ تعالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے روایت ہے کہ سلطانِ دو جہان شَہَنشاہِ کون ومکان، رَحمتِ عالمیان صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم نے اِرشادِ فرمایا کہ جو کسی مَیِّت کو نہلائے، کفن پہنائے، خوشبو لگائے، جنازہ اُٹھائے، نماز پڑھے اور جو ناقِص بات نظر آئے اسے چُھپائے وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے جیسا جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔ (سنَنِ ابنِ ماجه ج۲ ص۲۰۱ حدیث ۱۴۶۲ دارالکتب العلمیه بیروت)

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

# جنازہ دیکھ کر کہئے

**حضرتِ** سیِّدُنا مالِک بن اَنَس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بعدِ وفات کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا، **ما فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ ؟** یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیا سُلوک فرمایا؟ کہا، ایک کلمہ کی وجہ سے بَخش دیا جو حضرتِ سیِّدُنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنازہ کو دیکھ کر کہا کرتے تھے، **سُبْحٰنَ الْحَيِّ الَّذِی لَایَمُوْتُ** (یعنی وہ ذات پاک ہے جو زندہ ہے اُسے کبھی موت نہیں آئے گی) لہٰذا میں بھی جنازہ دیکھ کر یہی کہا کرتا تھا اس کلمہ (کہنے) کے سبب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے بَخش دیا۔

(مُلَتَّخصاً اِحْیاء العلوم ج ٥ ص ٢٦٦ دار صادر بیروت)

## نَمازِ جنازہ فرضِ کِفایہ ہے

**نمازِ جنازہ** فرضِ کِفایہ ہے یعنی کوئی ایک بھی ادا کرلے تو سب بَرِیُّ

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

الذِّمَّہ ہوگئے ورنہ جن جن کو خبر پہنچی تھی اور نہیں آئے وہ سب گنہگار ہوں گے (فتاویٰ تاتارخانیہ ج۲ص۱۵۳) اِس کے لئے جماعت شرط نہیں، ایک شخص بھی پڑھ لے تو فرض ادا ہوگیا (فتاویٰ عالمگیری ج۱ص۱۶۲) اس کی فرضیّت کا انکار کُفر ہے۔

(فتاویٰ تاتارخانیہ ج۲ص۱۵۴)

## نَمازِ جنازہ میں دو رُکن اور تین سُنَّتیں ہیں

**دو رُکن یہ ہیں:** (۱) چار بار اللّٰہُ اکبر کہنا (۲) قِیام۔ اس میں **تین** سنتِ مُؤَکَّدہ یہ ہیں: (۱) ثَناء (۲) دُرُود شریف (۳) مَیِّت کیلئے دُعاء۔

(دُرِّمُختار معہ ردالمحتار ج۳ص۱۲۴)

## نَمازِ جنازہ کا طریقہ (حنفی)

**مُقتدی** اِس طرح نیّت کرے: ''میں نیّت کرتا ہوں اِس جنازہ کی نَماز کی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے ربّ کا رسول ہوں۔

واسطے اللہ عزّوجلّ کے دُعا اِس میّت کیلئے، پیچھے اِس امام کے'' (فتاویٰ تاتارخانیہ ج ۲ ص ۱۵۳) اب امام و مُقتدی پہلے کانوں تک ہاتھ اُٹھائیں اور ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہتے ہوئے فوراً حسبِ معمول ناف کے نیچے باندھ لیں اور ثناء پڑھیں۔ اس میں ''وَتَعَالٰی جَدُّكَ کے بعد وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ پڑھیں، پھر بِغیر ہاتھ اُٹھائے ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہیں، پھر دُرُودِ ابراھیم پڑھیں، پھر بِغیر ہاتھ اٹھائے ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہیں اور دُعا پڑھیں (امام تکبیریں بُلند آواز سے کہے اور مُقتدی آہستہ۔ باقی تمام اَذکار امام و مُقتدی سب آہستہ پڑھیں) دُعا کے بعد پھر ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہیں اور ہاتھ لٹکا دیں پھر دونوں طرف سلام پھیر دیں۔ (حاشیۃ الطحطاوی ص ۵۸۴)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

# بالغ مرد و عورت کے جنازہ کی دُعاء

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا | الٰہی عزوجل بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے |
| وَشَاھِدِنَا وَ غَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا | ہر فوت شُدہ کو اور ہمارے ہر حاضر کو اور |
| وَکَبِیْرِنَا وَ ذَکَرِنَا وَ اُنْثٰنَا | ہمارے ہر غائب کو اور ہمارے ہر چھوٹے کو |
| اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا | اور ہمارے ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد کو اور |
| فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ | ہماری ہر عورت کو۔ الٰہی عزوجل تو ہم میں سے جس کو |
| وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ | زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور ہم |
| عَلَی الْاِیْمَانِ ؕ | میں سے جس کو موت دے تو اس کو ایمان پر |
| | موت دے۔ |

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

## نابالغ لڑکے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا ط

الٰہی عزوجل اس (لڑکے) کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنیوالا بنا دے اور اس کو ہمارے لئے اَجر (کا مُوجِب) اور وقت پر کام آنیوالا بنا دے اور اس کو ہماری سِفارش کرنیوالا بنا دے اور وہ جس کی سِفارش منظور ہو جائے۔

## نابالغ لڑکی کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً ط

الٰہی عزوجل اِس (لڑکی) کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنیوالی بنا دے اور اس کو ہمارے لئے اَجْر (کی مُوجِب) اور وُقت پر کام آنیوالی بنا دے اور اس کو ہمارے لئے سِفارش کرنیوالی بنا دے اور وہ جس کی سِفارش منظور ہو جائے۔

(مشکوٰۃُ المصابیح ص ١٤٦، فتاویٰ عالمگیری ج ١ ص ١٦٤)

# جُوتے پر کھڑے ہو کر جنازہ پڑھنا

**جوتا** پہن کر اگر **نمازِ جنازہ** پڑھیں تو جوتے اور زمین دونوں کا پاک ہونا ضَروری ہے اور جوتا اُتار کر اُس پر کھڑے ہو کر پڑھیں تو جُوتے کے تلے اور زمین کا پاک ہونا ضَروری نہیں۔ میرے آقا اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرَّحمٰن ایک سُوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "اگر وہ جگہ پیشاب وغیرہ سے ناپاک تھی یا جن کے جُوتوں کے تلے ناپاک تھے اور اس حالت میں جوتا پہنے ہوئے نَماز پڑھی ان کی نماز نہ ہوئی، اِحتیاط یہی ہے کہ جُوتا اُتار کر اُس پر پاؤں رکھ کر نَماز پڑھی جائے کہ زمین یا تلا اگر ناپاک ہو تو نَماز میں خلل نہ آئے۔"

(فتاوٰی رضویہ مخرجہ ج۹ ص ۱۸۸)

# غائبانہ نمازِ جنازہ

**میِّت** کا سامنے ہونا ضَروری ہے، **غائبانہ نمازِ جنازہ** نہیں ہو سکتی۔ (درمختار معہ ردالمحتار ج۳ ص۱۲۳) **مُستَحَب** یہ ہے کہ امام میِّت کے سینے کے سامنے کھڑا ہو۔ (مراقی الفلاح معہ حاشیۃ الطحطاوی ص۵۸۳)

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

# چند جنازوں کی اِکٹھی نماز کا طریقہ

**چند** جنازے ایک ساتھ بھی پڑھے جاسکتے ہیں اس میں اِختیار ہے کہ سب کو آگے پیچھے رکھیں یعنی سب کا سینہ امام کے سامنے ہو یا قِطار بند۔ یعنی ایک کے پاؤں کی سیدھ میں دوسرے کا سِر ہانا اور دوسرے کے پاؤں کی سیدھ میں تیسرے کا سِر ہانا وَعلیٰ ھٰذَا الْقِیَاس (یعنی اِسی پر قیاس کیجئے)

(بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص ١٥٧ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

# جنازہ میں کتنی صَفیں ہوں؟

**بہتر** یہ ہے کہ جنازے میں تین صَفیں ہوں کہ حدیثِ پاک میں ہے، **جسکی نَماز** (جنازہ) **تین صَفوں نے پڑھی اُس کی مغفِرت ہوجائیگی** (جامِع ترمذی ج ١ ص ٢٢) اگر کُل سات ہی آدمی ہوں تو ایک امام بن جائے اب پہلی صَف میں تین کھڑے ہوجائیں دوسری میں دو اور تیسری میں ایک (غنیۃ المستملی ص ٥٤١) **جنازے میں پچھلی صَف تمام صَفوں سے اَفضل ہے۔**

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج ٣ ص ١٣١)

# جنازے کی پوری جَماعت نہ ملے تو؟

**مَسبوق** (یعنی جس کی بعض تکبیریں فوت ہوگئیں وہ) اپنی باقی تکبیریں امام کے سلام پھیرنے کے بعد کہے اور اگر یہ اَندیشہ ہو کہ دُعاء وغیرہ پڑھے گا تو پوری کرنے سے قبل لوگ جنازے کو کندھے تک اُٹھالیں گے توصِرف تکبیریں کہہ لے دُعاء وغیرہ چھوڑ دے (غُنیۃ المستملی ص ۵۳۷) چوتھی تکبیر کے بعد جو شخص آیا وہ (جب تک امام نے سلام نہیں پھیرا) شامِل ہو جائے اور امام کے سلام کے بعد تین بار "اَللّٰہُ اکبر" کہے (دُرِّمُختَار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتَار ج ۳ ص ۱۳۶) پھر سلام پھیر دے۔

# پاگل یا خود کُشی والے کا جنازہ

جو پیدائشی پاگل ہو یا بالغ ہونے سے پہلے پاگل ہو گیا ہو اور اسی پاگل پن میں موت واقع ہوئی تو اُس کی نَمازِ جنازہ میں نابالغ کی دُعا پڑھیں گے (ماخوذ از حاشیۃ الطحطاوی ص ۵۸۷) جس نے خودکُشی کی اُس کی نَمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ (دُرِّمُختَار ج ۳ ص ۱۰۸)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُودِ پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بدبخت ہوگیا۔

## مُردہ بچّے کے احکام

**مسلمان** کا بچّہ زِندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصّہ باہَر ہونے کے وقت زندہ تھا پھر مرگیا تو اُس کو غُسل و کفن دیں گے اور اس کی نماز پڑھیں گے، ورنہ اُسے وَیسے ہی نہلا کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر دَفن کر دیں گے۔ اس کیلئے سنّت کے مطابق غسل و کفن نہیں ہے اور نماز بھی اس کی نہیں پڑھی جائے گی۔ سَر کی طرف سے اکثر کی مقدار سر سے لیکر سینے تک ہے۔ لہٰذا اگر اس کا سر باہَر ہوا تھا اور چیختا تھا مگر سینے تک نکلنے سے پہلے ہی فوت ہوگیا تو اس کی نَماز نہیں پڑھیں گے۔ پاؤں کی جانِب سے اکثر کی مقدار کمر تک ہے۔ بچّہ زندہ پیدا ہوا یا مُردہ یا کچّا گر گیا اس کا نام رکھا جائے اور وہ قِیامت کے دن اُٹھایا جائے گا۔ (دُرِّمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۱۵۲)

## جنازہ کو کندھا دینے کا ثواب

**حدیثِ** پاک میں ہے، جو جنازے کو چالیس قدم لیکر چلے اُسکے چالیس کبیرہ گناہ مٹا دیئے جائیں گے (الطبرانی فی الاوسط ج ٤ ص ٢٦٠ حدیث ٥٩٢٠ دارالکتب العلمیۃ بیروت)۔ **نیز حدیث شریف** میں ہے، جو جنازے کے

چاروں پایوں کو کندھا دے اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی حَتْمی (یعنی مُستَقِل) مغفِرت فرما دے گا۔ (الجوهرة النيرة ج ۱ ص ۱۳۹)

## جنازہ کو کندھا دینے کا طریقہ

**جنازہ** کو کندھا دینا **عبادت ہے** (تاتارخانیہ ج ۲ ص ۱۵۰) **سنّت یہ ہے کہ** یکے بعد دیگرے چاروں پایوں کو کندھا دے اور ہر بار دَس دَس قدم چلے۔ (ایضاً) **پوری سنّت یہ ہے کہ** پہلے سیدھے سِرہانے کندھا دے **پھر** سیدھی پائنتی (یعنی سیدھے پاؤں کی طرف) **پھر** اُلٹے سِرہانے **پھر** اُلٹی پائنتی اور دَس دَس قدم چلے تو کل چالیس قدم ہوئے۔ (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي ص ٦٠٤) **بعض لوگ** جنازے کے جُلوس میں اِعلان کرتے رہتے ہیں، دو دو قدم چلو! ان کو چاہئے کہ اس طرح اعلان کیا کریں "**ہر پائے کو کندھے پر لئے دَس دَس قدم چلئے۔**"

## بچّہ کا جنازہ اُٹھانے کا طریقہ

**چھوٹے** بچّے کے جنازے کو اگر ایک شَخص ہاتھ پر اُٹھا کر لے چلے تو

حَرَج نہیں اور یکے بعد دیگرے لوگ ہاتھوں ہاتھ لیتے رہیں (البحر الرائق ج۲ ص ۳۳۵) **عورَتوں کو** (بچّہ ہو یا بڑا کسی کے بھی) جنازے کے ساتھ جانا ناجائز و ممنوع ہے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۳ ص۱۶۲)

## نمازِ جنازہ کے بعد واپسی کے مسائل

**جو شخص** جنازے کے ساتھ ہو اُسے بِغیر نَماز پڑھے واپَس نہ ہونا چاہئے اور نَماز کے بعد اَولیائے میّت (یعنی مرنے والے کے سرپرستوں) سے اجازت لیکر واپَس ہوسکتا ہے اور دَفن کے بعد اجازت کی حاجت نہیں (عالمگیری ج۱ ص ۱۶۵)

## کیا شوہر بیوی کے جنازہ کو کندھا دے سکتا ہے؟

**شوہر** اپنی بیوی کے جنازہ کو کندھا بھی دے سکتا ہے، قبر میں بھی اُتار سکتا ہے اور مُنہ بھی دیکھ سکتا ہے۔ صِرْف غُسل دینے اور بِلا حائل بدن کو چھونے کی مُمانَعت ہے (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۳ ص ۱۰۵) **عورت** اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے۔ (دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالْمُحتار ج۳ ص۱۰۷)

فرمانِ مصطفٰی: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# کافر کا جنازہ

مُرتَد یا کافِر کی نَمازِ جنازہ اور جُلوسِ جنازہ میں جائز و کارِ ثواب سمجھ کر شریک ہونا کُفر ہے۔ سرکارِ اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، اگر اس اِعتِقاد سے جائے گا کہ اس کا جنازہ شرکت کے لائق ہے تو کافِر ہو جائے گا۔ اور اگر یہ نہیں تو حرام ہے۔ حدیث میں فرمایا، اگر کافِر کا جنازہ آتا ہو تو ہٹ کر چلنا چاہئے کہ **شیطان آگے آگے آگ کا شُعلہ ہاتھ میں لئے اُچھلتا کودتا خوش ہوتا ہُوا چلتا ہے کہ میری محنت ایک آدمی پر وُصول ہوئی۔**

(ملفوظات حصہ چہارم ص ۳۵۹ حامد اینڈ کمپنی مرکز الاولیاء لاہور)

## نِکاح ٹوٹ گیا!

**دنیاوی طَمع** سے کسی مُرتَد یا کافِر کی نَمازِ جنازہ پڑھنا حرامِ قَطعی اور شدید حرام ہے اور دینی طور پر اسے کارِ ثواب اور مُرتَد یا کافِر کو نَمازِ جنازہ اور دعائے

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

مغفِرت کا مستحق جان کر ایسا کیا تو یہ خود مسلمان نہ رہا اس کا نِکاح بھی ٹوٹ گیا، اسے تجدیدِ اِسلام وتجدیدِ نکاح کرنا چاہیے۔

(مُلخص از فتاوٰی رضویہ ج۹ ص ۱۷۳ رضافاؤنڈیشن مرکز اولیاء لاہور)

**اللہ** تبارَكَ وَ تَعالیٰ سُورَۃُ التَّوبہ کی **آیت نمبر ۸٤** میں ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ (پ ۱۰، التوبۃ: ۸٤)

ترجَمۂ کنزالایمان: "اور ان میں سے کسی کی میّت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا بیشک اللہ اور رسول سے منکر ہوئے اور فسق (کفر) ہی میں مر گئے۔

**صدرُ الافاضِل حضرتِ علّامہ مولیٰنا سیّد محمد نعیم الدّین مُرادآبادی** علیہ رحمۃ اللہ الھادی اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: "اس آیت سے ثابت ہوا کہ کافر کے جنازے کی نَماز کسی حال میں جائز نہیں اور کافر کی قبر پر دفن وزیارت کے لیے کھڑے ہونا بھی ممنوع ہے۔"

(خزائن العرفان ص ۳۲۱ رضا اکیڈمی بمبئی)

# کُفّار کی عِیادت مت کرو

**حضرتِ** سیّدُنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سردارِ مکّہ مکرّمہ سرکارِ مدینۂ منوّرہ ،صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے اِرشادِ فرمایا، کہ اگر وہ بیمار پڑیں تو پوچھنے نہ جاؤ، مرجائیں تو جنازے میں حاضر نہ ہو۔ (سنن ابن ماجہ حدیث ۹۲ ج۱ ص ۷۰)

خاموشی بغیر سلطنت کے ہیبت ہے۔

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت

## یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات ،اجتماعات ،اعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کر کے ثواب کمایئے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے محلّہ کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے۔

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# ۷۸۶ بالغ کی نمازِ جنازہ سے قَبْل یہ اِعلان کیجئے ۹۲

مرحوم کے عزیز و اَحباب توجُّہ فرمائیں۔ مرحوم نے اگر زندگی میں کبھی آپ کی دل آزاری یا حق تَلَفی کی ہو تو ان کو مُعاف کر دیجئے، اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مرحوم کا بھی بھلا ہوگا اور آپ کو بھی ثواب ملیگا۔ اگر کوئی لَین دَین کا مُعامَلہ ہو تو مرحوم کے وارِثوں سے مشورہ کیجئے۔ نَمازِ جنازہ کی نیّت اور اس کا طریقہ بھی سُن لیجئے۔ **"میں نیّت کرتا ہوں اِس جنازہ کی نَماز کی، واسطے اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **کے، دعا اِس میّت کیلئے پیچھے اِس امام کے۔"** اگر یہ اَلفاظ یاد نہ رہیں تو کوئی حَرَج نہیں، آپ کے دل میں یہ نیَّت ہونی ضَروری ہے کہ "میں اِس میّت کی نَمازِ جنازہ پڑھ رہا ہوں" جب امام صاحِب اَللّٰہُ اکبر کہیں تو کانوں تک ہاتھ اُٹھانے کے بعد اَللّٰہُ اکبر کہتے ہوئے فوراً حسبِ معمول ناف کے نیچے باندھ لیجئے اور **ثَناء** پڑھئے۔ **دوسری بار** امام صاحِب اَللّٰہُ اکبر کہیں تو آپ بِغیر ہاتھ اُٹھائے اَللّٰہُ اکبر کہئے پھر نَماز والا **دُرُودِ ابراھیم** پڑھئے۔ **تیسری بار** امام صاحِب اَللّٰہُ اکبر کہیں تو آپ بِغیر ہاتھ اُٹھائے اَللّٰہُ اکبر کہئے اور بالِغ کے جنازہ کی دُعاء پڑھئے (اگر نابالِغ یا نابالِغہ ہے تو اس کی دُعاء پڑھنے کا اِعلان کرنا ہے) جب **چوتھی بار** امام صاحِب اَللّٰہُ اکبر کہیں تو آپ اَللّٰہُ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھوں کو کھول کر لٹکا دیجئے اور امام صاحِب کے ساتھ قاعِدے کے مطابِق سلام پھیر دیجئے۔

# فیضانِ جُمعہ




- جُمعہ کے معنی 400
- شِفا داخل ہوتی ہے 402
- دس دن تک بلاؤں سے حفاظت 403
- غریبوں کا حج 406
- قبولیت کی گھڑی کون سی؟ 411
- 200 سال کی عبادت کا ثواب 414
- مرحوم والدین کو ہر جمعہ اعمال پیش ہوتے ہیں 415
- دس ہزار برس کے روزوں کا ثواب 417
- رُوحیں جمع ہوتی ہیں 419
- غُسلِ جُمعہ کا وقت 426
- چُپ چاپ خُطبہ سُننا فرض ہے 428
- پہلی اذان ہوتے ہیں کاروبار بھی ناجائز 430


ورق الٹیے---

٧٨٦

قُفل مــدینــه

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

بـــقیـــع

# فیضانِ جُمُعہ

## اس رسالے میں۔۔۔۔

- دس دن تک بلاؤں سے حفاظت۔
- 200 سال کی عبادت کا ثواب۔۔
- غسل جمعہ کا وقت۔
- غریبوں کا حج۔۔۔
- روحیں جمع ہوتی ہیں۔۔
- پہلی اذان ہوتے ہی کاروبار نا جائز
- دس ہزار برس کے روزوں کا ثواب۔۔

ورق الٹیے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

شیطان سُستی دلائے گا مگر آپ یہ رِسالہ
(٤١ صَفَحات) پورا پڑھ کر ایمان تازہ کیجئے۔

# فیضانِ جُمعہ

## جُمُعہ کو دُرُود شریف پڑھنے کی فضیلت

**نبیوں** کے سلطان، رَحمتِ عالمیان، سردارِ دو جہان محبوبِ رحمٰن عزّوجلّ و صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ بَرَکت نشان ہے، "جس نے مجھ پر روزِ **جُمُعَہ** دو سو بار دُرُودِ پاک پڑھا اُس کے **دوسو سال** کے گناہ مُعاف ہوں گے۔"

(کنز العُمّال ج١ ص٢٥٦ حدیث ٢٢٣٨ طبعۃ دار الکُتُب العلمیہ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمّد

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہم کتنے خوش نصیب ہیں کہ اللہ تبارَکَ وَ تَعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے صدقے ہمیں **جُمُعَۃُ الْمبارَک** کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ افسوس! ہم ناقدرے **جُمُعہ** شریف کو بھی عام دنوں کی طرح غفلت میں گزار دیتے ہیں حالانکہ **جُمُعہ** یومِ عید ہے، **جُمُعہ** سب دنوں کا سردار ہے، **جُمُعہ** کے روز جہنَّم کی آگ نہیں سُلگائی جاتی، **جُمُعہ** کی رات دوزخ کے دروازے نہیں کُھلتے، **جُمُعہ** کو بروزِ قِیامت دُلہن کی طرح اُٹھایا جائیگا، **جُمُعَہ** کے روز مرنے والا خوش نصیب مسلمان شہید کا رُتبہ پاتا اور عذابِ **قَبْر** سے محفوظ ہوجاتا ہے۔ مُفسّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ المنّان کے فرمان کے مطابق، "**جُمُعَہ** کو حج ہو تو اس کا ثواب ستّر حج کے برابر ہے، **جُمُعَہ کی ایک نیکی کا ثواب ستّر گُنا ہے** (مُلَخَّصاً مراۃ ج ۲ ص ۳۲۳، ۳۲۵) (چُونکہ اس کا شَرَف بہُت زِیادہ ہے لٰھذا) **جُمُعَہ کے روز گُناہ کا عذاب**

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

(بھی) ستّر گُنا ہے۔ (ایضاً ص ٢٣٦)

جُمُعَةُ الْمُبارَك کے فضائل کے تو کیا کہنے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جُمُعہ کے نام کی ایک پوری سورت، سورةُ الْجُمُعہ نازِل فرمائی ہے جو کہ قرانِ کریم کے ٢٨ ویں پارے میں جگمگارہی ہے۔ اللہ تبارَكَ وَ تَعالیٰ سورَةُ الجُمُعہ کی آیت نمبر ٩ میں ارشاد فرماتا ہے:۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑨

ترجَمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! جب نَماز کی اذان ہو جُمعہ کے دن تو اللہ کے ذِکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔

(پ ٢٨ الجُمُعہ ٩)

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

# آقا نے پہلا جُمُعہ کب ادا فرمایا

صدرُ الْاَفاضِل حضرتِ علاّمہ مولیٰنا سیِّد محمد نعیمُ الدّین مُراد آبادی علیہ رحمۃ اللہ الہادی فرماتے ہیں، حُضُورِ اکرم، نورِ مُجَسَّم شاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم جب ہجرت کر کے مدینۂ طیِّبہ تشریف لائے تو 12 ربیعُ الاوّل روز دوشنبہ (یعنی پیر شریف) کو چاشت کے وَقت مقامِ قُباء میں اِقامت فرمائی۔ دوشنبہ (پیر شریف) سہ شنبہ (منگل) چہار شنبہ (بدھ) پنجشنبہ (جُمعرات) یہاں قِیام فرمایا اور مسجِد کی بُنیاد رکھی۔ روزِ جُمُعہ مدینۂ طیِّبہ کا عزم فرمایا، بنی سالم ابنِ عوف کے بَطنِ وادی میں جُمُعہ کا وقت آیا اس جگہ کو لوگوں نے مسجِد بنایا۔ سرکارِ مدینۂ منوّرہ، سردارِ مکّۂ مکرّمہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے وہاں جُمُعہ ادا فرمایا اور خُطبہ فرمایا۔

(خزائنُ العرفان ص ٦٦٧ لاہور)

اَلحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج بھی اُس جگہ پر شاندار مسجدِ جُمُعہ قائم

ہے اور زائرین حُصُولِ بَرَکت کیلئے اُس کی زیارت کرتے اور وہاں نوافِل ادا کرتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھ گنہگار (سگِ مدینہ) کو بھی چند بار اُس مسجِد شریف کی زیارت نصیب ہوئی ہے۔

میں مدینے تو گیا تھا یہ بڑا شَرَف تھا لیکن
کبھی لوٹ کر نہ آتا تو کچھ اور بات ہوتی

## جُمُعہ کے معنیٰ!

**مُفَسِّرِ شہیر** حکیمُ الْاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ المنّان فرماتے ہیں، چُونکہ اس دن میں تمام مخلوقات وُجُود میں مُجْتَمَعْ (اکٹھی) ہوئی کہ تکمیلِ خَلْق اِسی دن ہوئی نیز حضرتِ سَیِّدُنا آدم صَفِیُّ اللّٰہ علیٰ نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی مِٹّی اسی دن جَمْع ہوئی نیز **اس دن میں لوگ جَمْع ہو کر** نمازِ جُمُعہ ادا کرتے ہیں۔ ان وُجُوہ سے اِسے **جُمُعہ** کہتے ہیں۔ اِسلام سے پہلے اہلِ عَرَب اسے

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درودِ پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

**عروبہ** کہتے تھے۔ (مراۃ ج۲ ص ۳۱۷)

## سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے کُل کتنے جُمعے ادا فرمائے؟

**نبی** کریم، رءُوفٌ رَّحیم، محبوبِ ربِّ عظیم عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے تقریباً پانچ سو۵۰۰ جُمعے پڑھے ہیں اِس لئے کہ جُمعہ بعدِ ہجرت شُروع ہوا جس کے بعد دس سال آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ظاہری زندگی شریف رہی اس عرصہ میں جُمعے اتنے ہی ہوتے ہیں۔ (مراۃ ج۲ ص ۳٤٦)

## دل پر مُہر

**اللہ** کے مَحبوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے، ''جو شَخص تین۳ جُمُعہ (کی نَماز) سُستی کے سبب چھوڑے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے **دل پر مُہر** کر دیگا۔''

(المستدرك ج۱، ص۵۸۹ حدیث ۱۱۲۰، دارالمعرفة بیروت)

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

**جُمُعہ** فرضِ عین ہے اور اس کی فرضیت ظہر سے زیادہ مُؤَکَّد (یعنی تاکیدی) ہے اور اس کا منکر کافِر ہے۔ (دُرِّمُختار مع رَدُّالمُحتار ج ۳ ص ۳)

## جُمُعہ کے عِمامہ کی فضیلت

**سرکارِ** مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیضِ گنجینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا اِرشادِ رَحمت بُنیاد ہے، ''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فِرِشتے **جُمُعہ** کے دن عمامہ باندھنے والوں پر دُرُود بھیجتے ہیں۔''

(مجمعُ الزوائد ج ۲ ص ۳۹٤،حدیث ۳۰۷۵ دارالفکر بیروت)

## شِفا داخِل ہوتی ہے

**حضرت** حمید بن عبدالرَّحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والِد سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا، ''جوشَخْص جُمُعہ کے دن اپنے ناخُن کاٹتا ہے اللہ تعالیٰ اُس سے بیماری نکال کر شِفاء داخِل کردیتا ہے'' (مصنَّف ابن ابی شیبہ ، ج ۲، ص ٦٥ دارالفکر بیروت)

# دس دن تک بلاؤں سے حِفاظت

صدرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ مولیٰنا امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں: ”حدیثِ پاک میں ہے، جو جُمُعَہ کے روز ناخُن تَرشوائے اللہ تعالیٰ اُس کو دوسرے جُمعے تک بلاؤں سے مَحفوظ رکھے گا اور تین[۳] دن زائد یعنی دس[۱۰] دن تک (تذکرۃ الموضوعات لابن القیسرانی، حدیث ۸۶۵، السلفیۃ بیروت) ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جو جُمعہ کے دن ناخُن تَرشوائے تو رَحمت آئیگی گُناہ جائیں گے (تنزیۃ الشریعۃ المرفوعۃ ج۲ ص۲۶۹، دارالکتب العلمیہ بیروت، بہارِ شریعت حصہ ۱۶ ص ۱۹۵ مدینۃ المرشد بریلی شریف) حجامت بنوانا اور ناخُن تَرشوانا جُمُعہ کے بعد افضل ہے۔

(دُرِّمُختار مَعَہٗ رَدُّالمُحتار ج۹ ص ۵۸۱ ملتان)

# رِزْق میں تنگی کا سبب

صَدْرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ حضرتِ مولیٰنا محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، جُمُعَہ کے دِن ناخُن تَرشوانا مُستحب ہے ہاں اگر زیادہ

بڑھ گئے ہوں تو **جُمُعَہ** کا اِنتِظار نہ کرے کہ ناخُن بڑا ہونا اچّھا نہیں کیوں کہ ناخنوں کا بڑا ہونا **تنگیٔ رِزق کا سبب** ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ ۴ ص ۹۵ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## فِرِشتے خوش نصیبوں کے نام لکھتے ہیں

**سرکارِ** مدینہ، سلطانِ باقرینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا اِرشادِ رَحمت بُنیاد ہے، ''**جب جُمُعَہ** کا دن آتا ہے تو مسجِد کے ہر دروازہ پر فِرِشتے آنے والے کو لکھتے ہیں، جو پہلے آئے اس کو پہلے لکھتے ہیں، جلدی آنے والا اُس شَخْص کی طرح ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں **ایک اُونٹ** صَدَقہ کرتا ہے، اوراس کے بعد آنے والا اُس شَخْص کی طرح ہے جو **ایک گائے** صَدَقہ کرتا ہے، اس کے بعد والا اُس شخص کی مِثْل ہے جو **مینڈھا** صَدَقہ کرے، پھر اِس کی مِثْل ہے جو **مُرغی** صَدَقہ کرے، پھر اس کی مِثْل ہے جو **انڈا** صَدَقہ کرے اور جب امام (خطبہ کے لیے) بیٹھ جاتا ہے تو وہ اَعْمال ناموں کو لپیٹ لیتے ہیں اور آکر خُطبہ سُنتے ہیں۔ (صحیح بخاری، ج ۱ ص ۱۲۷)

مُفسّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنّان فرماتے ہیں، بعض عُلَماء نے فرمایا کہ ملائکہ جُمُعہ کی طُلُوعِ فَجر سے کھڑے ہوتے ہیں، بعض کے نزدیک آفتاب چمکنے سے، مگر حق یہ ہے کہ سُورج ڈھلنے سے شُروع ہوتے ہیں کیونکہ اُسی وقت سے وقتِ جُمُعہ شُروع ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ فِرِشتے سب آنے والوں کے نام جانتے ہیں، خیال رہے کہ اگر اوّلاً سو ۱۰۰ آدمی ایک ساتھ مسجِد میں آئیں تو وہ سب اوّل ہیں۔ (مِراٰۃ ج۲ص ۳۴۵)

# پہلی صدی میں جُمُعہ کا جذبہ

حُجَّۃُ الْاِسلام حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، ''پہلی صدی میں سَحَری کے وقت اور فَجر کے بعد راستوں کو لوگوں سے بھرا ہوا دیکھا جاتا تھا وہ چَراغ لیے ہوئے (نمازِ جُمُعہ کیلئے) جامع مسجِد کی طرف جاتے گویا عید کا دن ہو، حتّٰی کہ یہ سلسلہ خَتْم ہوگیا۔ پس کہا گیا کہ اسلام میں جو پہلی بدعت ظاہر ہوئی

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

وہ جامع مسجد کی طرف جلدی جانے کو چھوڑنا ہے۔ افسوس! مسلمانوں کو کس طرح یہودیوں سے حیاء نہیں آتی کہ وہ لوگ اپنی عبادت گاہوں کی طرف ہفتے اور اتوار کے دن صُبح سویرے جاتے ہیں نیز طلبگارانِ دنیا خرید وفروخت اور حُصولِ نَفْعِ دُنیوی کیلئے سویرے سویرے بازاروں کی طرف چل پڑتے ہیں تو آخرت طلب کرنے والے ان سے مقابلہ کیوں نہیں کرتے!"

(احیاء العلوم، ج ١، ص ٢٤٦، دار صادر بیروت)

## غریبوں کا حجّ

**حضرت** سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِنامدار، بِاِذنِ پروَرْدگار دوعالَم کے مالِک ومختار، شَہَنْشاہِ اَبرار عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا، اَلْجُمُعَةُ حَجُّ الْمَسَاكِيْنَ وَ فِيْ رِوَايَةٍ حَجُّ الْفُقَرَاءِ. یعنی " جُمُعَہ کی نماز مَساکین کا حج ہے اور دوسری روایت میں ہے کہ

**جُمُعہ** کی نَماز **غریبوں کا حج** ہے۔"

(کنز العُمّال ج۷ص ۲۹۰ حدیث ۲۱۰۲۷، ۲۱۰۲۸ دارالکتب العلمیہ بیروت)

## جُمُعَہ کیلئے جلدی نِکلنا حجّ ہے

**اللہ** کے پیارے رسول، رسولِ مقبول، سیِّدہ آمنہ کے گلشن کے مَہکتے پھول عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ارشاد فرمایا، "بلا شُبہ تمہارے لئے ہر جُمُعہ کے دن میں **ایک حج** اور **ایک عُمرہ** موجود ہے، لٰہذا **جُمُعَہ** کی نَماز کے لئے جلدی نِکلنا **حج** ہے اور جُمُعہ کی نَماز کے بعد عَصْر کی نَماز کے لئے اِنتِظار کرنا **عُمرہ** ہے۔" (السنن الکبریٰ للبیھقی حدیث ۵۹۸۰، ج۳ص ۳٤۲ دارالکتب العلمیہ بیروت)

## حجّ و عُمرہ کا ثواب

**حُجَّةُ الْاسلام** حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں، "(نَمازِ جُمُعہ کے بعد) عَصْر کی نَماز پڑھنے تک مسجِد ہی میں رہے اور اگر نَمازِ

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

مغرِب تک ٹھہرے تو **افضل** ہے، کہا جاتا ہے کہ جس نے جامع مسجِد میں (جُمعہ ادا کرنے کے بعد وہیں رُک کر) نَمازِ عَصْر پڑھی اُس کیلئے **حج** کا ثواب ہے اور جس نے (وہیں رُک کر) مغرِب کی نَماز پڑھی اسکے لئے **حج** اور **عمرے** کا ثواب ہے۔ (احیاء العلوم ج ۱، ص ۲۴۹، دار صادر بیروت) **جہاں جُمعہ پڑھا جاتا ہے اُس کو جامع مسجد بولتے ہیں۔**

## سب دنوں کا سردار

**سرکارِ** مدینہ، راحتِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحِبِ معطَّر پسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ باقرینہ ہے، **جُمُعَہ کا دن تمام دِنوں کا سردار ہے اور** اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک سب سے بڑا ہے اور وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک عیدُالْاَضْحٰی اور عیدُالْفِطْر سے بڑا ہے، اس میں پانچ خصلتیں ہیں: (۱) اللہ تعالیٰ نے اِسی میں آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور (۲) اِسی میں زمین پر اُنہیں اُتارا اور (۳) اِسی میں اُنہیں وفات دی اور (٤) اُس میں ایک ساعت ایسی ہے کہ بندہ

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جُمعہ دو سو بار دُرُودِ پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

اُس وَقت جس چیز کا سُوال کرے گا وہ اُسے دیگا جب تک حرام کا سُوال نہ کرے اور (۵) اُسی دن میں قِیامت قائم ہوگی۔ کوئی مُقرَّب فِرِشتہ وآسمان وزمین اور ہوا و پہاڑ اور دریا ایسا نہیں کہ **جُمُعہ** کے دِن سے ڈرتا نہ ہو۔

(سنن ابنِ ماجه ج٢ ص٨ حديث ١٠٨٤ دارالمعرفة بيروت)

**ایک** اور رِوایت میں **سرکارِ** مدینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ کوئی جانور ایسا نہیں کہ جُمعہ کے دن صُبْح کے وَقْت آفتاب نکلنے تک قِیامت کے ڈر سے چیختا نہ ہو، سِوائے آدمی اور جِنّ کے۔

( مؤطا امام مالِك ج١ ص١١٥ حديث٢٤٦ دارالمعرفة بيروت)

# دُعاء قبول ہوتی ہے

**سرکارِ** مکّۂ مکرّمہ، سردارِ مدینۂ منوّرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ عنایت نشان ہے، **جُمُعہ** میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اگر کوئی مسلمان اسے پا کر اللہ عَزَّوَجَلَّ

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

سے کچھ مانگے تو اللہ عزّوجلّ اسکو ضرور دیگا اور وہ گھڑی مختصر ہے۔

(صحیح مسلم ج۱ ص ۲۸۱)

## عَصْر و مغرِب کے درمِیان ڈھونڈو

حُضُور پُرنور، شافِعِ یومُ النُّشُور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ پُرسُرور ہے، ''جُمُعہ کے دن جس ساعت کی خواہش کی جاتی ہے اُسے عَصْر کے بعد سے غُروبِ آفتاب تک تلاش کرو۔ (ترمذی ج۲ ص ۳۰ حدیث ۴۸۹ دارالفکر بیروت)

## صاحِبِ بہارِ شریعت کا ارشاد

حضرت صَدْرُ الشَّریعہ مولٰینا محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، قَبولیّتِ دعاء کی ساعتوں کے بارے میں دو قول قوی ہیں (۱) امام کے خُطبہ کیلئے بیٹھنے سے خَتمِ نماز تک (۲) جُمُعہ کی پچھلی ساعت۔

(بہارِ شریعت حصہ ۴ ص ۸۶ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

# قَبولیّت کی گھڑی کون سی؟

مُفسّرِ شہیر حکیم الامّت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ المنّان فرماتے ہیں، ہر رات میں روزانہ قَبولیّتِ دعا کی ساعت آتی ہے مگر دِنوں میں صِرف جُمُعہ کے دن۔ مگر یقینی طور پر یہ نہیں معلوم کہ وہ ساعت کب ہے، غالِب یہ کہ دوخُطبوں کے درمیان یا مغرِب سے کچھ پہلے۔ ایک اور حدیثِ پاک کے تَحت مفتی صاحِب فرماتے ہیں، اِس ساعت کے متعلّق علماء کے چالیس قول ہیں، جن میں دو قول زِیادہ قوی ہیں، ایک دو خطبوں کے درمیان کا، دوسرا آفتاب ڈوبتے وقت کا۔

**حکایت:** حضرتِ سیِّدَتُنا فاطِمۃُ الزَّہراء رضی اللہ تعالٰی عنہا اُس وقت خود حُجرے میں بیٹھتیں اور اپنی خادِمہ فِضّہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کو باہَر کھڑا کرتیں، جب آفتاب ڈوبنے لگتا تو خادِمہ آپ کو خبر دیتیں، اس کی خبر پر سیِّدہ رضی اللہ تعالٰی عنہا اپنے ہاتھ دعا کیلئے اُٹھاتیں۔

بہتر یہ ہے کہ اِس ساعت میں (کوئی) جامع دعا مانگے جیسے یہ قراٰنی دعاء:

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (ترجَمۂ کنزُ الایمان: اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں

آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔ پ ۲، البقرہ ۲۰۱)

(مُلَخَّصاً مراٰۃ ج۲ ص۳۱۹ تا ۳۲۵) دُعا کی نیت سے دُرُود شریف بھی پڑھ سکتے ہیں کہ دُرُود پاک بھی عظیم الشان دُعاء ہے۔

**افضل یہ ہے کہ دونوں خُطبوں کے درمیان بغیر ہاتھ اُٹھائے بلا زبان ہلائے دل میں دُعاء مانگی جائے۔**

## ہر جُمُعہ کو ایک کروڑ 44 لاکھ جہنّم سے آزاد

**سرکارِ مدینہ** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا ارشادِ رحمت بُنیاد ہے، **جُمُعہ کے** دن اور رات میں ۲۴ چوبیس گھنٹے ہیں کوئی گھنٹا ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ جہنّم سے ۶ **چھ لاکھ آزاد** نہ کرتا ہو، جن پر جہنّم **واجب** ہو گیا تھا۔

(مسندابی یعلیٰ ج۳ ص ۲۳۵ حدیث ۳۴۷۱ دارالکتب العلمیہ بیروت)

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بدبخت ہوگیا۔

# عذابِ قبر سے محفوظ

**تاجدارِ** مدینۂ منوّرہ، سلطانِ مکّۂ مکرّمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے اِرشاد فرمایا، جو روزِ جُمعہ یا شبِ جُمعہ (یعنی جُمعرات اور جُمعہ کی درمیانی شب) مرے گا عذابِ قبر سے بچالیا جائیگا اور قِیامت کے دن اِس طرح آئیگا کہ **اُس پر شہیدوں کی مُہر** ہوگی۔ (حِلیۃ الاولیاء ج۳ ص ۱۸۱ حدیث ۳۶۹ دارالکتب العلمیہ بیروت)

# جُمعہ تا جُمعہ گناہوں کی مُعافی

**حضرت** سیِّدُنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، سلطانِ دو جہان، شَہَنشاہِ کون ومکان، رَحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عالیشان ہے، جو شخص **جُمعہ** کے دن نہائے اور جس طہارت (یعنی پاکیزگی) کی اِستِطاعت ہو کرے اور تیل لگائے اور گھر میں جو **خوشبو** ہو ملے پھر نَماز کو نکلے اور دو شخصوں میں جُدائی نہ کرے یعنی دو شخص بیٹھے ہوئے ہوں اُنھیں ہٹا کر بیچ میں نہ

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

بیٹھے اور جو نَماز اُس کے لئے لکھی گئی ہے پڑھے اور امام جب خُطبہ پڑھے تو چُپ رہے اُس کے لئے اُن گناھوں کی، جو اِس جُمعہ اور دوسرے جُمعہ کے درمیان ہیں مغفِرت ہوجائیگی۔ (صحیح بخاری ج۱ ص۱۲۱)

## 200 سال کی عبادت کا ثواب

حضرتِ سیِّدُ ناصِدّیقِ اکبرو حضرتِ سیِّدُ ناعِمران بن حُصَین رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ تاجدارِ مدینۂ منوّرہ، سلطانِ مکّۂ مکرّمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے اِرشاد فرمایا، ''جو جُمعہ کے دن نہائے اُس کے گناہ اور خطائیں مٹا دی جاتی ہیں اور جب چلنا شروع کیا تو ہر قدم پر بیس (۲۰) نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور دوسری روایت میں ہے ہر قدم پر بیس (۲۰) سال کا عمل لکھا جاتا ہے (المعجم الاوسط للطبرانی حدیث ۳۳۹۷، ج۲ ص۳۱۴ دار الکتب العلمیہ بیروت) اور جب نَماز سے فارِغ ہو تو اُسے دوسو (۲۰۰) برس کے عمل کا اَجر ملتا ہے۔ (ایضاً حدیث ۲۹۲، ج۱۸ ص۱۳۹ داراحیاء التراث العربی بیروت)

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جب تم مرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

## مرحوم والِدَین کو ہر جُمُعہ اعمال پیش ہوتے ہیں

دوعالم کے مالِک ومختار، مکّی مَدَنی سرکار، محبوبِ پروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ و صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے اِرشاد فرمایا، پیر اور جُمعرات کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حُضور اعمال پیش ہوتے ہیں اور اَنْبِیائے کرام علیہم الصّلوٰۃُ والسلام اور ماں باپ کے سامنے ہر جُمُعَہ کو۔ وہ نیکیوں پر خُوش ہوتے ہیں اور ان کے چہروں کی صفائی و تابِش (یعنی چمک دمک) بڑھ جاتی ہے، تو اللہ سے ڈرو اور اپنے وفات پانے والوں کو اپنے گُناہوں سے رنج نہ پہنچاؤ۔

(نوا درالاصول للترمذی ص ۲۱۳، دار صادر بیروت)

## جُمُعہ کے پانْچ خُصُوصی اَعْمال

حضرتِ سیِّدُنا ابو سَعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے، سرکارِ دوعالَم نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحْتَشَم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ معظّم

ہے، ''پانچ چیزیں جو ایک دِن میں کرے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کو **جنّتی** لکھ دے گا (۱) جو **مریض کی عِیادت** کو جائے (۲) **نمازِ جنازہ** میں حاضِر ہو (۳) **روزہ** رکھے، (٤) (نمازِ) **جُمُعہ** کو جائے اور (۵) **غلام** آزاد کرے۔''

(صحیح ابن حبّان ج٤ص۱۹۱ حدیث ۲۷٦۰ دارالکتب العلمیہ بیروت)

## جنّت واجِب ہوگئی

**حضرت** سیِّدُنا ابو اُمامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مَروی ہے، سلطانِ دوجہان، شہنشاہِ کون ومکان، رَحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے، ''جس نے **جُمُعَہ** کی نماز پڑھی، اُس دن کا **روزہ** رکھا، کسی **مریض کی عِیادت** کی، کسی **جنازہ** میں حاضِر ہوا اور کسی **نِکاح** میں شرکت کی تو **جنّت** اس کے لیے واجِب ہوگئی۔''

(المعجم الکبیر، ج۸ص۱۹۷ حدیث ۷٤۸٤ داراحیاء التراث بیروت)

**فرمانِ مصطفٰے:** (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالٰی اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

## صِرف جُمُعہ کا رَوزہ نہ رکھئے

خُصُوصیَّت کے ساتھ تنہا جُمُعہ یا صِرف ہفتہ کا روزہ رکھنا مکروہِ تَنزِیھی ہے۔ ہاں اگر کسی مخصوص تاریخ کو جُمُعہ یا ہفتہ آ گیا تو کراہت نہیں۔ مَثَلاً ۱۵ شَعبانُ المُعظَّم، ۲۷ رَجَبُ المُرَجَّب وغیرہ۔ **فرمانِ مصطفٰے** صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم: ''جُمُعہ کا دِن تمہارے لئے **عید** ہے اِس دن **روزہ** مت رکھو مگر یہ کہ اس سے پہلے یا بعد میں بھی روزہ رکھو۔

(اَلتَّرغِیب وَالتَّرھِیب ج ۲ ص ۲۶)

## دس ہزار برس کے روزوں کا ثواب

**سرکارِ اعلیٰحضرت** امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، روزۂ جُمُعہ یعنی جب اس کے ساتھ پَنجشَنبُہ (یعنی جُمعرات کا) یا شَنبُہ (ہفتہ کا روزہ) بھی شامِل ہو، مروی ہوا، **دس ہزار برس کے روزہ کے برابر ہے۔**

(فتاوٰی رضویہ جدید ج ۱۰ ص ۶۵۳)

فرمانِ مصطفٰے: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

# جُمُعہ کو ماں باپ کی قَبر پر حاضِری کا ثواب

سرکارِ نامدار، دو عالم کے مالِک ومختار، شَہَنْشاہِ اَبرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ خوشگوار ہے، جو اپنے ماں باپ دونوں یا ایک کی قَبر پر ہر جُمُعہ کے دن زِیارت کو حاضِر ہو، اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ بخش دے اور ماں باپ کے ساتھ اچّھا برتاؤ کرنے والا لکھا جائے۔ (نوادرالاصول للترمذی، ص ٢٤ دار صادر بیروت)

# قَبرِ والِدَین پر یاسین پڑھنے کی فضیلت

حُضُورِ اکرم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے اِرشاد فرمایا، جو شخص روزِ جُمُعہ اپنے والِدَین یا ایک کی قَبر کی زِیارت کرے اور اس کے پاس یٰسین پڑھے بخش دیا جائے۔ (الکامِل لابن عدی ج ٥ ص ١٨٠١ دارالفکر بیروت)

# تین ہزار مغفرتیں

سلطانِ حَرَمین، رَحمتِ کونین، نانائے حَسَنَین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم ورضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فرمانِ باعِثِ چین ہے، جو ہر جُمُعَہ والِدَین یا ایک کی زِیارتِ قَبر کرکے

وہاں یٰسین پڑھے، یٰسین (شریف) میں جتنے حَرْف ہیں ان سب کی گنتی کے برابر اللہ تعالیٰ اس کے لئے مغفِرت فرمائے۔ (اتحاف السادة المتقين ج ١٠ ص ٣٦٣ بيروت)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جُمُعَہ شریف کو فوت شُدہ والِدَین یا ان میں سے ایک کی قَبْر پر حاضِر ہو کر یاسین شریف پڑھنے والے کا تو بیڑا ہی پار ہے۔ الحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یاسین شریف میں 5 رُکوع 83 آیات 729 کلمات اور 3000 حُروف ہیں اگر عِندَ اللہ (یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک) یہ گنتی دُرُست ہے تو اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **تین ہزار مغفِرتوں کا ثواب ملیگا۔**

# رُوحیں جمع ہوتی ہیں

**جُمُعَہ** کے دن یا (جُمعرات وجُمُعہ کی درمیانی) رات میں جو یاسین شریف پڑھے اس کی **مغفِرت** ہو جائیگی۔ جُمُعہ کے دن **رُوحیں** جمع ہوتی ہیں لہٰذا اِس میں زِیارتِ قُبور کرنی چاہئے اور **اس روز جہنَّم** نہیں بھڑکایا جاتا۔

(بہارِ شریعت حصہ ٤ ص ١٠٤ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

سرکارِ اعلیٰحضرت امام احمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: ''زِیارتِ (قُبُور) کا افضل وقت روزِ جُمُعہ بعدِ نمازِ صُبح ہے۔'' (فتاوٰی رضویہ ج۹ ص۵۲۳ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

## سُورَۃُ الکَھف کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ ابنِ عُمَر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مَروی ہے، نبیِ رَحمت، شفیعِ امّت، شہنشاہِ نُبُوَّت، تاجدارِ رسالت صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ باعظمت ہے، ''جو شَخص جُمُعَہ کے روز سُورَۃُ الکَھف پڑھے اُس کے قدم سے آسمان تک نُور بُلند ہوگا جو قِیامت کو اس کے لیے روشن ہوگا اور دو جُمُعوں کے درمیان جو گناہ ہوئے ہیں بَخش دیئے جائیں گے۔''

(اَلتَّرغِیب وَالتَّرھِیب ج۱ ص۲۹۸ دارالکتب العلمیہ بیروت)

## دونوں جُمُعہ کے درمِیان نور

حضرتِ سیِّدُنا ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے، حُضُور سراپا نور، فیض گنجور، شاہِ غَیور، صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ نورٌ علیٰ نور ہے، ''جو شَخص بروزِ جُمُعہ سُورَۃُ الکَھف پڑھے اس کے لیے دونوں جُمُعوں کے درمِیان نور

**فرمانِ مصطفےٰ:** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں لکھا رہے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔

روشن ہوگا۔'' (اَلتَّرغِیب وَالتَّرهِیب ج١ ص٢٩٧ دارالکتب العلمیه بیروت)

## کَعْبہ تک نور

**ایک** روایت میں ہے، ''جو سورۃُ الکَہْف شبِ جُمعہ (یعنی جُمعرات اور جُمعہ کی درمیانی شب) پڑھے اس کے لیے وہاں سے **کَعْبہ تک نور** روشن ہوگا۔''

(سنن الدارمی ج٢ ص٥٤٦ حدیث٣٤٠٧ کراتشی)

## سورۂ حٰمٓ الدُّخان کی فضیلت

**حضرتِ** سیِّدُنا ابو اُمامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے، حُضُور سراپا نور، فیض گنجور، شاہِ غَیور، صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا فرمانِ جنّت نشان ہے، ''جو شَخْص بروزِ جُمعہ یا شبِ جُمعہ سورۂ حٰمٓ الدُّخان پڑھے اس کے لیے اللہ عزوجل **جنّت** میں ایک گھر بنائے گا۔ (المعجم الکبیر للطبرانی حدیث ٨٠٢٦ ج٨ ص٢٦٤ داراحیاء التراث بیروت) **ایک** روایت ہے کہ اس کی مغفِرت ہوجائے گی۔

(جامع ترمذی ج ٤ ص٤٠٧ حدیث ٢٨٩٨ دارالفکر بیروت)

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

## ستّر ہزار فرِشتوں کا اِستغفار

امامُ الْانصارِ وَالْمہاجرین، مُحِبُّ الفُقَراءِ وَالْمساکِین جنابِ رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ دِلنشین ہے، ''جو شخص شبِ جُمعہ کو سورۃُ حٰم الدُّخان پڑھے اس کے لیے ستّر ہزار فرِشتے اِستِغفار کریں گے۔''

(جامع ترمذی ج ٤ ص٤٠٦ حدیث ٢٨٩٧ دارالفکر بیروت)

## سارے گناہ مُعاف

حضرتِ سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مَروی ہے، سلطانِ دو جہان، شَہَنْشاہِ کون ومکان، رَحْمتِ عالمیان صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ مغفِرت نشان ہے، '' جو شخص جُمعہ کے دِن نَماز فجر سے پہلے تین بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچِہ سُمندر کی جھاگ سے زِیادہ ہوں۔

(مجمع الزوائد ج٢ ص٣٨٠ حدیث ٣٠١٩ دارالفکر بیروت)

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

# نمازِ جُمُعہ کے بعد

**اللہ** تبارَكَ وَ تَعالٰی پارہ ۲۸ سورَۃُ الجُمُعہ کی آیت نمبر ۱۰ میں ارشاد فرماتا ہے:۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾

(پ ۲۸، الجمعہ ۱۰)

ترجَمۂ کنزالایمان: ''پھر جب نَماز (جمعہ) ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ عزوجل کا فضل تلاش کرو اور اللہ عزوجل کو بہُت یاد کرو اس اُمّید پر کہ فَلاح پاؤ۔''

صدرُ الاَفاضِل حضرتِ علاّمہ مولیٰنا سیِّد محمد نعیم الدّین مُرادآبادی علیہ رحمۃ اللہ الھادی اس آیت کے تَحت تفسیرِ خزائنُ العِرفان میں فرماتے ہیں، اب (یعنی نمازِ جُمُعہ کے بعد) تمہارے لیئے جائز ہے کہ معاش کے کاموں میں مشغول ہو یا

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جومجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہے۔

طَلَبِ علم یا عِیادت مریض یا شرکتِ جنازہ یا زِیارتِ علماء یا اِس کے مِثْل کاموں میں مشغول ہو کر نیکیاں حاصل کرو۔

## مجلسِ عِلْم میں شرکت

**نَمازِ جُمعہ** کے بعد مجلسِ عِلم میں شرکت کرنا مُستَحَب ہے (تفسیر مظھری ج۹ص ۴۱۸ لاھور) چُنانچِہ **حُجَّۃُ الْاِسلام** حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمانِ عالیشان ہے: ''اِس آیت میں (فَقَط) خرید و فروخْت اور کسبِ دُنیا مُراد نہیں بلکہ طَلَبِ علم، بھائیوں کی زِیارت، بیماروں کی عِیادت، جنازہ کے ساتھ جانا اور اِس طرح کے کام ہیں۔ (کیمیائے سعادت ج۱ ص۱۹۱ انتشارات گنجینہ: تھران)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ادائیگی جُمُعَہ واجِب ہونے کے لئے گیارہ شَرطیں ہیں ان میں سے ایک بھی مَعدُوم (کم) ہو تو فرض نہیں پھر بھی اگر

پڑھے گا تو ہو جائے گا بلکہ مردِ عاقِل بالغ کے لئے جُمُعہ پڑھنا افضل ہے۔ نابالغ نے جُمُعہ پڑھا تو نَفل ہے کہ اِس پر نَماز فرض ہی نہیں۔

(دُرِّمختار مع ردالمحتار ج ۳ ص ۲۶ تا ۲۹)

## "یاغوثَ الاُعظم" کے گیارہ حُرُوف کی نِسبت سے جُمُعہ اداَ ئیگی فَرَض ہونے کی 11 شرائط

(۱) شہر میں مُقیم ہونا (۲) صِحّت یعنی مریض پر جُمُعہ فرض نہیں مریض سے مُراد وہ ہے کہ مسجدِ جُمُعہ تک نہ جا سکتا ہو یا چلا تو جائے گا مگر مرض بڑھ جائے گا یا دیر میں اچھا ہو گا۔ شَیخِ فانی مریض کے حُکم میں ہے (۳) آزاد ہونا، غلام پر جُمُعہ فرض نہیں اور اُس کا آقا مَنع کر سکتا ہے (۴) مَرد ہونا (۵) بالغ ہونا (۶) عاقِل ہونا۔ یہ دونوں شَرطیں خاص جُمُعَہ کے لیے نہیں بلکہ ہر عبادت کے وُجوب میں عَقل وبُلُوغ شَرط ہے (۷) انکھیارا ہونا (۸) چلنے پر قادِر ہونا (۹) قید میں نہ ہونا

(۱۰) بادشاہ یا چور وغیرہ کسی ظالم کا خوف نہ ہونا (۱۱) مینہ یا آندھی یا اَولے یا سردی کا نہ ہونا یعنی اِس قدر کہ ان سے نقصان کا خوفِ صحیح ہو۔ (اَیضاً)

**جن** پر نَماز فَرض ہے مگر کسی شَرعی عُذر کے سبب جُمعہ فرض نہیں، اُن کو جُمعہ کے روز ظُہر مُعاف نہیں ہے وہ تو پڑھنی ہی ہوگی۔

## جُمُعہ کی سنّتیں

**نَمازِ جُمُعہ** کے لئے اوّل وَقت میں جانا، **مِسواک** کرنا، اچھے اور **سفید** کپڑے پہننا، **تیل** اور خوشبو لگانا اور **پہلی** صَف میں بیٹھنا مُستَحَب ہے اور **غُسل** سنّت ہے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۴۹)

## غُسلِ جُمُعہ کا وقْت

**مُفَسِّر** شہیر حکیم الاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنّان فرماتے ہیں، بعض عُلَمائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی فرماتے ہیں کہ غُسلِ جُمعہ نَماز کیلئے مَسنون

ہے نہ کہ جُمُعہ کے دن کیلئے۔ جن پر جُمعہ کی نَماز نہیں اُن کیلئے یہ غُسل سنّت نہیں، بعض عُلَمائے کرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جُمعہ کا غسل نَمازِ جُمعہ سے قریب کرو حتّٰی کہ اس کے وُضو سے جُمُعہ پڑھو مگر حق یہ ہے کہ غسلِ جُمعہ کا وقت طلوعِ فَجر سے شُرُوع ہو جاتا ہے (مِراٰۃ ص ۳۳۴) معلوم ہوا عورت اور مسافر وغیرہ جن پر جُمعہ واجِب نہیں ہے اُن کیلئے غسلِ جُمعہ بھی سنّت نہیں۔

## غسلِ جُمعہ سنّتِ غیر مُؤکّدہ ھے

حضرتِ علّامہ ابنِ عابِدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، نمازِ جُمعہ کیلئے غُسل کرنا سُنَنِ زَوائِد سے ہے اِس کے ترک پر عِتاب (یعنی ملامت) نہیں۔

(درمختار مع ردالمحتار ج اص ۳۰۸)

## خُطبہ میں قریب رہنے کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا سَمُرَہ بن جُندَب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے،

حُضُور سراپا نور، فیض گنجور، شاہِ غَیور، صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا، ''حاضِر رہو خُطبہ کے وقت اور امام سے قریب رہو اِس لئے کہ آدمی جس قدر دُور رہے گا اُسی قدر جنّت میں **پیچھے** رہے گا اگرچِہ وہ (یعنی مسلمان) جنّت میں داخِل ضَرور ہوگا۔

(ابو داوٗد ج ۱ ص ۴۱۰، حدیث ۱۱۰۸ دار احیاء التراث العربی بیروت)

# تو جُمُعَہ کا ثواب نہیں ملے گا

**جو** جُمعہ کے دن کلام کرے جبکہ امام خُطبہ دے رہا ہو تو اس کی مثال اُس **گدھے** جیسی ہے جو بوجھ اُٹھائے ہو اور اُس وقت جو کوئی اپنے ساتھی سے یہ کہے کہ ''چپ رہو'' تو اُسے **جُمعہ کا ثواب** نہ ملے گا۔

(مسندِ امام احمد بن حنبل، ج ۱، ص ۴۹۴ حدیث ۲۰۳۳)

# چُپ چاپ خُطْبہ سُننا فَرض ھے

**جو** چیزیں نَماز میں حرام ہیں مَثَلاً کھانا پینا، سلام و جواب وغیرہ یہ سب

خُطبہ کی حالت میں بھی **حرام** ہیں یہاں تک کہ نیکی کی دعوت دینا بھی۔ ہاں خطیب نیکی کی دعوت دے سکتا ہے۔ جب **خُطْبہ** پڑھے، تو تمام حاضِرین پر سننا اور چُپ رہنا **فرض** ہے، جو لوگ امام سے دُور ہوں کہ خُطْبہ کی آواز ان تک نہیں پہنچتی اُنہیں بھی چُپ رہنا **واجب** ہے اگر کسی کو بُری بات کرتے دیکھیں تو ہاتھ یا سر کے اشارے سے منْع کر سکتے ہیں زَبان سے **ناجائز** ہے۔

(درمختار مع ردالمحتار ج۳ص ۳۵،۳٦)

## خُطْبہ سُننے والا دُرُود شریف نہیں پڑھ سکتا

**سرکارِ** مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا نامِ پاک خطیب نے لیا تو حاضِرین دِل میں دُرُود شریف پڑھیں زَبان سے پڑھنے کی اُس وقت اجازت نہیں، یونہی صَحابۂ کرام علیہم الرضوان کے ذِکرِ پاک پر اُس وقت رضی اللہ تعالیٰ عنہم زَبان سے کہنے کی اجازت نہیں۔ (ایضاً ص ۳۲)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

## خُطبۂ نکاح سُننا واجِب ہے

خُطبۂ جُمُعہ کے علاوہ اور خُطبوں کا سننا بھی واجِب ہے مَثَلاً خطبۂ عیدَین و نِکاح وغیرہُما۔ (درمختار مع ردالمحتار ج ۳ ص ۳۲)

## پہلی اذان ہوتے ہی کاروبار بھی ناجائز

پہلی اذان کے ہوتے ہی (نمازِ جُمُعہ کے لئے جانے کی) کوشِش (شُروع کر دینا) واجِب ہے اور بَیع (یعنی خرید وفروخت) وغیرہ ان چیزوں کا جو سَعْی (کوشِش) کے مُنافی ہوں چھوڑ دینا واجِب۔ یہاں تک کہ راستہ چلتے ہوئے اگر خرید وفروخْت کی تو یہ بھی ناجائز اور **مسجد** میں خرید وفروخْت تو **سخت گناہ** ہے اور کھانا کھا رہا تھا کہ اذانِ جُمُعہ کی آواز آئی اگر یہ اندیشہ ہو کہ کھائے گا تو جُمُعہ فوت ہو جائے گا تو کھانا چھوڑ دے اور جُمُعہ کو جائے۔ جُمُعہ کے لئے اطمینان ووقار کے ساتھ جائے۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۱۴۹، درمختار مع ردالمحتار ج ۳ ص ۳۸)

**آج کل عِلمِ دین سے دُوری کا دَور ہے، لوگ دیگر عبادات کی طرح**

خُطبہ سُننے جیسی عظیم عبادت میں بھی غلطیاں کر کے کئی گناہوں کا اِرتِکاب کرتے ہیں لہٰذا مَدَنی اِلتجاء ہے کہ ڈھیروں نیکیاں کمانے کیلئے ہر جُمعہ کو خطیب قبل از اذانِ خُطبہ مِنۡبر پر چڑھنے سے پہلے یہ اِعلان کرے:

## ”بِسمِ اللّٰه“ کے سات حُرُوف کی نِسبت سے خُطۡبہ کے 7 مَدَنی پھول

مدنیہ ۱ **حدیثِ** پاک میں ہے، ”جس نے جُمُعَہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگیں اُس نے جہنّم کی طرف پُل بنایا (ترمذی ج ۲ ص ٤٨ حدیث ٥١٣ دارالفِکر بیروت) اِس کے ایک معنیٰ یہ ہیں کہ اس پر چڑھ چڑھ کر لوگ جہنّم میں داخِل ہونگے۔

مدنیہ ۲ **خطیب** کی طرف منہ کر کے بیٹھنا سنّتِ صَحابہ ہے (ملخص از مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۳)

مدنیہ ۳ **بُزرگانِ** دین رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، دوزانو بیٹھ کر خُطبہ سنے، پہلے خُطبہ میں ہاتھ باندھے، دوسرے میں زانو پر ہاتھ رکھے تو ان شآءَ اللہ

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اُس نے مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھا تحقیق وہ بد بخت ہوگیا۔

عَزَّوَجَلَّ ۲ دو رَکعت کا ثواب ملیگا۔ (مِراۃ شرح مِشکوٰۃ ج ۲ ص ۳۳۸)

مدنی ۴ **اعلیٰحضرت امام احمد رضاخان** علیہ رَحمۃ الرَّحمٰن فرماتے ہیں، ''خُطبے میں حُضُورِ اقدس صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا نامِ پاک سُن کر دل میں دُرُود پڑھیں کہ زَبان سے سُکوت (یعنی خاموشی) فرض ہے۔''

(فتاویٰ رضویہ ج۸ ص ۳۶۵ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

مدنی ۵ **''دُرِّمختار''** میں ہے، خُطبہ میں کھانا پینا، کلام کرنا اگرچہ **سبحٰن اللہ** کہنا، سلام کا جواب دینا یا نیکی کی بات بتانا حرام ہے۔

(دُرِّ مُختار معہ رَدُّالمُحتار ج۳ ص ۳۵)

مدنی ۶ **اعلیٰحضرت** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، بحالتِ خُطبہ چلنا حرام ہے۔ یہاں تک عُلَمائے کرام رحمھم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر ایسے وقت آیا کہ خطبہ شُروع ہوگیا تو مسجِد میں جہاں تک پہنچا وہیں رُک جائے، آگے نہ

بڑھے کہ یہ عمل ہوگا اور حالِ خطبہ میں کوئی عمل رَوا (یعنی جائز) نہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج۸ ص ۳۳۴ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

مدنی پھول ۷ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، ''خطبہ میں کسی طرف گردن پھیر کر دیکھنا (بھی) حرام ہے۔'' (ایضاً)

## جُمعہ کی اِمامت کا اَہَم مسئلہ

**ایک** بہُت ضَروری اَمر جس کی طرف عوام کی بالکل توجُّہ نہیں وہ یہ ہے کہ جُمعہ کو اور نمازوں کی طرح سمجھ رکھا ہے کہ جس نے چاہا نیا جُمعہ قائم کرلیا اور جس نے چاہا پڑھا دیا یہ **ناجائز** ہے اس لئے کہ جُمعہ قائم کرنا بادشاہِ اسلام یا اُس کے نائب کا کام ہے۔ اور جہاں اسلامی سلطنت نہ ہو وہاں جو سب سے بڑا فَقِیہ (عالم) **سُنّی صَحیحُ العقیدہ** ہو۔ وہ اَحکامِ شَرعِیّہ جاری کرنے میں سلطانِ اسلام کا قائم مقام ہے لہٰذا وُہی جُمُعہ قائم کرے، بِغیر اُس کی اجازت کے (جُمعہ)

نہیں ہو سکتا اور یہ بھی نہ ہو تو عام لوگ جس کو امام بنائیں۔ **عالم** کے ہوتے ہوئے **عوام** بطورِ خود کسی کو امام **نہیں** بنا سکتے نہ یہ ہو سکتا ہے کہ دو چار شخص کسی کو امام مقرّر کر لیں ایسا **جُمُعہ کہیں ثابِت نہیں**۔ (بہارِ شریعت حصہ ۴ ص ۹۵ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت

## یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کر کے ثواب کمائیے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنائیے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# نمازِ عید کا طریقہ




- دل زندہ رہے گا 437
- جنت واجب ہو جاتی ہے 437
- نمازِ عید کیلئے جانے سے قبل کی سنت 438
- نمازِ عید کیلئے آنے جانے کی سنت 438
- نمازِ عید کس پر واجب ہے؟ 440
- نمازِ عید کا وقت 441
- عید کی ادھوری جماعت ملی تو؟ 442
- عید کی جماعت نہ ملی تو کیا کرے؟ 443
- عید کے خطبے کے احکام 443
- عید کی 20 سنتیں اور آداب 444
- بقر عید کا ایک مستحب 446
- تکبیرِ تشریق کے 8 مدنی پھول 447


ورق الٹئے ---

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

بقیع

# نمازِ عید کا طریقہ (حنفی)

## (عید الفطر، بقر عید)

اس رسالے میں۔۔۔۔

عید کی جماعت نہ ملی تو؟

عید کی ادھوری جماعت ملی تو؟

تکبیر تشریق کے 8 مدنی پھول

دل زندہ رہیگا

عید کے مستحبات

ورق الٹیئے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

شیطان لاکھ روکے یہ رسالہ (۱۶ صَفحات) مکمَّل پڑھ لیجئے ،
اِن شاءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے فوائِد خود ہی دیکھ لیں گے ۔

# نمازِ عید کا طریقہ (حنفی)

## دُرُود شریف کی فضیلت

دو۲ عالم کے مالک ومختار، مکّی مدنی سرکار، محبوبِ پروردگار عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا، جو مجھ پر شبِ جُمعہ اور روزِ جُمعہ سو۱۰۰ بار دُرُود شریف پڑھے اللہ تعالٰی اُس کی سو۱۰۰ حاجتیں پوری فرمائے گا ستّر۷۰ آخرت کی اور تیس۳۰ دنیا کی۔ (تفسیر در منثور ج۶ ص۶۵٤ دار الفکر بیروت)

صلُّوا علی الحبیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم): جو مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنّت کا راستہ بھول گیا۔

# دِل زِندہ رہے گا

**تاجدارِ** مدینہ قرارِ قلب وسینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا فرمانِ عالیشان ہے، جس نے عیدَین کی رات (یعنی شبِ عیدُ الفِطْر اور شبِ عیدُ الاَضْحیٰ) طلبِ ثواب کیلئے قِیام کیا (یعنی عبادت میں گزارا) اُس دن اُس کا **دِل** نہیں مَرے گا، جس دن لوگوں کے **دِل** مَر جائیں گے۔ (ابنِ ماجہ حدیث ۱۷۸۲ ج۲ ص ۳۶۵)

# جَنّت واجِب ہو جاتی ہے

**ایک** اور مَقام پر حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے، فرماتے ہیں، جو **پانچ** راتوں میں شبِ بیداری کرے (یعنی جاگ کر عبادت میں گزارے) اُس کے لئے جنّت **واجِب** ہو جاتی ہے۔ ذِی الْحِجَّہ شریف کی آٹھویں، نویں اور دسویں رات (اس طرح تین راتیں تو یہ ہوئیں) اور چوتھی عیدُ الفِطْر کی رات، پانچویں شَعْبانُ الْمُعَظَّم کی پندرَہویں رات (یعنی شبِ بَراءَت)۔

(اَلتَّرغِیب وَالتَّرهِیب ج ۲ ص ۹۸ دار الکتب العلمیہ بیروت)

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) جس نے مجھ پر ایک دُرُود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

# نمازِ عید کیلئے جانے سے قَبل کی سنّت

حضرت سیّدُنا بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حُضورِ انور، شافعِ مَحشر، مدینے کے تاجور، باِذنِ ربِّ اکبر غیبوں سے باخبر، محبوبِ داوَر عزوجل وصلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم عِیدُ الفِطر کے دِن کچھ کھا کر نماز کیلئے تشریف لے جاتے تھے اور عیدِ اَضْحٰی کے روز نہیں کھاتے تھے جب تک نماز سے فارِغ نہ ہو جاتے۔ (ترمذی رقم الحدیث ۵۴۲ ج ۲ ص ۷۰ طبعۃ دار الفکر بیروت) اور ''بخاری کی رِوایت حضرتِ سیّدُنا اَنَس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، کہ عِیدُ الْفِطر کے دِن تشریف نہ لے جاتے جب تک چند کھجوریں نہ تناوُل فرما لیتے اور وہ طاق ہوتیں۔ (صحیح بُخاری ج ۲ ص ٤)

# نمازِ عید کیلئے آنے جانے کی سنّت

حضرتِ سیّدُنا ابو ہُریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رِوایَت ہے، تاجدارِ مدینہ،

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ دُرود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

سُرورِقلب وسینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم عِید کو (نمازِ عید کیلئے) ایک راستہ سے تشریف لے جاتے اور دُوسرے راستے سے واپَس تشریف لاتے۔

(ترمذی رقم الحدیث ٥٤١ ج٢ ص ٦٩ دارالفکر بیروت)

# نمازِ عید کا طریقہ (حنفی)

**پہلے** اِس طرح نیّت کیجئے: ''میں نیّت کرتا ہوں دُو رَکعت نَماز عیدُالفِطْر (یاعیدُالاَضحٰی) کی، ساتھ چھ زائد تکبیروں کے، واسطے اللہ عزّوجل کے، پیچھے اِس امام کے'' پھر کانوں تک ہاتھ اُٹھائیے اور اللہُ اکبر کہہ کرحسبِ معمول ناف کے نیچے باندھ لیجئے اور ثَناء پڑھئے۔ پھر کانوں تک ہاتھ اُٹھائیے اور اللہُ اکبر کہتے ہوئے لٹکا دیجئے۔ پھر ہاتھ کانوں تک اٹھائیے اور اللہُ اکبر کہہ کر لٹکا دیجئے۔ پھر کانوں تک ہاتھ اٹھائیے اور اللہُ اکبر کہہ کر باندھ لیجئے یعنی پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھئے اس کے بعد دُوسری اور تیسری تکبیر میں لٹکائیے اور چوتھی میں ہاتھ

فرمانِ مصطفےٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرُود پڑھو تمہارا دُرُود مجھ تک پہنچتا ہے۔

**باندھ لیجئے۔ اس کو یوں یاد رکھئے کہ جہاں قیام میں تکبیر کے بعد کچھ پڑھنا ہے وہاں ہاتھ باندھنے ہیں اور جہاں نہیں پڑھنا وہاں ہاتھ لٹکانے ہیں**

(ماخوذ از دُرِّمختار، ردالمحتار ج۳ ص۶۶) **پھر امام تعَوُّذ اور تسمِیَہ** آہستہ پڑھ کر الحمد شریف اور سُورۃ جہر (یعنی بلند آواز) کیساتھ پڑھے، پھر رُکوع کرے۔ دوسری رَکعَت میں پہلے الحمد شریف اور سُورۃ جہر کے ساتھ پڑھے، پھر تین بار کان تک ہاتھ اٹھا کر اللّٰہُ اکبر کہئے اور ہاتھ نہ باندھئے اور چوتھی بار بغیر ہاتھ اُٹھائے اللّٰہُ اکبر کہتے ہوئے رُکوع میں جایئے اور قاعِدے کے مطابق نماز مکمّل کر لیجئے۔ ہر دو تکبیروں کے درمیان تین بار "سُبحٰنَ اللّٰہ" کہنے کی مِقدار چُپ کھڑا رہنا ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص۱۵۰)

## نمازِ عید کس پر واجِب ہے؟

**عیدَین یعنی** (عیدُالفِطر اور بقرٰ عید) کی نماز واجِب ہے (فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص۱۴۹) مگر سب پر نہیں صِرف اُن پر جن پر جُمُعہ واجِب ہے (الھدایة معه فتح

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔

القدیر ج۲ ص۳۹) عیدَین میں نہ اذان ہے نہ اِقامت۔

(بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص١٠٦ مدینۃ المرشِد بریلی شریف)

## عید کا خُطبہ سنّت ہے

عیدَین کی ادا کی وُہی شرطیں ہیں جو جُمُعہ کی، صِرف اتنا فرق ہے کہ جُمُعہ میں خُطبہ شرط ہے اور عیدَین میں سنّت۔ جُمُعہ کا خُطبہ قبل از نماز ہے اور عیدَین کا بعد از نماز۔ (خُلاصۃ الفتاویٰ ج١ ص٢١٣)

## نَمازِ عید کا وقت

ان دُونوں نمازوں کا وَقت سُورج کے بقدر ایک نیزہ بُلند ہونے (یعنی طُلُوعِ آفتاب کے 20 مِنَٹ کے بعد) سے ضَحوَۂ کُبریٰ یعنی نِصفُ النَّہارِ شَرعی تک ہے (تبیین الحقائق ج١ ص٢٢٥ ملتان) مگر عیدُالفِطر میں دیر کرنا اور عیدُالاَضحیٰ جلد پڑھنا مُستَحَب ہے۔ (خُلاصۃ الفتاویٰ ج١ ص٢١٤)

فرمانِ مصطفیٰ: (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک یہ تمہارے لئے طہارت ہے۔

## عید کی اُدھوری جماعت ملی تو......؟

پہلی رَکْعت میں امام کے تکبیریں کہنے کے بعد مُقْتَدی شامل ہوا تو اُسی وَقت (تکبیرِ تحریمہ کے علاوہ مزید) تین تکبیریں کہہ لے اگرچہ امام نے قراءَت شُروع کردی ہو اور تین ہی کہے اگرچہ امام نے تین سے زِیادہ کہی ہوں اور اگر اس نے تکبیریں نہ کہیں کہ امام رُکوع میں چلا گیا تو کھڑے کھڑے نہ کہے بلکہ امام کے ساتھ رُکوع میں جائے اور رُکوع میں تکبیریں کہہ لے اور اگر امام کو رُکوع میں پایا اور غالِب گُمان ہے کہ تکبیریں کہہ کر امام کو رُکُوع میں پالیگا تو کھڑے کھڑے تکبیریں کہے پھر رُکُوع میں جائے ورنہ اَللّٰہُ اکبر کہہ کر رُکوع میں جائے اور رُکوع میں تکبیریں کہے پھر اگر اس نے رُکوع میں تکبیریں پوری نہ کی تھیں کہ امام نے سر اُٹھالیا تو باقی ساقِط ہوگئیں (یعنی بَقِیَّہ تکبیریں اب نہ کہے) اور اگر امام کے رُکوع سے اُٹھنے کے بعد شامِل ہوا تو اب تکبیریں نہ کہے بلکہ (امام کے سلام پھیرنے کے بعد) جب اپنی (بقِیَّہ) پڑھے اُس وَقت کہے۔ اور رُکوع میں جہاں تکبیر کہنا بتایا گیا اُس میں ہاتھ نہ اُٹھائے اور اگر دوسری رَکْعت میں شامِل ہوا تو

پہلی رَکْعَت کی تکبیریں اب نہ کہے بلکہ جب اپنی فَوت شُدہ پڑھنے کھڑا ہو اُس وَقْت کہے۔ دوسری رَکْعَت کی تکبیریں اگر امام کے ساتھ پا جائے فَبِھا (یعنی تو بہتر)۔ ورنہ اس میں بھی وُہی تفصیل ہے جو پہلی رَکْعَت کے بارے میں مذکور ہوئی۔ (ماخوذ از دُرِّمختار، ردالمحتار ج۳ ص ۵۵، ۵۶، ۵۷)

## عِید کی جَماعت نہ مِلی تو کیا کرے؟

امام نے نَماز پڑھ لی اور کوئی شَخْص باقی رَہ گیا خواہ وہ شامِل ہی نہ ہُوا تھا یا شامِل تو ہوا مگر اُس کی نَماز فاسِد ہوگئی تو اگر دُوسری جگہ مِل جائے پڑھ لے ورنہ (بغیر جماعت کے) نہیں پڑھ سکتا۔ ہاں بہتر یہ ہے کہ یہ شَخْص چار رَکْعَت چاشْت کی نَماز پڑھے۔ (دُرِّمختار ج۳ ص ۵۸، ۵۹)

## عید کے خُطبے کے اَحْکام

نَماز کے بعد امام دو خطبے پڑھے اور خُطْبَۂ جُمُعَہ میں جو چیزیں سنَّت ہیں اس میں بھی سنَّت ہیں اور جو وہاں مکروہ یہاں بھی مکروہ۔ صِرْف دو

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) مجھ پر کثرت سے دُرُود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کیلئے مغفرت ہے۔

باتوں میں فَرق ہے ایک یہ کہ جُمُعَہ کے پہلے خُطبہ سے پیشتر خَطیب کا بیٹھنا سنَّت تھا اور اس میں نہ بیٹھنا سنَّت ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں پہلے خُطبہ سے پیشتر 9 بار اور دوسرے کے پہلے 7 بار اور مِنبر سے اُترنے کے پہلے 14 بار اللّٰہُ اکبر کہنا سنَّت ہے اور جُمُعہ میں نہیں۔

(دُرِّمختار ج۳ ص۵۷، ۵۸، بہارِ شریعت حصّہ ٤ ص۱۰۹ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

## اِس مُبارَک مِصرَع، ''دیدِ عیدی میں غم مدینے کا'' کے بیس حُروف کی نسبت سے عید کی 20 سُنَّتیں اور آداب

عید کے دِن یہ اُمُور مُستَحَب ہیں:

(۱) حَجامت بنوانا (مگر زُلفیں بنوائیے نہ کہ اِنگریزی بال) (۲) ناخُن ترشوانا (۳) غُسل کرنا (٤) مِسواک کرنا (یہ اُس کے عِلاوہ ہے جو وُضو میں کی جاتی ہے) (۵) اچّھے کپڑے پہننا، نئے ہوں تو نئے ورنہ دُھلے ہوئے (٦) خُوشبو لگانا (۷) انگوٹھی پہننا (جب کبھی انگوٹھی پہنئے تو اِس بات کا خاص خیال رکھئے کہ صِرف ساڑھے

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کیلئے ایک قیراط اجر لکھتا اور ایک قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔

چار ماشہ سے کم وَزْن چاندی کی ایک ہی انگوٹھی پہنئے ۔ایک سے زِیادہ نہ پہنئے اور اُس ایک انگوٹھی میں بھی نگینہ ایک ہی ہو، ایک سے زیادہ نگینے نہ ہوں، بِغیر نگینے کی بھی مت پہنئے ۔نگینے کے وَزْن کی کوئی قید نہیں۔ چاندی کا چھلّہ یا چاندی کے بیان کردہ وَزْن وغیرہ کے علاوہ کسی بھی دھات کی انگوٹھی یا چھلّہ مرد نہیں پہن سکتا۔) (۸) نَماز فَجر مسجدِ مَحَلّہ میں پڑھنا (۹) عیدُ الفِطْر کی نَماز کو جانے سے پہلے چند کَھجوریں کھالینا، تین۳، پانچ۵، سات۷ یا کم و بیش مگر طاق ہوں۔ کھجوریں نہ ہوں تو کوئی میٹھی چیز کھا لیجئے۔ اگر نَماز سے پہلے کچھ بھی نہ کھایا تو گُناہ نہ ہوا مگر عشاء تک نہ کھایا تو عِتاب (ملامت) کیا جائے گا (۱۰) نَمازِ عید، عِید گاہ میں ادا کرنا (۱۱) عِید گاہ پیدل چلنا (۱۲) سُواری پر بھی جانے میں حَرَج نہیں مگر جس کو پیدل جانے پر قُدرت ہو اُس کیلئے پیدل جانا اَفضل ہے اور واپَسی پر سُواری پر آنے میں حَرَج نہیں (۱۳) نَمازِ عِید کیلئے ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپَس آنا (۱٤) عِید کی نَماز سے پہلے صَدَقۂ فِطْر ادا کرنا (اَفضل تو یِہی ہے مگر عید کی نَماز سے قَبل نہ دے سکے تو بعد میں دیدیجئے) (۱۵) خُوشی ظاہر کرنا (۱٦) کثرت سے صَدَقہ دینا (۱۷) عید گاہ کو اِطمینان و وَقار اور نیچی

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) مجھ پر دُرُود شریف پڑھو اللہ تم پر رحمت بھیجے گا۔

نِگاہ کئے جانا (۱۸) آپس میں مُبارک باد دینا (۱۹) بعدِ نمازِ عید مُصافَحہ (یعنی ہاتھ مِلانا) اور مُعانَقہ (یعنی گلے ملنا) جیسا کہ عُموماً مسلمانوں میں رائج ہے بہتر ہے کہ اِس میں اِظہارِ مُسَرَّت ہے۔ (الحدیقۃ الندیہ ج۲ ص ۱۵۰، مسوّی ج۲ ص ۲۲۱) مگر اَمْرَدِ خوبصورت سے گلے ملنا مَحَلِّ فتنہ ہے (۲۰) عِیدُ الْفِطْر (یعنی میٹھی عِید) کی نماز کیلئے جاتے ہوئے راستے میں آہستہ سے تکبیر کہیں اور نمازِ عیدِ اَضحٰی کیلئے جاتے ہوئے راستے میں بُلند آواز سے تکبیر کہیں۔ تکبیر یہ ہے:۔

اَللّٰهُ اَکبَرُ ط اَللّٰهُ اَکبَرُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ ط اَللّٰهُ اَکبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ ط

**ترجَمہ**: اللہ عَزَّوَجَلَّ سب سے بڑا ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ سب سے بڑا ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی عِبادت کے لائق نہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ سب سے بڑا ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی کے لئے تمام خوبیاں ہیں۔

## بَقَر عید کا ایک مُستَحَب

عیدِ اَضحٰی (یعنی بَقَر عید) تمام اَحکام میں عیدُ الْفِطْر (یعنی میٹھی عید) کی طرح ہے۔ صِرف بعض باتوں میں فَرق ہے، مَثَلاً اِس میں (یعنی بَقَر عید

فرمانِ مصطفٰے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جب تم مُرسلین (علیہم السلام) پر دُرُود پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو بے شک میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔

میں) مُستَحَب یہ ہے کہ نَماز سے پہلے کچھ نہ کھائے چاہے قُربانی کرے یا نہ کرے اور اگر کھالیا تو کراہت بھی نہیں۔

## "اَللّٰہُ اَکْبَر" کے آٹھ حُروف کی نسبت سے تکبیرِ تَشریق کے 8 مَدَنی پھول

(۱) نویں (9) ذُوالحِجَّةُ الْحرام کی فَجْر سے تیرھویں (۱۳) کی عَصْر تک پانچوں وقْت کی فرض نَمازیں جو مسجِد کی جماعتِ اُولیٰ کے ساتھ ادا کی گئیں ان میں ایک بار بُلند آواز سے تکبیر کہنا واجِب ہے اور تین (۳) بار افضل (تبیین الحقائق ج۱ ص۲۲۷) اسے **تکبیرِ تشریق** کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے' اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط (تنویر الابصار معه ردالمحتار ج ۳ ص ۷۱)

**(۲) تکبیرِ تَشریق سلام پھیرنے کے بعد فوراً کہنا واجب ہے۔** یعنی جب تک کوئی ایسا فِعل نہ کیا ہو کہ اُس پر نَماز کی بِنا نہ کر سکے (فتاوٰی عالمگیری ج۱ ص ۱۵۲) مَثَلاً اگر مسجِد سے باہَر ہو گیا یا قَصْداً وُضُو توڑ دیا یا چاہے بُھول کر ہی کلام کیا تو تکبیر ساقِط ہو گئی اور بِلا قَصْد وُضو ٹوٹ گیا تو کہہ لے (دُرِّمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۷۳)

فرمانِ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اُس کی شفاعت کروں گا۔

(۳) **تکبیرِ تشریق** اُس پر واجِب ہے جو شہر میں **مُقیم** ہو یا جس نے اِس مقیم کی اِقتِدا کی۔ وہ اِقتِدا کرنے والا چاہے مسافِر ہو یا گاؤں کا رَہنے والا اور اگر اِس کی اِقتِدا نہ کریں تو ان پر (یعنی مسافِر اور گاؤں کے رَہنے والے پر) واجِب نہیں (درمختار، ردالمحتار ج۳ ص۷٤) (٤) مُقیم نے اگر مسافِر کی اِقتِدا کی تو مُقیم پر واجِب ہے اگرچِہ اس مسافِر امام پر واجِب نہیں (درمختار، ردالمحتار ج۳ ص۷۳) (۵) نَفل، سُنّت اور وِتْر کے بعد تکبیر واجِب نہیں (اَیضاً) (٦) جُمُعَہ کے بعد واجِب ہے اور نَمازِ (بَقَر) عید کے بعد بھی کہہ لے (اَیضاً) (۷) **مَسبُوق** (جس کی ایک یا زائد رَکعتیں فوت ہوئی ہوں) پر تکبیر واجِب ہے مگر جب خود سلام پھیرے اُس وقت کہے (تبیین الحقائق ج۱ ص۲۲۷) (۸) **مُنفَرِد** (یعنی تنہا نَماز پڑھنے والے) پر واجِب نہیں (غنیۃ المستملی ص٥٢٦ مذھبی کتب خانہ) مگر کہہ لے کہ **صاحِبَین** رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالیٰ کے نزدیک اس پر بھی واجِب ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ ٤ ص١١١ مدینۃ المرشد بریلی شریف)

(عید کے فضائل وغیرہ کی تفصیلی معلومات کیلئے **فیضانِ سنّت** کے باب "فیضانِ رَمَضان" سے فیضانِ عیدُ الفِطْر کا مطالَعہ فرمائیے)۔

فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دوسو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دوسو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔

اے ہمارے پیارے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں عِیدِ سَعید کی خُوشیاں سُنَّت کے مطابِق منانے کی توفیق عطا فرما۔ اور ہمیں حج شریف اور دِیارِ مدینہ وتاجدارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دید کی حقیقی عِید بار بار نصیب فرما۔

اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

تری جبکہ دید ہو گی جبھی میری عید ہو گی
مِرے خواب میں تو آنا مَدَنی مدینے والے

## یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اَعراس اور جُلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل تقسیم کر کے ثواب کمائیے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تُحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنائیے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَرِیعے اپنے مَحَلّہ کے گھر گھر میں وقفہ وقفہ سے بدل بدل کر سنّتوں بھرے رَسائل پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُود پاک نہ پڑھے۔

## حِفظ بُھلا دینے کا عذاب

**یقیناً** حِفظِ قُرانِ کریم کارِثواب عظیم ہے، مگر یادرہے حِفظ کرنا آسان، مگر عُمر بھر اِس کو یادرکھنا دشوار ہے۔ حُفّاظ وحافِظات کو چاہئے کہ روزانہ کم ازکم ایک پارہ لازِماً تِلاوت کرلیا کریں۔ جو حُفّاظ رَمَضانُ الْمبارَك کی آمد سے تھوڑا عرصہ قبل فَقَط مُصَلّٰی سنانے کیلئے منزِل پکّی کرتے ہیں اور اِس کے علاوہ مَعَاذَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سارا سال غفلت کے سبب کئی آیات بُھلائے رہتے ہیں، وہ بار بار پڑھیں اور خوفِ خُدا عزوجل سے لرزیں۔ نیز جس نے ایک آیت بھی بُھلائی ہے وہ دوبارہ یاد کرلے اور بُھلانے کا جو گناہ ہوا اُس سے سچّی توبہ کرے۔

۱ **جو** قرانی آیات یاد کرنے کے بعد بُھلا دیگا بروزِ قِیامت **اندھا** اُٹھایا جائیگا۔ (ماخذ: پ ۱٦ طٰہٰ ۱۲۵، ۱۲٦)

### فَرامِینِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم

۲ **میری** اُمّت کے ثواب میرے حُضُور پیش کیے گئے یہاں تک کہ میں نے ان میں وہ تِنکا بھی پایا جسے آدَمی مسجد سے نکالتا ہے اور میری اُمّت کے گناہ میرے حُضُور پیش کیے گئے میں نے اِس سے **بڑا گناہ** نہ دیکھا کہ کسی آدَمی کو قرآن کی ایک

**فرمانِ مصطفےٰ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر دُرُود شریف نہ پڑھے تو لوگوں میں وہ کنجوس ترین شخص ہے۔

سُورت یا ایک آیت یاد ہو پھر وہ اُسے بُھلا دے۔ (جامع ترمذی حدیث ٢٩١٦)

حدیث ٣ **جو** شخص قران پڑھے پھر اسے بُھلا دے تو قِیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے **کوڑھی** ہو کر ملے۔ (ابو داوٗد حدیث ١٤٧٤)

حدیث ٤ **قِیامت** کے دن میری اُمّت کو جس **گُناہ** کا پورا بدلہ دیا جائے گا وہ یہ ہے کہ اُن میں سے کسی کو قرآنِ پاک کی کوئی سُورت یاد تھی پھر اُس نے اِسے بُھلا دیا۔ (کنزُالعُمّال حدیث ٢٨٤٦)

حدیث ٥ **اعلیٰحضرت**، اِمامِ اَہلسنّت، امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ''اِس سے زِیادہ نادان کون ہے جسے خدا عَزَّوَجَلَّ ایسی ہمّت بخشے اور وہ اسے اپنے ہاتھ سے کھودے اگر قَدْر اِس (حفظِ قرانِ پاک) کی جانتا اور جو ثواب اور دَرَجات اِس پر مَوعُود ہیں (یعنی جن کا وعدہ کیا گیا ہے) ان سے واقِف ہوتا تو اسے جان ودل سے زِیادہ عزیز رکھتا۔'' مزید فرماتے ہیں، ''جہاں تک ہو سکے اُس کے پڑھانے اور حِفظ کرانے اور خود یاد رکھنے میں کوشش کرے تا کہ وہ ثواب جو اس پر مَوعُود (یعنی وعدہ کئے گئے) ہیں حاصِل ہوں اور بروزِ قِیامت **اندھا کوڑھی** اُٹھنے سے نَجات پائے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ٢٣ ص ٦٤٥،٦٤٧)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# مجلس سے اُٹھتے وقت کی دعاء کی فضیلت

۔ شیخ طریقت، امیر اہلسنت، بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

حضرتِ سیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ، باعثِ نزولِ سکینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کسی مجلس میں بیٹھا پس اس نے کثیر گفتگو کی تو اس مجلس سے اُٹھنے سے پہلے کہے،

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ
اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ O

تو بخش دیا جائے گا جو اس مجلس میں ہوا۔ (جامع الترمذی کتاب الدعوات ص ٦٥٥)

# بھلائی کی مُہر اور گناہ مُعاف

حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، جو یہ دعا کسی مجلس سے اُٹھتے وقت تین مرتبہ پڑھے تو اس کی خطائیں مٹادی جاتی ہیں۔ اور جو مجلسِ خیر ومجلسِ ذکر میں پڑھے تو اُس کیلئے خیر (یعنی بھلائی) پر مُہر لگادی جائے گی۔ وہ دُعا یہ ہے:

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ
اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ O


(ابو داؤد شریف کتاب الادب ص ٦٦٧ ج٣)

ترجمہ: تیری ذات پاک ہے اور اے اللہ عزوجل تیرے ہی لئے تمام خوبیاں ہیں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

**دعائے عطار** یارب مصطفےٰ عزوجل و صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم جو کوئی اجتماع، درس، مدنی قافلوں کے حلقے اور دینی و دنیوی بیٹھک کے اختتام پر حسب حال یہ دعا پڑھے اور موقع پاکر پڑھوانے کی عادت بنائے اُس کو جنت الفردوس میں اپنے مدنی حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا پڑوس عنایت کر اور مجھ پاپی وبدکار گنہگاروں کے سردار کے حق میں بھی یہ دعا قبول فرما۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

ملنے کا پتا: مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی اور اس کی تمام شاخیں۔

# مَدَنی وصیّت نامہ



جنّتُ البقیع شریف کا ایمان افروز منظر


مدینہ منورہ سے 40 چالیس وصیتیں 454

وصیت باعث مغفرت 465

طریقہ تجہیز و تکفین 465

مرد کا مسنون کفن 465

عورت کا مسنون کفن 465

کفن کی تفصیل 465

غسلِ میت کا طریقہ 466

مرد کو کفن پہنانے کا طریقہ 467

عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ 467

بعدِ نمازِ جنازہ تدفین 468


ورق الٹئے ---

786

قفل مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

بقیع

# مدنی وصیت نامہ

## مع کفن دفن کے احکامات

اس رسالے میں۔۔۔

- مدینہ منورہ سے چالیس وصیتیں
- وصیت باعث مغفرت
- طریقہ تجہیز و تکفین
- مرد کو کفن پہنانے کا طریقہ
- عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ

ورق الٹیے۔۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# اَرْبَعِیْنَ وَصَایَا مِنَ الْمَدِیْنَۃِ الْمُنَوَّرَۃ

## مدینۂ منوّرہ سے ۴۰ چالیس وصیّتیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ اِس وَقْت نَمازِ فَجْر کے بعد مسجدُ النَّبوِی الشَّریف علٰی صاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں بیٹھ کر" اَرْبَعِیْنَ وَصَایَا مِنَ الْمَدِیْنَۃِ الْمُنَوَّرَۃِ "(یعنی مدینۂ منوّرہ سے ۴۰ چالیس وصیّتیں) تحریر کرنیکی سعادت حاصل کررہا ہوں، آہ! صد آہ!

آج میری مدینۂ منوّرہ کی حاضِری کی آخِری صُبح ہے، سُورج روضۂ محبوب علٰی صاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام پر عرضِ سلام کے لئے حاضِر ہُوا چاہتا ہے، آہ! آج رات تک اگر جنّتُ الْبقیع میں مَدفن کی سعادت نہ ملی تو مدینے سے جُدا ہونا پڑ جائے گا۔ آنکھ اَشکبار ہے، دل بیقرار ہے، ہائے!

**افسوس چند گھڑیاں طَیبہ کی رَہ گئی ھیں**
**دل میں جُدائی کا غم طوفاں مچا رہا ھے**

آہ! دل غم میں ڈوبا ہوا ہے، ہجرِ مدینہ کی جاں سوز فکر نے سراپا تصویرِ غم بنا کر رکھ دیا ہے،

ایسا لگتا ہے گویا ہونٹوں کا تبسُّم کسی نے چھین لیا ہو، آہ! عنقریب مدینہ چھوٹ جائے گا، دلِ ٹوٹ جائے گا، آہ! مدینے سے سُوئے وطن روانگی کے لمحات ایسے جانگُزا ہوتے ہیں گویا، کسی شِیر خَوار بچّے کو اُس کی ماں کی گود سے چِھین لیا گیا ہو اور وہ روتا ہُوا نِہایت ہی حسرت کے ساتھ بار بار مُڑ کر اپنی ماں کی طرف دیکھتا ہو کہ شاید ماں ایک بار پھر بُلالے گی......اور شفقت کے ساتھ گود میں چُھپالے گی......اپنے سینے سے چِمٹالے گی......مجھے لوری سناکر اپنی مامتا بھری گود میں میٹھی نیند سلادے گی......آہ!

**میں شِکَستَہ دِل لئے بَوجَھل قدم رکھتا ہوا**
**چل پڑا ہوں یا شَہَنشاہ مدینہ** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم **اَلوَداع**

اب شِکَستہ دل کے ساتھ ''چالیس وَصَایَا'' عرض کرتا ہوں، میرے یہ وَصَایَا ''**دعوتِ اسلامی**'' سے وابَستہ تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی طرف بھی ہیں نیز میری اولاد اور دیگر اہلِ خانہ بھی ان وَصَایَا پر ضَرور توجُّہ رکھیں۔

زہے قسمت! مجھ پاپی و بدکار کو مدینۂ پُر انوار میں، وہ بھی سایۂ سبز سبز گنبد و مینار میں، اے کاش! جلوۂ سرکارِ نامدار، شَہَنْشاہِ اَبرار، شفیعِ روزِ شُمار، محبوبِ پروَرْدگار عزوجل، اَحمدِ مختار، صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم، میں شہادت نصیب ہو جائے اور جَنَّتُ الْبَقِیع میں دوگز

زمین مُیسَّر آئے اگر ایسا ہو جائے تو دونوں جہاں کی سَعادتیں ہی سعادتیں ہیں۔ آہ!
ورنہ جہاں مقدّر......

مدینہ ۱ اگر عالَمِ نَزع میں پائیں تو اُس وَقت کا ہر کام سنّت کے مطابق کریں، چہرہ قبلہ رُو اور ہاتھ پاؤں وغیرہ سیدھے کریں۔ یاسین شریف بھی سنائیں اور امامِ اہلِ سُنّت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کی لکھی ہوئی نعتیں بھی کہ ان کا کلام عَین شَرِیعت کے مطابق بلکہ ہر ہر شعر قران وحدیث اور اَقوالِ بزرگانِ دین رحمہم اللہ تعالیٰ کی شَرح وتفسیر ہے۔

مدینہ ۲ بعدِ قبضِ رُوح بھی ہر ہر مُعاملے میں سنّتوں کا لحاظ رکھیں، مثلاً تجہیز وتکفین وغیرہ میں تَعجیل (یعنی جلدی) کرنا کہ زیادہ عوام اکٹھی کرنے کے شوق میں تاخیر کرنا سنّت نہیں۔ بہارِ شریعت حصہ ۴ میں بیان کئے ہوئے اَحکام پر عمل کیا جائے۔

مدینہ ۳ قبر کی سائز وغیرہ سنّت کے مطابق ہو اور لَحد بنائیں کہ سنّت [1] ہے۔

مدینہ ۴ قبر کی اندرونی دیواریں جُوں کی تُوں ہوں، آگ کی پکی ہوئی اینٹیں

[1] قبر کی دو قسمیں ہیں (۱) صَندوق: (۲) لَحد: لحد بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ قبر کھودنے کے بعد میّت رکھنے کیلئے جانبِ قبلہ جگہ کھودی جاتی ہے۔ لَحد سنّت ہے اگر زمین اس قابل ہو تو یہی کریں اور اگر زمین نرم ہو تو صندوق میں مضایقہ نہیں۔ یاد رہے لحد میں بھی صندوق ہی کی طرح اوپر سے تختہ وغیرہ لگانا ہوگا ہو سکتا ہے گورکن وغیرہ مشورہ دیں کہ سلیب اندرونی حصہ میں ترچھی کر کے لگا لو مگر اُس کی بات نہ مانی جائے۔

استعمال نہ کی جائیں۔ اگر اندر میں پکی ہوئی اینٹ کی دیواریں ضروری ہوں تو پھر اندرونی حصّہ کو مٹّی کے گارے سے اچھی طرح لیپ دیا جائے۔

مدینہ ۵ ممکن ہو تو اندرُونی تختے پر یاسین شریف، سورۃُ الْمُلْك اور دُرُودِ تاج پڑھ کر دَم کر دیا جائے۔

مدینہ ٦ کفنِ مسنون خود سگِ مدینہ کے پیسوں سے ہو۔ حالتِ فقر کی صورت میں کسی صحیحُ الْعَقیدہ سُنّی کے مالِ حلال سے لیا جائے۔

مدینہ ۷ غُسل باریش، باعمامہ و پابندِ سنّت اسلامی بھائی عین سنّت کے مطابق دیں (ساداتِ کرام اگر لَندہء وُجود کو غُسل دیں تو سگِ مدینہ اسے اپنے لئے بے ادَبی تصوُّر کرتا ہے)

مدینہ ۸ غُسل کے دَوران سترِ عورت کی مکمّل حفاظت کی جائے اگر ناف سے لے کر گھٹنوں سَمیت کتّھئی یا کسی گہرے رنگ کی ۲ دو موٹی چادریں اُڑھادی جائیں تو غالباً ستر چمکنے کا اِحتمال جاتا رہے گا۔ ہاں پانی جسم کے ہر حصّہ پر بہنا لازمی ہے۔

مدینہ ۹ کفن اگر آبِ زم زم یا آبِ مدینہ بلکہ ۲ دونوں سے تر کیا ہوا ہو تو سعادت ہے۔ کاش! کوئی سیِّد صاحب سر پر سبز عمامہ شریف سجادیں۔

مدینہ ١٠ بعدِ غُسل، کفن میں چہرہ چُھپانے سے قَبل پہلے پیشانی پر اَنگشتِ شہادت سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں۔

مدینہ ١١ اسی طرح سینے پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

مدینہ ١٢ دل کی جگہ پر یا رسولَ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

مدینہ ١٣ ناف اور سینے کے درمیانی حصّۂ کفن پر یا غوثِ اُعظَم دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یا امام ابا حَنِیفَہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یا اِمام اَحمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یا شیخ ضِیاءُ الدّین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ شہادت کی اُنگلی سے لکھیں۔

مدینہ ١٤ نیز ناف کے اوپر سے لے کر سر تک تمام حِصّۂ کفن پر (علاوہ پُشت کے) "مدینہ مدینہ" لکھا جائے۔ یاد رہے یہ سب کچھ روشنائی سے نہیں صرف اَنگُشتِ شہادت سے اور زہے نصیب کوئی سَیّد صاحب لکھیں۔

مدینہ ١٥ اگر مُیَسَّر ہو تو مُنہ پر اچھی طرح خاکِ مدینہ چِھڑک دی جائے۔ ممکن ہو تو دونوں آنکھوں پر خارِ مدینہ اگر یہ نہ ہوں تو مدینۂ منوّرہ کی کھجوروں کی گُٹھلیاں رکھ دی جائیں۔

مدینہ ١٦ جنازہ لے کر چلتے وَقت بھی تمام سنّتوں کو ملحوظ رکھیں۔

مدینہ ۱۷ جنازے کے جلوس میں سب اسلامی بھائی مل کر امامِ اَہلِ سُنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصیدۂ دُرُود "**کعبہ کے بدرُ الدُّجیٰ تم پہ کروڑوں دُرُود**" پڑھیں۔ (اس کے علاوہ بھی نعتیں وغیرہ پڑھیں مگر صِرف اور صِرف عُلمائے اہلسنّت ہی کا کلام پڑھا جائے)

مدینہ ۱۸ جنازہ کوئی صحیحُ العَقیدہ سُنّی عالِمِ باعمل یا کوئی سُنّتوں کے پابند اسلامی بھائی یا اَہل ہوں تو اولاد میں سے کوئی پڑھادیں مگر خواہش ہے کہ ساداتِ کرام کو فوقیت دی جائے۔

مدینہ ۱۹ زہے نصیب! ساداتِ کرام اپنے رَحمت بھرے ہاتھوں قبر میں اُتاریں۔

مدینہ ۲۰ چہرہ کی طرف دیوارِ قبر میں طاق بنا کر اُس میں کسی پابندِ سنّت اسلامی بھائی کے ہاتھ کا لکھا ہوا عَہد نامہ، نقشِ نَعلِ شریف، سبز گنبد شریف کا نقشہ، شَجرہ شریف، نقشِ ہَرکارہ وغیرہ تبرُّکات رکھیں۔

مدینہ ۲۱ اگر جنّتُ البقیع میں جگہ مل جائے تو زہے قسمت! ورنہ کسی وَلیُّ اللہ کے قُرب میں، یہ بھی نہ ہوسکے تو جہاں اسلامی بھائی چاہیں سُپُردِ خاک کریں مگر جائے غَصَب پر دَفن نہ کریں کہ حرام ہے۔

مدینہ ۲۲ قَبر پر اذان دیں۔

مدینہ ۲۳ زہے نصیب! کوئی سَیِّد صاحِب تلقین فرمادیں ۔[1]

مدینہ ٢٤ ہو سکے تو میرے اہلِ مَحَبَّت میری تدفین کے بعد ۱۲ روز تک 'یہ نہ ہو سکے تو کم از کم ۱۲ گھنٹے ہی سہی میری قَبر پر حَلْقہ کئے رہیں اور ذِکرو دُرود اور تِلاوت ونَعت سے میرا دل بہلاتے رہیں ان شآءَ اللہ عزوجل نئی جگہ میں دل لگ ہی جائے گا اِس دَوران بھی اور ہمیشہ نَمازِ باجماعت کا اِہتِمام رکھیں۔

[1] تلقین کی فضیلت :۔ سرکارِ مدینہ ،قرارِ قلب وسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے ،جب تمہارا کوئی مسلمان بھائی مرے اور اس کو مٹی دے ،چکو تو تم میں ایک شخص قبر کے سرہانے کھڑا ہوکر کہے ،یافلاں بن فلانہ وہ سنے گا اور جواب نہ دے گا۔ پھر کہے ،یافلاں بن فلانہ ،وہ سیدھا ہو کر بیٹھ جائے گا ،پھر کہے ،یافلاں بن فلانہ ،وہ کہے گا ہمیں ارشاد کر اللہ عزوجل تجھ پر رحم فرمائے مگر تمہیں اس کے کہنے کی خبر نہیں ہوتی ۔پھر کہے ،

اُذْکُرْ مَاخَرَجْتَ مِنَ الدُّنْیَا شَہَادَۃَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) وَاَنَّكَ رَضِیْتَ بِاللّٰہِ رَبًّاوَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) نَبِیًّاوَّ بِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا۔

ترجمہ: تُو اُسے یاد کر جس پر تُو دنیا سے نکلا یعنی یہ گواہی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں اور یہ کہ تُو اللہ عزوجل کے رب اور اسلام کے دین اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے نبی اور قرآن کے امام ہونے پر راضی تھا۔

منکر نکیر ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کہیں گے چلو ہم اُس کے پاس کیا بیٹھیں جسے لوگ اس کی حُجت سکھا چکے۔اس پر کسی نے سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے عرض کی ،اگر اس کی ماں کا نام معلوم نہ ہو؟ فرمایا ،حوا (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کی طرف نسبت کرے۔

(رَوَاہُ الطَّبَرانی فی الکبیر رقم الحدیث ۷۹۷۹ ج۸ ص ۲۵۰ مطبوعہ دار احیاء التُّراث العربی بیروت)

نوٹ :فلاں بن فلانہ کی جگہ میت اور اسکی ماں کا نام لے ۔مثلاً یا محمد الیاس بن امینہ ۔اگر میت کی ماں کا نام معلوم نہ ہو تو ماں کے نام کی جگہ حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام لے ۔تلقین صرف عربی میں پڑھیں۔ سگِ مدینہ عُفِیَ عَنْہُ

مدینہ۲۵ میرے ذِمّہ اگر قرض وغیرہ ہوتو میرے مال سے اوراگر مال نہ ہوتو درخواست ہے کہ میری اولاد اگر زندہ ہوتو وہ یا کوئی اوراسلامی بھائی اِحساناً اپنے پلّے سے ادا فرمادیں۔ اللہ عزوجل اَجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ (مختلف اجتماعات میں اعلان کیا جائے کہ جس کسی کی بھی دل آزاری یا حق تلفی ہوئی ہو وہ محمد الیاس قادری کو مُعاف فرمادیں اگر قرض وغیرہ ہوتو فوراً وُرثاء سے رُجوع کریں یامُعاف کردیں۔)

مدینہ۲۶ مجھے اِستقامت وکثرت کے ساتھ ایصالِ ثواب ودعائے مغفرت سے نوازتے رہیں تو اِحسانِ عظیم ہوگا۔

مدینہ ۲۷ سب کے سب مَسلکِ اَہلِ سنّت پر امامِ اَہلِ سنّت مولٰینا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی صحیح اسلامی تعلیمات کے مطابق قائم رہیں۔

مدینہ۲۸ بَد مذہبوں کی صُحبت سے کوسوں دُور بھاگیں کہ اُن کی صُحبت خاتمہ بالخیر میں بُہت بڑی رُکاوٹ ہے۔

مدینہ۲۹ تاجدارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی مَحبّت اور سنّت پر مضبوطی سے قائم رہیں۔

مدینہ۳۰ نمازِ پنجگانہ، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ فرائض (ودیگر واجبات وسُنَن) کے مُعاملہ میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کیا کریں۔

مدینہ۳۱ **وصیّت ضروری وصیت:** دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے ساتھ ہر دم وفادار رہیں، اِس کے ہر رُکن اوراپنے ہر نگران کے ہر اُس حکم کی اِطاعت کریں جو شَرِیعت کے مطابق ہو، شوریٰ یا دعوتِ اسلامی کے کسی بھی ذمہ دار کی بِلا اجازتِ شَرعی مخالفت کرنے والے سے میں بیزار ہوں۔

مدینہ۳۲ ہر اسلامی بھائی ہفتے میں کم از کم ایک بار عَلاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں اوّل تا آخر شرکت اور ہر ماہ کم از کم تین دن، ۱۲ ماہ میں ۳۰ دن اور زندگی میں یکمُشت کم از کم ۱۲ ماہ کیلئے مَدَنی قافلے میں سفر کو یقینی بنائے۔ ہر اسلامی بھائی اور ہر اسلامی بہن اپنے کردار کی اِصلاح پر اِستقامت پانے کیلئے روزانہ مَدَنی اِنعامات کا کارڈ پُر کرے اور ہر ماہ اپنے ذمہ دار کو جَمع کروائے۔

مدینہ۳۳ تاجدارِ مدینہ، سُرورِ قلب وسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی مَحَبّت وسنّت کا پیغام دنیا میں عام کرتے رہیں۔

مدینہ ۳۴ بدعقیدگیوں اور بد اعمالیوں نیز دنیا کی مَحَبّت، مالِ حرام اور ناجائز فیشن وغیرہ کے خِلاف اپنی جد وجُہد جاری رکھیں۔ حُسنِ اَخلاق اور مدنی مٹھاس کے ساتھ نیکی کی دعوت کی دھومیں مچاتے رہیں۔

مدینہ۳۵ غصہ اور چڑچڑا پن کو قریب بھی نہ پھٹکنے دیں ورنہ دین کا کام دُشوار

ہو جائے گا۔

مدینہ ٣٦ میری تالیفات و بیان کی کیسٹوں سے میرے وُرثاء کو دنیا کی دولت کمانے سے بچنے کی مَدَنی التجاء ہے۔

مدینہ ٣٧ میرے تَرکہ وغیرہ کے مُعامَلہ میں حکمِ شَرِیعت پر عمل کیا جائے۔

مدینہ ٣٨ مجھے جو کوئی گالی دے، بُرا بھلا کہے، زخمی کر دے یا کسی طرح بھی دل آزاری کا سبب بنے میں اُسے اللہ عزوجل کے لئے پیشگی مُعاف کر چکا ہوں۔

مدینہ ٣٩ مجھے ستانے والوں سے کوئی اِنتقام نہ لے۔

مدینہ ٤٠ بالفرض کوئی مجھے شہید کر دے تو میری طرف سے اُسے میرے حُقوق مُعاف ہیں۔ وُرَثاء سے بھی درخواست ہے کہ اسے اپنا حق مُعاف کر دیں۔ اگر سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کی شَفاعت کے صَدْقے محشر میں خُصوصی کرم ہو گیا تو ان شاءَ اللہ عزوجل اپنے قاتل یعنی مجھے شہادت کا جام پلانے والے کو بھی جنّت میں لیتا جاؤں گا بشرطیکہ اُس کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔


(اگر میری شہادت عمل میں آئے تو اس کی وجہ سے کسی قسم کے ہنگامے اور ہڑتالیں نہ کیجائیں۔ اگر ''ہڑتال'' اس کا نام ہے کہ مسلمانوں کا کاروبار زبردستی بند کروایا جائے، مسلمانوں کی دکانوں اور گاڑیوں پر پتھراؤ وغیرہ ہو۔ بندوں کی ایسی حق تلفیوں کو کوئی بھی مفتیِ اسلام جائز نہیں کہہ

سکتا۔ اِس طرح کی ہڑتال حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔ اِس طرح کے جذباتی اِقدامات سے دین و دنیا کے نقصانات کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ عُموماً ہڑتالی جلد ہی تھک جاتے ہیں اور بِالآخر اِنتظامیہ ان پر قابو پالیتی ہے۔)

کاش! گناہوں کو بخشنے والا خدائے غفار عزوجل مجھ پاپی و بدکار کو اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کے طُفیل مُعاف فرمادے۔ اے میرے پیارے اللہ عزوجل! جب تک زِندہ رہوں عشقِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم میں گُم رہوں، ذِکرِ مدینہ کرتا رہوں۔ نیکی کی دعوت کیلئے کوشاں رہوں۔ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی شَفاعت پاؤں، بخشا بھی جاؤں۔ جنّتُ الفِردوس میں بھی محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا پڑوس نصیب ہو۔ آہ! کاش! ہر وقت نظارۂ محبوب میں گم رہوں۔ اے اللہ عزوجل اپنے حبیب پر اَن گِنت دُرود و سلام بھیج۔ ان کی تمام امت کی مغفِرت فرما۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم
امین بجاہِ النبی الامین

**یا الٰہی! جب رضا** رضی اللہ تعالیٰ عنہ **خوابِ گِراں سے سر اٹھائے**
**دولتِ بیدار عشقِ مصطفٰے** صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم **کا ساتھ ہو**
عزوجل

"مَدَنی وصیت نامہ" یہ الفاظ لکھتے وَقت تقریباً ساڑھے تیرہ سال قبل (محرّم الحرام ١٤١١ھ) مدینۂ منورہ سے جاری کیا تھا پھر کبھی کبھی معمولی ترمیم کی گئی تھی۔ اب مزید بعض ترامیم کے ساتھ حاضر کیا ہے۔



# وصیت باعث مغفرت

سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، باعِثِ نُزولِ سکینہ، صاحِب مُعَطَّر پسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ باقرینہ ہے، ''جس کی موت وَصِیَّت پر ہوئی (یعنی جو وَصِیَّت کرنے کے بعد فوت ہوا) وہ عظیم سُنَّت پر مَرا اور اُس کی موت تقویٰ اور شہادت پر ہوئی اور اس حالت میں مرا کہ اُس کی مغفِرت ہوگئی۔'' (مِشکوٰۃ شریف ص ۲۶۶)

# طریقۂ تجہیز وتکفین

## مَرد کا مسنون کَفَن

(۱) لِفافہ (۲) اِزار (۳) قَمیص

## عورت کا مَسنون کَفَن

مُندَرِجۂ بالا تین اور دو مزید (٤) سِینہ بند (۵) اُوڑھنی۔ (مُخَنَّث کو بھی عورتوں والا کفن دیا جائے)

## کَفَن کی تفصیل

(۱) **لفافہ** (یعنی چادر) مَیِّت کے قد سے اتنی بڑی ہو کہ دونوں طرف باندھ سکیں۔

(۲) **اِزار** (یعنی تہبند) چوٹی سے قدم تک یعنی لفافہ سے اتنا چھوٹا جو بَندِش کے لئے زائد تھا۔

(۳) **قمیص** (یعنی کَفنی) گردن سے گھٹنوں کے نیچے تک اور یہ آگے اور پیچھے دونوں طرف برابر ہو اِس میں چاک اور آستینیں نہ ہوں۔ مَرد کی کَفنی کندھوں پر چیریں اور عورت

کے لئے سینے کی طرف۔ (٤) سینہ بند پستان سے ناف تک اور بہتر یہ ہے کہ ران تک ہو۔ [1]

## غُسلِ میّت کا طریقہ

اگر بتّیاں یا لوبان جلا کر تین، پانچ یا سات بار غُسل کے تختے کو دُھونی دیں یعنی اتنی بار تختے کے گرد پھرائیں۔ تختے پر میّت کو اِس طرح لِٹائیں جیسے قَبر میں لِٹاتے ہیں۔ ناف سے گھٹنوں سَمیت کپڑے سے چُھپا دیں۔ (آج کل غُسل کے دوران سفید کپڑا اُڑھاتے ہیں، پانی لگنے سے بے پردَگی ہوتی ہے، لہٰذا اَلْتَھئی یا گہرے رنگ کا اتنا موٹا کپڑا ہو کہ پانی پڑنے سے سِتر نہ چمکے، کپڑے کی دو تہیں کرلیں تو زیادہ بہتر۔) اب نہلانے والا اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر پہلے دونوں طرف اِستِنجا کروائے (یعنی پانی سے دھوئے) پھر نَماز جیسا وُضو کروائیں یعنی تین بار مُنہ پھر کہنیوں سَمیت دونوں ہاتھ تین تین بار دُھلائیں، پھر سَر کا مَسح کریں، پھر تین بار دونوں پاؤں دُھلائیں۔ میّت کے وُضو میں پہلے گٹوں تک ہاتھ دھونا، کُلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا نہیں ہے۔ البتّہ کپڑے یا رُوئی کی پُھرَیری بھگو کر دانتوں، مَسُوڑھوں، ہونٹوں اور نتھنوں پر پھیر دیں۔ پھر سَر یا داڑھی کے بال ہوں تو دھوئیں۔ اب بائیں (یعنی اُلٹی) کروٹ پر لِٹا کر بَیری کے پتّوں کا جوش دیا ہوا (جو اب نیم گرم رہ گیا ہو) اور یہ نہ ہو تو خالص پانی نیم گرم سَر سے پاؤں تک بہائیں کہ تختہ تک پہنچ جائے۔ پھر سیدھی

[1] عُموماً تیار کفن خرید لیا جاتا ہے، اس کا میّت کے قد کے مطابق ہونا ضروری نہیں لہٰذا احتیاطاً اسی ثابت تھان میں سے حسبِ ضرورت کپڑا کاٹا جائے۔

کروٹ لِٹا کر بھی اِسی طرح کریں پھر ٹیک لگا کر بٹھائیں اور نرمی کے ساتھ پیٹ کے نچلے حصے پر ہاتھ پھیریں اور کچھ نکلے تو دھو ڈالیں۔ دوبارہ وُضو اور غُسل کی حاجت نہیں پھر آخر میں سَر سے پاؤں تک تین[٣] بار کافور کا پانی بہائیں۔ پھر کسی پاک کپڑے سے بدن آہستہ سے پُونچھ دیں۔ ایک بار سارے بدن پر پانی بہانا فرض ہے اور تین[٣] بار سُنّت۔

کفن کو ایک یا تین[٣] یا پانچ یا سات[٧] بار دُھونی دے دیں۔ پھر اِس طرح بچھائیں کہ پہلے لِفافہ یعنی بڑی چادر اس پر تہبند اور اس کے اوپر کَفنی رکھیں۔ اب میّت کو اُس پر لِٹائیں اور کَفنی پہنائیں اب داڑھی پر (نہ ہو تو ٹھوڑی پر[١]) اور تمام جِسم پر خوشبو مَلیں۔ وہ اعضاء جن پر سجدہ کیا جاتا ہے یعنی پیشانی، ناک، ہاتھوں، گھٹنوں اور قدموں پر کافور لگائیں[٢] پھر تہبند اُلٹی جانب سے پھر سیدھی جانب سے لپیٹیں۔ اب آخر میں لِفافہ بھی اِسی طرح پہلے اُلٹی جانب سے پھر سیدھی جانب سے لپیٹیں تاکہ سیدھا اُوپر رہے۔ سَر اور پاؤں کی طرف باندھ دیں۔

## عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ

کَفنی پہنا کر اس کے بالوں کے دو[٢] حصے کر کے کَفنی کے اُوپر سینے پر ڈال دیں اور اوڑھنی کو آدھی پیٹھ کے نیچے بچھا کر سَر پر لا کر مُنہ پر نِقاب کی طرح ڈال دیں کہ سینے

[١] میّت کے چہرے وغیرہ پر لکھنے کا طریقہ ص ۵ پر مُلاحَظہ فرمائیں۔ [٢] مرد اور عورت دونوں[٢] کے لئے خوشبو اور کافور لگانے کا ایک ہی طریقہ ہے۔

پر رہے۔ اِس کا طول آدھی پُشت سے نیچے تک اور عَرض ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہو۔ بعض لوگ اوڑھنی اسطرح اُڑھاتے ہیں جس طرح عورتیں زندگی میں سَر پر اوڑھتی ہیں یہ خلافِ سنّت ہے۔ پھر بدستور تہبند و لفافہ یعنی چادر لپیٹیں۔ پھر آخِر میں سینہ بند پِستان کے اوپر والے حصّے سے ران تک لاکر کسی ڈوری سے باندھیں۔ [1]

## بعد نمازِ جنازہ تدفین [2]

(۱) جنازہ قَبر سے قِبلہ کی جانِب رکھنا مُستَحَب ہے تاکہ میّت قبلہ کی طرف سے قَبر میں اُتاری جائے۔ قَبر کی پائِنتی (یعنی پاؤں کی جانب والی جگہ) رکھ کر سَر کی طرف سے نہ لائیں۔ (۲) حسبِ ضَرورت دُو یا تین [3] (بہتر یہ ہے کہ قوی اور نیک) آدمی قَبر میں اُتریں۔ عورت کی میّت مَحارِم اُتاریں یہ نہ ہوں تو دیگر رِشتے دار یہ بھی نہ ہوں تو پرہیز گاروں سے اُتروائیں۔ (۳) عورت کی میّت کو اُتارنے سے لے کر تختے لگانے تک کسی کپڑے سے چُھپائے رکھیں۔ (٤) قَبر میں اُتارتے وَقت یہ دُعا پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰی مِلَّتِ رَسُوۡلِ اللّٰه (عزوجل وصلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم)

(۵) مَیّت کو سیدھی کروٹ پر لِٹائیں اور اُس کا مُنہ قبلہ کی طرف کردیں۔ کفن کی بندِش کھول دیں

[1] آج کل عورتوں کے کفن میں بھی لِفافہ ہی آخِر میں رکھا جاتا ہے تو اگر کفن کے بعد سینہ بند رکھا جائے تو بھی کوئی مُضایقہ نہیں مگر افضل ہے کہ سینہ بند سب سے آخِر میں ہو۔

[2] جنازہ اُٹھانے اور اس کی نَماز کا طریقہ ''رسائلِ عطاریہ حصّہ اول میں مُلاحظہ فرمائیں۔

دیں کہ اب ضَرورت نہیں، نہ کھولی تو بھی حَرَج نہیں۔ (٦) قَبر کو کچی اِینٹوں [1] سے بند کردیں اگر زمین نَرم ہو تو لکڑی کے تختے لگانا بھی جائز ہے۔ (٧) اب مِٹّی دی جائے۔ مُستَحَب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف سے دونوں ہاتھوں سے تین بار مِٹّی ڈالیں۔ پہلی بار کہیں مِنۡهَا خَلَقۡنٰکُمۡ [2] دوسری بار وَفِیۡهَا نُعِیۡدُکُمۡ [3] تیسری بار وَمِنۡهَا نُخۡرِجُکُمۡ تَارَۃً اُخۡرٰی [4] کہیں۔ اب باقی مِٹّی پھاوڑے وغیرہ سے ڈال دیں۔ (٨) جتنی مِٹّی قَبر سے نکلی ہے اُس سے زیادہ ڈالنا مکروہ ہے۔ (٩) قَبر اُونٹ کے کوہان کی طرح ڈھال والی بنائیں چوکھونٹی (یعنی چار کونوں والی جیسا کہ آجکل مدفین کے کچھ روز بعد اکثر اینٹوں وغیرہ سے بناتے ہیں) نہ بنائیں۔ (١٠) قَبر ایک بالشت اونچی ہو یا اِس سے معمولی زیادہ (عالمگیری ج اول ص ١٦٦) (١١) تدفین کے بعد پانی چھڑکنا سنّت ہے۔ (١٢) اس کے علاوہ بعد میں پودے وغیرہ کو پانی دینے کی غَرَض سے چھڑکیں تو جائز ہے۔ (١٣) آج کل جو بلا وجہ قَبروں پر پانی چھڑکا جاتا ہے اس کو فتاوٰی رضویہ شریف ج ٤ ص ١٨٥ پر اِسراف لکھا ہے۔ (١٤) دَفن کے بعد سرہانے الٓمّٓ تا مُفۡلِحُوۡنَ اور قدموں کی طرف اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ سے ختم سُورہ تک پڑھنا مستحب ہے۔ (١٥) تلقین کریں۔ (طریقہ ص ٧ کے حاشیہ پر مُلاحظہ فرمائیں۔) (١٦) قَبر کے سرہانے قبلہ رُو کھڑے ہو کر اذان دیں۔ (١٧) قَبر پر پھول ڈالنا بہتر ہے کہ جب تک تر رہیں گے تسبیح کریں گے اور میّت کا دل بہلے گا۔ (رد المحتار ج ٣ ص ١٨٤)

---

[1] قبر کے اندرونی حصے میں آگ کی پکی ہوئی اینٹیں لگانا منع ہے مگر اکثر اب سیمنٹ کی دیواروں اور سلیب کا رَواج ہے۔ لہٰذا سیمنٹ کی دیواروں اور سیمنٹ کے تختوں کا وہ حصہ جو اندر کی طرف رکھنا ہے کچی مٹی کے گارے سے لیپ دیں۔ اللہ عزوجل مسلمانوں کو آگ کے اثر سے محفوظ رکھے۔ (اٰمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم) [2] ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا۔ [3] اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے۔ [4] اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے۔ (پ ١٦ ر کوع ١٢ ترجمہ کنزالایمان)


اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# بچے کو مسجِد میں لانے کی حدیث میں ممانعت ہے

سلطانِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نزولِ سکینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا فرمانِ باقرینہ ہے، مسجدوں کو **بچّوں** اور **پاگلوں** اور خرید وفروخت اور جھگڑے اور **آواز بلند کرنے** اور حُدود قائم کرنے اور تلوار کھینچنے سے بچاؤ۔ (ابن ماجہ ج ا ص ٤١٥، حدیث ٧٥٠)

**ایسا بچّہ جس سے نجاست** (یعنی پیشاب وغیرہ کردینے) **کا خطرہ ہو اور پاگل کو مسجدکے اندر لے جانا حرام ہے اگر نجاست کا خطرہ نہ ہو تو مکروہ۔** جولوگ جوتیاں مسجد کے اندر لے جاتے ہیں ان کو اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ اگر نَجاست لگی ہوتو صاف کرلیں اور جوتا پہنے مسجد میں چلے جانا بے ادبی ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ ٣ ص ٩٢)

مسجد میں بچّہ یا پاگل (یا بے ہوش یا جس پر جن آیا ہوا ہو اس) کو مسجد میں دم کروانے کیلئے بھی لانے کی شریعت میں اجازت نہیں۔ بچّہ کو اچھی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بھی نہیں لاسکتے اگر آپ بچّہ وغیرہ کو مسجد میں لانے کی بھول کر چکے ہیں تو برائے کرم! فوراً توبہ کرکے آئندہ نہ لانے کا عہد کیجئے۔ (جو ایسے وقت پرچہ پڑھے کہ بچّہ اس کے ساتھ ہے تو درخواست ہے کہ فوراً بچّہ کو مسجد سے باہر لے جائے اور توبہ بھی کرے ہاں فنائے مسجد میں بچّہ کو لاسکتے ہیں جبکہ مسجد کے اندر سے نہ گزرنا پڑے)



١٩ رمضان المبارک ١٤٢٦ھ

# فاتحہ کا طریقہ



جَنّتُ البُقیع شریف کا فضائی منظر


| | | | |
|---|---|---|---|
| مقبول حج کا ثواب | 472 | دُعائے مغفرت کی فضیلت | 476 |
| والدین کی طرف سے خیرات | 473 | اربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ | 477 |
| روزی میں بے برکتی کی وجہ | 474 | سورہ اخلاص کا ثواب | 480 |
| جمعہ کو زیارت قبر کی فضیلت | 474 | ایصالِ ثواب کے 17 مدنی پھول | 482 |
| کفن پھٹ گئے | 475 | ایصالِ ثواب کے لیے دعا کا طریقہ | 492 |
| ایصالِ ثواب کا انتظار | 476 | مزار پر حاضری کا طریقہ | 496 |


ورق اُلٹئے ۔۔۔

۷۸۶

قُفلِ مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

بقیع

# فاتحہ کا طریقہ

اس رسالے میں ---

مقبول حج کا ثواب

مغفرت کی فضیلت

اربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ

سورۃ اخلاص کا ثواب

ایصال ثواب کا طریقہ

مزار پر حاضری کا طریقہ

ورق الٹیے ---

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# فاتحہ کا طریقہ

جن کے والدین یا اُن میں سے کوئی ایک فوت ہو گیا ہو تو ان کو چاہئے کہ ان کی طرف سے غفلت نہ کرے، ان کی قبروں پر بھی حاضری دیتا رہے اور ایصالِ ثواب بھی کرتا رہے۔ اس ضمن میں سلطانِ مدینہ ﷺ کے ۵ فرمانانِ رحمت نشان مُلاحظہ فرمائیں:۔

## (۱) مقبول حج کا ثواب

''جو بہ نیّتِ ثواب اپنے والِدَین دونوں یا ایک کی قبر کی زِیارت کرے، حجِ مقبُول کے برابر ثواب پائے اور جو بکثرت ان کی قبر کی زیارت کرتا ہو، فرِشتے اُس کی قبر کی (یعنی جب یہ فوت ہوگا) زیارت کو آئیں۔

(کنز العمّال ج١٦ ص ٢٠٠ رقم الحديث ٤٥٥٣٦ مطبوعه دار الكتب العلمية بيروت)

# (۲) دس حج کا ثواب

جو اپنی ماں یا باپ کی طرف سے حج کرے ان کی (یعنی ماں یا باپ کی) طرف سے حج ادا ہو جائے اسے (یعنی حج کرنے والے کو) مزید دس حج کا ثواب ملے۔

(دارِ قطنی ۲ ص ۲۲۹ رقم الحدیث ۲۵۸۷)

سُبحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! جب کبھی نفلی حج کی سعادت حاصل ہو تو فوت شدہ ماں یا باپ کی نیّت کر لیں تا کہ ان کو بھی حج کا ثواب ملے، آپ کا بھی حج ہو جائے بلکہ مزید دس حج کا ثواب ہاتھ آئے۔ اگر ماں یا والدیں سے کوئی اس حال میں فوت ہو گیا کہ ان پر حج فرض ہو چکنے کے باوُجود وہ نہ کر پائے تھے تو اب اولاد کو حجِ بَدَل کا شَرَف حاصل کرنا چاہئے۔ حجِ بَدَل کے تفصیلی اَحکام مدینہ (راقم الحُروف) کی تالیف "رفیقُ الحَرَمَین" سے معلوم کریں۔

# (۳) والِدَین کی طرف سے خَیرات

"جب تم میں سے کوئی کچھ نَفل خیرات کرے تو چاہئے کہ اسے اپنے ماں باپ کی طرف سے کرے کہ اس کا ثواب انہیں ملیگا اور اس کے (یعنی خیرات کرنے والے کے)

ثواب میں کوئی کمی بھی نہیں آئے گی۔"

(شُعَب الایمان ج٦ ص ٢٠٥ رقم الحدیث ٧٩١١ مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت)

## (٤) روزی میں بے برکتی کی وجہ

"بندہ جب ماں باپ کیلئے دُعا ترک کر دیتا ہے اُس کا رِزق قطع ہو جاتا ہے۔

(کنز العُمّال ج١٦ ص ٢٠١ رقم الحدیث ٤٥٥٤٨ مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت)

## (٥) جُمعہ کو زیارتِ قَبْر کی فضیلت

جو شخص جُمعہ کے روز اپنے والدین یا ان میں سے کسی ایک کی قَبْر کی زیارت کرے اور اس کے پاس سورۂ یٰسین پڑھے بَخْش دیا جائے۔

(ابنِ عدی فی الکامل ج٦ ص ٢٦٠ مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت)

لاج رکھ لے گنہگاروں کی نام رَحمٰن ہے ترا یارب!

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت بَہُت بڑی ہے جو مسلمان دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں اُن کیلئے بھی اُس نے اپنے فضل و کَرَم کے دروازے کُھلے ہی رکھے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمتِ بے پایاں سے متعلِّق ایک روایت پڑھئے اور جھومئے!

# کَفَن پھٹ گئے

اللہ عزَّوَجلَّ کے نبی حضرتِ سیِّدُنا اَرمیاء علیٰ نَبِیِّنا وعلیہ الصَّلٰوۃ والسَّلام کچھ ایسی قَبروں کے پاس سے گزرے جن میں عذاب ہورہا تھا۔ ایک سال بعد جب پھر وہیں سے گُزر ہوا تو عذاب خَتم ہو چکا تھا۔ انہوں نے بارگاہ خداوندی عزَّوَجلَّ میں عرض کی، یا اللہ عزَّوَجلَّ! کیا وجہ ہے کہ پہلے ان کو عذاب ہورہا تھا اب خَتم ہوگیا؟ آواز آئی، ''اے اَرمیاء! ان کے کَفَن پھٹ گئے، بال بکھر گئے اور قبریں مِٹ گئیں تو میں نے ان پر رَحم کیا اور ایسے لوگوں پر میں رَحم کیا ہی کرتا ہوں۔'' (شرح الصدور ص ۳۱۳ طبعۃ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

اللہ کی رَحمت سے تو جنّت ہی ملے گی    اے کاش! محَلّے میں جگہ ان کے ملی ہو

## اب ایصالِ ثواب کے ایمان افروز فضائل پڑھئے اور جھومئے

# دُعاؤں کی بَرَکت

مدینے کے تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا فرمانِ مغفرت نشان ہے، میری اُمّت گُناہ سمیت قَبر میں داخِل ہوگی اور جب نکلے گی تو بے گُناہ ہوگی کیونکہ وہ مؤمنین کی دُعاؤں سے بَخشش دی جاتی ہے۔ (طبرانی اوسط ج۱ ص۵۰۹ رقم الحدیث ۱۸۷۹)

# ایصالِ ثواب کا انتِظار!

سرکارِ نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا ارشادِ مُشکبار ہے، مُردہ کا حال قبر میں ڈوبتے ہوئے انسان کی مانند ہے کہ وہ شدّت سے انتظار کرتا ہے کہ باپ یا ماں یا بھائی یا کسی دوست کی دُعا اُس کو پہنچے اور جب کسی کی دعا اُسے پہنچتی ہے تو اس کے نزدیک وہ دُنیا و مَافِیھَا (یعنی دنیا اور اس میں جو کچھ ہے) سے بہتر ہوتی ہے۔ اللہ عزوجل قبر والوں کو ان کے زندہ مُتَعَلِّقین کی طرف سے ہدیہ (ہ۔دِی۔یہ) کیا ہوا ثواب پہاڑوں کی مانند عطا فرماتا ہے، زندوں کا ہَدِیّہ (یعنی تحفہ) مُردوں کیلئے "دعائے مغفِرت کرنا ہے"۔

(بیہقی شُعَبِ الایمان ج٦ ص٢٠٣ رقم الحدیث ٧٩٠٥ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت)

# دُعائے مغفِرت کی فضیلت

"جو کوئی تمام مُومن مردوں اور عورتوں کیلئے دُعائے مغفِرت کرتا ہے، اللہ عزّوجلّ اس کیلئے ہر مومن مرد و عورت کے عِوَض ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔"

(مجمع الزوائد ج١٠ ص٣٥٢ رقم الحدیث ١٧٥٩٨)

# اربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جھوم جایئے! اربوں، کھربوں نیکیاں کمانے کا آسان نُسخہ ہاتھ آ گیا! ظاہر ہے اِس وَقت رُوئے زمین پر کروڑوں مسلمان موجود ہیں اور کروڑوں بلکہ اَربوں دنیا سے چل بسے ہیں۔ اگر ہم ساری اُمّت کی مغفِرت کیلئے دُعا کریں گے۔ تواِن شاء اللّٰہ عزوجل ہمیں اَربوں، کھربوں نیکیوں کا خزانہ مل جائے گا۔ میں تحریری طور پر اپنے لئے اور تمام مؤمنین ومؤمِنات کیلئے دُعا تحریر کردیتا ہوں۔ (اوّل آخر درود شریف پڑھ لیں) اِن شاء اللّٰہ عزوجل ڈھیروں نیکیاں ھاتھ آئیں گی۔ اَللّٰھُمَّ اغفِرلی وَ لِکُلِّ مُؤْمِنٍ وَّ مُؤْمِنَۃٍ۔ یعنی اے اللہ میری اور ہر مومن ومومنہ کی مغفِرت فرما۔ امین بجاہِ النَّبیِّ الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

آپ بھی اوپر دی ہوئی دعاء کو عربی یا اردو یا دونوں زبانوں میں ابھی اور ہو سکے تو روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد بھی پڑھنے کی عادت بنالیجئے۔

**بے سبب بَخش دے نہ پوچھ عَمَل**
**نام غفاؔر ھے ترا یا ربّ!**

# نورانی لباس

ایک بُزرگ نے اپنے مرحوم بھائی کو خواب میں دیکھ کر پوچھا کیا زندہ لوگوں کی دُعا تم لوگوں کو پہنچتی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا، "ہاں اللہ عزوجل کی قسم وہ نورانی لباس کی صورت میں آتی ہے اسے ہم پہن لیتے ہیں"۔ (شرح الصدور ص ۳۰۵)

جلوۂ یار سے ہو قبر آباد
وَحشتِ قبر سے بچا یا ربّ!

# نُورانی طَباق

"جب کوئی شخص میّت کو ایصالِ ثواب کرتا ہے تو جبرئیل علیہ السلام اسے نُورانی طباق میں رکھ کر قبر کے کِنارے کھڑے ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں، "اے قبر والے! یہ ہدِیہ (تحفہ) تیرے گھر والوں نے بھیجا ہے قبول کر۔" یہ سُن کر وہ خوش ہوتا ہے اور اس کے پڑوسی اپنی محرومی پر غمگین ہوتے ہیں۔ (شرح الصدور ص ۳۰۸)

قبر میں آہ! گھپ اندھیرا ہے
فَضل سے کر دے چاندنا یا ربّ!

# مُردوں کی تعداد کے برابر اَجر

جو قبرِ ستان میں گیارہ بار سورۂ اِخلاص پڑھ کر مُردوں کو اس کا ایصالِ ثواب کرے تو مُردوں کی تعداد کے برابر ایصالِ ثواب کرنے والے کو اس کو اُجر ملیگا۔

(کشفُ الخفا ج۲ ص ۳۷۱ مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت)

# اَھلِ قُبُور سفارش کریں گے

شفیعِ مُجرِمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ شفاعت نشان ہے، جو قبرِ ستان سے گزرا اور اس نے سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاِخلاص اور سورۃ التَّکاثُر پڑھی۔ پھر یہ دُعا مانگی، ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں نے جو کچھ قرآن پڑھا اُس کا ثواب مومن مرد و عورت دونوں کو پہنچا۔ تو وہ قبر والے قِیامت کے روز اس (ایصالِ ثواب کرنے والے) کے سِفارشی ہونگے۔ (شرح الصدور ص ۳۱۱)

## ہر بھلے کی بھلائی کا صدقہ

## اس بُرے کو بھی کر بھلا یارب!

# سورۂ اِخلاص کا ثواب

حضرتِ سیِّدُنا حَمّاد مکّی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، میں ایک رات مکّۂ مکرّمہ کے قبرِستان میں سوگیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ قبر والے حلقہ در حلقہ کھڑے ہیں میں نے ان سے اِستِفسار کیا، کیا قِیامت قائم ہوگئی؟ اُنہوں نے کہا، نہیں بات دَرْاَصْل یہ ہے کہ ایک مُسلمان بھائی نے سورۂ اِخلاص پڑھ کر ہم کو ایصالِ ثواب کیا تو وہ ثواب ہم ایک سال سے تقسیم کر رہے ہیں۔ (شرح الصدور باب فی قراءۃ القران للمیت ص ۳۱۲)

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ تو نے جب سے سنادیا یارب!

آسرا ہم گنہگاروں کا اور مضبوط ہوگیا یارب!

# اُمِّ سَعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیلئے کُنواں

حضرتِ سیِّدُنا سَعد بن عُبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، یارسولَ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم! میری ماں اِنتِقال کرگئی ہیں۔ (میں اُن کی طرف سے صَدَقہ کرنا چاہتا ہوں) کون سا صَدَقہ افضل رہے گا؟

سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا، ''پانی'' چنانچہ انہوں نے ایک کُنواں کُھدوایا اور

کہا، "یہ اُمِّ سَعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیلئے ہے۔"

(سنن ابو داوٗد شریف ج۲ ص ۵۳ رقم الحدیث ۱۶۸۱ مطبوعہ دار الفکر بیروت)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** سَیِّدُنا سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کہنا ہے کہ یہ کُنواں اُمِّ سعدُ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیلئے ہے۔ اس کے معنٰی یہ ہیں کہ یہ کُنواں سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ماں کے ایصالِ ثواب کیلئے ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مُسلمانوں کا گائے یا بکرے وغیرہ کو بُزرگوں کی طرف منسوب کرنا مثلاً یہ کہنا کہ "یہ سَیِّدُنا غوثِ پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بکرا ہے"۔ اس میں کوئی حَرَج نہیں کہ اس سے مُراد بھی یہی ہے کہ یہ بکرا غوثِ پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایصالِ ثواب کیلئے ہے۔ اور قربانی کے جانور کو بھی تو لوگ ایک دوسرے ہی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ مثلاً کوئی اپنی قُربانی کی گائے لئے چلا آ رہا ہو اور اگر آپ اُس سے پوچھیں، کہ یہ کس کی ہے؟ تو اُس نے یہی جواب دینا ہے، "میری گائے ہے" جب یہ کہنے والے پر اعتراض نہیں تو "غوثِ پاک کا بکرا" کہنے والے پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ حقیقت میں ہر شے کا مالِک اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی ہے اور قربانی کی گائے ہو یا غوثِ پاک کا بکرا، ہر ذَبیحہ کے ذَبح کے وَقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کا نام لیا جاتا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ وسوسوں سے نَجات بخشے۔ اٰمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

"ولی کی نیاز میں شِفا ہے" کے سَتَرَہ حُرُوف کی نسبت سے

# ایصالِ ثواب کے ۱۷ مدنی پھول

۱ فرض، واجب، سنّت، نفل، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، بیان، دَرس، مَدَنی قافلے میں سَفَر، مَدَنی انعامات، نیکی کی دعوت، دینی کتاب کا مُطالعہ، مَدَنی کاموں کیلئے اِنفرادی کوشش وغیرہ ہر نیک کام کا ایصالِ ثواب کرسکتے ہیں۔

۲ میّت کا تیجہ، دسواں، چالیسواں اور برسی کرنا اچّھا ہے کہ یہ ایصالِ ثواب کے ہی ذَرائع ہیں۔ شرِیعت میں تیجے وغیرہ کے عَدَمِ جواز (یعنی ناجائز ہونے) کی دلیل نہ ہونا خود دلیلِ جواز ہے اور میّت کیلئے زندوں کا دُعاء کرنا قرآنِ کریم سے ثابت ہے جو کہ ایصالِ ثواب کی اَصل ہے۔ چُنانچہ

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ (پ ۲۸ سورۃ حشر آیت ۱۰)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں، اے ہمارے رب عزوجل ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے۔

۳ تیجے وغیرہ کا کھانا صِرف اِسی صورت میں میّت کے چھوڑے ہوئے مال سے کرسکتے ہیں جبکہ سارے وُرَثا بالغ ہوں اور سب کے سب اِجازت بھی

دیں اگر ایک بھی وارث نابالغ ہے تو سخت حرام ہے۔ ہاں بالغ اپنے حصہ سے کرسکتا ہے۔ (مُلَخَّص از بہار شریعت)

مسئلہ ۴ میّت کے گھر والے اگر تیجے کا کھانا پکائیں تو (مالدار نہ کھائیں) صِرف فُقَراء کو کھلائیں۔ (مُلَخَّص از بہار شریعت)

مسئلہ ۵ ایک دن کے بچے کو بھی ایصالِ ثواب کرسکتے ہیں، اُس کا تیجہ، وغیرہ بھی کرنے میں حَرَج نہیں۔

مسئلہ ۶ جو زندہ ہیں اُن کو بھی بلکہ جو مسلمان ابھی پیدا نہیں ہوئے اُن کو بھی پیشگی (ایڈوانس میں) ایصالِ ثواب کیا جاسکتا ہے۔

مسئلہ ۷ مُسلمان جِنّات کو بھی ایصالِ ثواب کرسکتے ہیں۔

مسئلہ ۸ گیارھویں شریف، رَجَبی شریف (یعنی ۲۲ رجب المرجب کو سَیِّدُ نا امام جعفر صادِق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کونڈے کرنا) وغیرہ جائز ہے۔ کونڈے ہی میں کھیر کھلانا ضَروری نہیں دوسرے برتن میں بھی کھلاسکتے ہیں۔ اس کو گھر سے باہَر بھی لے جاسکتے ہیں۔

مسئلہ ۹ بُزرگوں کی فاتحہ کے کھانے کو تعظیماً "نَذْر و نیاز" کہتے ہیں اور یہ نیاز

تَبَرُّک ہے اسے امیر و غریب سب کھا سکتے ہیں۔

۱۰ ایصالِ ثواب کے کھانے میں مہمان کی شرکت شَرط نہیں گھر کے افراد اگر خود ہی کھالیں جب بھی کوئی حَرَج نہیں۔

۱۱ روزانہ جتنی بار بھی کھانا کھائیں اُس میں اگر کسی نہ کسی بزرگ کے ایصالِ ثواب کی نیّت کرلیں تو مدینہ ہی مدینہ۔ مثلاً ناشتے میں نیت کریں، آج کے ناشتے کا ثواب سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم اور آپ کے ذَرِیعے تمام انبیائے کِرام علیہم السلام کو پُہنچے۔ دوپہر کو نیّت کریں، ابھی جو کھانا کھائیں گے (یا کھایا) اُس کا ثواب سرکارِ غوثِ اعظم اور تمام اولیائے کرام علیہم الرضوان کو پہنچے، رات کو نیّت کریں، ابھی جو کھائیں گے اُس کا ثواب امامِ اہلسنّت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن اور ہر مسلمان مرد و عورت کو پہنچے۔

۱۲ کھانے سے پہلے ایصالِ ثواب کریں یا کھانے کے بعد، دونوں طرح دُرُست ہے۔

۱۳ ہو سکے تو ہر روز (نَفع پر نہیں بلکہ) اپنی بِکری کا ایک فیصد اور مُلازَمت کیلئے نکال لیا کریں۔ اِس رقم سے دینی کتابیں تقسیم کریں یا کسی بھی نیک کام میں

خرچ کریں ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ اِس کی بَرَکتیں خود ہی دیکھیں گے۔

مدنی پھول ۱٤ داستانِ عجیب، شہزادے کا سر، دس بیبیوں کی کہانی اور جنابِ سیّدہ کی کہانی وغیرہ سب مَن گھڑت قصّے ہیں، انہیں ہرگز نہ پڑھا کریں۔ اِسی طرح ایک پمفلٹ بنام "وصیت نامہ" لوگ تقسیم کرتے ہیں جس میں کسی "شیخ احمد" کا خواب دَرج ہے یہ بھی جَعْلی ہے اس کے نیچے مخصوص تعداد میں چھپوا کر بانٹنے کی فضیلت اور نہ تقسیم کرنے کے نقصانات وغیرہ لکھے ہیں ان کا بھی اعتبار نہ کریں۔

مدنی پھول ۱۵ جتنوں کو بھی ایصالِ ثواب کریں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت سے اُمّید ہے کہ سب کو پورا ملیگا۔ یہ نہیں کہ ثواب تقسیم ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ملے۔ (رَدُّالْمُحتار)

مدنی پھول ۱٦ ایصالِ ثواب کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی بلکہ یہ اُمّید ہے کہ اِس نے جتنوں کو ایصالِ ثواب کیا اُن سب کے مَجمُوعہ کے برابر اِس کو ثواب ملے۔ مَثَلاً کوئی نیک کام کیا جس پر اِس کو دس نیکیاں ملیں اب اِس نے دس مُردوں کو ایصالِ ثواب کیا تو ہر ایک کو دس دس نیکیاں پہنچیں گی جبکہ ایصالِ ثواب کرنے والے کو ایک سو دس اور اگر ایک ہزار کو ایصالِ ثواب کیا تو اِس کو دس ہزار دس۔ وَ عَلیٰ ھٰذَا الْقِیاس (مُلَخَّص از فتاوی رضویہ)

۱۷ ایصالِ ثواب صِرف مسلمان کو کرسکتے ہیں۔ کافِر یا مُرتَد کو ایصالِ ثواب کرنا یا اس کو مرحوم کہنا کُفر ہے۔

# ایصالِ ثواب کا طریقہ

ایصالِ ثواب (یعنی ثواب پہنچانا) کیلئے دل میں نیّت کرلینا کافی ہے، مَثَلاً آپ نے کسی کو ایک روپیہ خیرات دیا یا ایک بار دُرُود شریف پڑھا یا کسی کو ایک سنّت بتائی یا نیکی کی دعوت دی یا سنّتوں بھرا بیان کیا۔ اَلغَرَض کوئی بھی نیکی کی۔ آپ دِل ہی دِل میں اس طرح نیّت کرلیں مَثَلاً، ابھی میں نے جو سنّت بتائی اس کا ثواب سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو پہنچے"۔ ان شاء اللہ عزوجل ثواب پہنچ جائے گا۔ مزید جن جن کی نیّت کریں گے ان کو بھی پہنچے گا۔ دِل میں نیّت ہونے کے ساتھ ساتھ زبان سے کہہ لینا سنّتِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہے جیسا کہ ابھی حدیثِ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں گزرا کہ اُنہوں نے کنواں کھدوا کر فرمایا۔ "یہ اُمِّ سعد کیلئے ہے"۔

# ایصالِ ثواب کا مُرَوَّجہ طریقہ

آج کل مُسلمانوں میں خُصُوصاً کھانے پر جو فاتحہ کا طریقہ رائج ہے وہ بھی بہت اچھا ہے۔ جن کھانوں کا ایصالِ ثواب کرنا ہے وہ سارے یا سب میں سے تھوڑا تھوڑا کھانا نیز

ایک گلاس میں پانی بھر کر سب کو سامنے رکھ لیں۔ اب اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر ایک بار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ﴿۶﴾

تین بار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٪﴿۴﴾

ایک بار
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا
خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ مِنۡ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٪﴿۵﴾

ایک بار
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾
اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ
الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ
النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪﴿۶﴾

ایک بار
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ
الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاکَ
نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ
الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ
غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝

ایک بار
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

الٓمّٓ ۝۱ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚۖۛ فِیۡہِ ۚۛ ہُدًی
لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ۝۲ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ وَیُقِیۡمُوۡنَ
الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ۝۳ وَالَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج
وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ ط اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى
مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

پڑھنے کے بعد یہ پانچ آیات پڑھے:۔

① وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ (البقرۃ آیت ۱۶۳) ② اِنَّ رَحْمَتَ
اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (الاعراف آیت ۵۶) ③ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (الانبیاء آیت ۱۰۷)
④ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝
(الاحزاب آیت ۴۰) ⑤ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِيْمًا ۝ (الاحزاب آیت ۵۶)

اب دُرُود شریف پڑھیے: صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الصّٰفّٰت آیت ۱۸۲)

اب ہاتھ اٹھا کر فاتحہ پڑھانے والا بلند آواز سے ''الفاتحہ'' کہے۔ سب لوگ آہستہ سے سورۃُ الفاتِحہ پڑھیں۔ اب فاتحہ پڑھانے والا اس طرح اِعلان کرے، ''**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو** ! آپ نے جو کچھ پڑھا ہے اُس کا ثواب مجھے دیدیجئے''۔ تمام حاضرین کہہ دیں'' آپکو دیا'' اب فاتحہ پڑھانے والا ایصالِ ثواب کردے۔ ایصالِ ثواب کے الفاظ لکھنے سے قبل امامِ اہلسنت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ اللہِ الرحمٰن فاتحہ سے قبل جو سورتیں وغیرہ پڑھتے تھے وہ تحریر کرتا ہوں۔

## اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فاتحہ کا طریقہ

ایک بار

### سورۃُ الفَاتِحَہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

ایک بار

# آیَۃُ الْکُرْسِی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ ۵
لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ
یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ
حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

تین بار

## سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

# ایصال ثواب کیلئے دعا کا طریقہ

یا اللہ عزوجل جو کچھ پڑھا گیا (اگر کھانا وغیرہ ہے تو اس طرح سے بھی کہیں) اور جو کچھ کھانا وغیرہ پیش کیا گیا ہے بلکہ آج تک جو کچھ ٹوٹا پھوٹا عمل ہو سکا ہے اس کا ہمارے ناقص عمل کے لائق نہیں بلکہ اپنے کرم کے شایانِ شان ثواب مرحمت فرما۔ اور اسے ہماری

جانب سے اپنے پیارے محبوب، دَانائے غُیُوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی بارگاہ میں

نذر پہنچا۔ سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کے تَوَسُّط سے تمام انبیائے کِرام علیہم

السلام تمام صَحابۂ کرام علیہم الرضوان تمام اولیائے عِظام رحمہم اللہ کی جناب میں نذر پہنچا۔

سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کے تَوَسُّط سے سَیِّدُنا آدم صفی اللہ علیہ السلام سے لیکر اب

تک جتنے انسان و جنّات مسلمان ہوئے یا قِیامت تک ہوں گے سب کو پہنچا اس

دَوران جن جن بزرگوں کو خُصوصاً ایصالِ ثواب کرنا ہے ان کا نام بھی لیتے جائیں۔

اپنے ماں باپ اور دیگر رشتے داروں اور اپنے پیر ومرشد کو ایصالِ ثواب کریں۔ (فوت

شدگان میں سے جن جن کا نام لیتے ہیں ان کو خوشی حاصل ہوتی ہے۔)

اب حسب معمول دُعا ختم کردیں۔ (اگر تھوڑا تھوڑا کھانا اور پانی نکالا تھا تو وہ دوسرے کھانوں اور

پانی میں ڈال دیں)۔

# خبردار!

جب بھی آپ کے یہاں نیاز یا کسی قسم کی تقریب ہو، جماعت کا وَقت ہوتے ہی کوئی مانِع شرعی نہ ہو تو انفرادی کوشش کے ذَرِیعے تمام مہمانوں سمیت نمازِ با جماعت کیلئے مسجد کا رخ کریں۔ بلکہ ایسے اوقات میں دعوت ہی نہ رکھیں کہ بیچ میں نَماز آئے اور سُستی کے باعث معاذ اللہ جماعت فَوت ہو جائے۔ دوپہر کے کھانے کیلئے بعد نماز ظہر اور شام کے کھانے کیلئے نماز عشاء مہمانوں کو بُلانے میں غالبًا با جماعت نَمازوں کیلئے آسانی ہے۔ میزبان، باورچی، کھانا، تقسیم کرنے والے وغیرہ سبھی کو چاہئے کہ وقت ہو جائے تو سارا کام چھوڑ کر با جماعت نَماز کا اہتمام کریں۔ بزرگوں کی ''نیاز'' کی مصروفیت میں اللہ عزوجل کی ''نمازِ با جماعت'' میں کوتاہی بہت بڑی غلطی ہے۔

# مَزار پر حاضری کا طریقہ

بُزرگوں کے پاس قدموں کی طرف سے حاضر ہونا چاہئے، پیچھے سے آنے کی صورت میں انہیں مُڑ کر دیکھنے کی زَحمت ہوتی ہے۔ لھٰذا مزارِ اَولیاء پر بھی پائنتی (قدموں) کی طرف سے حاضِر ہو کر قِبلہ کو پیٹھ اور صاحبِ مزار کے چہرے کی طرف رُخ کرکے کم از کم چار ہاتھ (دو گز) دُور کھڑا ہو اور اِس طرح سلام عرض کرے،

اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا وَلِيَّ اللّٰهِ وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَا تُهٗ

ایک بار سورۃُ الفاتِحہ اور 11 بار سورۃُ الْاِخلاص (اول آخر ایک بار دُرود شریف) پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر اوپر دیئے ہوئے طریقے کے

مطابق (صاحب مزار کا نام لیکر بھی) ایصالِ ثواب کرے اور دعاء مانگے،

"اَحْسَنُ الوِعاء" میں ہے ولی کے قُرب میں دعاء قبول

ہوتی ہے،

الٰہی بلواسطہ کل اولیاء کا

مرا ہر ایک پورا مُدَّعا ہو

## ثواب جارِیَہ

یہ رسالہ پڑھ کر دوسرے کو دے دیجئے

اوراپنے مرحُوموں کے ایصالِ ثواب

کیلئے زیادہ تعداد میں خرید کر تقسیم

کرکے خود بھی ثواب جارِیَہ کمائیے۔

# ماخذ ومراجع


| | کتاب | مطبوعہ | | کتاب | مطبوعہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن | بمبئی ہند | ٢٥ | سنن کبری بیہقی | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٢ | درمنثور | دارالفکر بیروت | ٢٦ | شعب الایمان بیہقی | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٣ | تفسیر مظہری | ضیاء القرآن لاہور | ٢٧ | الفردوس بماثور الخطاب | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٤ | خزائن العرفان | بمبئی ہند | ٢٨ | تاریخ دمشق لابن عساکر | دار الفکر بیروت |
| ٥ | تفسیر البحر المحیط | دارالکتب العلمیۃ بیروت | ٢٩ | الترغیب والترہیب المنذری | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٦ | صحیح بخاری | افغانستان | ٣٠ | مجمع الزوائد | دار الفکر بیروت |
| ٧ | صحیح مسلم | افغانستان | ٣١ | جامع صغیر | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٨ | جامع ترمذی | دارالفکر بیروت | ٣٢ | کنز العمال | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ٩ | سنن ابوداود | داراحیاء التراث العربی بیروت | ٣٣ | المصنف عبدالرزاق | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ١٠ | سنن نسائی | دارالجیل بیروت | ٣٤ | مشکوۃ المصابیح | باب المدینہ کراچی |
| ١١ | سنن ابن ماجہ | دارالمعرفہ بیروت | ٣٥ | اشعۃ اللمعات | کوئٹہ |
| ١٢ | مؤطا امام مالک | دارالمعرفہ بیروت | ٣٦ | مراۃ المناجیح | ضیاء القرآن لاہور |
| ١٣ | مسند امام احمد بن حنبل | دارالفکر بیروت | ٣٧ | تاریخ بغداد | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ١٤ | مصنف ابن ابی شیبہ | دارالفکر بیروت | ٣٨ | منیۃ المصلی | مرکز الاولیاء لاہور |
| ١٥ | سنن دارمی | باب المدینہ کراچی | ٣٩ | غنیۃ المتملی (المستملی) | باب المدینہ کراچی |
| ١٦ | مسند ابو یعلی موصلی | دارالکتب العلمیہ بیروت | ٤٠ | فتاوی قاضی خان | کوئٹہ |
| ١٧ | صحیح ابن خزیمہ | المکتب الاسلامی | ٤١ | ھدایۃ | ضیاء القرآن لاہور |
| ١٨ | نوادرالاصول | دارصادر بیروت | ٤٢ | فتح القدیر | کوئٹہ |
| ١٩ | الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان | دارالکتب العلمیہ بیروت | ٤٣ | البحر الرائق | کوئٹہ |
| ٢٠ | معجم اوسط طبرانی | دارالکتب العلمیہ بیروت | ٤٤ | تبیین الحقائق | کوئٹہ |
| ٢١ | معجم کبیر طبرانی | داراحیاء التراث العربی بیروت | ٤٥ | تنویر الابصار | کوئٹہ |
| ٢٢ | الکامل فی ضعفاء الرجال | دارالکتب العلمیہ بیروت | ٤٦ | درمختار | کوئٹہ |
| ٢٣ | المستدرک للحاکم | دارالمعرفہ بیروت | ٤٧ | ردالمحتار | کوئٹہ |
| ٢٤ | حلیۃ الاولیاء | دارالکتب العلمیہ بیروت | ٤٨ | الجوہرۃ النیرۃ | باب المدینہ کراچی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | غمز عیون البصائر | باب المدینہ کراچی | ۶۱ | حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح | باب المدینہ کراچی |
| ۵۰ | خلاصۃ الفتاوی | کوئٹہ | ۶۲ | قانون شریعت | فرید بک سٹال لاہور |
| ۵۱ | فتاوٰی تاتار خانیہ | باب المدینہ کراچی | ۶۳ | احیاء علوم الدین | دار صادر بیروت |
| ۵۲ | مراقی الفلاح | باب المدینہ کراچی | ۶۴ | کیمیائے سعادت | تہران |
| ۵۳ | فتاوٰی بزازیہ | کوئٹہ | ۶۵ | مکاشفۃ القلوب | دار الفکر بیروت |
| ۵۴ | جدالممتار علی ردالمحتار | ہند | ۶۶ | شرح الصدور | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ۵۵ | فتاوٰی رضویہ جدید | مرکزالاولیاء لاہور | ۶۷ | شرح المواھب اللدنیہ | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ۵۶ | بہار شریعت | مکتبہ رضویہ کراچی | ۶۸ | الخصائص الکبری | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ۵۷ | فتاوٰی امجدیہ | مکتبہ رضویہ کراچی | ۶۹ | اتحاف السادۃ المتقین | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| ۵۸ | وقارالفتاوٰی | بزم وقار الدین کراچی | ۷۰ | اسلامی زندگی | ضیاء القرآن لاہور |
| ۵۹ | فتاوٰی عالمگیری | کوئٹہ | ۷۱ | الملفوظ | مرکز الاولیاء لاہور |
| ۶۰ | اللباب | باب المدینہ کراچی | ۷۲ | فتاوٰی اہلسنت(غیر مطبوعہ) | |
| | | | | | |

## ”نماز کے اَحکام“ کے 11 حُروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی 11 نیّتیں

(۱) اخلاص کے ساتھ مسائل سیکھ کر رضائے الٰہی عزوجل کا حقدار بنوں گا۔

(۲) قرآنی آیات کی زیارت کروں گا۔

(۳) اپنا وضو، غسل اور نماز درست کروں گا۔

(۴) زندگی بھر عمل کرتا رہوں گا۔

(۵) جو نہیں جانتے انہیں مسائل سکھاؤں گا۔

(۶) اس میں موجود دعائیں از بر (یعنی زبانی یاد) کروں گا۔

(۷) جو علم میں برابر ہوگا اس سے مسائل میں تکرار کروں گا۔

(۸) یہ پڑھ کر عُلمائے حق سے نہیں اُلجھوں گا۔

(۹) اس سے درس دوں گا۔

(۱۰) دوسروں کو یہ کتاب پڑھنے کی ترغیب دلاؤں گا۔

(۱۱) حسبِ توفیق یہ کتاب دوسروں کو تحفۃً دوں گا۔

**”مسلمان کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے“** (معجم کبیر طبرانی حدیث ۵۹۴۲، ج۶ ص۱۸۵ بیروت)

۷۸۶

قفل مدینہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

بقیع

شیخ طریقت، امیر اہلسنت

# حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس

عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

## کی تصانیف، بیانات اور ملفوظات

## کی کیسٹوں اور CD's کا مرکز


# مکتبۃ المدینہ



فیضانِ مدینہ۔ محلہ سوداگران۔ پرانی سبزی منڈی۔ باب المدینہ۔
کراچی۔ فون: 91 - 90 - 4921389 (21-92)


شہید مسجد کھارادر، باب المدینہ۔ کراچی
فون: 2314045 - 2203311 (21-92)

ای میل: maktaba@dawateislami.net
ویب سائٹ: www.dawateislami.net


# فرض علوم پر مشتمل امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی اَہم ترین تصانیف





















## سنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مہکے مہکے مدَنی ماحول میں بکثرت سنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جمعرات کو **فیضانِ مدینہ** محلّہ سوداگران پُرانی سبزی منڈی میں مغرب کی نماز کے بعد ہونے والے سنّتوں بھرے اجتماع میں ساری رات گزارنے کی مدَنی التجا ہے، عاشقانِ رسول کے مدَنی قافلوں میں سنّتوں کی تربیت کے لیے سفر اور روزانہ **فکرِ مدینہ** کے ذریعے مدَنی انعامات کا رسالہ پُر کر کے اپنے یہاں ذمہ دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے، اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی بَرَکت سے پابندِ سنّت بننے گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لیے کُڑھنے کا ذہن بنے گا، ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذہن بنائے کہ ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔'' اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

اپنی اِصلاح کے لیے **مدَنی انعامات** پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے **مدَنی قافلوں** میں سفر کرنا ہے۔ اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## مکتبۃ المدینہ کی شاخیں


کراچی: شہید مسجد کھارادر۔ فون: 021-32203311

لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ۔ فون: 042-7311679

سردارآباد (فیصل آباد): امین پور بازار۔ فون: 041-2632625

کشمیر: چوک شہیداں میر پور۔ فون: 058274-37212

حیدرآباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن۔ فون: 022-2620122

ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 061-4511192

اوکاڑہ: کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد نزد تحصیل کونسل ہال۔ فون: 044-2550767

راولپنڈی: فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ۔ فون: 051-5553765

پشاور: فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1، النور سٹریٹ، صدر۔

خان پور: دُرانی چوک، نہر کنارہ۔ فون: 068-5571686

نواب شاہ: چکرا بازار، نزد مسلم کمرشل بینک۔ فون: 4362145

سکھر: فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ۔ فون: 5619195

گوجرانوالہ: فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ۔ فون: 055-4225653

مکتبۃ المدینہ دعوتِ اسلامی

فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858

Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net